سلسلہ احادیث صحیحہ (اردو)
www.KitaboSunnat.com
تصنیف
محدث کبیر محقق شہیر
علامہ محمد ناصر الدین البانی رحمہ اللہ
ترجمہ، تبویب، شرح
فضیلۃ الشیخ ابو میمون محمد محفوظ اعوان حفظہ اللہ تعالیٰ
1
انصار السنہ پبلیکیشنز لاہور

سلسلہ احادیثِ صحیحہ (اُردو)

جلد ششم

تصنیف

مجددِ دینؒ مُحدّثِ کبیر مُحقق شہیر علامہ محمد ناصر الدین البانی رحمہ اللہ

ترجمہ، تبویب، شرح

فضیلۃ الشیخ ابو القاسم محمد محفوظ احمد حفظہ اللہ

نظر ثانی

فضیلۃ الشیخ محمد عبد اللہ سلیم حفظہ اللہ || فضیلۃ الشیخ قمر الزمان المدینی

فضیلۃ الشیخ محمد نعیم رضوان حفظہ اللہ

انصار السنّہ پبلیکیشنز۔ لاہور

اسلامی اکادمی، الفضل مارکیٹ، 17-اردو بازار لاہور

فون: 042-37357587

نام کتاب: سلسلہ احادیثِ صحیحہ (اردو)

تصنیف

مجدد دین محدث کبیر محقق شہیر علامہ محمد ناصر الدین البانی رحمہ اللہ

ترجمہ تبویب، شرح

فضیلۃ الشیخ ابوالقاسم محمد محفوظ احمد حفظہ اللہ

ناشر: ابو مومن منصور احمد حفظہ اللہ

اہتمام: محمد رمضان محمدی، محمد سلیم جلالی

اسلامی اکادمی، الفضل مارکیٹ، 17-اردو بازار لاہور فون: 042-37357587

Dar-us-Salam

486 ATLANTIC AVE, BROOKLYN, NY 11217
TEL(718) 625-5925 FAX:(718) 625-1511
E-Mail: darussalamny@hotmail.com
Web Site: www.darussalamny.com

فہرست ابواب
سلسلة الاحاديث الصحيحة

جلد اوّل

جلد دوم

جلد سوم

جلد چہارم

جلد پنجم

جلد ششم

❁❁❁❁

فہرست

❁❁❁❁

اَلْجَنَّةُ وَالنَّارُ

جنت اور جہنم

الجنة: لغوی معنی: باغ

اصطلاحی تعریف:..... آخرت کی نعمتوں کا گھر، جس میں اللہ تعالیٰ کی رحمت سے مومن اپنے اعمال کے عوض رہیں گے۔

النار: لغوی معنی: آگ، جلا دینے والی حرارت، دکھائی دینے والی لپٹ، داغ

اصطلاحی تعریف:...... جہنم، یعنی آخرت کی سزاؤں کا گھر، جس میں بدکردار لوگ اپنی برائیوں کی وجہ سے رہیں گے۔

سعادت مندوں کا انجام جنت ہے، جبکہ بدبختوں کا انجام دوزخ ہے، دونوں کے امور واضح بھی ہیں اور انتہائی مبہم بھی، بہرحال ان کے معاملات کا تعلق عالَم غیب سے ہے، اس لیے ہمیں قرآن و حدیث کے متن میں پیش کی گئی حقیقت تسلیم کرنی چاہیے اور زیادہ تشریح و توضیح میں نہیں پڑنا چاہیے، اسی نقطے کو سامنے رکھ کر اس باب کی احادیث کی تشریح میں اختصار کو ملحوظِ خاطر رکھا گیا ہے۔

اللہ تعالیٰ کی رضامندی جنت کی عظیم نعمت ہو گی

(٣٩٢٠)۔ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: ((إِذَا دَخَلَ أَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ ، يَقُوْلُ اللّٰهُ عَزَّ وَ جَلَّ: هَلْ تَشْتَهُوْنَ شَيْئًا فَأَزِيْدَكُمْ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: رَبَّنَا وَمَا فَوْقَ مَا أَعْطَيْتَنَا؟ قَالَ: فَيَقُوْلُ: رِضْوَانِي أَكْبَرُ۔)) (الصحيحة: ١٣٣٦)

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جب جنت والے جنت میں داخل ہو جائیں گے تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا: کیا تمہیں (مزید) کسی چیز کی خواہش ہے، تو وہ بھی پوری کر دیتا ہوں؟ وہ کہیں گے: اے ہمارے ربّ! جو کچھ تو نے عطا کیا، اس سے بڑھ کر کیا ہو سکتا ہے (کہ اس کے حصول کی آرزو کی جائے)۔ وہ کہے گا: (تم سے) میرا راضی ہو جانا سب سے بڑی (نعمت) ہے۔''

تخريج: أخرجه ابن حبان: ٢٦٤٧ ، وأبونعيم في: صفة الجنة" ٢/ ١٤١/ ١ ، وفي" الأخبار" ١/ ٢٨٢ ، والحاكم: ١/ ٨٢

شرح:...... جنت میں اہل جنت کی خواہشات کی تکمیل ہو جائے گی۔ اور سب سے بڑی نعمت یہ ہوگی کہ اللہ تعالی ان پر راضی ہوگا۔

جنت الفردوس کا سوال کرنا چاہیے

(۳۹۲۱)۔ عَنِ الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ مَرْفُوْعًا: ((إِذَا سَأَلْتُمُ اللّٰهَ فَسَلُوْهُ الْفِرْدَوْسَ ، فَإِنَّهُ سِرُّ الْجَنَّةِ۔)) (الصحيحة: ۲۱٤٥)

حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''جب تم اللہ تعالی سے سوال کرو تو جنت الفردوس کا سوال کیا کرو، کیونکہ وہ جنت کا اعلی وافضل حصہ اور مقام ہے۔''

تخريج: أخرجه الفسوى فى"التاريخ": ۲/ ۲٥٤، ۲٥٥، وكذا البخارى فى ترجمة سويد: ۲/ ۲/ ۱٤٦، و البزار فى "مسنده: ٤/ ۱۹۱/ ۳٥۱۲، والطبرانى فى "المعجم الكبير": ۱۸/ ۲٥٤/ ٦۳٥، و"مسند الشاميين": ۳٦۷

بغیر حساب و کتاب کے جنت میں داخل ہونے والوں کی تعداد

(۳۹۲۲)۔ قَالَ شُرَيْحُ بْنُ عُبَيْدٍ: مَرِضَ ثَوْبَانُ بِحِمْصَ ، وَعَلَيْهَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قُرْطٍ الْأَزْدِيُّ ، فَلَمْ يَعُدْهُ ، فَدَخَلَ عَلٰى ثَوْبَانَ رَجُلٌ مِنَ الْكَلَاعِيِّيْنَ عَائِدًا ، فَقَالَ لَهُ ثَوْبَانُ: أَتَكْتُبُ؟ فَقَالَ: نَعَمْ۔ فَقَالَ: أُكْتُبْ ، فَكَتَبَ لِلْأَمِيْرِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قُرْطٍ: مِنْ ثَوْبَانَ مَوْلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ ، أَمَّا بَعْدُ ، فَإِنَّهُ لَوْ كَانَ لِمُوْسٰى وَعِيْسٰى مَوْلًى بِحَضْرَتِكَ لَعُدْتَّهُ ، ثُمَّ طَوَى الْكِتَابَ ، وَقَالَ لَهُ: أَتُبَلِّغُهُ إِيَّاهُ؟ فَقَالَ: نَعَمْ ، فَانْطَلَقَ الرَّجُلُ بِكِتَابِهِ فَدَفَعَهُ إِلَى ابْنِ قُرْطٍ ، فَلَمَّا قَرَأَهُ قَامَ فَزِعًا ، فَقَالَ النَّاسُ: مَا شَأْنُهُ؟ أَحَدَثَ أَمْرٌ؟ فَأَتٰى ثَوْبَانَ حَتّٰى دَخَلَ عَلَيْهِ ، فَعَادَهُ ، وَجَلَسَ عِنْدَهُ سَاعَةً ، ثُمَّ قَامَ ، فَأَخَذَ ثَوْبَانُ بِرِدَائِهِ ، وَقَالَ: اِجْلِسْ حَتّٰى أُحَدِّثَكَ

شریح بن عبید کہتے ہیں: حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ حمص کے علاقے میں بیمار ہو گئے، اس وقت عبد اللہ بن قرط ازدی حمص کا گورنر تھا، اس نے ان کی بیمار پرسی نہیں کی۔ ایک دن کلاعی قبیلے کا آدمی بیمار پرسی کے لیے حضرت ثوبان کے پاس آیا، ثوبان نے اس سے پوچھا: کیا تم لکھ سکتے ہو؟ اس نے کہا: جی ہاں۔ انھوں نے کہا: لکھو۔ اس نے عبداللہ بن قرط کو یہ خط لکھا: مولائے رسول ثوبان کی طرف سے بات یہ ہے کہ اگر تیرے علاقے میں موسی اور عیسی کا غلام (میری طرح بیمار) ہوتا تو تو ضرور اس کی بیمار پرسی کرتا۔ پھر خط کو بند کر دیا اور سیدنا ثوبان نے اس سے پوچھا: کیا تم یہ خط اس تک پہنچا دو گے؟ اس نے کہا: جی ہاں۔ وہ خط لے کر چلا گیا اور ابن قرط تک پہنچا دیا۔ جب اس نے خط پڑھا تو گھبرا کر کھڑا ہو گیا۔ لوگوں نے کہا: اسے کیا ہوا ہے؟ آیا کوئی نیا معاملہ پیش آیا ہے؟ وہ حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ کے پاس آیا، ان کی بیمار پرسی کی، ان کے پاس کچھ دیر بیٹھا رہا اور جب اٹھ کر جانے لگے تو انھوں نے اس

حَدِيْثًا سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ، سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: ((لَيَدْخُلَنَّ الْجَنَّةَ مِنْ أُمَّتِي سَبْعُوْنَ أَلْفًا، لَا حِسَابَ عَلَيْهِمْ وَلَا عَذَابَ، مَعَ كُلِّ أَلْفٍ سَبْعُوْنَ أَلْفًا۔)) (الصحيحة: ٢١٧٩)

کی چادر پکڑ لی اور کہا: بیٹھ جاؤ، میں تمھیں رسول اللہ ﷺ کی ایک حدیث بیان کرتا ہوں، آپ نے فرمایا: ''میری امت کے ستر ہزار (۷۰،۰۰۰) افراد حساب و کتاب اور عقاب و عذاب کے بغیر جنت میں داخل ہوں گے، ان میں سے ہر ہزار کے ساتھ مزید ستر ہزار بھی داخل ہوں گے۔''

تخريج: أخرجه أحمد: ٥/ ٢٨٠، ٢٨١، والطبراني في "الكبير": ١/ ٧١/ ١

شــــرح:...... معلوم ہوا کہ آپ ﷺ کی امت کے انچاس لاکھ اور ستر ہزار (۴۹،۷۰،۰۰۰) افراد بغیر کسی حساب و کتاب اور باز پرس کے جنت کے وارث بن جائیں گے۔

سیدنا عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''مجھے بہت سی امتیں دکھائی گئیں، میں نے دیکھا کہ کسی نبی کے ساتھ تو بہت بڑی جماعت ہے اور کسی نبی کے ساتھ صرف ایک یا دو آدمی ہیں اور ایسے نبی کو بھی دیکھا کہ جس کے ساتھ کوئی بھی نہ تھا۔ اچانک میرے سامنے ایک انبوہِ کثیر آیا، میں نے خیال کیا کہ یہ میری امت ہوگی، لیکن مجھے کہا گیا کہ یہ حضرت موسیٰ اور ان کی قوم ہے۔

اس کے بعد میں نے ایک بہت بڑی تعداد کو دیکھا، مجھے بتلایا گیا: هٰذِهِ أُمَّتُكَ وَمَعَهُمْ سَبْعُوْنَ أَلْفًا يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ وَلَا عَذَابٍ۔ ...... یہ آپ کی امت ہے اور آپ کی امت میں ستر ہزار افراد وہ ہیں، جو بغیر حساب اور بغیر عذاب کے جنت میں داخل ہوں گے۔''

یہ واقعہ سنا کر آپ ﷺ گھر تشریف لے گئے۔ پس صحابہ کرام آپس میں ان ستر ہزار کے بارے میں قیاس آرائیاں کرنے لگے۔ بعض کا کہنا تھا کہ یہ وہ لوگ ہیں جن کو آنحضرت ﷺ کی صحبت کا شرف حاصل ہے۔ بعض صحابہ کرام نے کہا کہ یہ وہ لوگ ہوں گے جو اسلام میں پیدا ہوئے اور انھوں نے اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ کیا، علاوہ ازیں صحابہ نے اور توجیہات بھی بیان کیں۔

جب نبی کریم ﷺ تشریف لائے تو صحابہ کرام نے اپنی مختلف آراء کا اظہار کیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ((هُمُ الَّذِيْنَ لَا يَسْتَرْقُوْنَ وَلَا يَكْتَوُوْنَ وَلَا يَتَطَيَّرُوْنَ وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ۔)) ...... ''یہ وہ لوگ ہوں گے جو دم نہیں کرواتے، نہ اپنے جسموں کو داغتے ہیں، نہ وہ فال لیتے ہیں اور اپنے اللہ پر توکل کرتے ہیں۔'' (بخاری، مسلم)

اس حدیثِ مبارکہ میں بغیر حساب و کتاب کے جنت میں داخل ہونے والوں کی نمایاں صفات بیان کی گئی ہیں کہ وہ شرک کی کسی بھی قسم میں مبتلا نہ ہوئے اور اپنی معمولی سے معمولی ضرورت کو غیر اللہ کے سامنے نہ رکھا، حتی کہ دم کرانے اور سینگی لگوانے سے بھی گریز کیا۔ اس کا سب سے بڑا سبب یہ تھا کہ ان کا اللہ تعالیٰ پر توکل اور بھروسہ تھا، اپنی مشکلات صرف اللہ تعالیٰ کے سامنے پیش کرتے تھے اور اللہ تعالیٰ کی قضا و قدر کے علاوہ کسی کی طرف بھی ان کی توجہ نہ تھی، وہ صرف

اور صرف اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرتے تھے، اس کے سوا کسی سے نہ ڈرتے تھے، ان کا عقیدہ تھا کہ جو مشکلات پیش آتی ہیں، وہ اللہ کی تقدیر اور اس کی مرضی کے مطابق آتی ہیں، لہٰذا وہ مصائب و مشکلات میں صرف اللہ تعالیٰ کو ہی پکارتے تھے، جیسا کہ حضرت یعقوب علیہ السلام نے کہا: ﴿قَالَ اِنَّمَا اَشْكُوْ بَثِّيْ وَ حُزْنِيْٓ اِلَى اللّٰهِ﴾ (سورۂ یوسف: ٨٦) ...... ''انھوں نے کہا: میں اپنی پریشانی اور اپنے غم کی فریاد اللہ تعالیٰ کے سوا کسی سے نہیں کرتا۔''

بغیر حساب و کتاب کے جنت میں داخل ہونے والوں کی سب سے زیادہ تعداد درج ذیل حدیث میں بیان کی گئی ہے۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ((أُعْطِيْتُ سَبْعِيْنَ أَلْفًا يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ، وُجُوْهُهُمْ كَالْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ، وَقُلُوْبُهُمْ عَلٰى قَلْبِ رَجُلٍ وَاحِدٍ فَاسْتَزَدْتُّ رَبِّيْ عَزَّوَجَلَّ فَزَادَنِيْ مَعَ كُلِّ وَاحِدٍ سَبْعِيْنَ أَلْفًا۔)) قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: فَرَأَيْتُ أَنَّ ذٰلِكَ آتٍ عَلٰى أَهْلِ الْقُرٰى، وَمُصِيْبٌ مِنْ حَافَّاتِ الْبَوَادِيْ۔ ...... ''میری امت کے ستر ہزار افراد بغیر حساب کے جنت میں داخل ہوں گے، ان کے چہرے بدر والی رات کے چاند کی طرح چمکتے ہوں گے اور ان کے دل ایک انسان کے دل کی مانند ہوں گے۔ جب میں نے اپنے ربّ سے مزید مطالبہ کیا تو اس نے ہر ایک کے ساتھ مزید ستر ہزار افراد کا اضافہ کر دیا۔'' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: میرا خیال ہے کہ یہ چیز بستیوں والوں پر آئے گی اور دیہاتوں کے کناروں تک پہنچے گی۔

(مسند احمد: ١/ ٦، صحيحه: ١٤٨٤)

اس حدیث کے مطابق چار عرب، نوے کروڑ اور ستر ہزار (۴،۹۰،۰۰،۷۰،۰۰۰) افراد حساب و کتاب کے بغیر جنت میں جائیں گے۔ (سبحان اللہ)

جنت میں داخل ہونے والا پہلا گروہ

(٣٩٢٣)۔ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: ((اَتَعْلَمُ اَوَّلَ زُمْرَةٍ تَدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنْ أُمَّتِيْ؟)) قُلْتُ: اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ۔ فَقَالَ: ((الْمُهَاجِرُوْنَ يَاْتُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اِلٰى بَابِ الْجَنَّةِ وَيَسْتَفْتِحُوْنَ فَيَقُوْلُ لَهُمُ الْخَزَنَةُ: اَوَقَدْ حُوْسِبْتُمْ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: بِاَيِّ شَيْءٍ نُحَاسَبُ؟ وَاِنَّمَا كَانَتْ اَسْيَافُنَا عَلٰى عَوَاتِقِنَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ حَتّٰى مِتْنَا عَلٰى ذٰلِكَ۔ قَالَ: فَيُفْتَحُ لَهُمْ، فَيَقِيْلُوْنَ فِيْ اَرْبَعِيْنَ عَامًا قَبْلَ اَنْ يَّدْخُلَهَا النَّاسُ))

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''کیا آپ کو میری امت کی اس جماعت کے بارے میں علم ہے جو سب سے پہلے جنت میں داخل ہو گی؟'' میں نے کہا: اللہ اور اس کا رسول ہی بہتر جانتے ہیں۔ آپ نے فرمایا: ''وہ جماعت مہاجرین کی ہے۔ وہ روزِ قیامت جنت کے دروازے پر آ کر دروازہ کھولنے کا مطالبہ کریں گے۔ دربان ان سے پوچھے گا: آیا تمھارا حساب و کتاب ہو چکا ہے؟ وہ کہیں گے: کس موضوع پر ہم سے حساب کتاب لیا جائے؟ اللہ تعالیٰ کے راستے میں مرتے دم تک ہماری تلواریں ہمارے کندھوں پر رہیں۔ سو ان کے لیے

(الصحيحة: ٨٥٣)

دروازہ کھول دیا جائے گا اور (وہ جنت میں داخل ہو کر) عام لوگوں کے داخلے سے پہلے چالیس سال کا قیلولہ بھی کر چکے ہوں گے۔"

تخريج: أخرجه الحاكم: ٢/ ٧٠، ومن طريقه البيهقي في "الشعب": ٤/ ٢٨/ ٤٢٦٠

شرح:...... اس میں جہاد کرنے والے مہاجرین کی فضیلت و منقبت کا بیان ہے کہ جب عام لوگوں کا جنت میں داخلہ شروع ہوگا، اس وقت تک تو وہ جنت میں چالیس سال آرام کر چکے ہوں گے۔

(٣٩٢٤)۔ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ: ((اَوَّلُ ثُلَّةٍ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ الْفُقَرَاءُ الْمُهَاجِرُوْنَ الَّذِيْنَ تُتَّقٰى بِهِمُ الْمَكَارِهُ ، إِذَا أُمِرُوْا سَمِعُوْا وَاَطَاعُوْا ، وَإِنْ كَانَتْ لِلرَّجُلِ مِنْهُمْ حَاجَةٌ إِلَى السُّلْطَانِ لَمْ تُقْضَ لَهُ حَتّٰى يَمُوْتَ وَهِيَ فِيْ صَدْرِهِ ، وَإِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ لَيَدْعُوْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ الْجَنَّةَ فَتَأْتِيْ بِزُخْرُفِهَا وَزِيْنَتِهَا فَيَقُوْلُ: اَيْنَ عِبَادِيَ الَّذِيْنَ قَاتَلُوْا فِيْ سَبِيْلِيْ وَقُوْتِلُوْا وَأُوْذُوْا فِيْ سَبِيْلِيْ ، وَجَاهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِيْ۔ اُدْخُلُوْا الْجَنَّةَ فَيَدْخُلُوْنَهَا بِغَيْرِ حِسَابٍ وَتَأْتِي الْمَلَائِكَةُ فَيَسْجُدُوْنَ ، فَيَقُوْلُوْنَ: رَبَّنَا نَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ وَنُقَدِّسُ لَكَ ، مَنْ هٰؤُلَاءِ الَّذِيْنَ اٰثَرْتَهُمْ عَلَيْنَا؟ فَيَقُوْلُ الرَّبُّ عَزَّوَجَلَّ: هٰؤُلَاءِ عِبَادِيَ الَّذِيْنَ قَاتَلُوْا فِيْ سَبِيْلِيْ ، وَأُوْذُوْا فِيْ سَبِيْلِيْ ، فَتَدْخُلُ عَلَيْهِمُ الْمَلَائِكَةُ مِنْ كُلِّ بَابٍ ﴿سَلَامٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ﴾)) (الرعد: ٦١) (الصحيحة: ٢٥٥٩)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جنت میں داخل ہونے والی سب سے پہلی جماعت فقرا مہاجرین کی ہوگی، جن کے ذریعے مکروہات سے بچا جاتا ہے، جب انھیں حکم دیا جاتا ہے تو وہ سنتے اور اطاعت کرتے ہیں، اگر ان میں سے کسی کو بادشاہ سے کوئی ضرورت پڑ جاتی ہے تو وہ پوری نہیں کی جاتی، یہاں تک کہ وہ مر جاتا ہے اور وہ ضرورت اس کے سینے میں ہوتی ہے۔ اللہ تعالی قیامت والے دن جنت کو بلائے گا، وہ زینت و سجاوٹ اور نمائش و آرائش کے ساتھ آئے گی۔ پھر اللہ تعالی اعلان کرے گا: میرے وہ بندے کہاں ہیں جنھوں نے میرے راستے میں قتال کیا، اور ان سے قتال کیا گیا، ان کو میرے راستے میں تکالیف دی گئیں اور انھوں نے میرے راستے میں جد و جہد کی۔ (میرے بندو!) تم جنت میں داخل ہو جاؤ۔ وہ بغیر حساب کے جنت میں داخل ہو جائیں گے۔ (یہ منظر دیکھ کر) فرشتے آ کر سجدہ کریں گے اور کہیں گے: اے ہمارے ربّ! ہم دن رات تیری تسبیح و تقدیس بیان کرتے تھے، لیکن یہ کون لوگ ہیں جنھیں تو نے ہم پر ترجیح دی؟ ربّ تعالی فرمائے گا: یہ میرے وہ بندے ہیں جنھوں نے میرے راستے میں جہاد کیا، انھیں میرے راستے میں تکلیفیں دی گئیں۔ سو فرشتے ہر دروازے سے ان پر داخل ہو کر کہیں گے: ﴿تم پر سلامتی ہو،

صبر کے بدلے، کیا ہی اچھا (بدلہ) ہے اس دارِ آخرت کا﴾
(سورۂ رعد: ۲۴)۔"

تخریج: أخرجه الأصفهاني في "الترغيب والترهيب": ص ۲۱۳ـ مصورة الجامعة، وأخرجه احمد: ۲/ ۱۶۸ الى قوله: ((فيدخلونها بغير حساب)) ثم قال: وذكر الحديث۔

شـــرح:...... جن لوگوں کو دنیا میں اتنا کم تر سمجھا جاتا تھا کہ ان کی ضروریات کی طرف کوئی توجہ نہیں دھری جاتی تھی، اللہ تعالی کے ہاں حشر کے میدان میں ان کی یہ اہمیت ہوگی۔

(٣٩٢٥)۔ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: ((اِنَّ اَوَّلَ زُمْرَةٍ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ عَلٰى صُوْرَةِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ، وَالَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ: عَلٰى اَشَدِّ كَوْكَبٍ دُرِّيٍّ فِي السَّمَاءِ اِضَاءَةً، لَا يَبُوْلُوْنَ، وَلَا يَتَغَوَّطُوْنَ وَلَا يَمْتَخِطُوْنَ، وَلَا يَتْفُلُوْنَ، اَمْشَاطُهُمُ الذَّهَبُ، وَرَشْحُهُمُ الْمِسْكُ وَمَجَامِرُهُمُ الْاُلُوَّةُ، وَاَزْوَاجُهُمُ الْحُوْرُ الْعِيْنُ، اَخْلَاقُهُمْ عَلٰى خُلُقِ رَجُلٍ وَاحِدٍ، عَلٰى صُوْرَةِ اَبِيْهِمْ آدَمَ، سِتُّوْنَ ذِرَاعًا فِي السَّمَاءِ۔)) (الصحيحة: ٣٥١٩)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "پہلا طائفہ جو جنت میں داخل ہوگا، ان کے چہرے چودھویں رات کے چاند کی طرح (چمکتے) ہوں گے۔ پھر ان کے بعد داخل ہونے والوں کے چہرے، آسمان پر سب سے زیادہ روشن ستارے کی طرح ہوں گے، وہ پیشاب کریں گے نہ پاخانہ، وہ تھوکیں گے نہ ناک سنکیں گے۔ ان کی کنگھیاں سونے کی، ان کا پسینہ کستوری (کی طرح خوشبودار) ہوگا اور ان کی انگیٹھیوں میں (جلانے کے لیے) خوشبودار لکڑی ہوگی، ان کی بیویاں موٹی آنکھوں والی حوریں ہوں گی، سب (جنتی لوگ) ایک ہی آدمی کی ساخت پر اپنے باپ آدم (علیہ السلام) کی شکل وصورت پر ہوں گے، بلندی (قد) میں وہ ساٹھ (ساٹھ) ہاتھ ہوں گے (جیسے حضرت آدم تھے)۔"

تخریج: أخرجه البخاري: ٣٣٢٧، ومسلم: ٨/ ١٤٦، وابن ماجه: ٤٣٣٣، وابن حبان: ٧٣٩٤، والبغوي في "شرح السنة": ٤٣٧٣

(٣٩٢٦)۔ عَنْ اَبِي سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: ((اَوَّلُ زُمْرَةٍ تَدْخُلُ الْجَنَّةَ عَلٰى صُوْرَةِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ، وَالثَّانِيَةُ عَلٰى لَوْنِ اَحْسَنِ كَوْكَبٍ دُرِّيٍّ فِي السَّمَاءِ، لِكُلِّ رَجُلٍ مِّنْهُمْ زَوْجَتَانِ، عَلٰى كُلِّ زَوْجَةٍ سَبْعُوْنَ حُلَّةً يَبْدُوْ مُخُّ سَاقِهَا

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: "پہلا گروہ جو جنت میں داخل ہوگا، ان کے چہرے چودھویں رات کے چاند کی طرح (چمکتے) ہوں گے، پھر دوسرا گروہ داخل ہوگا جن کا رنگ آسمان پر سب سے زیادہ روشن ستارے کی طرح چمکتا ہوگا۔ ان میں سے ہر ایک کے لیے دو بیویاں ہوں گی، ہر بیوی نے ستر عمدہ پوشاکیں زیب تن کی

مِنْ وَّرَائِهَا۔)) (الصحيحة :١٧٣٦)

ہوئی ہوں گی اور ان کے بیچ میں سے اس کی پنڈلی کی ہڈی کا گودا نظر آ رہا ہوگا۔‘‘

تخريج: أخرجه الترمذي: ٢/ ٨٥و ٨٧، واحمد: ٣/ ١٦

شرح:...... جنت ایک عشرت کدہ اور من پسند زندگی کی جگہ ہے، وہاں حسن ہی حسن، جمال ہی جمال اور لطف ہی لطف ہوگا۔

(٣٩٢٧)۔ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: اِفْتَخَرَتِ الرِّجَالُ وَالنِّسَاءُ، فَقَالَ اَبُوْهُرَيْرَةَ: اَلنِّسَاءُ اَكْثَرُ مِنَ الرِّجَالِ فِي الْجَنَّةِ، فَنَظَرَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ اِلَى الْقَوْمِ فَقَالَ: اَلَا تَسْمَعُوْنَ مَايَقُوْلُ اَبُوْ هُرَيْرَةَ؟ فَقَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ فِي اَوَّلِ زُمْرَةٍ تَدْخُلُ الْجَنَّةَ: ((وُجُوْهُهُم كَالْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ، وَالثَّانِيَةُ كَضَوْءِ كَوْكَبٍ فِي السَّمَاءِ، وَلِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمْ زَوْجَتَانِ يُرٰى مُخُّ سُوْقِهِمَا مِنْ وَّرَاءِ اللَّحْمِ، وَلَيْسَ فِي الْجَنَّةِ عَزَبٌ۔)) (الصحيحة:٢٠٠٦)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: خواتین و حضرات، فخر و مباہاۃ میں پڑ گئے۔ انھوں نے کہا: جنت میں عورتوں کی تعداد مردوں کی بہ نسبت زیادہ ہوگی۔ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے لوگوں کی طرف دیکھا اور کہا: تم لوگ ابو ہریرہ کی بات نہیں سن رہے؟ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ: ’’جنت میں داخل ہونے والی پہلی جماعت کے بارے میں فرمایا: ’’ان کے چہرے چودھویں رات کے چاند کی طرح (چمکتے) ہوں گے اور دوسرے گروہ (کے چہرے) آسمان کے سب سے زیادہ چمکدار ستارے کی طرح (تابناک) ہوں گے، ہر ایک جنتی کی دو بیویاں ہوں گی۔ ان کی ہڈی کا گودا، گوشت میں سے نظر آئے گا اور جنت میں کوئی مرد یا عورت غیر شادی شدہ نہیں ہوگی۔‘‘

تخريج: أخرجه أسلم الواسطى فى"تاريخه": ١٨٠، وأخرجه مسلم: ٨/ ١٤٥، وأحمد: ٢/ ٢٣٠، ٢٤٧، ٥٠٧ نحوه

شرح:...... جب ہر جنتی کی کم از کم دو بیویاں ہوں گی تو اس کا مطلب یہ ہے کہ جنت میں عورتوں کی تعداد زیادہ ہوگا، لیکن ظاہر بات ہے کہ اس میں جنت کی حوریں بھی شامل ہوں گی۔

جنت میں داخل ہونے والے آخری فرد اور ادنی مرتبت جنتی کی کیفیت

(٣٩٢٨)۔ عَنْ اَنَسٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: ((آخِرُ مَنْ يَّدْخُلُ الْجَنَّةَ رَجُلٌ، فَهُوَ يَمْشِي مَرَّةً، وَيَكْبُوْ مَرَّةً، وَتَسْفَعُهُ النَّارُ مَرَّةً، فَاِذَا مَا جَاوَزَهَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ، حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ’’سب سے آخر میں جنت میں داخل ہونے والے آدمی کی کیفیت یہ ہوگی کہ وہ (جہنم سے نکلنے کے لیے) چلتے چلتے منہ کے بل گرے گا،

الْتَفَتَ إِلَيْهَا فَقَالَ: تَبَارَكَ الَّذِيْ نَجَّانِيْ مِنْكِ، لَقَدْ أَعْطَانِيَ اللّٰهُ شَيْئًا مَا أَعْطَاهُ أَحَدًا مِّنَ الْأَوَّلِيْنَ وَالْآخِرِيْنَ، فَتُرْفَعُ لَهُ شَجَرَةٌ فَيَقُوْلُ: أَيْ رَبِّ! أَدْنِنِيْ مِنْ هٰذِهِ الشَّجَرَةِ، فَلِأَسْتَظِلَّ بِظِلِّهَا، وَأَشْرَبَ مِنْ مَّائِهَا، فَيَقُوْلُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ: يَا ابْنَ آدَمَ! لَعَلِّيْ إِنْ أَعْطَيْتُكَهَا سَأَلْتَنِيْ غَيْرَهَا؟ فَيَقُوْلُ: لَا يَا رَبِّ! وَيُعَاهِدُهُ أَنْ لَّا يَسْأَلَهُ غَيْرَهَا، وَرَبُّهُ يَعْذِرُهُ، لِأَنَّهُ يَرٰى مَا لَا صَبْرَ لَهُ عَلَيْهِ، فَيُدْنِيْهِ مِنْهَا، فَيَسْتَظِلُّ بِظِلِّهَا، وَيَشْرَبُ مِنْ مَّائِهَا، ثُمَّ تُرْفَعُ لَهُ شَجَرَةٌ هِيَ أَحْسَنُ مِنَ الْأُوْلٰى، فَيَقُوْلُ: أَيْ رَبِّ! أَدْنِنِيْ مِنْ هٰذِهِ لِأَشْرَبَ مِنْ مَّاءِهَا وَأَسْتَظِلَّ بِظِلِّهَا وَلَا أَسْئَلُكَ غَيْرَهَا فَيَقُوْلُ: يَا ابْنَ آدَمَ! أَلَمْ تُعَاهِدْنِيْ أَنْ لَّا تَسْئَلَنِيْ غَيْرَهَا؟ فَيَقُوْلُ: لَعَلِّيْ إِنْ أَدْنَيْتُكَ مِنْهَا تَسْئَلُنِيْ غَيْرَهَا؟ فَيُعَاهِدُهُ أَنْ لَّا يَسْأَلَهُ غَيْرَهَا، وَرَبُّهُ يَعْذِرُهُ، لِأَنَّهُ يَرٰى مَا لَا صَبْرَ لَهُ عَلَيْهِ، فَيُدْنِيْهِ مِنْهَا، فَيَسْتَظِلُّ بِظِلِّهَا، وَيَشْرَبُ مِنْ مَّائِهَا۔ ثُمَّ تُرْفَعُ لَهُ شَجَرَةٌ عِنْدَ بَابِ الْجَنَّةِ هِيَ أَحْسَنُ مِنَ الْأُوْلَيَيْنِ، وَيَقُوْلُ: أَيْ رَبِّ! أَدْنِنِيْ مِنْ هٰذِهِ لِأَسْتَظِلَّ بِظِلِّهَا، وَأَشْرَبَ مِنْ مَّائِهَا، لَا أَسْأَلُكَ غَيْرَهَا! فَيَقُوْلُ: يَا ابْنَ آدَمَ! أَلَمْ تُعَاهِدْنِيْ أَنْ لَّا تَسْأَلَنِيْ غَيْرَهَا؟ قَالَ: بَلٰى يَا رَبِّ! هٰذِهِ لَا أَسْأَلُكَ غَيْرَهَا، وَرَبُّهُ يَعْذِرُهُ، لِأَنَّهُ يَرٰى

آگ اس کے چہرے کو جھلستی رہے گی۔ جب وہ جہنم سے گزر جائے گا تو اسے مخاطب ہو کر کہے گا: وہ ذات بابرکت ہے جس نے مجھے تجھ سے نجات دلائی اور مجھے (تجھ سے آزاد کر کے) جو کچھ عطا کیا وہ پہلوں اور پچھلوں میں سے کسی کو نہیں دیا۔ اتنے میں اسے ایک درخت نظر آئے گا، وہ کہے گا: میرے ربّ! مجھے اس درخت کے قریب پہنچا دے تا کہ میں اس کا سایہ حاصل کر سکوں اور وہاں کا پانی پی سکوں۔ اللہ تعالی فرمائے گا: اے آدم کے بیٹے! (پہلے یہ معاہدہ کر کہ) اگر میں تیرا یہ مطالبہ پورا کر دوں، تو تو کسی اور چیز کا سوال نہیں کرے گا؟ وہ کہے گا: نہیں، اے میرے رب! وہ اللہ تعالی سے عہد و پیمان کرے گا کہ وہ مزید کسی چیز کا مطالبہ نہیں کرے گا، لیکن (آگے چل کر) اس کا رب اس کو معذور سمجھے گا کیونکہ وہ جانتا ہے کہ یہ (بندہ) صبر نہیں کر سکے گا۔ اللہ تعالی اسے اس درخت کے قریب کر دے گا، وہ اس کے سائے میں آرام کرے گا اور پانی پیے گا۔ اتنے میں اسے اس درخت کی بہ نسبت ایک اور خوبصورت درخت نظر آئے گا ۔ وہ کہے گا: اے میرے ربّ! مجھے فلاں درخت کے قریب کر دے، تا کہ میں اس کا پانی پی سکوں اور اس کے سائے میں آرام کر سکوں اور میں وعدہ کرتا ہوں کہ مزید کوئی سوال نہیں کروں گا۔ اللہ تعالی فرمائے گا: ابن آدم! کیا تو نے مجھ سے مزید مطالبہ نہ کرنے کا معاہدہ نہیں کیا تھا؟ اب اگر میں تجھے اس درخت تک پہنچا دوں، تو تو مزید کوئی مطالبہ تو نہیں کرے گا؟ وہ آئندہ کوئی سوال نہ کرنے کا عہد و پیمان کرے گا۔ لیکن اس کا ربّ اسے آئندہ بھی معذور سمجھے گا کیونکہ اسے علم ہے کہ وہ صبر نہیں کر سکے گا۔ اللہ تعالی اسے (دوسرے) درخت کے پاس پہنچا دے گا، وہ اس کے سائے میں بیٹھے گا اور وہاں کا پانی

مَالَا صَبْرَ لَهُ عَلَيْهِ ، فَيُدْنِيهِ مِنْهَا (فَإِذَا أَدْنَاهُ مِنْهَا) فَيَسْمَعُ أَصْوَاتَ أَهْلِ الْجَنَّةِ فَيَقُوْلُ: أَيْ رَبِّ! أَدْخِلْنِيهَا ، فَيَقُوْلُ: أَيْ ابْنَ آدَمَ! مَا يَصْرِيْنِي مِنْكَ؟ أَيُرْضِيْكَ أَنْ أُعْطِيَكَ الدُّنْيَا وَمِثْلَهَا مَعَهَا؟ قَالَ: يَا رَبِّ! أَتَسْتَهْزِئُ مِنِّي وَ أَنْتَ رَبُّ الْعَالَمِيْنَ؟)) فَضَحِكَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ فَقَالَ: أَلَا تَسْئَلُوْنِي مِمَّ أَضْحَكُ؟ فَقَالُوْا: مِمَّ تَضْحَكُ؟ فَقَالَ: هٰكَذَا ضَحِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ فَقَالُوْا:مِمَّ تَضْحَكُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: ((مِنْ ضِحْكِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ حِيْنَ قَالَ: أَتَسْتَهْزِئُ مِنِّي وَأَنْتَ رَبُّ الْعَالَمِيْنَ؟فَيَقُوْلُ:إِنِّي لَا أَسْتَهْزِئُ مِنْكَ ، وَلٰكِنِّي عَلٰى مَا أَشَاءُ قَادِرٌ۔ وَفِي رِوَايَةٍ: قَدِيْرٌ۔))

(الصحيحة:٢٦٠١ ، ٣١٢٩)

پڑے گا۔ اتنے میں اسے پہلے دونوں درختوں سے حسین تیسرا درخت دکھائی دے گا، جو جنت کے دروازے کے قریب ہو گا۔ وہ (عدمِ صبری کا مظاہرہ کرتے ہوئے) دعا کرے گا: اے میرے ربّ! مجھے اس درخت کے قریب کر دے، تاکہ میں اس کا سایہ حاصل کر سکوں اور وہاں کا پانی پی سکوں اورمزید میں تجھ سے کوئی سوال نہیں کروں گا۔ اللہ تعالی فرمائے گا: ابن آدم! کیا تو نے مجھ سے پہلے یہ معاہدہ نہیں کیا تھا کہ مزید کسی چیز کا مطالبہ نہیں کرے گا؟ وہ کہے گا: کیوں نہیں، اے میرے ربّ! بس یہی مطالبہ ہے،اس کے بعد کسی چیز کا سوال نہیں کروں گا، لیکن اس کا ربّ اسے معذور سمجھے گا، کیونکہ وہ (آئندہ) ایسی چیزیں دیکھے گا جن پر صبر نہیں کر سکے گا۔ اللہ تعالی اسے (اس تیسرے درخت کے) قریب کر دے گا۔ جب وہ اس کے قریب پہنچے گا تو جنت والوں کی آوازیں سنے گا اور کہے گا: اے میرے ربّ! مجھے جنت میں داخل ہی کر دے۔ اللہ تعالی فرمائے گا: کون سی چیز مجھے تیری دعا قبول کرنے سے روک سکتی ہے؟ (میں تو قادرِ مطلق ہوں۔اے میرے بندے!) اگر میں تجھے دنیا اور اس کی مثل ایک اور دنیا کے برابر دے دوں تو تو راضی ہو جائے گا؟ وہ بندہ کہے گا: اے میرے ربّ! تو جہانوں کا پالنہار ہونے کے باوجود مجھ سے مذاق کرتا ہے؟ (یہ تجھے زیب نہیں دیتا)'' حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ہنس پڑے اور کہا: کیا تم لوگ مجھ سے میرے ہنسنے کے بارے میں دریافت نہیں کرتے؟ انھوں نے کہا: اچھا، ہنسنے کی کیا وجہ ہے؟ بتاؤ۔ انھوں نے کہا: (در اصل) رسول اللہ ﷺ اس مقام پر اسی طرح ہنسے تھے،صحابہ نے پوچھا: اے اللہ کے رسول! آپ کیوں ہنسے ہو؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جب اس بندے نے کہا: (اے اللہ!) تو جہانوں کا پالنہار ہونے کے باوجود مجھ سے مذاق کرتا ہے؟ تو اللہ تعالی ہنس پڑے، اس لیے میں بھی ہنس پڑا۔ پھر اللہ تعالی نے فرمایا: میں تجھ سے مذاق نہیں کر رہا، میں تو جو چاہتا ہوں، وہ کرنے پر قادر ہوں۔''

٢٦٠١: تخريج: أخرجه مسلم: ١/ ١١٩ـ ١٢٠ ، وابن خزيمة في "التوحيد": ص٢٠٧ ، وأحمد: ١/ ٤١٠ـ ٤١١ ، وأبو يعلى: ٣/ ١٢٣٥ـ ١٢٣٦ ، والطبراني في "الكبير": ٣/ ٤٨/ ٢

٣١٢٩: تخريج: أخرجه مسلم: ١/ ١١٩ـ ١٢٠ ، وأبو عوانة: ١/ ١٤٢ـ ١٤٤ ، وابن حبان: ٩/ ٢٦٠/

٧٣٨٧، وأحمد: ١/ ٣٩١، ٤١٠ـ ٤١١، والآجري في "الشريعة": صـ ٢٨٢ـ ٢٨٣، والطبراني في "المعجم الكبير": ١٠/ ١٠/ ٩٧٧٥، وأخرجه الشيخان مختصرا جدا

(٣٩٢٩)۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ:((اِنَّ اَدْنٰى اَهْلِ الْجَنَّةِ مَنْزِلَةً: رَجُلٌ صَرَّفَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ عَنِ النَّارِ قِبَلَ الْجَنَّةِ، وَمَثَّلَ لَهٗ شَجَرَةً ذَاتَ ظِلٍّ، فَقَالَ: اَيْ رَبِّ! قَدِّمْنِيْ اِلٰى هٰذِهِ الشَّجَرَةِ، اَكُوْنَ فِيْ ظِلِّهَا! فَقَالَ اللّٰهُ: هَلْ عَسَيْتَ أَنْ فَعَلْتُ أَنْ تَسْأَلَنِيْ غَيْرَهَا؟ قَالَ: لَا وَعِزَّتِكَ! فَقَدَّمَهُ اللّٰهُ اِلَيْهَا وَمَثَّلَ لَهٗ شَجَرَةً ذَاتَ ظِلٍّ وَ ثَمَرٍ فَقَالَ: اَىْ رَبِّ! قَدِّمْنِى اِلٰى هٰذِهِ الشَّجَرَةِ اَكُوْنُ فِيْ ظِلِّهَا وَاٰكُلُ مِنْ ثَمَرِهَا! فَقَالَ اللّٰهُ لَهٗ: هَلْ عَسَيْتَ اِنْ اَعْطَيْتُكَ ذٰلِكَ اَنْ تَسْأَلَنِي غَيْرَهٗ؟ فَيَقُوْلُ: لَا وَعِزَّتِكَ! فَيُقَدِّمُهُ اللّٰهُ اِلَيْهَا، فَتُمَثَّلُ لَهٗ شَجَرَةٌ اُخْرٰى ذَاتُ ظِلٍّ وَثَمَرٍ وَ مَاءٍ، فَيَقُوْلُ: اَيْ رَبِّ! قَدِّمْنِيْ اِلٰى هٰذِهِ الشَّجَرَةِ، اَكُوْنُ فِيْ ظِلِّهَا وَاٰكُلُ مِنْ ثَمَرِهَا وَأَشْرَبُ مِنْ مَّائِهَا۔ فَيَقُوْلُ لَهٗ: هَلْ عَسَيْتَ اِنْ فَعَلْتُ أَنْ تَسْأَلَنِىْ غَيْرَهَا؟ فَيَقُوْلُ: لَا وَعِزَّتِكَ! لَا اَسْئَلُكَ غَيْرَهٗ۔ فَيُقَدِّمُهُ اللّٰهُ اِلَيْهَا۔ فَيَبْرُزُ لَهٗ بَابُ الْجَنَّةِ، فَيَقُوْلُ: اَىْ رَبِّ! قَدِّمْنِىْ اِلٰى بَابِ الْجَنَّةِ فَاَكُوْنَ تَحْتَ نِجَافِ الْجَنَّةِ، وَاَنْظُرَ اِلٰى اَهْلِهَا۔ فَيُقَدِّمُهُ اللّٰهُ اِلَيْهَا، فَيَرٰى اَهْلَ الْجَنَّةِ وَمَا فِيْهَا، فَيَقُوْلُ: اَيْ رَبِّ! اَدْخِلْنِيَ الْجَنَّةَ۔ قَالَ: فَيُدْخِلُهُ اللّٰهُ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اہلِ جنت میں سب سے ادنی مقام والے آدمی کی تفصیل یہ ہے: اللہ تعالی اس کا رخ جہنم سے پھیر کر جنت کی طرف کریں گے، اسے ایک سایہ دار درخت کی شبیہ نظر آئے گی۔ وہ کہے گا: اے میرے ربّ! مجھے اس درخت تک پہنچا دے، تا کہ میں اس کے سائے میں آرام کر سکوں۔ اللہ تعالی فرمائے گا: اگر میں ایسے کر دوں تو تو مزید کسی چیز کا سوال تو نہیں کرے گا؟ وہ کہے گا: تیری عزت کی قسم! نہیں کروں گا۔ اللہ تعالی اسے اس درخت تک پہنچا دے گا۔ اتنے میں اسے سایہ دار اور پھل دار درخت نظر آئے گا، وہ کہے گا: اے میرے ربّ! مجھے اس درخت تک آگے لے جا، تا کہ اس کا سایہ حاصل کر سکوں اور اس کا پھل کھا سکوں۔ اللہ تعالی فرمائے گا: اگر میں تیرا یہ مطالبہ بھی پورا کر دوں تو تو مزید سوال تو نہیں کرے گا؟ وہ کہے گا: تیری عزت کی قسم! نہیں۔ اللہ تعالی اسے وہاں تک پہنچا دے گا۔ اسے وہاں سے سائے، پھل اور پانی والے درخت کی شبیہ دکھائی دے گی، وہ کہے گا: اے میرے ربّ! مجھے اس درخت تک آگے لے جا، تا کہ اس کے سائے میں آرام کر سکوں، اس کا پھل کھا سکوں اور وہاں کا پانی پی سکوں۔ اللہ تعالی فرمائے گا: اگر میں ایسا کر دوں تو تو مزید تو کسی چیز کا مطالبہ نہیں کرے گا؟ وہ کہے گا: تیری عزت کی قسم! نہیں کروں گا۔ اللہ تعالی اسے اس درخت تک پہنچا دیں گے۔ وہاں سے اسے جنت کا دروازہ دکھائی دے گا، وہ کہے گا: اے میرے ربّ! مجھے بابِ جنت تک لے جا، تا کہ جنت کے شیڈ کے نیچے بیٹھ سکوں اور جنتیوں کو

الْجَنَّةَ، قَالَ: فَإِذَا دَخَلَ الْجَنَّةَ قَالَ: هٰذَالِي؟ قَالَ: فَيَقُوْلُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لَهُ: تَمَنَّ! فَيَتَمَنّٰى، وَيُذَكِّرُهُ اللّٰهُ: سَلْ مِنْ كَذَا وَكَذَا، حَتّٰى إِذَا انْقَطَعَتْ بِهِ الْاَمَانِيُّ۔ قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: هُوَ لَكَ، وَعَشَرَةُ اَمْثَالِهٖ۔ قَالَ: ثُمَّ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ، يَدْخُلُ عَلَيْهِ زَوْجَتَاهُ مِنَ الْحُوْرِ الْعِيْنِ، فَيَقُوْلَانِ لَهُ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَحْيَاكَ لَنَا، وَاَحْيَانَا لَكَ۔ فَيَقُوْلُ: مَا اُعْطِيَ اَحَدٌ مِثْلَ مَا اُعْطِيْتُ! قَالَ: وَاَدْنٰي اَهْلِ النَّارِ عَذَابًا، يُنْعَلُ مِنْ نَارٍ بِنَعْلَيْنِ، يَغْلِيْ دِمَاغُهُ مِنْ حَرَارَةِ نَعْلَيْهِ۔)) (الصحيحة:٣٥٠٣)

دیکھ سکوں۔ اللہ تعالیٰ اسے جنت کے دروازے کے پاس پہنچا دے گا۔ وہ جنت کے لوگوں اور نعمتوں کو دیکھے گا اور کہے گا: اے میرے رب! مجھے جنت میں داخل ہی کر دے۔ اللہ تعالیٰ اسے جنت میں داخل کر دے گا۔ جب وہ جنت میں داخل ہو گا تو پوچھے گا: یہ جگہ میری ہے؟ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: تو تمنا کر۔ وہ تمنا کرے گا اور اللہ تعالیٰ اسے یاد کرائیں گے کہ اس قسم کی نعمتوں کی آرزوئیں کرتا جا، یہاں تک کہ اس کی تمناؤں کی انتہا ہو جائے گی۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: تجھے تیری تمنا اور اس کا دس گنا مزید ملے گا۔ پھر وہ جنت میں (اپنے محل میں) داخل ہو گا، دو آہو چشم حوریں اس کے پاس آ کر کہیں گی: ہر قسم کی تعریف اس اللہ کے لیے ہے جس نے تجھے ہمارے لیے اور ہمیں تیرے لیے زندہ کیا۔ وہ کہے گا: جو کچھ مجھے ملا، یہ کسی جنتی کو نہیں دیا گیا۔ اور اہل جہنم میں سب سے کم عذاب والا وہ شخص ہو گا جسے آگ کے دو جوتے پہنائے جائیں گے اور ان کی حرارت کی وجہ سے اس کا دماغ ابلنا شروع ہو جائے گا۔''

تخریج: أخرجه مسلم: ١/ ١٢٠، ١٣٥، وأبو عوانة: ١/ ١٦٣، وأحمد: ٣/ ٢٧۔ والسیاق لأحمد۔

شرح:...... یہ اللہ تعالیٰ کی رحمت کے لامتناہی خزانوں کی ایک جھلک ہے، جنت میں سب سے آخر میں جانے والے کی یہ آؤ بھگت کی جا رہی ہے اور جو خوش بخت بغیر حساب کے جنت کے وارث بنیں گے یا جو حساب کتاب کے بعد سیدھے بہشت میں داخل ہوں گے، اگر ان کے مقام و مرتبہ کا اندازہ لگانا کسی کے بس کی بات ہے تو وہ اندازہ لگا لے۔

ذرّہ برابر ایمان والا بالآخر جہنم سے نکل آئے گا

(٣٩٣٠)۔ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ مَرْفُوْعًا: ((يَخْرُجُ مِنَ النَّارِ مَنْ كَانَ فِيْ قَلْبِهٖ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ مِنَ الْاِيْمَانِ۔))

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جس کے دل میں ذرا برابر ایمان ہوا اسے بھی (بالآخر) جہنم سے نکال لیا جائے گا۔''

(الصحيحة:٢٤٥٠)

تخریج: أخرجه الترمذی: ٢٦٠١، وكذا النسائی: ٢/ ٢٧٠، وأحمد: ٣/ ٩٤

شرح:...... یہ ایمان کی برکت ہے کہ بڑے سے بڑا آدمی بھی بالآخر جہنم سے نکل آئے گا، بشرطیکہ وہ شرک کا مرتکب نہ ہوا ہو، بہر حال انسان کا مقام و مرتبہ اسی میں ہے کہ وہ ایمان و ایقان کے افضل و اعلیٰ مراتب سے متصف ہونے

کی کوشش کرے تاکہ حشر کے میدان میں پہلی دفعہ ہی کامیاب و کامران ہو کر اور جہنم سے آزاد ہو کر جنت میں داخل ہو جائے۔

جنت میں جنتی کی زندگی کی کیفیت

(۳۹۳۱)۔ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ مَرْفُوْعًا: ((مَنْ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ يَنْعَمُ، لَا يَبْأَسُ، لَاتُبْلٰى ثِيَابُهٗ، وَلَا يَفْنٰى شَبَابُهٗ۔)) (الصحيحة: ١٠٨٦)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جو جنت میں داخل ہو گا، وہ (ہمیشہ) خوشحال رہے گا، کبھی بدحال نہیں ہو گا، اس کے کپڑے بوسیدہ نہیں ہوں گے اور اس کی جوانی ماند نہیں پڑے گی۔''

تخريج: رواه مسلم: ٨/ ١٤٨، والدارمي: ٢/ ٣٣٢، وأحمد: ٢/ ٣٦٩، ٤٠٧، ٤١٦، ٤٦٢، و الحسين المروزي في "زوائدالزهد" ١٤٥٦، وأبونعيم في "صفةالجنة" ١٦/ ٢، وكذا المقدسي في "صفةالجنة" ٣/ ٨٣/ ٢

شرح:...... جنتی ہر وقت خوش باش اور سراسر نعمتوں میں گھرا ہوا ہو گا اور ایک بادشاہ کی حیثیت سے زندگی گزارے گا۔

جنت اور دنیا کا موازنہ

(۳۹۳۲)۔ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ: ((مَوْضِعُ سَوْطِ اَحَدِكُمْ مِنَ الْجَنَّةِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا، وَقَرَاَ: ﴿فَمَن زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَاُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ وَ مَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ﴾ (آل عمران :١٨٥)) (الصحيحة:١٩٧٨)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''جنت میں ایک کوڑے کی جگہ دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔'' پھر آپ نے یہ آیت تلاوت فرمائی: ﴿پس جو شخص آگ سے ہٹا دیا جائے اور جنت میں داخل کر دیا جائے، بیشک وہ کامیاب ہو گیا اور دنیوی زندگی تو صرف دھوکے کی جنس ہے۔﴾ (سورۂ آل عمران: ۱۸۵)

تخريج: أخرجه الترمذي: ٣٠١٧، ٣٢٨٨، والدارمي: ٢/ ٣٣٢۔ ٣٣٣، والحاكم: ٢/ ٢٩٩، وأحمد: ٢/ ٤٣٨

شرح:...... اس کا مطلب یہ ہوا کہ ہم دنیوی مال و دولت کے حصول کے لیے جتنی کوشش کرتے ہیں، اخروی نجات کے حصول کے لیے اس سے سوگنا زیادہ کاوش کرنی چاہیے۔

جنتی لوگوں کا ہمیشہ بیدار رہنا

(۳۹۳۳)۔ قَالَ ﷺ: ((اَلنَّوْمُ اَخُوْ الْمَوْتِ، وَلَا يَنَامُ اَهْلُ الْجَنَّةِ۔)) رُوِيَ مِنْ حَدِيْثِ جَابِرٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ اَوْفٰى۔

نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''نیند، موت کی ہی ایک قسم ہے اور (یہی وجہ ہے کہ) جنت والے نہیں سوئیں گے۔''

یہ حدیث حضرت جابر اور حضرت عبداللہ بن ابو اوفی رضی اللہ عنہما سے

(الصحيحة:١٠٨٧) مروی ہے۔

تخريخ: (١)۔ أما حديث جابر؛ فأخرجه مسندًا تمام الرازی فی "الفوائد": ٤/ ٧٩/ ١، والعقيلی فی "الضعفاء": صـ ٢٢١، وابن عدی فی "الكامل": ق ٢٢١/ ٢، وابو نعيم فی "الحلية": ٧/ ٩٠، و "صفة الجنة": ق ١٢٨/ ٢، والضياء المقدسی فی "صفة الجنة": ٣/ ٨٤/ ١، وابو الحسن الحربی فی "الحربيات": ٢/ ٤٧/ ١، وابو الشيخ فی "تاريخ اصبهان": صـ ١٥٧، ١٩٢، والبزار فی "مسنده": صـ ٣١٨ من زوائده

(٢)۔ وأما حديث ابن ابی اوفی؛ فأخرجه أبو نعيم فی "صفة الجنة"

شرح :...... جنتی ہر وقت بیدار رہ کر جنت کی نعمتوں سے لطف اندوز ہوتے رہیں گے۔

جنت کی وسعت

(٣٩٣٤)۔ عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: ((يَدْخُلُ اَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ، فَيَبْقٰى مِنْهَا مَاشَاءَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ، فَيُنْشِئُ اللّٰهُ تَعَالٰى لَهَا۔يَعْنِي۔ خَلْقًا حَتّٰى يَمْلَأَهَا۔)) (الصحيحة:٢٥٤٠)

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”جنتی لوگ جنت میں داخل ہو جائیں گے اور جب تک اللہ چاہے گا وہ وہاں ٹھہریں گے، (ابھی تک جنت کے بعض مقامات خالی ہوں گے، اس لیے) اللہ تعالیٰ نئی مخلوق پیدا کر کے ان کو بھر دے گا۔“

٢٥٤٠ :تخريج: أخرجه الأمام أحمد: ٣/ ١٥٢، وأخرجه البخاری: ٧٣٨٤، ومسلم: ٨/ ١٥٢

شرح :...... بے شمار لوگ جنت میں داخل ہوں گے اور ہر ایک کو وسیع و عریض جاگیر ملے گی، لیکن پھر بھی جنت کا بعض حصہ خالی رہ جائے گا۔ اس لیے اللہ تعالیٰ ایک نئی مخلوق کو پیدا کر کے اس کی کو پورا کر دے گا۔

جنت کی نصف آبادی فرزندانِ امتِ محمدیہ پر مشتمل ہو گی

(٣٩٣٥)۔ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ ﷺ فِي قُبَّةٍ فَقَالَ: ((اَتَرْضَوْنَ اَنْ تَكُوْنُوْا رُبُعَ اَهْلِ الْجَنَّةِ؟)) قُلْنَا: نَعَمْ، فَقَالَ: ((اَتَرْضَوْنَ اَنْ تَكُوْنُوْا ثُلُثَ اَهْلِ الْجَنَّةِ؟)) فَقُلْنَا :نَعَمْ۔ فَقَالَ: ((اَتَرْضَوْنَ اَنْ تَكُوْنُوْا شَطْرَ اَهْلِ الْجَنَّةِ؟)) قُلْنَا: نَعَمْ۔ قَالَ: ((وَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ! اِنِّيْ لَاَرْجُوْ اَنْ تَكُوْنُوْا نِصْفَ اَهْلِ الْجَنَّةِ،

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ہم نبی کریم ﷺ کے ساتھ ایک خیمے میں تھے، آپ ﷺ نے فرمایا: ”کیا تم اس بات پہ راضی ہو کہ تمھیں جنت کا چوتھائی حصہ مل جائے؟“ ہم نے کہا: جی ہاں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ”کیا تم جنت کے تیسرے حصے پر راضی ہو جاؤ گے؟“ ہم نے کہا: جی ہاں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ”کیا تم اس بات پر راضی ہو جاؤ گے کہ تمھیں جنت کا نصف حصہ مل جائے؟“ ہم نے کہا: جی ہاں۔ آپ نے فرمایا: ”اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں

وذٰلك أنّ الجنّة لا يدخلها إلا نفس مسلمة، وما أنتم في أهل الشرك إلا كالشعرة البيضاء في جلد الثور الأسود، أو كالشعرة السوداء في جلد الثور الأحمر)) (الصحيحة:٨٤٩)

محمد (ﷺ) کی جان ہے! مجھے امید ہے کہ تمھیں جنت کا نصف حصہ ملے گا، (اتنا وسیع حصہ ملنے کی) وجہ یہ ہے کہ جنت میں صرف مسلمان داخل ہوں گے اور تم میں شرک کرنے والے لوگوں کا تناسب اتنا ہی ہے جتنا کہ کالے رنگ کے بیل کی جلد میں سفید بال یا سرخ رنگ کے بیل کی جلد میں کالے بال کا ہوتا ہے۔

تخريج: أخرجه البخاري: ٨/ ٩٣۔نهضة، ومسلم: ١/ ١٣٩، والترمذي: ٣/ ٣٣٠، وابن ماجه: ٢/ ٥٧٣، والطحاوي في "المشكل": ١/ ١٥٤۔١٥٦، وأحمد: ١/ ٣٨٦، ٤٣٧، ٤٤٥، وأبونعيم: ٤/ ١٥٢

شرح: ...... اس میں نبی کریم ﷺ کی امت کی فضیلت کا بیان ہے، جن کی تعداد جنت میں سب سے زیادہ ہوگی۔ نیز آپ ﷺ کی امت میں مشرکین کی تعداد کم ہوگی۔

سیدنا بریدہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ((أهل الجنة عشرون ومائة صف، ثمانون من هٰذه الأمة وأربعون من سائر الأمم۔)) (ترمذی، ابن ماجہ) ...... ''(اللہ تعالیٰ کے حساب اور ترتیب کے مطابق) اہل جنت کی ایک سوبیس (۱۲۰) صفیں ہوں گی، اسی (۸۰) ہماری امت (کے افراد) کی ہوں گی اور چالیس باقی امتوں (کے لوگوں) کی۔

اہل جنت کی خوش عیشی کی ایک جھلک

(٣٩٣٦)۔ عن جابر، قال: سمعت النبي ﷺ يقول: ((إنّ أهل الجنّة يأكلون فيها ويشربون، ولا يتفلون، ولا يبولون، ولا يتغوطون، ولا يمتخطون۔)) قالوا: فما بال الطعام؟ قال: ((جشاء ورشح كرشح المسك، يلهمون التسبيح والتحميد، كما يلهمون النفس۔)) (الصحيحة: ٣٥٢٠)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے سنا: ''بے شک جنتی لوگ (قسما قسم کے ماکولات) کھائیں گے اور (نوع بنوع مشروبات) پئیں گے، لیکن وہ نہ تھوکیں گے، نہ پیشاب کریں گے، نہ پائخانہ کریں گے اور نہ ناک سنکیں گے۔'' صحابہ نے عرض کیا: کھانے کا کیا بنے گا (یعنی وہ کیسے ہضم ہوگا)؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''بس ایک ڈکار ہوگا (یعنی ڈکار سے کھانا ہضم ہو جائے گا)، ان کے پسینے کی (خوشبو) کستوری کی مانند ہوگی اور ان کے اندر (اللہ تعالیٰ کی) تسبیح وتکبیر (کا ورد) سانس کی طرح ڈال دیا جائے گا۔''

تخريج: هو من حديث جابر، وله عنه طرق:

الأولى: عن أبي سفيان عن جابر: فأخرجه مسلم: ٨/ ١٤٧، و ابن حبان: ٧٣٩٢، و أحمد: ٣/ ٣١٦، ولأبي داود: ٤٧١٤

الثانية: عن أبي الزبير أنه سمع جابربن عبدالله: فأخرجه مسلم: ٨/ ١٤٧، وأحمد: ٣/ ٣٤٩ و ٢٨٤، وكذا الدارمي: ٢/ ٣٣٥

الثالثة: عن ماعز التيمي عن جابر بن عبدالله: فأخرجه أحمد: ٣/ ٣٥٤

شرح:...... سبحان اللہ! جنت کتنا عظیم عشرت کدہ ہے، وہ واقعی متاعِ عظیم ہے، وہ مومنوں کے اعمالِ صالحہ کا صلہ ہے، اللہ تعالیٰ ہمیں بھی ایسے وسائل و ذرائع سے ہمکنار فرمائے کہ جن کی روشنی میں بہشت تک رسائی حاصل کی جا سکے۔

(٣٩٣٧)۔ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:((اِنَّ اَوَّلَ زُمْرَةٍ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ: عَلٰى صُوْرَةِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ، وَالَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ: عَلٰى اَشَدِّ كَوْكَبٍ دُرِّيٍّ فِي السَّمَاءِ اِضَاءَةً، لَا يَبُوْلُوْنَ، وَلَا يَتَغَوَّطُوْنَ، وَلَا يَمْتَخِطُوْنَ، وَلَا يَتْفُلُوْنَ، اَمْشَاطُهُمُ الذَّهَبُ، وَرَشْحُهُمُ الْمِسْكُ وَمَجَامِرُهُمُ الْاُلُوَّةُ، وَاَزْوَاجُهُمُ الْحُوْرُ الْعِيْنُ، اَخْلَاقُهُمْ عَلٰى خُلُقِ رَجُلٍ وَاحِدٍ، عَلٰى صُوْرَةِ اَبِيْهِمْ۔ آدَمَ، سِتُّوْنَ ذِرَاعًا فِي السَّمَاءِ۔)) (الصحيحة: ٣٥١٩)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''پہلا طائفہ جو جنت میں داخل ہو گا، ان کے چہرے چودھویں رات کے چاند کی طرح (چمکتے) ہوں گے۔ پھر ان کے بعد داخل ہونے والوں کے چہرے، آسمان پر سب سے زیادہ روشن ستارے کی طرح ہوں گے، وہ پیشاب کریں گے نہ پاخانہ، وہ تھوکیں گے نہ ناک سنکیں گے، ان کی کنگھیاں سونے کی، ان کا پسینہ کستوری (کی طرح خوشبودار) ہو گا اور ان کی انگیٹھیوں میں (جلانے کے لیے) خوشبودار لکڑی ہو گی، ان کی بیویاں موٹی آنکھوں والی حوریں ہوں گی، سب (جنتی لوگ) ایک ہی آدمی کی ساخت پر اپنے باپ آدم (علیہ السلام) کی شکل وصورت پر ہوں گے، بلندی (قد) میں وہ ساٹھ (۶۰) ہاتھ ہوں گے (جیسے حضرت آدم تھے)۔''

تخريج: أخرجه البخاري: ٣٣٢٧، ومسلم: ٨/ ١٤٦، وابن ماجه: ٤٣٣٣، وابن حبان: ٧٣٩٤، والبغوي في "شرح السنة": ٤٣٧٣

شرح:...... اب ہم پست قد ہیں اور اپنے پست قد کو ہی حسن کی علامت سمجھتے ہیں، آج کل سات آٹھ فٹ کے قد آور اور تین چار فٹ کے پست قد لوگوں کو خوبصورت نہیں سمجھا جاتا۔ یہ صرف ہمارا ماحول ہی ہے جس نے ہمیں یہ ذہنیت دی ہے، وگرنہ جنتی لوگوں کا قد ساٹھ ہاتھ ہو گا، جو کہ حسن کا شاہکار ہو گا، اس حقیقت کو جنت میں پہنچ کر ہی بھانپا اور جانچا جا سکتا ہے، اللہ تعالیٰ ہم کو جنت کا وارث بنا دے۔

جنت کا گھوڑا

(٣٩٣٨)۔ عَنْ اَبِي اَيُّوْبَ، قَالَ: اَتَى النَّبِيَّ ﷺ اَعْرَابِيٌّ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنِّي اُحِبُّ الْخَيْلَ، اَفِي الْجَنَّةِ خَيْلٌ؟ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: ((اِنْ اُدْخِلْتَ الْجَنَّةَ، أُتِيتَ بِفَرَسٍ مِنْ يَاقُوْتَةٍ لَهُ جَنَاحَانَ، فَحُمِلْتَ عَلَيْهِ، ثُمَّ طَارَبِكَ حَيْثُ شِئْتَ۔)) (الصحيحة:٣٠٠١)

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک بدو نبی کریم ﷺ کے پاس آیا اور کہا: اے اللہ کے رسول! میں گھوڑے پسند کرتا ہوں، کیا جنت میں گھوڑے ہوں گے؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”جب تجھے جنت میں داخل کر دیا جائے گا تو تیرے پاس یاقوت کا گھوڑا لایا جائے گا، اس کے دو پر ہوں گے، تجھے اس پر سوار کیا جائے گا اور جہاں تو چاہے گا وہ پرواز کر کے تجھے وہیں لے جائے گا۔“

تخريج: أخرجه الترمذي: ٢٥٤٧، والطبراني: ٤/ ٢١٥/ ٤٠٧٥، وعنه أبونعيم في "صفة الجنة" ٢٦١/ ٤٢٣

شرح:...... واقعی کسی انسان کا دماغ یہ تصور ہی نہیں کر سکتا ہے کہ جنت میں پائے جانے والی نعمتوں کی ایسی ویسی کیفیت ونوعیت ہوگی۔ خون اور گوشت سے مرکب گھوڑے تو ہمارے ہاں بھی پائے جاتے ہیں، لیکن جنت کا گھوڑا یاقوت کا ہوگا اور حیرانی کی بات ہے کہ اس کے دو پر بھی ہوں گے، جن کے ذریعے وہ پرواز کرے گا۔

مومن کی تسکین کے لیے اس کی اولاد کا اکرام

(٣٩٣٩)۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَفَعَهُ إِلَى النَّبِيِّ ﷺ: ((إِنَّ اللّٰهَ لَيَرْفَعُ ذُرِّيَّةَ الْمُؤْمِنِ إِلَيْهِ فِي دَرَجَتِهِ، وَإِنْ كَانُوْا دُوْنَهُ فِي الْعَمَلِ، لِتَقَرَّ بِهِمْ عَيْنُهُ۔)) ثُمَّ قَرَأَ: ﴿وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُمْ بِإِيْمَانٍ﴾ (الطور:٢١) الآيَةَ، ثُمَّ قَالَ: ((وَمَا نَقَصْنَا الْاٰبَاءَ مَا أَعْطَيْنَا الْبَنِيْنَ۔)) (الصحيحة: ٢٤٩٠)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ”بیشک اللہ تعالیٰ مومن کو خوش کرنے کے لیے اس کی اولاد کو جنت میں اس کے درجے تک پہنچا دے گا، اگرچہ ان کے عمل (اس درجہ سے) کم ہوں گے۔“ پھر آپ ﷺ نے اس آیت کی تلاوت فرمائی: ﴿اور جو لوگ ایمان لائے اور ان کی اولاد نے بھی ایمان میں ان کی پیروی کی﴾ (سورۂ طور:٢١) اور پھر فرمایا: ”ہم نے بیٹوں کو انعامات سے نواز کر ان کے آباء کی نعمتوں میں کوئی کمی نہیں کی۔“

تخريج: أخرجه البزار: ص ٢٢١، وابن عدى: ق ٢٧٠/ ١، والبغوى فى "التفسير": ٨/ ٨٢ـ منار،

شرح:...... یہ بھی اللہ تعالیٰ کا احسان ہے کہ اولاد کے اعمال کی مقدار والدین سے کم ہوگی۔ لیکن والدین کو مزید سکون مہیا کرنے کے لیے ان کی اولاد کو انہی کا مقام عطا کیا جائے گا۔

صدقے اور قرضے کا اجر وثواب

(٣٩٤٠)۔ عَنْ اَبِي اُمَامَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ: ((دَخَلَ رَجُلٌ الْجَنَّةَ فَرَاٰى عَلٰى بَابِهَا مَكْتُوْبًا: الصَّدَقَةُ بِعَشْرِ اَمْثَالِهَا، وَالْقَرْضُ بِثَمَانِيَةَ عَشَرَ۔))

(الصحيحة: ٣٤٠٧)

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''ایک آدمی جنت میں داخل ہوا اور دیکھا کہ اس کے ایک دروازے پر (یہ عبارت) لکھی ہوئی تھی: صدقے کا ثواب دس گنا اور قرضے کا ثواب اٹھارہ گنا ہے۔''

تخريج: أخرجه الطبراني في "المعجم الكبير": ٨/ ٢٩٧/ ٧٩٧٦، والبيهقي في "الشعب": ٣/ ٢٨٤/ ٣٥٦٤

شرح:...... معلوم ہوا کہ اعمال کے اجر وثواب کی فہرست جنت کے دروازوں پر آویزاں ہے، مومن اسے دیکھ کر خوش ہوں گے کہ یہی اعمال ہیں، جو انہوں نے سرانجام دیے اور اللہ تعالیٰ ان کا اجر وثواب دیتے ہوئے انکو جنت کا وارث بنا دے گا۔ اور یہ بھی معلوم ہوا کہ قرضہ دینے کا ثواب صدقے سے زیادہ ہے۔ لہٰذا ہمیں چاہیے کہ جہاں ہم صدقہ کرنے کا اہتمام کرتے ہیں تو وہاں ثواب کی نیت سے قرض بھی دے دیا کریں، جیسا کہ حدیث نبوی ہے کہ بنو اسرائیل کا ایک آدمی فوت ہونے لگا، جب فرشتے اس کے پاس آئے تو انہوں نے پوچھا: اے اللہ کے بندے! بتا تو نے کوئی نیک عمل کیا تھا؟ اس نے جواب دیا: مجھے تو یاد نہیں ہے کہ میں نے اپنی زندگی میں کوئی نیک کام کیا ہو۔ فرشتوں نے کہا: اے اللہ کے بندے! ذرا سوچ لے، شاید تو نے کوئی نیک عمل کیا ہو۔ جب وہ سوچنے لگا تو اسے صرف ایک عمل یاد آیا جو اس نے اپنی زندگی میں کیا تھا۔ اس نے کہا ہاں مجھے صرف ایک نیک عمل یاد آیا ہے، وہ یہ ہے کہ میں دنیا میں کپڑا بیچا کرتا تھا تو جو خریدار غریب ہوتا تھا میں اسے معاف کر دیتا تھا اور جو امیر ہوتا تھا میں اس ادھار دے دیتا تھا۔ جب اللہ تعالیٰ کو اسکا یہ عمل پیش کیا گیا تو اللہ نے کہا: بس میرے اس بندے کو جنت میں داخل کر دو۔

سلیمان بن بریدہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں، وہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: ((مَنْ اَنْظَرَ مُعْسِرًا فَلَهُ بِكُلِّ يَوْمٍ مِثْلُهُ صَدَقَةٌ۔)) قَالَ: ثُمَّ سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: ((مَنْ أَنْظَرَ مُعْسِراً، فَلَهُ بِكُلِّ يَوْمٍ مِثْلَيْهِ صَدَقَةٌ۔)) قُلْتُ: سَمِعْتُكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! تَقُوْلُ: ((مَنْ أَنْظَرَ مُعْسِراً، فَلَهُ بِكُلِّ يَوْمٍ مِثْلُهُ صَدَقَةٌ۔)) ثُمَّ سَمِعْتُكَ تَقُوْلُ: ((مَنْ أَنْظَرَ مُعْسِرًا، فَلَهُ بِكُلِّ يَوْمٍ مِثْلَيْهِ صَدَقَةٌ؟)) قَالَ: ((لَهُ بِكُلِّ يَوْمٍ صَدَقَةً قَبْلَ أَن يَحِلَّ الدَّيْنُ، فَإِذَا حَلَّ الدَّيْنَ فَأَنْظَرَهُ فَلَهُ بِكُلِّ يَوْمٍ مِثْلَيْهِ صَدَقَةٌ۔)) (صحيحه: ٨٦)...... یعنی: ''جس نے کسی تنگ دست کو مہلت دی تو اسے ہر روز (قرض کی مقدار) کی مثل صدقہ کرنے کا ثواب ملے گا۔'' اس کے بعد آپ ﷺ کو یوں فرماتے سنا: ''جس نے کسی تنگ دست کو مہلت دی تو اسے ہر روز اس (مقدار) کے دوگنا ثواب ملے گا۔'' میں نے کہا: اے اللہ کے رسول میں نے آپ کو پہلے یوں فرماتے سنا: ''جس نے کسی تنگ دست کو مہلت دی تو اسے ہر روز اسی (مقدار) کی مثل صدقہ کرنے کا ثواب ملے گا'' اور پھر یوں: ''جس نے کسی

تنگ دست کو مہلت دی تو اسے ہر روز اس (مقدار) کے دو گنا ثواب ملے گا؟'' آپ ﷺ نے فرمایا: ''قرض کی ادائیگی کی تاریخ سے پہلے تک اسے ہر روز (اسی مقدار کے بقدر) صدقہ کرنے کا ثواب ملے گا، اور جب (وعدے کے مطابق) قرض واجب الادا ہوا اور اس نے پھر مہلت دے دی، (تو ایسی صورت میں) اسے (اس مقدار) سے دو گناہ زیادہ ثواب ملے گا۔''

اگرچہ آج کل لوگ قرضہ لے کر وعدہ خلافی کی انتہا کر دیتے ہیں، بہر حال ایسی صورت میں قرضہ دینے والے کو اللہ تعالیٰ کی رحمت کا امیدوار بن کر وقت گزارنا چاہئے، اس سے بڑا انعام اور احسان کیا ہوسکتا ہے کہ آپ نے ایک لاکھ روپیہ قرض دیا، وعدے سے پہلے روزانہ ایک ایک لاکھ اور معاہدے کی مدت ختم ہونے کی صورت میں دو دو لاکھ روپے صدقہ کرنے کا ثواب ملتا رہے۔

کون سے سعادت مند اپنی آنکھوں کی وجہ سے آتشِ دوزخ سے محفوظ رہیں گے؟

(٣٩٤١)۔ قَالَ ﷺ: ((ثَلَاثَةٌ لَا تَرٰی أَعْيُنُهُمُ النَّارَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: عَيْنٌ بَكَتْ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ، وَعَيْنٌ حَرَسَتْ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَعَيْنٌ غَضَّتْ عَنْ مَحَارِمِ اللّٰهِ۔)) رُوِيَ مِنْ حَدِيْثِ مُعَاوِيَةَ بْنِ حَيْدَةَ، وَعَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، وَاَبِيْ رَيْحَانَةَ، وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ، وَاَنَسِ بْنِ مَالِكٍ۔ (الصحيحة: ٢٦٧٣)

نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''تین افراد کی آنکھیں روزِ قیامت آگ کو نہیں دیکھیں گی: وہ آنکھ جو اللہ کے ڈر سے رو پڑی، وہ آنکھ جس نے اللہ کے راستے میں پہرہ دیا اور وہ آنکھ جس نے اللہ تعالیٰ کے حرام کردہ امور سے چشم پوشی کی۔'' یہ حدیث حضرت معاویہ بن حیدہ، حضرت عبد اللہ بن عباس، حضرت ابو ریحانہ، حضرت ابو ہریرہ اور حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہم سے مروی ہے۔

تخریج: روی من حدیث معاویة بن حیدة، وعبداللّٰہبن عباس، وأبی ریحانة، وأبی ھریرة، وأنس بن مالك

(١) أما حدیث معاویة بن حیدة: أخرجه الخلعی فی"الفوائد":ق١/٦٠١، وابن عساکر فی"التاریخ": ٣/ ٢٩٧/ ١

(٢) وأما حدیث ابن عباس: فجاء من وجھین: الأول: أخرجه الترمذی: ١٦٣٩، و البیھقی: ١/ ٤٨٨/ ٧٩٦، والمزی فی"التھذیب":١٢/ ٥٢٥

الثانی: عن أبی الفرج بن المسلمة فی"مجلس من الأمالی": ١٢٠/ ١_٢

(٣) وأما حدیث أبی ریحانة: أخرجه ابن أبی شیبة فی"المصنف":٧/ ١٥٨/ ٢_١٥٩/ ١، وعنه ابن أبی عاصم فی"الجھاد":ق٨٦/ ٢، وأحمد: ٤/ ١٣٤، والحاکم: ٢/ ٨٣، وعنه البیھقی:٩/ ١٤٩

(٤) وأما حدیث أبی ھریرة: فأخرجه الحاکم: ٢/ ٨٢، وعنه البیھقی: ١/ ٤٨٨/ ٧٩٥، و البخاری

في "الكنى": ٥٠/ ٤٣٦، وعبد بن حميد في "المنتخب": ٣/ ٢٠٨/ ١٤٤٥، والبزار: ٢/ ٢٦٢/ ١٦٥٩

(٥) وأما حديث أنس: أخرجه أبو يعلى في "مسنده": ٧/ ٣٠٧، ومن طريقه الضياء المقدسي في "المختارة": ق١٣١/ ١، والطبراني في "الأوسط": ٢/ ٥٤/ ١/ ٥٩٠٨، وأبو نعيم في "الحلية": ٧/ ١١٩

شرح:...... آنکھ اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہے، اس کے بغیر دنیا اور دنیا کی آسائشیں اندھیر ہیں۔ اگر شریعت کی روشنی میں آنکھ کا استعمال کیا جائے تو یہ نعمت جنت کے حصول کا بہت بڑا سبب بن سکتی ہے۔

جنتی حوروں کا نغمہ

(٣٩٤٢)۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ مَرْفُوْعًا: ((إِنَّ الْحُوْرَ فِي الْجَنَّةِ يَتَغَنَّيْنَ يَقُلْنَ: نَحْنُ الْحُوْرُ الْحِسَانُ هُدِيْنَا لِأَزْوَاجٍ كِرَامٍ)) (الصحيحة:٣٠٠٢)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جنت کی حوریں پرترنم آواز میں یوں کہتی ہیں: ہم حسین و جمیل حوریں ہیں ہمیں اعلیٰ ظرف خاوندوں کے لیے پیدا کیا گیا ہے۔''

تخريج: أخرجه البخاري في "التاريخ الكبير" ٤/ ١/ ١٦، وابن أبي داود في "البعث والنشور" رقم۔ ٧٥، والطبراني في "الأوسط" ٦٦٤٢

اہل جنت کا ہم بستری کرنا

(٣٩٤٣)۔ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قِيْلَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ هَلْ نَصِلُ إِلٰى نِسَائِنَا فِيْ الْجَنَّةِ؟ فَقَالَ: ((إِنَّ الرَّجُلَ لَيَصِلُ فِيْ الْيَوْمِ إِلٰى مِئَةِ عَذْرَاءٍ۔)) (الصحيحة:٣٦٧)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ کہا گیا: اے اللہ کے رسول! کیا جنت میں ہمارا اپنی بیویوں سے تعلق قائم ہو گا؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''آدمی ایک دن میں ایک سو کنواری عورتوں سے صحبت کرے گا۔''

تخريج: رواه البزار في "مسنده": ٣٥٢٥۔الكشف، وأبونعيم في "صفة الجنة": ١٦٩/ ١۔ شيخ الاسلام، والطبراني في "الصغير": ٢/ ١٢، والبزار: ٣٥٢٥، والخطيب: ١/ ٣١٧، والضياء في "صفة الجنة": ٨٢/ ٢ من طريق الطبراني، وهذا في "المعجم الصغير": ١٠٨٥۔الروض النضير، وعنه الخطيب في "التاريخ": ١/ ٣٧١

شرح:...... یہ حدیث بدکار اور جنسی بے راہ روی میں شکار لوگوں کے لیے فکر انگیز پیغام ہے کہ وہ اپنی خواہشات پر قابو پائیں تاکہ وہ حسنِ عاقبت سے ہمکنار ہوں، جہاں تمناؤں کی بدرجۂ اتم تکمیل ہو گی۔

(٣٩٤٤)۔ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ: أَنَّهُ قِيْلَ لَهُ: أَنَطَأُ فِي الْجَنَّةِ؟ قَالَ:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ سے پوچھا گیا کہ کیا ہم جنت میں (اپنی بیویوں یا حوروں سے) صحبت

((نَعَمْ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، دُحْمًا دُحْمًا، فَإِذَا قَامَ عَنْهَا رَجَعَتْ مُطَهَّرَةً بِكْرًا.)) (الصحيحة:٣٣٥١)

کریں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ن ہاں، اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے! پرزور اور پرجوش انداز میں۔ جب وہ اس سے فارغ ہوگا تو وہ پھر پاک اور کنواری ہو جائے گی۔"

تخريج: أخرجه ابن حبان: ٢٦٣٣- ٢٦٣٤، وأبونعيم في"صفة الجنة": ٢/ ٢٣٢/ ٣٩٣، والضياء المقدسي أيضا في"صفة الجنة": ق ٨٣/ ١- مخطوطة الظاهرية

جنت میں داخل ہونے والی تمام خواتین کنواریاں ہوں گے

(٣٩٤٥)- عَنِ الْحَسَنِ، قَالَ: أَتَتْ عَجُوْزٌ إِلَى النَّبِيِّ ﷺ فَقَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أُدْعُ اللّٰهَ أَنْ يُدْخِلَنِي الْجَنَّةَ- فَقَالَ: ((يَا أُمَّ فُلَانٍ! إِنَّ الْجَنَّةَ لَا تَدْخُلُهَا عَجُوْزٌ.)) قَالَ: فَوَلَّتْ تَبْكِي- فَقَالَ: ((أَخْبِرُوْهَا أَنَّهَا لَا تَدْخُلُهَا وَهِيَ عَجُوْزٌ، إِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يَقُوْلُ: ﴿إِنَّا أَنْشَأْنَاهُنَّ إِنْشَاءً فَجَعَلْنَاهُنَّ أَبْكَارًا- عُرُبًا أَتْرَابًا﴾)) الْوَاقِعَةُ:٣٥، ٣٦، ٣٧۔

(الصحيحة:٢٩٨٧)

حضرت حسن رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک بوڑھی عورت نبی کریم ﷺ کے پاس آئی اور کہا: اے اللہ کے رسول! اللہ تعالی سے دعا کرو کہ وہ مجھے جنت میں داخل کر دے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "ام فلاں! کوئی بوڑھی عورت جنت میں داخل نہیں ہوگی۔" وہ روتے ہوئے واپس چل پڑی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "اسے بتلا دو کہ وہ اس بڑھاپے کی حالت میں جنت میں داخل نہیں ہوگی، کیونکہ اللہ تعالی نے فرمایا: ﴿ہم نے ان کی بیویوں کو خاص طور پر بنایا ہے۔ اور ہم نے انھیں کنواریاں بنا دیا ہے۔ جو محبت والیاں اور ہم عمر ہیں﴾ (سورۂ واقعہ: ۳۵،۳۶،۳۷) (یعنی بوڑھی خاتون جوان ہو کر جنت میں جائے گی)۔"

تخريج: أخرجه الترمذي في"الشمائل المحمدية": ٢/ ٣٩- بشرحه، وعنه البغوي في "التفسير": ٨/ ١٤، وأبو الشيخ في"أخلاق النبي ﷺ": ٧٨/ ١٨٢- بترقيمي، والبيهقي في "البعث": ٢/ ٦٨/ ١، والبغوي في"الأنوار": ١/ ٢٥٨/ ٢٢٠

شرح: ...... ان کا یہ کنوارا پن ہمیشہ برقرار رہے گا، جیسا کہ سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ سے پوچھا گیا کہ کیا ہم جنت میں (اپنی بیویوں یا حوروں سے) صحبت کریں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ((نَعَمْ- وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ- دُحْمًا دُحْمًا، فَإِذَا قَامَ عَنْهَا رَجَعَتْ مُطَهَّرَةً بِكْرًا.)) (صحیحہ: ۳۳۵۱)...... "جی ہاں، اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے! پرزور اور پرجوش انداز میں۔ جب وہ اس سے فارغ ہوگا تو وہ پھر پاک اور کنواری ہو جائے گی۔"

تلواریں جنت کی چابیاں ہیں

(٣٩٤٦)۔ عَنْ أَبِي بَكْرِ ابْنِ أَبِي مُوْسَى الْأَشْعَرِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي تُجَاهَ الْعَدُوِّ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ: ((إِنَّ السُّيُوْفَ مَفَاتِيْحُ الْجَنَّةِ۔)) فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ رَثُّ الْهَيْئَةِ: أَنْتَ سَمِعْتَ هٰذَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَسَلَّ سَيْفَهُ، وَكَسَرَ غِمْدَهُ وَالْتَفَتَ إِلَى أَصْحَابِهِ، وَقَالَ: أَقْرَأُ عَلَيْكُمُ السَّلَامَ، ثُمَّ تَقَدَّمَ إِلَى الْعَدُوِّ، فَقَاتَلَ حَتّٰى قُتِلَ۔ (الصحيحة: ٢٦٧٢)

ابوبکر بن ابوموسی اشعری بیان کرتے ہیں کہ میں نے دشمنوں کے سامنے اپنے باپ کو یہ کہتے ہوئے سنا: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''بیشک تلواریں جنت کی چابیاں ہیں۔'' ایک خستہ حال آدمی نے کہا: کیا تو نے رسول اللہ ﷺ سے یہ حدیث سنی ہے؟ انھوں نے کہا: جی ہاں۔ اس نے اپنی تلوار سونت لی، میان توڑ دی اور اپنے ساتھیوں کی طرف متوجہ ہو کر کہا: تم پر سلامتی ہو۔ پھر دشمن کی طرف لپکا اور جہاد کرتے کرتے شہید ہو گیا۔

تخريج: أخرجه ابن شيبة في "مصنف": ٧/ ١٤٥/ ٢

شرح :...... اس میں جہاد کی فضیلت وعظمت کا بیان ہے، یہ جنت میں لے جانے والا عظیم عمل ہے، اللہ تعالی ہمارے لیے ایسے اسباب مہیا کرے کہ ہم صرف اس کے دین کی سربلندی کے لیے لڑ سکیں۔

جنت کے لمبے لمبے سائے

(٣٩٤٧)۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: ((إِنَّ فِي الْجَنَّةِ شَجَرَةً، يَسِيْرُ الرَّاكِبُ الْجَوَادُ الْمُضَمَّرُ السَّرِيْعُ مِئَةَ عَامٍ مَا يَقْطَعُهَا۔)) جَاءَ مِنْ حَدِيْثِ أَبِي سَعِيْدٍ، وَأَبِي هُرَيْرَةَ، وَسَهْلِ ابْنِ سَعْدٍ، وَأَنَسِ بْنِ مَالِكٍ۔ (الصحيحة: ٣٥٣٦)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جنت میں ایک درخت ایسا ہے کہ اگر تضمیر شدہ، تیز رفتار گھوڑے کا سوار بھی اس پر سو سال چلتا رہے، تب بھی اسے طے نہیں کر سکے گا۔'' یہ حدیث سیدنا ابوسعید خدری، سیدنا ابو ہریرہ، سیدنا سہل بن سعد اور سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہم سے مروی ہے۔

تخريج: جاء من حديث أبي سعيد، وأبي هريرة، وسهل بن سعد، وأنس بن مالك:

(١)۔ أما حديث أبي سعيد: فأخرجه البخاري: ٦٥٥٣، ومسلم: ٨/ ١٤٤، والدّولابي في "الكنى" ١/ ١٦٠

(٢)۔ وأما حديث أبي هريرة: فأخرجه البخاري: ٤٨٨١، ومسلم: ٨/ ١٤٤، وأحمد: ٢/ ٤٨٢، وابن ماجه: ٤٣٣٥

(٣)۔ وأما حديث سهل؛ فيرويه أبو حازم عنه: فأخرجه البخاري: ٦٥٥٢، ومسلم: ٨/ ١٤٤، و الدّولابي: ٢/ ١٦٠، وأبونعيم: ٢٣٧/ ٤٠٥، والبيهقي: ١٦٨/ ٢٩٧

(٤)۔ وأما حديث أنس بن مالك؛ فيرويه قتادة عنه: فأخرجه البخاري: ٣٢٥١، والترمذي: ٣٢٩٣، و أحمد: ٣/ ١١٠ و ١٣٥، وأبونعيم في "صفة الجنة": ٢٣٤/ ٤٠٢، وفي "الحلية": ٩/ ٣٠، وفي "أخبار أصبهان": ٢/ ٣٠٦، والبيهقي في "البعث": ١٦٨/ ٢٩٦

شرح:...... ہمارے ہاں بارہ، چودہ، اٹھارہ مرلہ احاطہ پر گھنا سایہ کرنے والے درختوں کو بڑا پسند کیا جاتا ہے۔ اپنی اس فطرت کی روشنی میں جنت کے سایوں کے حسن کا اور ان کے پر لطف ہونے کا اندازہ کر لینا چاہیے۔

جنت کے بازار

(٣٩٤٨)۔ عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: ((اِنَّ فِي الْجَنَّةِ لَسُوْقًا يَاْتُوْنَهَا كُلَّ جُمُعَةٍ، فِيهِ كُثْبَانُ الْمِسْكِ فَتَهُبُّ رِيحُ الشَّمَالِ، فَتَحْثُوْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ وَثِيَابِهِمُ الْمِسْكَ، فَيَزْدَادُوْنَ حُسْنًا وَجَمَالًا، فَيَرْجِعُوْنَ اِلَى اَهْلِيْهِمْ، وَقَدِ ازْدَادُوْا حُسْنًا وَجَمَالًا، فَيَقُوْلُ لَهُمْ اَهْلُوْهُمْ: وَاللّٰهِ!لَقَدِ ازْدَدْتُمْ بَعْدَنَا حُسْنًا وَجَمَالًا، فَيَقُوْلُوْنَ: وَاَنْتُمْ وَاللّٰهِ! لَقَدِ ازْدَدْتُمْ بَعْدَنَا حُسْنًا وَجَمَالًا۔)) (الصحيحة: ٣٤٧١)

سیدنا انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جنت میں ایک بازار ہو گا، لوگ ہر جمعہ کو وہاں آیا کریں گے، اس میں ڈھیروں کستوری ہو گی، پس شمال سے ہوا چلے گی جو ان کے چہروں اور کپڑوں میں کستوری کی خوشبو بکھیر دے گی، جس سے ان کے حسن و جمال میں مزید اضافہ ہو جائے گا، پس جب وہ اپنے گھر والوں کی طرف واپس آئیں گے، جب کہ ان کے حسن و جمال میں اضافہ ہو چکا ہو گا تو ان سے ان کے گھر والے کہیں گے: اللہ کی قسم! تم تو پہلے سے زیادہ حسین و جمیل لگ رہے ہو۔ اور وہ کہیں گے: اللہ کی قسم! ہمارے بعد تمھارے حسن و جمال میں بھی اضافہ ہوا ہے۔''

تخريج: أخرجه مسلم: ٨/ ١٤٥، وابن حبان: ٩/ ٢٥٦ـ ٢٥٧/ ٧٣٨٢، وابن أبي شيبة: ١٣/ ١٥٠/ ١٥٩٦٢، و أحمد: ٣/ ٢٨٤ـ ٢٨٥، وأبونعيم في "صفة الجنة": ٢٥٣/ ٤١٧، و "الحلية": ٦/ ٢٥٣، والبيهقي في "البعث": ٢٠٩/ ٤١٥، والبغوي في "شرح السنة": ١٥/ ٢٢٦ـ ٢٢٧/ ٤٣٨٩ و"التفسير" أيضا: ١/ ٧٦

جنت میں مومن کا خیمہ

(٣٩٤٩)۔ عَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ اَبِيْ مُوْسٰى بْنِ قَيْسٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: ((اِنَّ لِلْمُوْمِنِ فِي الْجَنَّةِ لَخَيْمَةً مِنْ لُؤْلُؤَةٍ وَاحِدَةٍ مُجَوَّفَةٍ، طُوْلُهَا سِتُّوْنَ مِيْلًا، لِلْمُوْمِنِ

ابوبکر بن ابوموسی بن قیس اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''مومن کے لیے جنت میں ایک جوف دار موتی کا خیمہ ہو گا، جس کی لمبائی بلندی میں ساٹھ میل ہو گی، اس میں مومن کے کئی گھر والے ہوں گے،

فِيْهَا اَهْلُوْنَ، يَطُوْفُ عَلَيْهِمُ الْمُؤْمِنُ، فَلَايَرٰى بَعْضُهُمْ بَعْضًا۔)) (الصحيحة: ٣٥٤١)

وہ ان (سب) کے پاس جائے گا (وہ گھر ایک دوسرے سے اتنی مسافت پر ہوں گے کہ) ایک میں بسنے والے دوسرے کے مکینوں کو نہیں دیکھ سکیں گے۔''

تخريج: أخرجه البخاري: ٣٢٤٣، ومسلم: ٨/ ١٤٨، وابن أبي شيبة في "المصنف": ١٣/ ١٠٥/ ١٥٨٣١، و الدارمي: ٢/ ٣٣٦، وأحمد: ٤/ ٤٠٠، ٤١١، ٤١٩، وابن أبي الدنيا في " صفة الجنة": ٩٥/ ٣١٧

شرح:...... جو والدین اپنے بیٹوں اور بیٹیوں کے خوبصورت دنیوی گھرانوں کے بارے فکر بھی کرتے ہیں اور عملی طور پر تگ و دو بھی، کیا انھوں نے اپنی اولاد کے لیے اخروی زندگی میں کامیابیوں کے بارے میں کبھی سوچا؟ اگر سوچا تو کتنی کوشش کی؟ مذکورہ بالا حدیث میں کیسے عظیم الشان جوڑوں اور عالی شان مسکنوں کا ذکر ہے۔ کیا ہماری اولاد کو یہ حق نہیں ملنا چاہیے؟ اگر ملنا چاہیے تو اس کے لیے کیا کرنا چاہیے؟ یہ فیصلہ ہم نے خود کرنا ہوگا، لیکن شریعت کی روشنی میں۔

جنت کے دروازے کی وسعت

(٣٩٥٠)۔ قَالَ ﷺ: ((اِنَّ مَابَيْنَ مِصْرَاعَيْنِ فِيْ الْجَنَّةِ مَسِيْرَةُ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً۔)) وَرَدَ مِنْ حَدِيْثِ أَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ، وَمُعَاوِيَةَ بْنِ حَيْدَة، وَعُتْبَةَ بْنِ غَزْوَانَ، وَعَبْدِاللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ۔ (الصحيحة: ١٦٩٨)

نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''جنت کے دروازوں کے دو پٹوں کے درمیان کا فاصلہ چالیس برس کی مسافت کا ہے۔'' یہ حدیث حضرت ابوسعید خدری، حضرت معاویہ بن حیدہ، حضرت عتبہ بن غزوان اور حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہم سے مروی ہے۔

تخريج: (١)۔ أما حديث أبي سعيد الخدري: فأخرجه أحمد: ٣/ ٢٩، وأبويعلي: ١/ ٣٤٩، وأبونعيم في "صفة الجنة": ٢/ ١٢٤/ ١

(٢)۔ وأما حديث معاوية: فأخرجه أحمد: ٥/ ٣، وابن حبان: ٢٦١٨۔ موارد ووقع فيه " سبع سنين": ولعله خطأ مطبعي، وأبونعيم في "الحلية": ٦/ ٢٠٥

(٣)۔ وأما حديث عتبة بن غزوان: فأخرجه مسلم: ٨/ ٢١٥، وأحمد: ٤/ ١٧٤

(٤)۔ وأما حديث عبدالله بن سلام: فأخرجه الطبراني في "المعجم الكبير": ٦٩/ ٢٢١/ ١، وعنه الضياء في "المختارة": ٥٨/ ١٨٠/ ١

شرح:...... جبکہ جنت کے دروازوں کی کل تعداد آٹھ ہے۔

جنت کے درجات

(٣٩٥١)۔ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: ((اَلْجَنَّةُ مِئَةُ دَرَجَةٍ، مَا بَيْنَ كُلِّ دَرَجَتَيْنِ مَسِيْرَةُ مِئَةِ عَامٍ۔ وَقَالَ عَفَّانُ: كَمَا بَيْنَ السَّمَاءِ اِلَى الْاَرْضِ۔ وَالْفِرْدَوْسُ اَعْلَاهَا دَرَجَةً، وَمِنْهَا تَخْرُجُ الْاَنْهَارُ الْاَرْبَعَةُ، وَالْعَرْشُ مِنْ فَوْقِهَا، وَاِذَا سَاَلْتُمُ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى، فَاسْاَلُوْهُ الْفِرْدَوْسَ۔)) (الصحيحة: ٩٢٢)

سیدنا عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جنت کے سو درجے ہیں، ہر دو درجوں کے درمیان سو سال کی مسافت ہے۔'' عفان نے اپنی روایت میں کہا: ''جتنا کہ آسمان اور زمین کے درمیان فاصلہ ہے۔ درجہ میں سب سے اعلی مقام فردوس ہے، اس سے چار نہریں نکلتی ہیں، اس سے اوپر عرش ہے، جب بھی تم اللہ تعالی سے سوال کرو تو فردوس کا سوال کیا کرو۔''

تخريج: أخرجه الترمذى: ٣/ ٣٢٦، والحاكم: ١/ ٨٠، وأحمد: ٥/ ٣١٦و٣٢١والسياق له، والطبرى فى "التفسير": ١٦/ ٢٩

(٣٩٥٢)۔ عَنْ عَائِشَةَ مَرْفُوْعًا: ((دَخَلْتُ الْجَنَّةَ فَرَاَيْتُ لِزَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ دَرَجَتَيْنِ۔)) (الصحيحة: ١٤٠٦)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''میں جنت میں داخل ہوا اور زید بن عمرو بن نفیل کے دو درجے دیکھے۔''

تخريج: رواه ابن عساكر: ٦/ ٣٣٧/ ٢

شرح:...... اس حدیث میں جنت کے درجات اور سیدنا زید بن عمرو بن نفیل رضی اللہ عنہ کی فضیلت ومنقبت کا بیان ہے۔

جنت میں کئی جنتیں ہیں

(٣٩٥٣)۔ عَنْ اَنَسِ ابْنِ مَالِكٍ: أَنَّ حَارِثَةَ بْنَ سُرَاقَةَ خَرَجَ نُظَارًا، فَاَتَاهُ سَهْمٌ فَقَتَلَهُ، فَقَالَتْ اُمُّهُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! قَدْ عَرَفْتَ مَوْضِعَ حَارِثَةَ مِنِّيْ، فَاِنْ كَانَ فِي الْجَنَّةِ صَبَرْتُ، وَاِلَّا رَاَيْتَ مَا اَصْنَعُ! قَالَ: ((يَا اُمَّ حَارِثَةَ؟ اِنَّهَا لَيْسَتْ بِجَنَّةٍ وَاحِدَةٍ وَلٰكِنَّهَا جِنَانٌ كَثِيْرَةٌ، وَاِنَّ حَارِثَةَ لَفِيْ اَفْضَلِهَا اَوْ قَالَ: فِيْ اَعْلَى الْفِرْدَوْسِ۔)) (الصحيحة: ٨١١)

انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت حارثہ بن سراقہ رضی اللہ عنہ جاسوسی کے لیے نکلے، اچانک ایک تیر لگا اور وہ شہید ہو گئے۔ ان کی ماں نے کہا: اے اللہ کے رسول! آپ جانتے ہیں کہ حارثہ کا میرے ہاں کیا مقام تھا، اگر وہ جنت میں ہے تو میں صبر کرتی ہوں، وگرنہ آپ دیکھیں گے کہ میں (اس کی جدائی پر) کیا کرتی ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''ام حارثہ! جنت ایک نہیں ہے، بلکہ کئی جنتیں ہیں اور (تیرا بیٹا) حارثہ جنت کے افضل حصے میں یا جنۃ الفردوس میں ہے۔''

تخریج: رواہ أحمد: ٣/ ١٢٤، وابن سعد: ٣/ ٥١٠، وأخرجه البخاری: ٢/ ٢٠٤، والترمذی: ٢/ ٢٠١ وزاد فی آخرہ: ((والفردوس ربوة الجنة واوسطها وافضلها۔))

جنت کی عمارت کے اجزا

(٣٩٥٤)۔ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ مَوْقُوْفًا وَمَرْفُوْعًا: ((خَلَقَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى الْجَنَّةَ، لَبِنَةٌ مِنْ ذَهَبٍ، وَلَبِنَةٌ مِنْ فِضَّةٍ، وَمِلَاطُهَا الْمِسْكُ، فَقَالَ لَهَا: تَكَلَّمِيْ، فَقَالَتْ: ﴿قَدْ اَفْلَحَ الْمُوْمِنُوْنَ﴾ (المومنون:١)، فَقَالَتِ الْمَلَائِكَةُ: طُوْبٰى لَكِ، مَنْزِلَ الْمُلُوْكِ۔))

(الصحيحة:٢٦٦٢)

حضرت ابوسعید سے موقوفاً اور مرفوعاً دونوں طرح سے روایت ہے کہ ''اللہ تبارک وتعالی نے جنت کو پیدا کیا، (تعمیر کا انداز یہ تھا کہ) ایک اینٹ سونے کی، ایک اینٹ چاندی کی اور گارا کستوری کا تھا۔ اللہ تعالی نے اسے کہا: کلام کر۔ اس نے کہا: ﴿تحقیق مومن کامیاب ہو گئے ہیں۔﴾ (سورۂ مومنون:١) فرشتوں نے کہا: (اے جنت!) تیرے لیے خوشخبری ہو، تو تو بادشاہوں کا ٹھکانہ ہے۔''

تخریج: اخرجه البزار مرفوعا و موقوفا ..... والحديث صحيح موقوفا، والله اعلم، لكنه فی حكم المرفوع، كما قال الهيثمی فی "مجمع الزوائد": ١٠/ ٣٩٧: ورجال الموقوف رجال الصحيح وابوسعيد لا يقول هذا الا بتوقيف۔ (ملخصا)

شرح:...... ارشادِ باری تعالی ہے: ﴿وَاِذَا رَاَيْتَ ثَمَّ رَاَيْتَ نَعِيْمًا وَّمُلْكًا كَبِيْرًا عَالِيَهُمْ ثِيَابُ سُنْدُسٍ خُضْرٌ وَّاِسْتَبْرَقٌ﴾ (سورۂ دھر: ٢٠، ٢١) ...... ''وہاں جدھر بھی نگاہ ڈالو گے نعمتیں ہی نعمتیں اور ایک بڑی سلطنت کا سرو سامان تمھیں نظر آئے گا۔ ان کے اوپر باریک ریشم کے سبز لباس اور اطلس و دیبا کے کپڑے ہوں گے۔'' جنتوں میں ادنی سے ادنی مسلمان کو بھی بادشاہوں کے پرتکلف اندازِ حیات سے کئی گنا اعلی و افضل طرزِ حیات نصیب ہوگا۔

جنت میں سونے کے محل

(٣٩٥٥)۔ عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: ((دَخَلْتُ الْجَنَّةَ، فَاِذَا اَنَا بِقَصْرٍ مِنْ ذَهَبٍ، فَقُلْتُ: لِمَنْ هٰذَا الْقَصْرُ؟ قَالُوْا: لِشَابٍّ مِنْ قُرَيْشٍ، فَظَنَنْتُ اَنِّيْ اَنَا هُوَ، فَقُلْتُ: وَمَنْ هُوَ؟ فَقَالُوْا: لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، قَالَ: فَلَوْلَا مَاعَلِمْتُ مِنْ غَيْرَتِكَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''میں جنت میں داخل ہوا، اچانک سونے کا ایک محل دیکھا۔ میں نے پوچھا: یہ محل کس کا ہے؟ انھوں نے کہا: ایک قریشی جوان کا ہے۔ مجھے خیال تھا کہ یہ میرا ہی ہوگا (کیونکہ میں قریشی ہوں)۔ بہرحال میں نے پوچھا: وہ قریشی کون ہے؟ انھوں نے کہا: یہ عمر بن خطاب (رضی اللہ عنہ) کا ہے۔'' پھر

لَـدَخَـلْتُـهُ۔)) فَقَالَ عُمَرُ:عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَغَارُ؟! (الصحيحة: ١٤٢٣)

آپ نے فرمایا: ''عمر! اگر تیری غیرت وحمیت کا مسئلہ نہ ہوتا تو میں اس میں ضرور داخل ہو جاتا۔'' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: اے اللہ کے رسول! کیا میں آپ پر غیرت کھا سکتا ہوں؟!

تخريج: أخرجه الترمذي: ٢/ ٢٩٣، وابن حبان: ٢١٨٨، وأحمد: ٣/ ١٠٧و ١٧٩

شرح:...... چونکہ سیدنا عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ اپنے اہل وعیال کے سلسلے میں حد درجہ غیرت مند تھے۔ یہ غیرت کا ہی تقاضا ہوتا ہے کہ آدمی چاہتا ہے کہ کوئی غیر محرم اس کے گھر میں اس کی اجازت کے بغیر نہ گھسے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سیدنا فاروقِ اعظم کے اسی وصف کا خیال رکھا، لیکن ان کی اس غیرت وحمیت سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم مستثنیٰ تھے۔

طوبیٰ کیا ہے؟

(٣٩٥٦)۔ عَـنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ قَـالَ: ((طُوْبٰى شَجَرَةٌ فِيْ الْجَنَّةِ، مَسِيْرَةُ مِئَةِ عَامٍ، ثِيَابُ اَهْلِ الْجَنَّةِ تَخْرُجُ مِنْ اَكْمَامِهَا۔))

(الصحيحة: ١٩٨٥)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''طوبیٰ'' جنت میں ایک درخت کا نام ہے، اس (کے سائے) کی مسافت سو سال ہے اور جنتیوں کے کپڑے اس کی کلیوں کے غلاف سے تیار کئے گئے ہیں۔''

تخريج: أخرجه أحمد: ٣/ ٧١، وابن جرير في "تفسيره": ١٣/ ١٠١، وابن حبان:٢٦٢٥

دنیوی وجنتی چیزوں میں مشابہت کس چیز میں ہے؟

(٣٩٥٧)۔ عَـنِ ابْـنِ عَبَّـاسٍ مَـوْقُـوْفًـا: ((لَيْسَ فِيْ الْجَنَّةِ شَيْءٌ يُشْبِهُ مَا فِيْ الدُّنْيَا اِلَّا الْاَسْمَاءَ۔)) (الصحيحة: ٢١٨٨)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جنت میں جنتی چیزیں ہیں، صرف ناموں میں ان کی دنیوی چیزوں سے مشابہت ہے (نہ کہ حقیقت میں)۔

تخريج: رواه أبونعيم فی "صفة الجنة":٢١/ ٢، والضياء المقدسی فی "المختارة": ٥٩/ ١٩٨/ ٢

شرح:...... لیکن چیزوں کی خاصیات میں جو فرق پایا جاتا ہے، کوئی ذہن اس کا فیصلہ تو درکنار، اس کا تصور ہی نہیں کر سکتا۔ جیسا کہ سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ((قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: اَعْدَدْتُ لِعِبَادِيَ الصَّالِحِيْنَ مَا لَا عَيْنٌ رَأَتْ وَلَا اُذُنٌ سَمِعَتْ وَلَا خَطَرَ عَلٰى قَلْبِ بَشَرٍ، وَاقْرَأُوْا اِنْ شِئْتُمْ: ﴿فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ اُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ جَزَآءً بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ۔﴾ (السجدة: ١٧)) (بخاری: ٣٢٤٤، مسلم: ٢٨٢٤) ......''اللہ تعالیٰ نے فرمایا: میں نے اپنے نیک بندوں کے لیے ایسی نعمتیں تیار کی ہیں، جو نہ کسی آنکھ نے دیکھی ہیں، نہ کسی کان نے سنی ہیں اور نہ کسی انسان کے دل میں ان کا خیال گزرا ہے اور اگر تم چاہو تو (اس کی تصدیق کے لیے) یہ آیت پڑھ لو: کوئی نفس نہیں جانتا کہ ان کے عملوں کے بدلے میں ان کی آنکھوں کی

ٹھنڈک کا کیا کیا سامان چھپا کر رکھا گیا ہے۔"

جنت کے درختوں کے کانٹوں کی جگہ رنگا رنگ کے کھانے ہوں گے

(۳۹۵۸)۔ عَنْ عُتْبَةَ بْنِ عَبْدِ السُّلَمِيِّ، قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَجَاءَ اَعْرَابِيٌّ فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! اَسْمَعُكَ تَذْكُرُ شَجَرَةً فِي الْجَنَّةِ لَا اَعْلَمُ فِي الدُّنْيَا اَكْثَرَ شَوْكًا مِنْهَا، يَعْنِيْ الطَّلْحَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: ((فَاِنَّ اللّٰهَ يَجْعَلُ مَكَانَ كُلِّ شَوْكَةٍ مِثْلَ خُصْيَةِ التَّيْسِ الْمَلْبُوْدِ، الْمَخْصِيِّ، فِيْهَا سَبْعُوْنَ لَوْنًا مِنَ الطَّعَامِ لَا يَشْبَهُ لَوْنُهُ لَوْنَ الْآخَرِ۔)) (الصحيحة: ٢٧٣٤)

حضرت عتبہ بن عبد سلمی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا، ایک بدو آیا اور کہا: اے اللہ کے رسول! میں نے آپ کو جنت کے ببول یا کیکر نامی درخت کا تذکرہ کرتے سنا ہے، میرا خیال ہے کہ وہ تو ہمارے ہاں سب سے زیادہ کانٹوں والا درخت ہے (ان کے چبھنے سے تو بڑی تکلیف ہوتی ہے تو جنت میں ایسے درخت کا کیا تک ہے)؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "اللہ تعالیٰ اس کے ہر کانٹے کے بدلے خصی بکرے کے خصیہ کی طرح کی ایک چیز پیدا کرے گا، اس میں ستر رنگ کے کھانے ہوں اور ہر ایک کا رنگ دوسرے کے رنگ سے مشابہ نہیں ہوگا۔"

تخريج: أخرجه الطبراني في "الكبير": ١٧/ ١٣٠/ ٣١٨، وفي "مسند الشاميين". ص ٩١

شرح: ...... جنت اور دنیا میں پائی جانے والی چیزوں کے نام تو ایک ہیں، لیکن کیفیت و نوعیت میں جو فرق اور امتیاز ہے، دنیا میں اس کا تصور نہیں کیا جا سکتا ہے۔

فردوس، جنت کا اعلیٰ و افضل حصہ ہے

(۳۹۵۹)۔ عَنْ سَمُرَةَ مَرْفُوْعًا: ((اَلْفِرْدَوْسُ رَبْوَةُ الْجَنَّةِ، وَهِيَ اَوْسَطُهَا وَاَحْسَنُهَا۔)) (الصحيحة: ٢٠٠٣)

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "فردوس تو جنت کا ٹیلہ (اونچا مقام) ہے، وہ جنت کا اعلیٰ و افضل اور احسن و اجمل حصہ ہے۔"

تخريج: رواه ابن جرير في "تفسيره": ١٦/ ٣٠، وأبو نعيم في "صفة الجنة": ٢/ ٢

شرح: ...... یہی وجہ ہے کہ آپ ﷺ نے تعلیم دی کہ جب جنت کا سوال کرو تو جنت الفردوس کا مطالبہ کیا کرو۔

نبوی منبر کے پائے جنت میں نصب تھے
وادیٔ بطحان جنت کے باغیچے پر ہے

(۳۹۶۰)۔ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ مَرْفُوْعًا: ((مِنْبَرِيْ هٰذَا عَلٰى تُرْعَةٍ مِنْ تُرَعِ الْجَنَّةِ۔)) (الصحيحة: ٢٣٦٣)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "میرا یہ منبر جنت کے دروازوں میں سے ایک دروازے پر ہے۔"

تخریج: أخرجه أحمد: ٢/ ٣٦٠ و ٤٥٠، وابن سعد: ١/ ٢٥٣

شرح:...... جب سیدنا سہل بن سعد رضی اللہ عنہ نے یہ روایت بیان کی تو انھوں نے پوچھا: کیا تم جانتے ہو کہ "تُرْعَۃ" کیا ہے؟ انھوں نے کہا: جی ہاں، اس کے معانی دروازے کے ہیں۔ پھر انھوں نے تصدیق کرتے ہوئے کہا: جی ہاں، اس کے معنی دروازے کے ہیں۔ (مسند احمد: ٥/ ٣٣٥، ٣٣٩، صحیحه: ٢٣٦٣)

(٣٩٦١)۔ قَالَ ﷺ: ((قَوَائِمُ مِنْبَرِي رَوَاتِبُ فِي الْجَنَّةِ۔)) وَرَدَ مِنْ حَدِيْثِ أُمِّ سَلِمَةَ، وَأَبِي وَاقِدٍ۔ (الصحيحة: ٢٠٥٠)

نبی کریم ﷺ نے فرمایا: "میرے منبر کے پائے جنت میں نصب ہیں۔" یہ حدیث حضرت ام سلمہ اور حضرت ابو واقد رضی اللہ عنہما سے مروی ہے۔

تخریج: ١۔ أما حديث أم سلمة، فأخرجه النسائي: ١/ ١١٣، وابن حبان: ١٠٣٤، وابن سعد في "الطبقات": ١/ ٢٥٣، وأبو نعيم في "الحلية": ٧/ ٢٤٨، وأحمد: ٦/ ٢٨٩، ٢٩٢، ٣١٨

٢۔ أما حديث أبي واقد، فأخرجه الحاكم ٣/ ٥٣٢

شرح:...... فضیلۃ الشیخ محمد عطاء اللہ بھوجیانی رحمہ اللہ نے کہا: ممکن ہے کہ زمین کے جس حصے میں منبر پڑا تھا، وہ جنت سے منتقل کی گئی ہو، یا پھر اس منبر کو جنت میں منتقل کر دیا جائے گا۔ (التعليقات السلفية: ١/ ٨٠)

درج ذیل حدیث پر غور کریں:

سیدنا عبد اللہ بن زید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ((مَا بَيْنَ بَيْتِي وَ مِنْبَرِي رَوْضَةٌ مِّنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ، وَمِنْبَرِي عَلٰى حَوْضِي۔)) (بخاری: ١٨٨٨)...... "میرے گھر اور میرے منبر کے درمیان والا (زمین کا قطعہ) جنت کے باغیچوں میں سے ایک باغیچہ ہے اور میرا منبر میرے حوض پر ہے۔"

حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے کہا: علمائے کرام کے اقوال کا خلاصہ اور اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ

(۱) زمین کا یہ حصہ نزولِ رحمت اور حصولِ سعادت کے اعتبار سے جنت کے باغیچے کی طرح ہے، بالخصوص آپ ﷺ کے زمانے میں۔

(۲) اس حصے میں کی جانے والی عبادت جنت کا سبب بنتی ہے۔

(۳) اس حدیث کا ظاہری مفہوم ہی مراد ہے کہ یہ قطعہ جنت کا حقیقی باغیچہ ہے اور اسے آخرت میں جنت میں منتقل کر دیا جائے گا۔

رہا مسئلہ "اور میرا منبر میرے حوض پر ہے۔" کا تو اس سے مراد یہ ہے کہ آپ ﷺ کا منبر حوض پر نصب کیا جائے گا، اکثر علما وفقہا کی یہ رائے ہے کہ اس سے مراد وہی منبر ہے، جس پر آپ ﷺ کھڑے ہو کر یہ ارشاد فرما رہے تھے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس سے مراد وہ منبر ہے، جو قیامت کے دن آپ ﷺ کے لیے رکھا جائے گا، لیکن پہلا معنی زیادہ مناسب ہے۔ (فتح الباری: ٤/ ١٢٥)

(٣٩٦٢)۔ عَنْ عَائِشَةَ مَرْفُوْعًا: ((بُطْحَانُ عَلٰى تُرْعَةٍ مِنْ تُرَعِ الْجَنَّةِ۔)) (الصحيحة:٧٦٩)

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''وادیٔ بطحان جنت کے باغیچوں میں سے ایک باغیچے پر ہے۔''

تخريج: رواه ابن حيويه فى "حديثه": ٣/ ٨/ ١، والديلمى: ٢/ ١/ ١٦

شرح:...... ((مِنْبَرِيْ هٰذَا عَلٰى تُرْعَةٍ مِنْ تُرَعِ الْجَنَّةِ۔)) والی حدیث میں راویٔ حدیث نے ''تُرْعَة'' کے معانی دروازے کے بیان کیے تھے۔ جبکہ لغت میں اس کے درج ذیل معانی بیان کیے گئے ہیں:

اونچی جگہ پر لگا ہوا باغیچہ، دروازہ، نہر، حوض، نہر کا دہانہ، زینہ کی سیڑھی۔

مذکورہ بالا احادیث کی توضیح سے اس حدیث کو سمجھنا آسان ہو جاتا ہے۔

زیادہ مناسب یہ ہے کہ اس باب میں مندرج روایات سمیت اس قسم کے مبہم مفہوم پر مشتمل تمام احادیث کو ظاہری معنی پر محمول کیا جائے، جیسا کہ صحابہ کرام نے یہ فرموداتِ نبوی سننے پر ہی اکتفا کیا، اور ان مقامات کی فضیلت کا بھی یہی تقاضا ہے کہ جو مفہوم بادی النظر سمجھ آتا ہے، اسے تسلیم کر لیا جائے۔

بہرحال سلف صالحین کے چند اقوال نقل کر دیے گئے ہیں، تا کہ قارئین کی تشنگی ختم ہو سکے۔

جنت کی مٹی

(٣٩٦٣)۔ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لِلْيَهُوْدِ: ((اِنِّي سَائِلُهُمْ عَنْ تُرْبَةِ الْجَنَّةِ، وَهِيَ دَرْمَكَةٌ بَيْضَاءُ۔)) فَسَأَلَهُمْ فَقَالُوْا: هِيَ خُبْزَةٌ، يَا اَبَا الْقَاسِمِ! فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: ((اَلْخُبْزَةُ مِنَ الدَّرْمَكِ))۔ (الصحيحة: ١٤٣٨)

سیدنا جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہودیوں کے بارے میں فرمایا: ''میں ان سے جنت کی مٹی، جو کہ میدے کی طرح سفید ہے، کے بارے میں سوال کرتا ہوں۔'' پھر آپ نے ان سے سوال کیا۔ انھوں نے کہا: اے ابو القاسم! وہ روٹی کی مانند ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''روٹی بھی میدے کی ہی ہوتی ہے۔''

تخريج: أخرجه أحمد: ٣/ ٣٦١

شرح:...... یعنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہودیوں کے جواب کی تصدیق کی۔

جنت کی کنگھی اور انگیٹھیوں میں جلنے والی لکڑی

(٣٩٦٤)۔ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ مَرْفُوْعًا: ((اَهْلُ الْجَنَّةِ اَمْشَاطُهُمُ الذَّهَبُ، وَمَجَامِرُهُمُ الْاُلُوَّةُ))۔ (الصحيحة:٢٨٦٩)

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اہل جنت کی کنگھیاں سونے کی ہوں گے اور ان کی انگیٹھیوں میں (جلانے کے لیے) خوشبودار لکڑی ہوگی۔''

تخريج: رواه الحميدي في "مسنده": ١١٨٠/ ١، ورواه البخاري: ٣٢٤٥، ٣٢٤٦، ومسلم: ٨/ ١٤٧،

والترمذي: ٢٥٤٠، واحمد: ٢/ ٣١٢

اہل جنت کا پہلا کھانا

(٣٩٦٥)۔ عَنْ انَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: ((اَوَّلُ شَيْءٍ يَأْكُلُهُ اَهْلُ الْجَنَّةِ: زِيَادَةُ كَبِدِ الْحُوْتِ۔)) (الصحيحة: ٣٣٠٦)

سیدنا انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''پہلی چیز جو جنتی لوگ کھائیں گے وہ مچھلی کے جگر کا بڑھا ہوا حصہ ہوگا۔''

تخريج: رواه الطيالسي: ٢٠٥١، ومن طريقه: أبونعيم في "الحلية": ٦/ ٢٥٢ وورد من طريق حميد عن انس رضي الله عنه ضمن قصه اسلام عبد الله بن سلام، وفيه قوله: ((..... وأما أول طعام أهل الجنة؛ فزيادة كبد الحوت ..... ۔)) رواه البخاري: ٣٣٢٩

مسلمانوں کے فوت ہونے والے نابالغ بچے اپنے والدین کی جنت کا سبب بنیں گے

(٣٩٦٦)۔ عَنْ اَبِيْ حَسَّانَ، قَالَ: قُلْتُ لِاَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّهُ قَدْ مَاتَ لِيْ اِبْنَان، فَمَا اَنْتَ مُحَدِّثِيْ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ بِحَدِيْثٍ تَطِيْبُ بِهِ اَنْفُسُنَا عَنْ مَوْتَانَا؟ قَالَ: قَالَ ﷺ: ((نَعَمْ، صِغَارُهُمْ دَعَامِيْصُ الْجَنَّةِ، يَتَلَقّٰى اَحَدُهُمْ اَبَاهُ، اَوْ قَالَ: اَبَوَيْهِ، فَيَاْخُذُ بِثَوْبِهِ، اَوْ قَالَ: بِيَدِهِ)) كَمَا اٰخُذُ اَنَا بِصَنِفَةِ ثَوْبِكَ هٰذَا ((فَلَا يَتَنَاهٰى، اَوْ قَالَ: فَلَا يَنْتَهِيْ، حَتّٰى يُدْخِلَهُ اللّٰهُ وَاِيَّاهُ الْجَنَّةَ۔)) (الصحيحة: ٤٣١)

ابو حسان کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو بتایا کہ میرے دو بیٹے فوت ہو گئے ہیں، کیا آپ رسول اللہ ﷺ کی کوئی ایسی حدیث بیان کر سکتے ہیں، جس سے ہمیں اپنے فوت شدگان کے بارے میں صبر وتسلی ہو جائے؟ انھوں نے کہا: جی ہاں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''(مومنوں کے) چھوٹے بچے جنت کے کیڑے ہوں گے (یعنی بے روک ٹوک جنت میں آتے جاتے رہیں گے)۔ ایسا بچہ اپنے باپ یا اپنے والدین سے ملاقات کرے گا، اس کا ہاتھ پکڑ لے گا، جس طرح میں نے تیرے کپڑے کا کنارہ پکڑ لیا ہے، اور اسے نہیں چھوڑے گا، حتی کہ اللہ تعالی اسے اور اس کے باپ دونوں کو جنت میں داخل کر دے گا۔''

تخريج: أخرجه مسلم: ٨/ ٤١، وأحمد: ٢/ ٤٨٨، ٥١٠

شرح: ...... والدین کو چاہیے کہ وہ اپنے نابالغ بچوں کی فوتگی کے موقع پر شرعی اصولوں کے مطابق صبر کریں۔

شہید کا انجام خیر

(٣٩٦٧)۔ عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِيْ كَرِبَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: ((لِلشَّهِيْدِ عِنْدَ اللّٰهِ خِصَالٌ: (١) يُغْفَرُ لَهُ فِيْ اَوَّلِ دُفْعَةٍ

حضرت مقدام بن معدی کرب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''شہید کے لیے اللہ تعالی کے ہاں یہ انعامات ہیں: (۱) اس کے خون کے پہلے قطرے کے گرتے

مِنْ دَمِهِ (٢) وَيُرٰى مَقْعَدَهُ مِنَ الْجَنَّةِ (٣) وَيُحَلّٰى حِلْيَةَ الْإِيْمَان (٤) وَيُزَوَّجُاثْنَتَيْنِ وَسَبْعِيْنَ زَوْجَةً مِنَ الْحُوْرِ الْعِيْنِ (٥) وَيُجَارُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ (٦) وَيَأْمَنُ مِنَ الْفَزَعِ الْاَكْبَرِ (٧) وَيُوْضَعُ عَلٰى رَأْسِهِ تَاجُ الْوَقَارِ، اَلْيَاقُوْتَةُ مِنْهُ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا (٨) وَيُشَفَّعُ فِيْ سَبْعِيْنَ اِنْسَانًا مِنْ اَهْلِ بَيْتِهِ۔)) (الصحیحۃ:٣٢١٣)

ہی اسے بخش دیا جاتا ہے۔ (۲) وہ جنت میں اپنا ٹھکانہ دیکھ لیتا ہے۔ (۳) اسے ایمان کے زیور سے مزین کیا جاتا ہے۔ (۴) بہتر موٹی آنکھوں والی حوروں سے اس کی شادی کی جائے گی۔ (۵) اسے عذابِ قبر سے محفوظ رکھا جائے گا۔ (۶) وہ (قیامت کی) بڑی گھبراہٹ سے امن میں رہے گا۔ (۷) اس کے سر پر وقار کا تاج رکھا جائے گا، جس کا ایک موتی دنیا و مافیھا سے بہتر ہوگا اور (۸) اس کے گھر کے ستر افراد کے حق میں اس کی سفارش قبول کی جائے گی۔''

تخریج: أخرجه الترمذي: ١٦٦٣ من طريق بقية، وابن ماجه: ٢٧٩٩، وأحمد: ٤/ ١٣١، والبيهقي في "الشعب": ٤/ ٢٥/ ٤٢٥٤، وابن عساكر في "التاريخ": ٥/ ٥١٧۔ والسياق لهما.

شرح:...... اللہ تعالیٰ ہمیں بھی اپنے کلمے کی بلندی کے لیے جہاد کرنے کا موقع نصیب فرمائے اور شہادت کی موت سے ہمکنار کر کے مذکورہ بالا خصائص سے متصف کر دے۔ (آمین)

شہدا کی برزخی زندگی کی کیفیت اور ان کا انجامِ خیر

(٣٩٦٨)۔ عَنْ مَسْرُوْقٍ، قَالَ: سَأَلْنَا عَبْدَاللّٰهِ (بْنَ مَسْعُوْدٍ) عَنْ هٰذِهِ الْاٰيَةِ: ﴿وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا بَلْ أَحْيَاءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ﴾ (آل عمران: ١٦٩) قَالَ: اَمَا اِنَّا قَدْ سَأَلْنَا عَنْ ذٰلِكَ۔ فَقَالَ: ((اَرْوَاحُ الشُّهَدَاءِ فِيْ جَوْفِ طَيْرٍ خُضْرٍ، لَهَا قَنَادِيْلُ مُعَلَّقَةٌ بِالْعَرْشِ، تَسْرَحُ مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ شَاءَتْ، ثُمَّ تَأْوِيْ إِلٰى تِلْكَ الْقَنَادِيْلِ، فَاطَّلَعَ اِلَيْهِمْ رَبُّهُمْ اِطِّلَاعَةً، فَقَالَ: هَلْ تَشْتَهُوْنَ شَيْئًا؟ قَالُوْا: اَيَّ شَيْءٍ نَشْتَهِيْ وَنَحْنُ نَسْرَحُ مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ شِئْنَا؟ فَفَعَلَ ذٰلِكَ بِهِمْ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، فَلَمَّا رَأَوْا اَنَّهُمْ لَنْ يُتْرَكُوْا مِنْ اَنْ

مسروق کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے اس آیت کے بارے میں دریافت کیا: ﴿جو لوگ اللہ کی راہ میں شہید کئے گئے ہیں ان کو ہرگز مردہ نہ سمجھیں، بلکہ وہ زندہ ہیں اور اپنے رب کے پاس سے روزیاں دیے جاتے ہیں۔﴾ (سورۂ آل عمران: ۱۶۹) انھوں نے کہا: آگاہ رہو، ہم نے اس آیت کے بارے میں سوال کیا تھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ جواب دیا تھا: ''شہدا کی ارواح سبز پرندوں کے اندر ہوتی ہیں، ان کے لیے عرش کے ساتھ قندیلیں معلّق ہیں، وہ جہاں چاہیں جنت میں چگتے رہتے ہیں اور پھر ان قندیلوں کی طرف لوٹ آتے ہیں۔ ان کا ربّ اوپر سے دیکھ کر انھیں کہتا ہیں: (مزید) کوئی چیز چاہتے ہو؟ وہ کہتے ہیں: ہم کس چیز کی تمنا کریں، ہم تو مرضی کے مطابق جنت میں چگتے رہتے ہیں، (مزید کس چیز کا سوال کیا جائے)۔'' اللہ تعالیٰ تین دفعہ یہی

يَسْأَلُوْا، قَالُوْا: يَارَبِّ! نُرِيْدُ تَرُدُّ أَرْوَاحَنَا فِيْ أَجْسَادِنَا حَتّٰى نُقْتَلَ فِيْ سَبِيْلِكَ مَرَّةً أُخْرٰى۔ فَلَمَّا رَاٰى أَنْ لَّيْسَ لَهُمْ حَاجَةٌ تُرِكُوْا۔)) (الصحيحة: ٢٦٣٣)

عمل دہراتا ہے۔ جب وہ دیکھتے ہیں کہ انھیں (مزید) سوال کرنے پر مجبور کیا جارہا ہے تو وہ کہتے ہیں: اے ہمارے ربّ! تو ہماری ارواح ہمارے جسموں میں لوٹا دے تاکہ تیرے راستے میں ایک دفعہ پھر شہید ہوسکیں۔ جب اللہ تعالیٰ دیکھتا ہے کہ ان کو (مزید کسی چیز کی کوئی) ضرورت نہیں ہے، تو انھیں (ان کے حال پر) چھوڑ دیتا ہے۔''

تخريج: أخرجه مسلم: ٦/ ٣٨-٣٩، والترمذي: ٣٠١٤، والدارمي: ٢/ ٢٠٦، وابن ماجه: ٢/ ١٨٥، و البيهقي في "الشعب": ٤/ ١٩-٢٠، والطيالسي: ٣٨/ ٢٩٤، وابن أبي شيبة: ٥/ ٣٠٨، وهناد في "الزهد": ١٥٤، والطبري: ٨٢٠٦

شرح:...... آیتِ مبارکہ میں جس زندگی اور رزق کا تذکرہ کیا گیا ہے، حدیث میں اس کی مکمل وضاحت کردی گئی ہے۔ شہدا اور دوسرے مرنے والوں کی زندگی کا جو تصور ہمارے ہاں پایا جاتا ہے، اس کے حق میں قرآن وحدیث سے کوئی گنجائش نہیں نکالی جاسکتی۔ ہر کوئی مرنے کے بعد عالم برزخ میں منتقل ہوجاتا ہے، جس کا دنیا اور اہل دنیا کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہوتا۔ آپ ﷺ نے اس آیت کی تفسیر میں اسی چیز کی وضاحت کی ہے کہ شہدا کی زندگی سے مراد ان کا جنت میں چلنا پھرنا ہے۔

جنت کی نعمتوں کی معمولی مقدار دنیا و مافیہا پر غالب ہے

(٣٩٦٩)۔ عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِيْ وَقَّاصٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ فَقَالَ: ((لَوْ أَنَّ مَا يَقِلُّ ظُفُرًا مِمَّا فِي الْجَنَّةِ بَدَا، لَتَزَخْرَفَتْ لَهُ خَوَافِقُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ، وَلَوْ أَنَّ رَجُلًا مِّنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ اطَّلَعَ فَبَدَا أَسَاوِرُهُ، لَطَمَسَ ضَوْءُ الشَّمْسِ كَمَا تَطْمُسُ الشَّمْسُ ضَوْءَ النُّجُوْمِ۔)) (الصحيحة: ٣٣٩٦)

حضرت سعد بن ابو وقاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''اگر جنت کی ناخن کی مقدار سے کم چیز کو (دنیا) میں ظاہر کردیا جائے تو آسمانوں وزمینوں کے کنارے روشن ہوجائیں گے۔ اگر کوئی جنتی (دنیا میں) جھانکے اور اس کے کنگن بھی نمودار ہوں تو (ان کی تابناکی کے سامنے) سورج کی روشنی بے نور ہوجائے گی، جیسے سورج، ستارے کی روشنی کو ختم کردیتا ہے۔''

تخريج: أخرجه الترمذي: ٢٥٤١، ونعيم بن حماد في "زوائد الزهد": ١٢٦/ ٤١٦، وأحمد: ١/ ١٦٩، ١٧١، والطبراني في "المعجم الأوسط": ٩/ ٤٠٧/ ٨٨٧٥، والبغوي في "شرح السنة": ١٥/ ٢١٤/ ٤٣٧٧

شرح:...... جولوگ دنیوی مال و دولت کے پیچھے پڑ کر شرعی احکام سے پہلوتہی کرتے ہیں، ان کے لیے اس

حدیث میں لمحۂ فکریہ ہے۔

دنیا میں جنتی چیزیں

(۳۹۷۰)۔ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: ((لَيْسَ فِي الْاَرْضِ مِنَ الْجَنَّةِ اِلَّا ثَلَاثَةُ اَشْيَاءَ: غَرْسُ الْعَجْوَةِ، وَاَوَاقٍ تَنْزِلُ فِي الْفُرَاتِ كُلَّ يَوْمٍ مِنْ بَرَكَةِ الْجَنَّةِ، وَالْحَجَرُ۔)) (الصحيحة:۳۱۱۱)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جنت کی صرف تین چیزیں اس زمین میں پائی جاتی ہیں: عجوہ کھجور کا درخت، اوقیے جو برکاتِ جنت میں سے فرات میں نازل ہوتے ہیں اور حجر اسود۔''

تخريج: أخرجه الخطيب في "التاريخ": ۱/ ۵۵

شرح:...... اس حدیث کو حقیقت پر ہی محمول کیا جائے، کیونکہ عقلی اور نقلی طور پر ایسے ہونا ناممکن نہیں ہے۔ ہاں یہ علیحدہ بات ہے کہ ان سے جنتی اوصاف سلب کر لیے گئے، جیسا کہ ''جنت کی نعمتوں کی معمولی مقدار دنیا و مافیہا پر غالب ہے'' کے عنوان میں مذکورہ حدیث سے معلوم ہوتا ہے۔

حوض پر وارد ہونے والوں کی کثیر تعداد

(۳۹۷۱)۔ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فِي سَفَرٍ، فَنَزَلْنَا مَنْزِلًا، فَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: ((مَا اَنْتُمْ بِجُزْءٍ مِنْ مِئَةِ اَلْفِ جُزْءٍ مِمَّنْ يَرِدُ عَلَيَّ الْحَوْضَ مِنْ اُمَّتِي۔)) كَمْ كُنْتُمْ يَوْمَئِذٍ؟ قَالَ: سَبْعَ مِئَةٍ اَوْ ثَمَانَ مِئَةٍ۔ (الصحيحة:۱۲۳)

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ایک سفر میں تھے، ایک مقام پر پڑاؤ ڈالا، میں نے آپ کو یہ فرماتے سنا: ''میری امت کے جو لوگ حوض پر میرے پاس آئیں گے، تم ان کا لاکھواں (۱۰۰،۰۰۰ واں) حصہ بھی نہیں ہو۔'' زید بن ارقم سے پوچھا گیا: تم لوگ اس دن کتنے تھے؟ انھوں نے کہا: سات آٹھ سو تھے۔

تخريج: أخرجه أبو داود:۵۷۴۶، والحاكم: ۱/ ۷۶ وصححه، وأحمد: ۴/ ۳۶۷ و ۳۶۹ و ۳۷۱ و ۳۷۲

شرح:...... صحیح بخاری اور صحیح مسلم کی روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ نبی کریم ﷺ کا حوض، جو حشر کے میدان میں واقع ہوگا، مربع شکل کا ہے اور اس کی وسعت ایک مہینہ کی مسافت جتنی ہے، اس کا پانی دودھ اور برف سے زیادہ سفید اور شہد سے زیادہ میٹھا ہے، اس کی مہک کستوری کی خوشبو سے زیادہ پاکیزہ ہے اور اس پر پڑے ہوئے آبخورے ستاروں کی تعداد میں ہیں، جو اس حوض کا مشروب ایک دفعہ پی لے گا، وہ کبھی بھی پیاسا نہیں ہوگا۔ جنت سے آنے والے دو پرنالے اس میں گر رہے ہیں، ایک پرنالہ سونے کا ہے اور ایک چاندی کا۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حوضِ مبارک پر وارد ہونے والے سعادت مند بھاری تعداد میں ہوں گے، اللہ تعالیٰ ہمیں بھی ایسے خوش نصیبوں میں شامل فرما لے۔ (آمین)

﴿ الْكَوْثَر ﴾ کی تفسیر اور اس کی کیفیت

(۳۹۷۲)۔ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّهٗ قَرَأَ هٰذِهِ الآيَةَ: ﴿اِنَّـا اَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ﴾(الكوثر:١) قَـالَ: قَـالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((اُعْـطِيْتُ الْكَـوْثَـرَ ، فَاِذَا هُوَنَهْرٌ يَجْرِيْ (كَذَا عَلٰى وَجْهِ الْاَرْضِ) وَلَمْ يُشَقَّ شَقًّا ، فَاِذَاحَافَّتَاهُ قِبَـابُ الـلُّـؤْلُـؤِ ، فَـضَـرَبْتُ بِيَدِيْ اِلٰى تُـرْبَتِـهٖ ، فَاِذَا هُوَ مِسْكَةٌ ذَفِرَةٌ ، وَاِذَاحَصَاهُ اللُّؤْلُؤُ۔)) (الصحيحة:٢٥١٣)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے یہ آیت پڑھی: ﴿بیشک ہم نے آپ کو کوثر عطا کی ہے﴾(سورۂ کوثر:۱) اور کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''مجھے کوثر عطا کی گئی ہے، وہ ایک نہر ہے جو بغیر شق کے سطحِ زمین پر چلتی ہے، اس کے کناروں پر لولو موتیوں کے قبے ہیں، میں نے اپنا ہاتھ اس کی مٹی پر مارا تو کیا دیکھا کہ وہ تو انتہائی تیز مہکنے والی کستوری ہے اور اس کی کنکریاں لولو موتی ہیں۔''

تخريج: أخرجه أحمد: ٣/ ١٥٢ ، وابن حبان في "صحيحه": ٧/ ١٣٣/ ٦٤٣٧ ، والبزار: ٤/ ١٧٩/ ٣٤٨٨

شرح:...... امام البانی رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ امام ابن قیم رحمہ اللہ نے (حادي الأرواح : ١/ ٢٨٦) میں کہا کہ ابن ابی الدنیا اپنی سند کے ساتھ سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے بیان کرتے ہیں، وہ کہتے ہیں: میرا خیال ہے کہ تم لوگ یہ سمجھتے ہو کہ جنت کی نہریں زمین میں لمبے کھڈوں کی طرح ہوں گی، حالانکہ معاملہ اس طرح نہیں ہے۔ جنت کی نہریں تو سطحِ زمین پر چلنے والی ہیں، ایک کنارہ لولو موتی کا ہوگا اور دوسرا یاقوت کا اور ان کی مٹی اذفر کستوری ہوگی۔ معاویہ بن قرہ نے پوچھا: اذفر کیا ہوتا ہے؟ انھوں نے کہا: اس کستوری کو کہتے ہیں جو خالص ہو اور اس میں کسی اور چیز کی آمیزش نہ ہو۔ (یعقوب بن عبید صدوق ہے، باقی سند صحیح ہے، ابن مردویہ نے اپنی تفسیر میں اس روایت کو مرفوعا پیش کیا ہے، لیکن ان کی سند میں مہدی بن حکیم ہے، جس کا ترجمہ نہیں مل سکا۔ موقوف روایت صحیح ہے، لیکن اس کا حکم مرفوع والا ہی ہے، کیونکہ ایسی بات رائے سے نہیں کہی جا سکتی۔

مسروق نے ﴿مَاءٍ مَّسْكُوْبٍ﴾ کی تفسیر کرتے ہوئے کہا کہ اس سے مراد وہ پانی ہے جو کھڈوں کے بغیر چلتا ہوگا۔

میں (البانی) کہتا ہوں: ابن مردویہ نے (الدر المنثور: ٦/ ٤٠٢) میں سیدنا عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے ﴿اِنَّا اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ﴾ کی تفسیر نقل کی ہے، انھوں نے کہا کہ جنت میں ایک نہر کو کوثر کہتے ہیں، اس کی زمین میں گہرائی ستر ہزار فرسخ ہے۔

منذری نے اس قول کو ابن ابی الدنیا کی طرف منسوب کیا اور اس کے ضعف کی طرف اشارہ کیا، میں تو کہتا ہوں کہ یہ قول منکر ہے، کیونکہ اس سے سیدنا انس رضی اللہ عنہ کی روایت کی مخالفت ہو رہی ہے۔ واللہ اعلم۔ (صحیحہ: ۲۵۱۳)

(۳۹۷۳)۔ عَـنْ اَنَـسٍ ، اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ: ((بَيْـنَـا اَنَا اَسِيْرُ فِي الْجَنَّةِ ، اِذَا عَرَضَ لِيْ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''میں جنت میں چل رہا تھا، کہ ایک نہر تک جا پہنچا، اس

نَهْرٌ حَافَّتَاهُ قِبَابُ اللُّؤْلُؤِ، قُلْتُ لِلْمَلَكِ: مَاهٰذَا يَا جِبْرِيْلُ؟ قَالَ: هٰذَا الْكَوْثَرُ الَّذِيْ اَعْطَاكَهُ اللّٰهُ، قَالَ: ثُمَّ ضَرَبَ بِيَدِهِ إِلٰى طِيْنِهِ، فَاسْتَخْرَجَ مِسْكًا، ثُمَّ رُفِعَتْ لِيْ سِدْرَةُ الْمُنْتَهٰى، فَرَاَيْتُ عِنْدَهَا نُوْرًا عَظِيْمًا۔))
(الصحيحة: ٣٦١٠)

کے کناروں پر لولو کے قبے تھے۔ میں نے فرشتے سے کہا: جبریل! یہ کیا ہے؟ اس نے کہا: یہ وہی نہر کوثر ہے جو اللہ تعالی نے آپ کو عطا کی۔'' پھر آپ نے اپنا ہاتھ اس کی مٹی پر مارا اور (مٹی کی جگہ پر) کستوری نکالی۔ ''پھر سِدْرَةُ الْمُنْتَهٰى کو میرے سامنے لایا گیا، میں نے اس کے پاس بہت زیادہ نور دیکھا۔''

تخريج: رواه البخاري: ٦٥٨١، وأبوداود: ٤٧٤٨، والترمذي: ٣٣٦٠، وأحمد: ٣/ ١٠٣، ١١٥، ١٩١، ٢٠٧، ٢٣١، ٢٦٣، ٢٨٩، وابن حبان: ٦٤٧٤، والآجري في "الشريعة": ٣٩٥، والطبراني في "تفسيره": ٣٠/ ٢٠٩، والنسائي في "الكبرى": ١١٧٠٦، وابن ابي شيبة: ١١/ ١٣٤٣٧/ ١٤٧

(٣٩٧٤)۔ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: مَا الْكَوْثَرُ؟ قَالَ: ((ذَاكَ نَهْرٌ اَعْطَانِيْهِ اللّٰهُ، يَعْنِيْ فِي الْجَنَّةِ، اَشَدُّ بَيَاضًا مِنَ اللَّبَنِ، وَاَحْلٰى مِنَ الْعَسَلِ، فِيْهِ طَيْرٌ اَعْنَاقُهَا كَاَعْنَاقِ الْجُزُرِ۔)) قَالَ عُمَرُ: اِنَّ هٰذِهِ لَنَاعِمَةٌ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: ((اَكَلَتُهَا اَنْعَمُ مِنْهَا۔))
(الصحيحة: ٢٥١٤)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ سے یہ سوال کیا گیا: کوثر کیا ہے؟ آپ ﷺ نے جواب دیا: ''وہ جنت میں ایک نہر ہے جو اللہ تعالی نے مجھے عطا کی ہے، اس کا پانی دودھ سے زیادہ سفید اور شہد سے زیادہ میٹھا ہے، اس میں ایسے پرندے ہیں جن کی گردنیں اونٹیوں کی گردنوں کی طرح ہیں۔'' سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: وہ تو بڑے موٹے تازے پرندے ہوں گے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''ان کو کھانا اس سے بھی زیادہ خوشگوار ہوگا۔''

تخريج: أخرجه الترمذي: ٢/ ٨٨، وابن جرير في "التفسير": ٣٠/ ٢٠٩، وأحمد: ٣/ ٢٣٧، والمقدسي في "صفة الجنة": ٣/ ٨٥/ ١

شرح:...... کوثر وہ جنتی نہر ہے، جو اللہ تعالی محمد رسول اللہ ﷺ کو عطا کرے گا۔ اللہ تعالی ہمیں آپ ﷺ کے دستِ مبارک سے اس نہر کا پانی پینے کا موقع نصیب فرمائے۔ (آمین)

جہنم سے بچنے اور جنت میں داخلے کیلیے کون سا اندازِ زندگی اختیار کیا جائے؟

(٣٩٧٥)۔ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: ((مَارَاَيْتُ مِثْلَ النَّارِ نَامَ هَارِبُهَا، وَلَا مِثْلَ الْجَنَّةِ نَامَ طَالِبُهَا۔))
(الصحيحة: ٩٥٣)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''یہ نہیں ہوسکتا ہے کہ جہنم جیسی (ہولناک) چیز سے بچنے والا سویا ہوا ہو اور یہ بھی نہیں ہو سکتا ہے کہ جنت جیسے (نعمت کدے) میں داخل ہونے والا محوِ آرام ہو۔''

تخریج:أخرجه ابن المبارك فی"الزهد": ٢٧ ، والترمذی: ٢/ ٩٩ ، وأبونعيم فی"الحلية": ٨/ ١٧٨ ، و فی "صفة الجنة": ٦/ ١ ، والبيهقی فی"الشعب": ١/ ٣٥٠/ ٣٨٨ ، والقضاعی فی"مسند الشهاب": ٦٧/ ٢ ، والسلفی فی"معجم السفر": ١٥٣/ ٢

شرح:...... یعنی جو آدمی جہنم سے آزادی حاصل کر کے جنت کو اپنے ورثے میں لینا چاہتا ہے تو وہ موت سے قبل محو آرام نہیں رہ سکتا، وہ کسی نیک عمل پر کفایت نہیں کر سکتا، بلکہ چڑھتا سورج اسے از سر نو منصوبہ بندی کا سبق دیتا ہے، وہ ماضی میں کئے گئے اپنے نیک کارناموں پر شکر ادا کر کے مستقبل میں ان سے بڑھ کر اقدام کرنا چاہتا ہے، کیونکہ نہ صرف اس نے جہنم سے دور بھاگنا ہے، بلکہ جنت تک رسائی بھی حاصل کرنا ہے۔

جنتی اور جہنمی لوگوں کی عمریں اور جسامتیں

(٣٩٧٦)۔ عَنِ الْمِقْدَامِ مَرْفُوْعًا:((مَا مِنْ اَحَدٍ يَمُوْتُ سِقْطًا وَلَا هَرِمًا ، وَاِنَّمَا النَّاسُ فِيْمَا بَيْنَ ذٰلِكَ ، اِلَّا بُعِثَ ابْنَ ثَلَاثِيْنَ سَنَةً ، فَاِنْ كَانَ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ كَانَ عَلٰى نُسْخَةِ آدَمَ ، وَصُوْرَةِ يُوْسُفَ ، وَقَلْبِ اَيُّوْبَ ، وَمَنْ كَانَ مِنْ اَهْلِ النَّارِ عُظِّمُوْا ، اَوْ فُخِّمُوْا كَالْجِبَالِ۔)) (الصحيحة: ٢٥١٢)

حضرت مقدام رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''آدمی اپنی تخلیق کی تکمیل سے پہلے (یعنی نامکمل حالت میں) مر جائے یا انتہائی عمر رسیدہ ہو کر، اور لوگ ان دو عمروں کے درمیان ہی ہوتے ہیں، (بہرحال اسے حشر والے دن) تیس سال کی عمر (کا جوان بنا کر) اٹھایا جائے گا، اگر وہ جنتی ہوا تو حضرت آدم (علیہ السلام) کی ساخت پر، حضرت یوسف (علیہ السلام) کی صورت پر اور حضرت ایوب (علیہ السلام) کے دل پر ہوگا اور اگر جہنمی ہوا تو اس کے جسم کو پہاڑ کی مانند عظیم وجسیم بنا دیا جائے گا۔''

تخریج: أخرجه أبو القاسم هبة الله الطبری فی"الفوائد الصحاح":١/ ١٣٠/ ٢ ، والطبرانی فی"المعجم الكبير": ٢٠/ ٢٨٠/ ٦٦٣ ، وأخرجه ابو نعيم فی "صفة الجنة": ٢/ ١٣٦/ ١ بلفظ: ((يحشر الناس يوم القيامة ما بين السقط الى الشيخ الفانی وهم كأبناء ثلاث و ثلاثين۔))

شرح:...... جنتی کون ہے؟ تیس سال کی ابھرتی جوانی والا نوجوان ہوگا اور جد امجد حضرت آدم علیہ السلام کے دراز قد، حضرت یوسف علیہ السلام کے حسن تام اور حضرت ایوب علیہ السلام کے صبر و برداشت سے متصف ہوگا، غرضیکہ وہ ہر اچھی صفت میں اپنی مثال آپ ہی پیش کرے گا۔ لیکن اس نوجوان کے برعکس جہنمی کے وجود پر نگاہ ڈالیں کہ جس کی ایک داڑھ کی جسامت احد پہاڑ کے برابر ہوگی۔ (دیکھیں: صحیحہ: ١٦٠١)

(٣٩٧٧)۔ عَنْ مُجَاهِدٍ ، قَالَ: قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: اَتَدْرِيْ مَا سِعَةُ جَهَنَّمَ؟ قُلْتُ لَا۔

امام مجاہد بیان کرتے ہیں کہ حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے مجھے کہا: کیا تجھے جہنم کی وسعت کا علم ہے؟ میں نے کہا:

قَالَ: اَجَلْ وَاللّٰهِ مَاتَدْرِيْ، اِنَّ بَيْنَ شَحْمَةِ اُذُنِ اَحَدِهِمْ وَبَيْنَ عَاتِقِهِ مَسِيْرَةُ سَبْعِيْنَ خَرِيْفًا، تَجْرِيْ فِيْهَا اَوْدِيَةُ الْقَيْحِ وَالدَّمِ۔ قُلْتُ:اَنْهَارًا؟ قَالَ لَا، بَلْ اَوْدِيَةٌ، ثُمَّ قَالَ: اَتَدْرُوْنَ مَاسَعَةُ جَهَنَّمَ؟ قُلْتُ:لَا۔ قَالَ اَجَلْ وَاللّٰهِ مَاتَدْرِيْ۔ حَدَّثَتْنِيْ عَائِشَةُ اَنَّهَا سَاَلَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ عَنْ قَوْلِهٖ: ﴿وَالْاَرْضُ جَمِيْعًا قَبْضَتُهٗ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَالسَّمَاوَاتُ مَطْوِيَّاتٌ بِيَمِيْنِهٖ﴾ (الزمر:٦٧۔)) فَاَيْنَ النَّاسُ يَوْمَئِذٍ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: ((هُمْ عَلٰى جَسْرِ جَهَنَّمَ۔)) (اصحیحۃ:٥٦١)

نہیں۔ انھوں نے کہا: جی ہاں، اللہ کی قسم! آپ کو واقعی علم نہیں ہوگا۔ (سنو! ایک جہنمی کے) کان کی لو اور کندھے کے درمیان کا فاصلہ ستر سال کی مسافت کا ہوگا، وہاں پیپ اور خون کی وادیاں چل رہی ہوں گی۔ میں نے کہا: نہریں چلیں گی؟ انھوں نے کہا: نہریں نہیں، وادیاں۔ پھر فرمایا: کیا تجھے جہنم کی وسعت کا علم ہے؟ میں نے کہا: نہیں۔ انھوں نے کہا: جی ہاں، اللہ کی قسم! آپ کو واقعی علم نہیں ہوگا۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے مجھے بیان کیا کہ انھوں نے رسول اللہ ﷺ سے اس آیت کے بارے میں سوال کیا: ﴿اور ساری زمین قیامت کے دن اس کی مٹھی میں ہوگی اور تمام آسمان اس کے داہنے ہاتھ میں لپیٹے ہوں گے۔﴾ (سورۂ زمر: ٦٧) کہ اے اللہ کے رسول! (جب زمین و آسمان کی یہ کیفیت ہوگی تو) اس وقت لوگ کہاں ہوں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''وہ اس وقت جہنم کے پل (یعنی پل صراط) پر ہوں گے۔''

تخريج: أخرجه أحمد: ٦/ ١١٦۔١١٧

جہنمی آدمی کی ایک ڈاڑھ کا حجم احد پہاڑ جتنا ہوگا

(٣٩٧٨)۔ عَنْ زَيْدِبْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: ((اِنَّ الرَّجُلَ مِنْ اَهْلِ النَّارِ لَيَعْظُمُ لِلنَّارِحَتّٰى يَكُوْنَ الضِّرْسُ مِنْ اَضْرَاسِهٖ كَاُحُدٍ۔)) (الصحیحۃ:١٦٠١)

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جہنمی آدمی آگ کے لیے بڑا ہوتا چلا جائے گا، حتی کہ اس کی ایک ڈاڑھ احد پہاڑ کے برابر ہو جائے گی۔

تخريج: أخرجه أحمد: ٤/ ٣٦٦

وقت سے پہلے افطار کرنے والوں، کفر پر قتل ہونے والوں، زنا کرنے والوں اور اپنے بچوں کو دودھ سے محروم کرنے والی خواتین کا انجام

(٣٩٧٩)۔ عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ: ((اَتَانِيْ رَجُلَانِ، فَاَخَذَا بِضَبْعِيْ، فَاَتَيَا بِيْ جَبَلًا وَعْرًا۔ فَقَالَا: اِصْعَدْ، فَقُلْتُ: اِنِّيْ لَا

حضرت ابو امامہ باہلی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے سنا: ''میرے پاس دو آدمی آئے، انھوں نے میرا بازو پکڑا اور مجھے ایک دشوار گزار پہاڑ کے پاس لے گئے۔ انھوں نے مجھے کہا: اس پر چڑھو۔ میں نے کہا: مجھ میں

أُطِيْقُهُ۔ فَقَالَا: إِنَّ سَنُسَهِّلُهُ لَكَ فَصَعِدْتُّ حَتّٰى إِذَاكُنْتُ فِيْ سَوَاءِ الْجَبَلِ، إِذَاأَنَا بِأَصْوَاتٍ شَدِيْدَةٍ، قُلْتُ: مَاهٰذِهِ الْأَصْوَاتُ؟ قَالُوْا: هٰذَا عَوَاءُ أَهْلِ النَّارِ۔ ثُمَّ انْطَلَقَا بِيْ، فَإِذَا أَنَا بِقَوْمٍ مُعَلَّقِيْنَ بِعَرَاقِيْبِهِمْ، مُشَقَّقَةٌ أَشْدَاقُهُمْ، تَسِيْلُ أَشْدَاقُهُمْ دَمًا، قَالَ: قُلْتُ: مَنْ هٰؤُلَاءِ؟ قَالَ: هٰؤُلَاءِ الَّذِيْنَ يُفْطِرُوْنَ قَبْلَ تَحِلَّةِ صَوْمِهِمْ۔ فَقَالَ: خَابَتِ الْيَهُوْدُ وَالنَّصَارٰى۔)) فَقَالَ سُلَيْمَانُ مَاأَدْرِيْ أَسَمِعَهُ أَبُوْ أُمَامَةَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ أَمْ شَيْءٌ مِنْ رَأْيِهِ؟!۔ ثُمَّ انْطَلَقَا(بِيْ)، فَإِذَا بِقَوْمٍ أَشَدِّ شَيْءٍ انْتِفَاخًا، وَأَنْتَنِهِ رِيْحًا، وَأَسْوَدِهِ مَنْظَرًا، فَقُلْتُ: مَنْ هٰؤُلَاءِ؟ فَقَالَ: هٰؤُلَاءِ قَتْلَى الْكُفَّارِ۔ ثُمَّ انْطَلَقَا بِيْ فَإِذَا بِقَوْمٍ أَشَدِّ شَيْءٍ انْتِفَاخًا، وَأَنْتَنِهِ رِيْحًا، كَأَنَّ رِيْحَهُمُ الْمَرَاحِيْضُ، قُلْتُ: مَنْ هٰؤُلَاءِ؟ قَالَ: هٰؤُلَاءِ الزَّانُوْنَ وَالزَّوَانِيْ۔ ثُمَّ انْطَلَقَا بِيْ، فَإِذَا أَنَا بِنِسَاءٍ تَنْهَشُ ثُدِيَّهُنَّ الْحَيَّاتُ۔ قُلْتُ: مَابَالُ هٰؤُلَاءِ؟ قَالَ: هٰؤُلَاءِ اللَّاتِيْ يَمْنَعْنَ أَوْلَادَهُنَّ أَلْبَانَهُنَّ۔ ثُمَّ انْطَلَقَا بِيْ، فَإِذَا أَنَا بِغِلْمَانٍ يَلْعَبُوْنَ بَيْنَ نَهْرَيْنِ، قُلْتُ: مَنْ هٰؤُلَاءِ؟ قَالَا: هٰؤُلَاءِ ذَرَارِيُّ الْمُؤْمِنِيْنَ۔ ثُمَّ أَشْرَفَابِيْ شَرَفًا، فَإِذَا أَنَا بِنَفَرٍ ثَلَاثَةٍ يَشْرَبُوْنَ مِنْ خَمْرٍ لَّهُمْ، قُلْتُ: مَنْ هٰؤُلَاءِ؟ قَالَ: هٰؤُلَاءِ جَعْفَرٌ وَزَيْدٌ وَابْنُ

تو اتنی ہمت نہیں کہ اس پر چڑھ سکوں۔ انھوں نے کہا: ہم تیرے لیے آسان کر دیں گے۔ سو میں نے چڑھنا شروع کر دیا، جب میں پہاڑ کی چوٹی پر پہنچا تو شدید قسم کی آوازیں سنائی دیں۔ میں نے پوچھا: یہ آوازیں کیسی ہیں؟ انھوں نے کہا: یہ جہنمیوں کی چیخ و پکار ہے۔ پھر وہ مجھے لے کر آگے چلے، ایک ایسے مقام پر پہنچے کہ وہاں کچھ لوگ الٹے لٹکائے گئے ہیں، ان کی باچھوں کو پھاڑا جا رہا ہے اور وہاں سے خون بہہ رہا ہے۔ میں نے کہا: یہ کون لوگ ہیں؟ انھوں نے کہا: یہ وقت سے پہلے روزہ افطار کر دینے والے لوگ ہیں۔ پھر فرمایا: یہود و نصاری ناکام و نامراد ہو گئے۔''

راویٔ حدیث سلیمان کہتے ہیں: مجھے یہ علم نہ ہو سکا کہ (یہود و نصاری کے متعلقہ) یہ الفاظ سیدنا ابوامامہ نے رسول اللہ ﷺ سے روایت کئے ہیں یا ان کے اپنے الفاظ ہیں۔

''پھر وہ دونوں مجھے لے کر آگے بڑھے، میں کیا دیکھتا ہوں کہ کچھ لوگ پھولے ہوئے ہیں، ان سے بدترین بدبو آ رہی ہے اور انتہائی سیاہ منظر پیش کر رہے ہیں۔ میں نے پوچھا کہ یہ کون لوگ ہیں؟ انھوں نے کہا: یہ مقتول کفار ہیں۔ پھر وہ میرے ساتھ آگے بڑھے اور ایسے لوگوں کے پاس سے گزرے جو بری طرح پھولے ہوئے ہیں، ان سے بیت الخلا کی طرح کی بدترین بدبو آ رہی ہے۔ میں نے پوچھا: یہ کون لوگ ہیں؟ انھوں نے کہا: یہ زانی مرد اور عورتیں ہیں۔ پھر وہ مجھے لے کر آگے بڑھے اور ہم ایسی عورتوں کے پاس سے گزرے کہ سانپ ان کے پستانوں کو نوچ رہے ہیں۔ میں نے پوچھا: یہ عورتیں کون ہیں؟ انھوں نے کہا: یہ اپنے بچوں کو دودھ نہ پلانے والی عورتیں ہیں۔ پھر وہ مجھے لے کر آگے بڑھے، میں کیا دیکھتا ہوں کہ دو نہروں کے درمیان میں کچھ

رَوَحَةَ۔ ثُمَّ اَشْرَفَا بِيْ شَرَفًا آخَرَ، فَإِذَا اَنَا بِنَفَرٍ ثَلَاثَةٍ، قُلْتُ: مَنْ هٰؤُلَاءِ؟ قَالَ: هٰذَا اِبْرَاهِيْمُ وَمُوْسٰى وَعِيْسٰى وَهُمْ يَنْتَظِرُوْنَكَ)) (الصحيحة: ٣٩٥١)

بچے کھیل رہے ہیں۔ میں نے پوچھا: یہ کون ہیں؟ انھوں نے کہا: یہ مومنوں کے بچے ہیں۔ پھر وہ مجھے ایک اونچی جگہ کی طرف لے گئے، میں کیا دیکھتا ہوں کہ تین افراد شراب پی رہے ہیں۔ میں نے پوچھا: یہ کون ہیں؟ انھوں نے کہا: یہ جعفر، زید اور ابن رواحہ (رضی اللہ عنہم) ہیں۔ پھر وہ مجھے ایک اور بلند جگہ کی طرف لے گئے، وہاں ہمیں تین افراد نظر آئے۔ میں نے پوچھا: یہ کون ہیں؟ انھوں نے کہا: یہ ابراہیم، موسیٰ اور عیسیٰ (علیہم السلام) ہیں، جو آپ کے منتظر ہیں۔''

تخريج: أخرجه النسائي في "السنن الكبرى": ٤/ ٢/ ٢٤٦/ ٣٢٨٦۔ مختصرا۔، ابن خزيمة في "صحيحه" ٣/ ٢٣٧/ ١٩٨٦، وعنه ابن حبان في "الموارد": ٤٤٥/ ١٨٠٠، والحاكم: ١/ ٤٣٠ و ٢/ ٢٠٩، وعنه البيهقي: ٤/ ٢٦٦، والطبراني في "المعجم الكبير": ٧٦٦٧، والأصبهاني في "الترغيب": ٢/ ٦٠٨

شرح:...... اس حدیثِ مبارکہ میں دوزخیوں کی چیخ و پکار، وقت سے پہلے روزہ افطار کرنے والوں کی سزا، کفار مقتولین کے عذاب، زانی مردوں اور عورتوں کی سزا اور اپنے بچوں کو دودھ نہ پلانے والی عورتوں کے عذاب کا بیان ہے۔ نیز سیدنا جعفر، سیدنا زید اور سیدنا عبد اللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہم کی فضیلت ثابت ہو رہی ہے۔

آج کل ایسی عورتیں بہر حال موجود ہیں، جو مخصوص اور مذموم مقاصد کی وجہ سے اپنے بچوں کو دودھ پلانے سے گریز کرتی ہیں، حالانکہ ان کے خاوندوں کے لیے بھی کئی مسائل پیدا ہو جاتے ہیں۔ اسی طرح عصر حاضر میں بدکاری بھی عام ہے، اللہ تعالی پاک حفظ و امان میں رکھے۔

تقدیر میں بنو آدم کے جنتی یا جہنمی ہونے کا فیصلہ کیا جا چکا ہے

(٣٩٨٠)۔ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَفِيْ يَدِهِ كِتَابَانِ، فَقَالَ: ((اَتَدْرُوْنَ مَا هٰذَانِ الْكِتَابَانِ؟)) فَقُلْنَا: لَا، يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! اِلَّا اَنْ تُخْبِرَنَا۔ فَقَالَ لِلَّذِيْ فِيْ يَدِهِ الْيُمْنٰى: ((هٰذَا كِتَابٌ مِنْ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ فِيْهِ اَسْمَاءُ اَهْلِ الْجَنَّةِ، وَاَسْمَاءُ آبَائِهِمْ، وَقَبَائِلِهِمْ، ثُمَّ اُجْمِلَ عَلٰى اٰخِرِهِمْ، فَلَا يُزَادُ فِيْهِمْ، وَلَا يُنْقَصُ مِنْهُمْ اَبَدًا۔)) ثُمَّ قَالَ لِلَّذِيْ فِيْ شِمَالِهِ: ((هٰذَا كِتَابٌ مِنْ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ

حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے اور آپ کے ہاتھ میں دو کتابیں تھیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''کیا تم لوگ جانتے ہو کہ یہ کتابیں کون سی ہیں؟ ہم نے کہا: نہیں، اے اللہ کے رسول! ہاں اگر آپ بتا دیں تو ......۔ آپ نے دائیں ہاتھ میں پکڑی ہوئی کتاب کے بارے میں فرمایا: ''یہ کتاب رب العالمین کی طرف سے ہے، اس میں جنت والوں کے نام، ان کے آباء کے نام اور ان کے قبائل کے نام ہیں، پھر آخر تک ان کا اجمالاً ذکر کیا گیا، اب اس میں نہ زیادتی کی جا سکتی ہے اور نہ کمی۔'' پھر بائیں ہاتھ میں پکڑی ہوئی کتاب کی

فِيهِ اَسْمَاءُ اَهْلِ النَّارِ ، وَاَسْمَاءُ آبَائِهِمْ ، وَقَبَائِلِهِمْ ، ثُمَّ اُجْمِلَ عَلٰى آخِرِهِمْ ، فَلَا يُزَادُ فِيهِمْ ، وَلَا يُنْقَصُ مِنْهُمْ۔)) فَقَالَ اَصْحَابُهُ: فَفِيمَ الْعَمَلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! اِنْ كَانَ اَمْرٌ قَدْ فُرِغَ مِنْهُ؟ فَقَالَ: ((سَدِّدُوْا وَقَارِبُوْا ، فَاِنَّ صَاحِبَ الْجَنَّةِ يُخْتَمُ لَهٗ بِعَمَلِ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَاِنْ عَمِلَ اَيَّ عَمَلٍ ، اِنَّ صَاحِبَ النَّارِ يُخْتَمُ لَهٗ بِعَمَلِ اَهْلِ النَّارِ وَاِنْ عَمِلَ اَيَّ عَمَلٍ۔)) ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ بِيَدَيْهِ فَنَبَذَهُمَا ، ثُمَّ قَالَ: ((فَرَغَ رَبُّكُمْ مِنَ الْعِبَادِ، فَرِيْقٌ فِي الْجَنَّةِ وَ فَرِيْقٌ فِي السَّعِيْرِ۔)) (الصحيحة:٨٤٨)

بابت فرمایا: ''یہ کتاب بھی ربّ العالمین کی طرف سے ہے، اس میں جہنمیوں کے نام، ان کے آباء کے نام اور ان کے قبیلوں کے نام ہیں، پھر آخر تک ان کا اجمالاً ذکر کر دیا گیا، اب اس میں کوئی کمی بیشی نہیں ہو سکتی۔'' صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! اگر اس معاملے سے فارغ ہوا جا چکا ہے، تو عمل کا کیا مقصد ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''راہِ صواب پر چلتے رہو اور اعتدال اختیار کرو، بلاشبہ جنتی آدمی کا اختتام جنت میں لے جانے والے اعمال پر ہوگا، وہ پہلے جونسا بھی عمل کرتا رہے اور جہنمی آدمی کی زندگی کا اختتام دوزخ میں لے جانے والے اعمال پر ہوگا، وہ پہلے جونسا بھی عمل کرتا رہے۔'' پھر رسول اللہ ﷺ نے ان دو کتابوں کو پھینک دیا اور فرمایا: ''تمھارا ربّ اپنے بندوں سے فارغ ہو چکا ہے، ایک فریق جنت میں جائے گا اور دوسرا جہنم میں۔''

تخريج: أخرجه الترمذي: ٣/ ١٩٩-٢٠٠، وأحمد: ٢/ ١٦٧، وابن أبي عاصم في "السنة": ٣٤٨، وأبو نعيم في "الحلية": ٥/ ١٦٨

شرح: ...... یہ دو حقیقی کتابیں تھیں جو آپ ﷺ نے اپنے صحابہ کو دکھائیں، لیکن صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو ان ناموں کی تفصیل کا علم نہ ہو سکا، پھر آپ ﷺ نے مطلوبہ چیز کی وضاحت کرنے کے بعد کتابوں کو عالم غیب کی طرف پھینک دیا۔ اس قسم کی احادیث سے بعض لوگ بے عملی کا استدلال کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ جو فیصلہ ہمارے بارے میں کر چکے ہیں وہ تو ہمیں تسلیم کرنا پڑے گا۔

ایسے لوگ درحقیقت تقدیر پر ایمان لانے کے تقاضے پورے نہ کر سکے، تقدیر اللہ تعالیٰ کے علم کو کہتے ہیں، یعنی انسانیت کی تخلیق سے قبل اسے علم تھا کہ فلاں نیک ہوگا اور فلاں بد۔ اس سے یہ کیسے پتہ چلا کہ وہ نیک کو نیک بننے پر اور بد کو برا بننے پر مجبور کرتا ہے۔ اگر ایسی بات ہوتی تو قرآن و حدیث میں نیکی کی رغبت اور برائی سے نفرت دلانے اور انبیا و رسل کو بھیجنے کا کیا فائدہ ہوتا؟ اس حدیث میں صحابہ کرام نے بھی یہ اشکال پیش کیا، جواباً نبی کریم ﷺ نے عمل کی ترغیب دلائی۔ لہٰذا ہمیں چاہئے کہ ہم نیک عمل کریں اور برے عمل سے بچیں اور خاتمہ بالخیر کی دعا کریں۔

مومن کو قتل کرنا یا قتل کرنے کی کوشش کرنا سنگین جرم ہے

(٣٩٨١)۔ عَنْ اَبِي بَكْرَةَ ، اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ

حضرت ابو بکرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، نبی کریم ﷺ نے

قَالَ: ((إِذَا أَشَارَ الرَّجُلُ عَلَى أَخِيْهِ بِالسِّلَاحِ فَهُمَا عَلَى جُرُفِ جَهَنَّمَ، فَإِذَا قَتَلَهُ، وَقَعَا فِيْهِ جَمِيْعًا۔)) (الصحيحة:١٢٣١)

فرمایا: ''جب آدمی اپنے بھائی کی طرف کسی ہتھیار وغیرہ کے ساتھ اشارہ کر رہا ہوتا ہے تو وہ دونوں دوزخ کے کنارے پر ہوتے ہیں، اگر وہ قتل کر دیتا ہے تو دونوں جہنم میں گر جاتے ہیں۔''

تخریج: أخرجه الطيالسي في "مسنده" ١/ ٢٨٩/ ١٤٦٨ ۔ ترتيبه، واخرجه مسلم واحمد بلفظ: ((اذا المسلمان حمل احدهم على اخيه السلاح فهو في جرف جهنم، فاذا قتل احدهما صاحبه دخلاها جميعا۔)) وفي حديث آخر لابي بكرة: قيل يا رسول الله! هذا القاتل: فما بال المقتول؟ قال: ((انه اراد قتل اخيه۔)) اخرجه الشيخان

شرح:...... مسلمان کو قتل کرنا سنگین جرم ہے۔سیدنا نفیع بن حارث ثقفی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ((إِذَا الْتَقَى الْمُسْلِمَانِ بِسَيْفَيْهِمَا فَالْقَاتِلُ وَالْمَقْتُوْلُ فِي النَّارِ۔)) ...... ''جب دو مسلمان اپنی اپنی تلواریں سونت کر ایک دوسرے کو مارنے کی نیت سے مقابلے میں آجاتے ہیں تو قاتل اور مقتول دونوں جہنمی ہوتے ہیں۔'' میں نے کہا: اے اللہ کے رسول! ایک تو قاتل ہے (اس کا جہنم میں جانا سمجھ آتا ہے)، لیکن مقتول جہنمی کیوں ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ((إِنَّهُ كَانَ حَرِيْصًا عَلَى قَتْلِ صَاحِبِهِ۔)) ...... ''اس لیے کہ وہ بھی اپنے مقابل (دوسرے مسلمان) کو قتل کرنے کا حریص تھا۔'' (بخاری، مسلم)

مقتول صرف اس بنا پر جہنم میں داخل ہوگا کہ وہ دوسرے مسلمان کو قتل کرنے کا مصمم اور پختہ ارادہ رکھتا تھا اور اس کے لیے کوشش بھی کر رہا تھا، لیکن اللہ تعالیٰ کا کرنا کہ کامیاب نہ ہو سکا، بہر حال انجام بد سے دوچار ضرور ہوگا۔

مومنوں کا جہنم میں داخل ہونے والے بھائیوں کے حق میں اپنے ربّ سے مجادلہ
بالآخر توحید پرست گنہگار جہنم سے نکل آئیں گے
کیا صوم وصلاۃ کے پابند اور حاجی لوگ بھی جہنم میں جا سکتے ہیں؟

(٣٩٨٢)۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: ((إِذَا خَلَصَ الْمُؤْمِنُوْنَ مِنَ النَّارِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَأَمِنُوْا، فَمَا مُجَادَلَةُ أَحَدِكُمْ لِصَاحِبِهِ فِي الْحَقِّ يَكُوْنُ لَهُ فِي الدُّنْيَا بِأَشَدَّ مُجَادَلَةً لَهُ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ لِرَبِّهِمْ فِيْ إِخْوَانِهِمُ الَّذِيْنَ أُدْخِلُوا النَّارَ، قَالَ: يَقُوْلُوْنَ: رَبَّنَا! إِخْوَانُنَا

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جب مومن روزِ قیامت جہنم کی آگ سے آزاد ہو کر امن و اطمینان میں آجائیں گے تو وہ دوزخ میں داخل ہونے والے اپنے بھائیوں کے بارے میں ربّ تعالیٰ سے بڑی شد و مد کے ساتھ مجادلہ کریں گے، جس طرح تم میں سے کوئی اپنے دوست کے حق کی خاطر جھگڑا کرتا ہے۔ وہ کہیں گے: اے ہمارے ربّ! ہمارے بھائی، جو ہمارے

كَانُوْا يُصَلُّوْنَ مَعَنَا ، وَيَصُوْمُوْنَ مَعَنَا ، وَيَحُجُّوْنَ مَعَنَا ، فَاَدْخَلْتَهُمُ النَّارَ۔ قَالَ: فَيَقُوْلُ: اِذْهَبُوْا فَاَخْرِجُوْا مَنْ عَرَفْتُمْ ، فَيَاْتُوْنَهُمْ ، فَيَعْرِفُوْنَهُمْ بِصُوَرِهِمْ ، لَا تَاْكُلُ النَّارُ صُوَرَهُمْ ، فَمِنْهُمْ مَنْ اَخَذَتْهُ النَّارُ اِلٰى اَنْصَافِ سَاقَيْهِ ، وَمِنْهُمْ مَنْ اَخَذَتْهُ اِلٰى كَعْبَيْهِ ، فَيُخْرِجُوْنَهُمْ ، فَيَقُوْلُوْنَ: رَبَّنَا! اَخْرَجْنَا مَنْ اَمَرْتَنَا۔ ثُمَّ يَقُوْلُ: اَخْرِجُوْا مَنْ كَانَ فِيْ قَلْبِهٖ وَزْنُ دِيْنَارٍ مِنَ الْاِيْمَانِ ، ثُمَّ مَنْ كَانَ فِيْ قَلْبِهٖ وَزْنُ نِصْفِ دِيْنَارٍ ، حَتّٰى يَقُوْلَ: مَنْ كَانَ فِيْ قَلْبِهٖ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ۔ قَالَ اَبُوْ سَعِيْدٍ: فَمَنْ لَمْ يُصَدِّقْ بِهٰذَا فَلْيَقْرَاْ هٰذِهِ الْآيَةَ ﴿اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ وَاِنْ تَكُ حَسَنَةً يُّضٰعِفْهَا وَيُؤْتِ مِنْ لَّدُنْهُ اَجْرًا عَظِيْمًا﴾ (النساء: ٤٠)۔ قَالَ: فَيَقُوْلُوْنَ : رَبَّنَا! اَخْرَجْنَا مَنْ اَمَرْتَنَا ، فَلَمْ يَبْقَ فِي النَّارِ اَحَدٌ فِيْهِ خَيْرٌ۔ ثُمَّ يَقُوْلُ اللّٰهُ : شَفَعَتِ الْمَلَائِكَةُ ، وَشَفَعَ الْاَنْبِيَاءُ ، وَشَفَعَ الْمُؤْمِنُوْنَ ، وَبَقِيَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ۔ قَالَ:فَيَقْبِضُ قَبْضَةً مِنَ النَّارِ ۔ اَوْ قَالَ: قَبْضَتَيْنِ۔ نَاسٌ لَمْ يَعْمَلُوْا لِلّٰهِ خَيْرًا قَطُّ ، قَدِ احْتَرَقُوْا حَتّٰى صَارُوْا حُمَمًا۔ قَالَ: فَيُؤْتٰى بِهِمْ اِلٰى مَاءٍ يُقَالُ لَهٗ : مَاءُ الْحَيَاةِ ، فَيُصَبُّ عَلَيْهِمْ ، فَيَنْبُتُوْنَ كَمَا تَنْبُتُ الْحِبَّةُ فِيْ حَمِيْلِ السَّيْلِ ، فَيَخْرُجُوْنَ مِنْ اَجْسَادِهِمْ مِثْلَ اللُّؤْلُؤِ ، فِيْ اَعْنَاقِهِمُ

ساتھ نماز پڑھتے تھے، روزے رکھتے تھے اور حج کرتے تھے، لیکن تو نے ان کو آگ میں داخل کر دیا ہے۔ اللہ تعالی فرمائے گا: جاؤ اور جن کو پہچانتے ہو، نکال لاؤ۔ وہ جائیں گے اور ان کے چہروں کو دیکھ کر انھیں پہچان لیں گے، کیونکہ آگ ان کے چہروں پر کوئی اثر نہیں کر سکے گی، کسی کو آگ نے پنڈلیوں کے نصف تک جلا دیا ہو گا اور کسی کو گھٹنوں تک۔ (بہر حال) وہ ان کو نکال کر لے آئیں گے اور کہیں گے: اے ہمارے ربّ! ہم ان مومنوں کو نکال لائے ہیں جن کے بارے میں تو نے حکم دیا تھا۔ پھر اللہ تعالی فرمائے گا: جس کے دل میں دینار کے بقدر ایمان ہے اسے بھی دوزخ سے نکال لاؤ......، پھر جس کے دل میں نصف دینار کے بقدر ایمان ہے اسے بھی نکال لاؤ۔ حتی کہ اللہ تعالی فرمائے گا: جس کے دل میں ذرہ برابر ایمان ہے (اسے بھی جہنم سے باہر نکال لاؤ)۔'' حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جو آدمی اس حدیث کی تصدیق نہیں کرتا، وہ یہ آیت پڑھ لے: ﴿بیشک اللہ تعالی ایک ذرہ برابر ظلم نہیں کرتا اور اگر نیکی ہو تو اسے دگنی کر دیتا ہے اور خاص اپنے پاس سے بہت بڑا ثواب دیتا ہے﴾ (سورۂ نساء: ۴۰) (حدیث مبارکہ کا بقیہ حصہ یہ ہے:) وہ کہیں گے: اے ہمارے ربّ! ہم تیرے حکم کے مطابق مومنوں کو جہنم سے نکال لائے ہیں، اب وہاں وہی رہ گیا ہے جس میں کسی قسم کی خیر و بھلائی نہیں ہے۔ اللہ تعالی فرمائے گا: فرشتوں نے سفارش کر لی، انبیا بھی سفارش کر چکے اور مومنوں نے بھی سفارش کر لی ہے، اب صرف ارحم الراحمین باقی رہ گئے ہیں۔ پھر اللہ تعالی آگ سے ایسے لوگوں کی ایک یا دو مٹھیاں بھریں گے، جنھوں نے کوئی نیک عمل نہیں کیا ہو گا اور وہ جل کر کوئلہ بن چکے ہوں گے۔ ان کو ''مَاءُ الْحَيَاة'' (آبِ حیات)

الْخَاتَمُ: عُتَقَاءُ اللّٰهِ۔ قَالَ: فَيُقَالُ لَهُمْ: أُدْخُلُوْا الْجَنَّةَ ، فَمَاتَمَنَّيْتُمْ أَوْ رَأَيْتُم مِنْ شَيْءٍ فَهُوَ لَكُمْ ، عِنْدِيْ أَفْضَلُ مِنْ هٰذَا۔ قَالَ: فَيَقُوْلُوْنَ: رَبَّنَا! وَمَا أَفْضَلُ مِنْ ذٰلِكَ؟ قَالَ: فَيَقُوْلُ: رِضَائِيْ عَلَيْكُمْ ، فَلَا أَسْخَطُ عَلَيْكُمْ أَبَدًا)) (الصحيحة:٢٢٥٠)

کے پاس لاکر ان پر یہ پانی بہایا جائے گا، ان کا جسم سیلاب کے بہاؤ میں اگنے والے دانے کی طرح اگے گا اور وہ لؤلؤ موتی کی طرح ہوگا، ان کی گردنوں میں ''عُتَقَاءُ اللّٰه'' (اللہ تعالی کے آزاد کردہ) نقش کی مہر ہوگی۔ ان سے کہا جائے گا: جنت میں داخل ہو جاؤ، تم جو آرزو کرو گے یا جو چیز دیکھو گے وہ تمھیں دے دی جائے گی اور بعض نعمتیں اس سے بھی بڑھ کر ہوں گی۔ وہ کہیں گے: اے ہمارے ربّ! وہ نعمتیں کون سی ہیں؟ اللہ تعالی فرمائے گا: میں تم پر راضی ہو گیا ہوں، کبھی ناراض نہیں ہوں گا۔''

تخريج: أخرجه الامام أحمد في "مسنده": ٢/ ٩٤، والنسائي: ٥٠١٠، وابن ماجه: ٦٠، والحديث اخرجه البخاري ومسلم مطولا

شرح:...... یہ اللہ تعالی کے ہاں سفارش کا اصول ہے کہ سب سے پہلے وہ سفارش کرنے کے لیے اجازت دے گا، پھر شفاعت ہوگی۔ کوئی اپنی مرضی نہیں کر سکے گا۔ نیز یہ بھی معلوم ہوا کہ فرشتے، انبیاء، مومن اور اللہ تعالی کے نیک بندے سب اللہ تعالی کے حکم سے سفارش کریں گے، یہ عہدہ کسی ہستی، کسی خاندان اور کسی قبیلے کے ساتھ خاص نہیں ہے، جیسا کہ آجکل سمجھا جا رہا ہے۔ قرآن مجید میں اللہ تعالی نے بار بار یہ مضمون بیان کیا ہے کہ روزِ قیامت وہی سفارش کرے گا جسے اللہ خود اجازت دے گا۔ آیۃ الکرسی ہر ایک کو یاد ہے، اگر لوگ اسی کا ترجمہ سمجھ لیں تو دین کے اس قاعدے کی سمجھ آ جائے گی۔

نیز اس حدیث میں ایمان کی فضیلت بھی بیان کی گئی ہے اور نمازی اور حاجی لوگوں کو بھی متنبہ کیا گیا ہے کہ وہ نماز، روزے اور حج کے باوجود اپنے کرتوتوں کی بنا پر جہنم میں داخل ہو سکتے ہیں۔

(٣٩٨٣)۔ عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ مَرْفُوْعًا: ((أَمَّا أَهْلُ النَّارِ الَّذِيْنَ هُمْ أَهْلُهَا)) فِيْ رِوَايَةٍ: ((الَّذِيْنَ لَا يُرِيْدُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ إِخْرَاجَهُمْ ، فَإِنَّهُمْ لَا يَمُوْتُوْنَ فِيْهَا وَلَا يَحْيَوْنَ ، وَلٰكِنْ نَاسٌ أَصَابَتْهُمُ النَّارُ بِذُنُوْبِهِمْ (يُرِيْدُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ إِخْرَاجَهُمْ ، فَأَمَاتَهُمْ إِمَاتَةً ، حَتّٰى إِذَا كَانُوْ فَحْمًا أُذِنَ بِالشَّفَاعَةِ ، فَجِيْءَ بِهِمْ ضَبَائِرَ ، فَبُثُّوْا

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جن دوزخیوں کو جہنم سے نکالنے کا اللہ تعالی کا کوئی ارادہ نہیں ہوگا، وہ (بیچارے) نہ مریں گے اور نہ جئیں گے۔ لیکن جن جہنمیوں کو وہاں سے نکالنے کا اللہ تعالی کا ارادہ ہوگا، وہ انھیں وہاں موت دے دے گا، یہاں تک کہ وہ (جل جل کر) کوئلہ بن جائیں گے، پھر ان کے لیے سفارش کرنے کی اجازت دی جائے گی اور ان کو گروہوں کی شکل میں وہاں سے نکال کر جنت کی نہروں میں ڈال دیا جائے گا،

عَلٰى اَنْهَارِ الْجَنَّةِ، ثُمَّ قِيْلَ: يَا اَهْلَ الْجَنَّةِ! اَفِيْضُوْا عَلَيْهِمْ، فَيَنْبُتُوْنَ نَبَاتَ الْحَبَّةِ تَكُوْنُ فِيْ حَمِيْلِ السَّيْلِ۔))

(الصحيحة:١٥٥١)

وہ ایسے نشوونما پائیں گے جیسے سیلاب کے بہاؤ میں دانہ اگتا ہے۔'' یعنی بہت جلد اپنے وجود میں آ جائیں گے۔

تخریج: أخرجه مسلم: ١/ ١١٨، وأبوعوانة: ١/ ١٨٦، والدارمي: ٢/ ٣٣١، وابن ماجه: ٢/ ٥٨٢، وأحمد: ٣/ ١١ و٧٨، والطبراني في "التفسير" ١/ ٥٥٢/ ٧٩٧

شرح:...... معلوم ہوا کہ سفارش کے لیے پہلے اللہ تعالیٰ کی طرف سے اجازت ملے گی، پھر سفارش کرنے والے سفارش کریں گے۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں یہ مضمون بار بار دوہرایا ہے۔ لیکن لوگوں نے سفارش کے لیے بعض نام نہاد اولیا کی شخصیات کا تعین کر کے بدعملی کی راہ نکالی ہوئی ہے، یہ اسلام سے متصادم عقیدہ ہے۔

اہل توحید جہنمیوں کے عذاب کی کیفیت

(٣٩٨٤)۔ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ مَرْفُوْعًا: ((اِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ يُخْرِجُ قَوْمًا مِنَ النَّارِ بَعْدَ مَالَا يَبْقٰى مِنْهُمْ فِيْهَا اِلَّا الْوُجُوْهُ، فَيُدْخِلُهُمُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ۔))

(الصحيحة:١٦٦١)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ بعض لوگوں کو جہنم سے اس وقت نکالے گا جب ان کے وجود میں سے صرف چہرے باقی رہ چکے ہوں گے اور ان کو جنت میں داخل کر دے گا۔''

تخریج: أخرجه عبد بن حميد في "المنتخب من المسند": ١٠٠/ ١، لكن الحديث رواه البخاري: ٤/ ٤٦٣، وذكر حديث الشفاعة بطوله، وفيه: ((فيقول الله تعالى: اذهبوا فمن وجدتم فى قلبه مثقال دينار من ايمان فأخرجوه، ويحرم الله صورهم على النار......))

(٣٩٨٥)۔ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: ((اِنَّ قَوْمًا يَخْرُجُوْنَ مِنَ النَّارِ، يَحْتَرِقُوْنَ فِيْهَا اِلَّا دَارَاتِ وُجُوْهِهِمْ، حَتّٰى يَدْخُلُوْا الْجَنَّةَ۔))

(الصحيحة: ٣٠٥٥)

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''بعض لوگ جب جہنم سے نکالے جائیں گے تو ان کے چہرے کے علاوہ سارا وجود جل چکا ہو گا، پھر وہ جنت میں داخل ہو جائیں گے۔''

تخریج: أخرجه أحمد: ٣/ ٣٥٥، وأخرجه مسلم: ١/ ١٢٢، وابو عوانة: ١/ ١٨٠، وفيه قصة، وأخرجه البخاري: ٦٥٥٨ مختصرا بلفظ: ((يخرج من النار بالشفاعة كانهم الثغارير ......))

مومنوں اور مشرکوں کے نابالغ بچوں کا انجام

(٣٩٨٦)۔ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ مَرْفُوْعًا: ((اَطْفَالُ الْمُسْلِمِيْنَ فِيْ جَبَلٍ فِيْ الْجَنَّةِ يَكْفُلُهُمْ اِبْرَاهِيْمُ وَسَارَةُ حَتّٰى يَدْفَعُوْنَهُمْ اِلٰى آبَائِهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ)) (الصحيحة: ١٤٦٧)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''مسلمانوں کے بچے جنت کے ایک پہاڑ میں رہتے ہیں، حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت سارہ علیہا السلام ان کی کفالت کرتے ہیں، روزِ قیامت انھیں ان کے آباء کے حوالے کر دیں گے۔''

تخريج: رواه أبونعيم في "أخبار أصبهان" ٢/ ٢٦٣، والديلمي: ١/ ١/ ١١٨، وابن عساكر: ١٩/ ٢١٩/ ٢، والحافظ عبد الغني في تخريج حديثه: ٧٣/ ٤٠/ ١

(٣٩٨٧)۔ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ مَرْفُوْعًا: ((ذَرَارِيُّ الْمُسْلِمِيْنَ فِيْ الْجَنَّةِ، يَكْفُلُهُمْ اِبْرَاهِيْمُ ۔)) (الصحيحة: ٦٠٣)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''مسلمانوں کے (نابالغ) بچے جنت میں ہیں، حضرت ابراہیم (علیہ السلام) ان کی کفالت کرتے ہیں۔''

تخريج: رواه أحمد: ٢/ ٣٢٦، وابن حبان: ١٨٢٦، وابن أبي دواد في "البعث": ٦٥/ ١٦، وأبومحمد المخلدي في "الفوائد": ٢٨٩/ ١، والحاكم: ٢/ ٣٧٠، وابن عساكر: ١١/ ٣٢٨/ ٢

(٣٩٨٨)۔ عَنْ اَبِيْ حَسَّانَ، قَالَ: قُلْتُ لِاَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّهٗ قَدْ مَاتَ لِيْ اِبْنَانِ، فَمَا اَنْتَ مُحَدِّثِيْ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ بِحَدِيْثٍ تَطِيْبُ بِهٖ اَنْفُسُنَا عَنْ مَوْتَانَا؟ قَالَ: قَالَ ﷺ: ((نَعَمْ، صِغَارُهُمْ دَعَامِيْصُ الْجَنَّةِ، يَتَلَقّٰى اَحَدُهُمْ اَبَاهُ، اَوْ قَالَ: اَبَوَيْهِ، فَيَاْخُذُ بِثَوْبِهٖ، اَوْ قَالَ: بِيَدِهٖ)) كَمَا اٰخُذُ اَنَا بِصَنِفَةِ ثَوْبِكَ هٰذَا ((فَلَا يَتَنَاهٰى، اَوْ قَالَ: فَلَا يَنْتَهِيْ، حَتّٰى يُدْخِلَهُ اللّٰهُ وَاِيَّاهُ الْجَنَّةَ ۔)) (الصحيحة: ٤٣١)

ابو حسان کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو بتایا کہ میرے دو بیٹے فوت ہو گئے ہیں، کیا آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کوئی ایسی حدیث بیان کر سکتے ہیں، جس سے ہمیں اپنے فوت شدگان کے بارے میں صبر و تسلی ہو جائے؟ انھوں نے کہا: جی ہاں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''(مومنوں کے) چھوٹے بچے جنت کے کیڑے ہوں گے (یعنی بے روک ٹوک جنت میں آتے جاتے رہیں گے)۔ ایسا بچہ اپنے باپ یا اپنے والدین سے ملاقات کرے گا، اس کا ہاتھ پکڑ لے گا، جس طرح میں نے تیرے کپڑے کا کنارہ پکڑ لیا ہے، اور اسے نہیں چھوڑے گا، حتی کہ اللہ تعالی اسے اور اس کے باپ دونوں کو جنت میں داخل کر دے گا۔''

تخريج: أخرجه مسلم: ٨/ ٤١، وأحمد: ٢/ ٤٨٨، ٥١٠

(٣٩٨٩)۔ عَنْ اَبِيْ مَالِكٍ، قَالَ: سُئِلَ

حضرت ابو مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم

النَّبِيُّ ﷺ عَنْ أَطْفَالِ الْمُشْرِكِيْنَ قَالَ: ((هُمْ خَدَمُ أَهْلِ الْجَنَّةِ))

سے مشرکین کے بچوں کے بارے میں سوال کیا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: ”وہ جنتیوں کے خادم ہوں گے۔“

(الصحيحة: ١٤٦٨)

تخريج: رواه ابن منده في "المعرفة" ٢/ ٢٦١/ ١ معلقا

شرح: ...... بالاتفاق مسلمانوں کے فوت ہونے والے نابالغ بچے جنت میں داخل ہوں گے۔ مشرکوں کے نابالغ بچوں کا انجام کیا ہوگا، یہ ایک مختلف فیہ مسئلہ ہے، جو لوگ ان کے جنتی ہونے کے قائل ہیں، ان کے دلائل ملاحظہ ہوں:

ارشادِ باری تعالی ہے: ﴿وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِيْنَ حَتّٰى نَبْعَثَ رَسُوْلًا﴾ (سورۂ اسراء: ١٥) ...... ”ہم اس وقت تک عذاب دینے والے نہیں، جب تک رسول بھیج کر (اتمام حجت نہ کر دیں)۔“

اس آیت کی روشنی میں نابالغ بچہ عذاب کا مستحق نہیں بن سکتا۔

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ((مَا مِنْ مَوْلُوْدٍ إِلَّا يُوْلَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ، فَأَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهِ أَوْ يُمَجِّسَانِهِ ......)) (بخاری، مسلم) ...... ”ہر بچہ فطرتِ (اسلام) پر پیدا ہوتا ہے، پھر اس کے والدین اسے یہودی بناتے ہیں یا عیسائی بناتے ہیں ......“

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ہر بچہ مسلمان ہوتا ہے۔

سیدنا سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”میرے پاس دو فرشتے آئے، انھوں نے مجھے اٹھایا .... وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام تھے اور ان کے ارد گرد فطرت پر فوت ہونے والے بچے بھی تھے۔“ کسی صحابی نے پوچھا: کیا ان میں مشرکوں کے بچے بھی تھے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ”مشرکین کے بچے بھی تھے۔“ (بخاری)

یہ حدیث اپنے مفہوم پر بین ثبوت ہے، کیونکہ اس کے مطابق مشرکوں کے بچوں کو جنت میں دیکھا گیا ہے۔

ان کے علاوہ مطلق روایات موجود ہیں جن میں بچوں کو جنتی قرار دیا گیا ہے۔

لیکن درج ذیل حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ چار افراد کا حشر کے میدان میں دوبارہ امتحان ہوگا، پھر ان کو اپنی کامیابی یا ناکامی کا علم ہوگا۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ((يُؤْتَى بِأَرْبَعَةٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: بِالْمَوْلُوْدِ، وَبِالْمَعْتُوْهِ، وَبِمَنْ مَاتَ فِي الْفَتْرَةِ، وَالشَّيْخِ الْفَانِي، كُلُّهُمْ يَتَكَلَّمُ بِحُجَّتِهِ، فَيَقُوْلُ الرَّبُّ تَبَارَكَ وَتَعَالَى لِعُنُقٍ مِنَ النَّارِ: أَبْرِزْ، فَيَقُوْلُ لَهُمْ: إِنِّي كُنْتُ أَبْعَثُ إِلَى عِبَادِيْ رُسُلًا مِنْ أَنْفُسِهِمْ، وَإِنِّي رَسُوْلُ نَفْسِي إِلَيْكُمْ، أُدْخُلُوْا هٰذِهِ فَيَقُوْلُ مَنْ كُتِبَ عَلَيْهِ الشَّقَاءُ: يَارَبِّ! أَيْنَ نَدْخُلُهَا وَمِنْهَا كُنَّا نَفِرُّ؟ قَالَ: وَمَنْ كُتِبَ عَلَيْهِ السَّعَادَةُ يَمْضِي فَيَقْتَحِمُ فِيْهَا مُسْرِعًا، قَالَ: فَيَقُوْلُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى أَنْتُمْ لِرُسُلِي أَشَدُّ تَكْذِيْبًا وَمَعْصِيَةً، فَيَدْخُلُ هٰؤُلَاءِ الْجَنَّةَ، وَهٰؤُلَاءِ النَّارَ۔)) یہ حدیث سیدنا انس بن مالک، سیدنا ابو سعید خدری،

سیدنا معاذ بن جبل، سیدنا اسود بن سریع اور سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہم سے مروی ہے۔ (صحیحہ: ۲۴٦۸) ......''روز قیامت اِن چار افراد کو لایا جائے گا: بچہ، مجنون، دو رسولوں کے درمیانی وقفے میں مرنے والا اور بہت بوڑھا۔ ان میں سے ہر کوئی اپنی اپنی دلیلیں پیش کرے گا، اللہ تعالیٰ (ان لوگوں کا امتحان لینے کے لیے) آگ کی گردن (یعنی لپٹ) سے فرمائے گا: نمایاں ہو، پھر اللہ تعالیٰ فرمائے گا: میں اپنے بندوں میں سے ان کی طرف رسول بھیجتا رہا اور اب میں اپنا قاصد خود ہوں اور کہتا ہوں کہ (اب سب کے سب) اس آگ میں داخل ہو جاؤ۔ بدبخت لوگ کہیں گے: اے ہمارے ربّ! ہم اس میں کیسے داخل ہوں، ہم تو اس سے دور بھاگتے تھے؟ سعادت مند لوگ (اللہ کے حکم پر عمل کرتے ہوئے) چل پڑیں گے اور اس میں جلدی جلدی اور زبردستی گھسیں گے۔ اتنے میں اللہ تعالیٰ فرمائے گا: تم (آگ میں داخل نہ ہونے والے بدبخت) لوگ میرے رسولوں کو جھٹلانے اور اس کی نافرمانی کرنے میں بڑے دلیر ہوتے۔ اب یہ جنت میں داخل ہوں گے اور یہ آگ میں۔''

امام البانی رحمہ اللہ نے کہا: اس حدیث میں جس بچے کا تذکرہ کیا گیا ہے، اس سے مراد وہ بچے ہیں، جن کے ماں باپ کافر ہوں۔ یقیناً اِس حدیث اور مذکورہ بالا احایث میں ایک اعتبار سے تناقض ہے کہ ایک طرف مشرکوں کے بچوں کو جنتی قرار دیا جا رہا ہے اور دوسری طرف ان کا حشر کے میدان میں امتحان لیا جا رہا ہے، میں نے پاکستان کے ایک محقق عالم دین کے سامنے یہ اشکال پیش کیا، انھوں نے کہا: جن احادیث سے مشرکوں کے بچوں کا جنتی ہونا ثابت ہو رہا ہے، ان سے مراد وہ بچے ہیں جو حشر کے میدان میں ہونے والے امتحان میں کامیاب ہو جائیں گے۔ واللہ اعلم بالصواب

جنت میں داخل ہونے والی عورتوں کی تعداد کم ہو گی

(۳۹۹۰)۔ عَنْ عَمَّارَةَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: بَيْنَمَا نَحْنُ مَعَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ فِيْ حَجٍّ اَوْعُمْرَةٍ فَإِذَا نَحْنُ بِامْرَاَةٍ عَلَيْهَا حِبَائِرُ لَهَا وَخَوَاتِيْمُ، وَقَدْ بَسَطَتْ يَدَهَا عَلَى الْهَوْدَجِ، فَقَالَ: بَيْنَمَا نَحْنُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فِي هٰذَا الشَّعْبِ إِذْ قَالَ: ((اُنْظُرُوْا هَلْ تَرَوْنَ شَيْئًا؟)) فَقُلْنَا: نَرٰى غُرْبَانًا فِيْهَا غُرَابٌ اَعْصَمُ، اَحْمَرُ الْمِنْقَارِ وَالرِّجْلَيْنِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: ((لَايَدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنَ النِّسَاءِ اِلَّا مَنْ كَانَ مِنْهُنَّ مِثْلَ هٰذَا الْغُرَابِ فِي الْغُرْبَانِ۔))

عمارہ بن خزیمہ کہتے ہیں کہ ہم لوگ حج یا عمرے کے موقع پر حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھے تھے، اچانک ایک عورت آئی، اس نے کنگن اور انگوٹھیاں پہن کر اپنا ہاتھ کجاوے پر پھیلا رکھا تھا۔ انھوں نے کہا: ہم اسی گھاٹی میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے، آپ نے فرمایا: ''ذرا دیکھو، آیا کوئی چیز نظر آ رہی ہے؟'' ہم نے کہا: کوے نظر آ رہے ہیں، ان میں ایک کوا سرخ چونچ اور سرخ پیروں والا بھی ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''عورتوں کی اتنی ہی تعداد جنت میں داخل ہو گی جتنی ان کووں میں اس کوے کی ہے۔''

(الصحيحة: ۱۸۵۰)

تخريج: رواه أحمد: ٤/ ١٩٧، ٢٠٥، وأبويعلي: ٣٤٩/ ١، وابن عساكر: ١٣/ ٢٤٥/ ١

شرح:...... حدیثِ مبارکہ کا مفہوم یہ ہے کہ جس طرح سرخ چونچ اور پنجے والے کوے کم تعداد میں ہیں بالکل اسی طرح جنت میں داخل ہونے والی عورتوں کی تعداد بھی کم ہوگی۔

جنت میں فقرا کی اور جہنم میں عورتوں کی اکثریت ہوگی

(۳۹۹۱)۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ مُحَمَّد ﷺ: ((اِطَّلَعْتُ فِي الْجَنَّةِ فَرَأَيْتُ أَكْثَرَ أَهْلِهَا الْفُقَرَاءَ، وَاطَّلَعْتُ فِي النَّارِ فَرَأَيْتُ أَكْثَرَ أَهْلِهَا النِّسَاءَ۔))

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کہ محمد رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”جب میں نے جنت کا جائزہ لیا تو وہاں فقرا کی کثرت پائی اور جب جہنم میں دیکھا تو وہاں عورتوں کی کثرت نظر آئی۔“

(الصحيحة: ۲۵۸۶)

تخريج: أخرجه مسلم: ٨/ ٨٨، والترمذي: ٢٦٠٥، وأحمد: ١/ ٢٢٤

شرح:...... اس میں فقرا کی فضیلت ومنقبت اور عورتوں کے لیے وعید وتہدید کا بیان ہے، لہٰذا فقرا و مساکین کو چاہئے کہ وہ اپنے منصب کا خیال رکھیں کہ یہ صرف ان کا امتیاز ہے کہ ان کی اکثریت جنت میں داخل ہوگی۔ عورتوں کے زیادہ جہنم میں جانے کی ایک بڑی وجہ دوسری احادیث میں یہ بیان کی گئی ہے کہ وہ لعن طعن زیادہ کرتی ہیں اور اپنے خاوندوں کی ناشکری کرتی ہیں۔

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ((وَإِنِّي رَأَيْتُكُنَّ أَكْثَرَ أَهْلِ النَّارِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، تُقَرِّبْنَ إِلَى اللّٰهِ بِمَا اسْتَطَعْتُنَّ۔)) (صحيحه: ٣١٤٢) ......”(عورتو!) میں نے قیامت کے دن کو تمہاری اکثریت آگ میں دیکھی، اس لیے (اعمالِ صالحہ کی) جتنی استطاعت رکھتی ہو، اس کے مطابق اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرتی رہو۔“

عورتوں کے فاسق ہونے کی وجہ

(۳۹۹۲)۔ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ شِبْلٍ، عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: ((إِنَّ الْفُسَّاقَ هُمْ أَهْلُ النَّارِ۔)) قِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ! وَمَنِ الْفُسَّاقُ؟ قَالَ: ((اَلنِّسَاءُ)) قَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ! أَوَلَسْنَ أُمَّهَاتِنَا وَأَخَوَاتِنَا وَأَزْوَاجَنَا؟ قَالَ: ((بَلٰى، وَلٰكِنَّهُنَّ إِذَا أُعْطِيْنَ لَمْ يَشْكُرْنَ

حضرت عبدالرحمٰن بن شبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ”بیشک ”فُسّاق“ جہنمی ہیں۔“ کہا گیا: اے اللہ کے رسول! فساق کون ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ”عورتیں ہیں۔“ ایک آدمی نے کہا: اے اللہ کے رسول! کیا وہ ہماری مائیں، بہنیں اور بیویاں نہیں ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ”کیوں نہیں، لیکن جب ان کو نعمتیں ملتی ہیں تو وہ

وَإِذَا ابْتُلِيْنَ لَمْ يَصْبِرْنَ۔)) (الصحيحة: ٣٠٥٨)

ناشکری کرتی ہیں اور جب ان کو آزمایا جاتا ہے تو وہ صبر نہیں کرتیں۔

تخريج: أخرجه أحمد، و الحاكم: ٤/ ٦٠٤

شرح:...... عورتوں کو چاہیے کہ وہ اپنے طبعی مزاج پر شرعی مزاج کو غالب کریں، اپنے خاوندوں کا شکریہ ادا کیا کریں، جو ان کی ہر قسم کی ضرورت پوری کرتے ہیں اور جن کی وجہ سے ان کو اولاد جیسی نعمت ملتی ہے، اور زندگی میں پیش آنے والے تمام مصائب اور آزمائشوں پر صبر کیا کریں، وہ آزمائش جسمانی تکلیف کی صورت ہو یا بیٹی کو پرسکون گھرانہ نہ ملنے کی صورت میں یا بیٹے کے سرکش ہونے کی صورت میں یا خاوند کے بد اخلاق ہونے کی صورت میں اور یا کوئی اور روحانی تکلیف ہو۔

ضعیف اور مظلوم لوگ جنتی اور متکبر ومغرور لوگ جہنمی ہیں

(٣٩٩٣)۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ مَرْفُوْعًا: ((أَلَا أُنَبِّئُكُمْ بِأَهْلِ الْجَنَّةِ؟ اَلضُّعَفَاءُ الْمَظْلُوْمُوْنَ، أَلَا أُنَبِّئُكُمْ بِأَهْلِ النَّارِ؟ كُلُّ شَدِيْدٍ جَعْظَرِيٍّ)) (الصحيحة: ٩٣٢)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''کیا میں تمہارے لیے جنت والوں کی نشاندہی نہ کر دوں؟ وہ تو کمزور اور مظلوم لوگ ہیں۔ کیا میں تمھیں جہنم والوں کے بارے میں نہ بتلاؤں؟ وہ سخت اور مغرور لوگ ہیں۔''

تخريج: أخرجه الطيالسي: ص ٣٣٢/ ٢٥٥١، وأحمد: ٢/ ٥٠٨

شرح:...... اس حدیث میں ان کمزور، غریب اور گوشہ خمول میں رہنے والے لوگوں کی فضیلت کا بیان ہے، جن کو معاشرے میں کوئی امتیازی مقام حاصل نہیں ہے، لیکن ایمان وتقوی کے ایسے بلند مقام پر فائز ہوتے ہیں کہ جنت جیسے گراں مایہ متاع کے وارث بن جاتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ تکبر، تند خو، خشک مزاج اور سخت گیر لوگوں کو جہنمی ہونے کی وعید سنائی گئی ہے۔

(٣٩٩٤)۔ عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ مَرْفُوْعًا: ((أَلَا أُنَبِّئُكُمْ بِأَهْلِ الْجَنَّةِ؟ اَلْمَغْلُوْبُوْنَ الضُّعَفَاءُ، وَأَهْلُ النَّارِ كُلُّ جَعْظَرِيٍّ جَوَّاظٍ مُسْتَكْبِرٍ۔)) (الصحيحة: ٩٣١)

حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''کیا میں تمھیں اہل جنت کے بارے میں نہ بتلاؤں؟ وہ مغلوب اور ضعیف قسم کے لوگ ہیں اور بد مزاج، اکڑوں اور متکبر لوگ جہنمی ہیں۔''

تخريج: أخرجه الحاكم: ١/ ٦١، والبيهقي في "الشعب": ٦/ ٢٨٤/ ٨١٧١، والحاكم أيضا: ٣/ ٦١٩، وأحمد: ٤/ ١٧٥

کافروں کا ابد تک آتشِ دوزخ میں رہنا

(۳۹۹۵)۔ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ مَرْفُوْعًا: ((اَمَّا اَهْلُ النَّارِ الَّذِيْنَ هُمْ اَهْلُهَا)) فِيْ رِوَايَةٍ: ((الَّذِيْنَ لَا يُرِيْدُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ إِخْرَاجَهُمْ، فَإِنَّهُمْ لَا يَمُوْتُوْنَ فِيْهَا وَلَا يَحْيَوْنَ، وَلٰكِنْ نَاسٌ اَصَابَتْهُمُ النَّارُ بِذُنُوْبِهِمْ (يُرِيْدُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ إِخْرَاجَهُمْ) فَاَمَاتَهُمْ إِمَاتَةً، حَتّٰى إِذَا كَانُوْ فَحْمًا أُذِنَ بِالشَّفَاعَةِ، فَجِيْءَ بِهِمْ ضَبَائِرَ، فَبُثُّوْا عَلٰى اَنْهَارِ الْجَنَّةِ، ثُمَّ قِيْلَ يَا اَهْلَ الْجَنَّةِ! اَفِيْضُوْا عَلَيْهِمْ، فَيَنْبُتُوْنَ نَبَاتَ الْحَبَّةِ تَكُوْنُ فِيْ حَمِيْلِ السَّيْلِ۔))

(الصحيحة:۱۵۵۱)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جن دوزخیوں کو جہنم سے نکالنے کا اللہ تعالی کا کوئی ارادہ نہیں ہوگا، وہ نہ مریں گے اور نہ جئیں گے۔ لیکن جن جہنمیوں کو وہاں سے نکالنے کا اللہ تعالی کا ارادہ ہوگا، وہ انہیں وہاں موت دے دے گا، یہاں تک کہ وہ (جل جل کر) کوئلہ بن جائیں گے، پھر ان کے لیے سفارش کرنے کی اجازت دی جائے گی اور ان کو گروہوں کی شکل میں وہاں سے نکال کر جنت کی نہروں میں ڈال دیا جائے گا، وہ ایسے نشوونما پائیں گے جیسے سیلاب کے بہاؤ میں دانہ اگتا ہے۔'' یعنی بہت جلد اپنے وجود میں آجائیں گے۔

تخريج: أخرجه مسلم: ۱/ ۱۱۸، وأبوعوانة: ۱/ ۱۸٦، والدارمي: ۲/ ۳۳۱، وابن ماجه: ۲/ ۵۸۲، وأحمد: ۳/ ۱۱ و۷۸، والطبراني في "التفسير" ۱/ ۵۵۲/ ۷۹۷

شرح:...... امام البانی رحمہ اللہ نے کہا: بعض لوگوں کا خیال ہے کہ بالآخر جہنمی لوگ ختم ہو جائیں گے، لیکن اس حدیث میں واضح دلیل ہے کہ کافر لوگ ہمیشہ کے لیے جہنم میں رہیں گے اور وہ کبھی بھی فنا نہیں ہوں گے، اگر وہ فنا ہو جائیں تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ وہ مر گئے اور عذاب سے چھٹکارا پا لیا۔ امام صنعانی نے (رفع الأستار لإبطال أدلة القائلين بفناء النار) میں جہنم کے فنا کے قائلین پر بڑا مضبوط علمی ردّ کیا ہے۔ میں نے ان کے اس رسالے کی احادیث کی تحقیق و تخریج ہے اور اس میں ایک مفید مقدمے کا اضافہ کیا، وہ زیر طبع ہے، عنقریب قارئین کرام کے ہاتھوں میں ہوگا۔ ان شاء اللہ تعالی۔ (صحیحہ: ۱۵۵۱)

کسی امت کو رحمت یا عذاب کا مستحق قرار دینے کا اللہ تعالی کا انداز

(۳۹۹٦)۔ عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: ((أَنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ إِذَا اَرَادَ رَحْمَةَ اُمَّةٍ مِنْ عِبَادِهٖ قَبَضَ نَبِيَّهَا قَبْلَهَا، فَجَعَلَهٗ لَهَا فَرَطًا وَسَلَفًا بَيْنَ يَدَيْهَا، وَإِذَا اَرَادَ هَلَكَةَ

حضرت ابوموسی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جب اللہ تعالی کسی امت پر رحمت کرنے کا ارادہ کرتا ہے تو وہ اس کے نبی کو ان سے پہلے فوت کر کے اسے ان کے لیے میر سامان اور پیش رو بنا دیتا ہے اور جب کسی امت کو

أُمَّةٍ عَذَّبَهَا وَنَبِيُّهَا حَيٌّ، فَأَهْلَكَهَا وَهُوَ يَنْظُرُ، فَأَقَرَّ عَيْنَهُ بِهَلَكَتِهَا حِيْنَ كَذَّبُوْهُ وَعَصَوْا أَمْرَهُ.)) (الصحيحة: ٣٠٥٩)

ہلاک کرنے کا ارادہ کرتا ہے تو اسے نبی کی زندگی میں اور اس کے سامنے عذاب کے ذریعے ہلاک کر دیتا ہے، چونکہ وہ نبی کو جھٹلانے والے اور اس کی نافرمانی کرنے والے ہوتے ہیں، اس لیے وہ بھی ان کی ہلاکت پر خوش ہوتا ہے۔''

تخريج: أخرجه مسلم: ٧/ ٦٥ معلقا، وابن حبان في "صحيحه": ٨/ ٢٢٣/ ٦٦١٣، والبيهقي في "دلائل النبوة": ٣/ ٧٧

شرح:...... نبی کریم ﷺ سے قبل انبیا کی موجودگی میں ان کی امتوں پر عذاب آیا، جیسے حضرت نوح، حضرت یونس، حضرت ہود اور حضرت صالح علیہم السلام کی اقوام پر۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے نبی کریم ﷺ کو ان کی امت سے پہلے اپنے پاس بلا لیا جو اس بات کی دلیل ہے کہ ان شاء اللہ آپ ﷺ ہمارے لیے بہترین میر سامان اور پیش رو ہوں گے۔

جہنمیوں کا خون کے آنسو رونا

(٣٩٩٧)۔ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَيْسٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: ((إِنَّ أَهْلَ النَّارِ لَيَبْكُوْنَ حَتّٰى لَوْ أُجْرِيَتِ السُّفُنُ فِيْ دُمُوْعِهِمْ لَجَرَتْ، وَإِنَّهُمْ لَيَبْكُوْنَ الدَّمَ، يَعْنِيْ، مَكَانَ الدَّمْعِ.))

(الصحيحة:١٦٧٩)

حضرت عبداللہ بن قیس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جہنمی اتنا روئیں گے (اور اتنے آنسو روئیں گے کہ) اگر ان میں کشتی چلائی جائے تو وہ بھی چل پڑے گی، وہ پانی کے آنسوؤں کی جگہ خون کے آنسو روئیں گے۔''

تخريج: أخرجه الحاكم: ٤/ ٦٠٥

شرح:...... ہر مومن کو جہنم سے پناہ مانگنی چاہیے، سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جب آدمی ایک دن میں سات مرتبہ جہنم سے پناہ مانگتا ہے تو جہنم خود اس کے حق میں یہ دعا کرتی ہے: اے میرے رب! تیرا فلاں بندہ مجھ سے تیری پناہ چاہ رہا ہے، سو تو اسے پناہ دے دے۔'' (صحیحہ: ٢٥٠٦)

جہنم کا خفیف ترین عذاب

(٣٩٩٨)۔ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: ((إِنَّ أَهْوَنَ أَهْلِ النَّارِ عَذَابًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ رَجُلٌ يُحْذٰى لَهُ نَعْلَانِ مِنْ نَارٍ يَغْلِيْ مِنْهُمَا دِمَاغُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ.))

(الصحيحة:١٦٨٠)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''قیامت والے دن جہنمیوں میں سب سے زیادہ ہلکے عذاب والا وہ آدمی ہوگا جسے آگ کے دو جوتے پہنا دیے جائیں گے، جن کی حرارت سے اس کا دماغ ابلنے لگے گا۔''

تخريج: أخرجه الحاكم: ٤/ ٥٨٠، وأحمد: ٢/ ٤٣٢ و ٤٣٩

جہنم میں گرم پانی کا عذاب

(۳۹۹۹)۔ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِي ﷺ قَالَ: ((اِنَّ الْحَمِيْمَ لَيُصَبُّ عَلَى رُءُوْسِهِمْ، فَيَنْفُذُ الْحَمِيْمُ حَتَّى يَخْلُصَ اِلَى جَوْفِهِ، فَيَسْلُتَ مَا فِي جَوْفِهِ، حَتَّى يَمْرُقَ مِنْ قَدَمَيْهِ، وَهُوَالصَّهْرُ، ثُمَّ يُعَادُ كَمَا كَانَ۔)) (الصحيحة: ٣٤٧٠)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''بیشک گرم پانی ان (جہنمیوں) کے سروں پر بہایا جائے گا، وہ جسم کو چیرتے ہوئے ان کے پیٹ میں جا پہنچے گا اور پیٹ کے اندر جو کچھ ہے اس کو یوں نکال دے گا کہ وہ بہہ کر قدموں کی طرف سے نکل جائے گا، یہی ''صہر'' (پگھلنا) ہے (جس کا ذکر قرآن مجید میں ہے)، پھر ان کو وہی وجود دے دیا جائے گا جو پہلے تھا۔''

تخريج: أخرجه ابن المبارك في "الزهد": ٨٩/ ٣١٢۔ زوائد نعيم۔ ومن طريقه ابن المبارك: رواه الترمذي: ٢٥٨٢، والحاكم: ٢/ ٣٨٧، وعنه البيهقي في "البعث": ٢٨٢/ ٥٧٩، وأحمد: ٢/ ٣٧٤، وابن أبي الدنيا في "صفة النار": ق ٥/ ٢، وأبونعيم في "الحلية": ٨/ ١٨٢، والبغوي في "شرح السنة": ١٥/ ٢٤٤/ ٤٤٠٦ و "التفسير": ٥/ ٣٧٤، وكذا ابن جرير في "تفسيره": ١٧/ ١٠٠

شرح:...... ارشادِ باری تعالی ہے: ﴿يُصْهَرُ بِهٖ مَا فِيْ بُطُوْنِهِمْ وَالْجُلُوْدُ﴾ (سورۂ حج: ٢٠) ..... ''جس سے ان کے پیٹ کی چیزیں اور کھالیں گلا دی جائیں گی۔''

یہ حدیث اسی آیت کا مصداق ہے۔

جہنم کی گہرائی

(٤٠٠٠)۔ عَنْ عُتْبَةَ بْنِ غَزْوَانَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: ((اِنَّ الصَّخْرَةَ الْعَظِيْمَةَ لَتُلْقَى مِنْ شَفِيْرِ جَهَنَّمَ، فَتَهْوِيْ فِيْهَا سَبْعِيْنَ عَامًا مَا تُفْضِيْ اِلَى قَرَارِهَا۔)) (الصحيحة: ١٦١٢)

حضرت عتبہ بن عزوان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اگر کوئی بڑی چٹان جہنم میں اس کے کنارے سے گرائی جائے تو وہ اس کی تہہ تک پہنچنے کے لیے ستر سال تک گرتی رہے گی۔''

تخريج: أخرجه الترمذي: ٣/ ٣٤١، وأخرجه مسلم: ٨/ ٢١٥، وأحمد: ٤/ ١٧٤ بلفظ: ((..... فانه قد ذكر لنا ان الحجر يُلقى من شَفَة النار فيهوى فيها سبعين عام لا يدرك لها قعرا۔))

(٤٠٠١)۔ عَنْ اَبِي مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ مَرْفُوْعًا: ((لَوْاَنَّ حَجَرًا يُقْذَفُ بِهٖ فِي

حضرت ابوموسی اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اگر پتھر کو جہنم میں پھینک دیا جائے تو وہ

جَهَـنَّمَ، هَوٰى سَبْعِيْنَ خَرِيْفًا قَبْلَ اَنْ يَّبْلُغَ قَعْرَهَا۔)) (الصحيحة:٢١٦٥)

اس کی آخری تہہ تک پہنچنے کے لیے ستر سال تک گرتا رہے گا۔''

تخريج: أخرجه أبويعلى:٤/ ١٧٣٩، والبزار:٣١٥، وابن حبان:٢٦٠٩

شرح:...... انسان کو جو زندگی عطا کی گئی، یہ انتہائی ناپائیدار اور بہت مختصر ہے، للہذا ایسا نہ ہو کہ یہ معمولی وقفہ دنیا کی بھنور میں گردش کرتے کرتے گزر جائے۔ دیکھئے! ناعاقبت اندیش لوگوں کا انجام، کہ آخرت کی جس گھاٹی میں انھوں نے رہنا ہے، اس کہ تہہ تک پہنچتے پہنچتے ستر سال بیت جائیں گے۔

ہم اپنی ساٹھ ستر سالہ زندگی پر نازاں ہیں، اپنی ترجیحات کے نفوذ میں اپنی برتری سمجھتے ہیں، دنیوی منصوبہ بندیوں کو ہی کامیابی و کامرانی کے لیے کافی وشافی سمجھ بیٹھے ہیں، حالانکہ اتنا عرصہ تو جہنمیوں کو جہنم کی تہہ میں پہنچتے پہنچتے بیت جائے گا۔ اے اللہ! ہمیں اپنی پناہ میں رکھیو۔ (آمین)

جہنم کی وسعت

(٤٠٠٢)۔ عَـنْ مُـجَـاهِدٍ، قَالَ: قَالَ ابْنُ عَبَّـاسٍ: اَتَـدْرِيْ مَا سِعَةُ جَهَنَّمَ؟ قُلْتُ لَا۔ قَـالَ: اَجَلْ وَاللّٰهِ مَاتَدْرِيْ، اِنَّ بَيْنَ شَحْمَةِ أُذُنِ اَحَـدِهِـمْ وَبَيْـنَ عَاتِقِهٖ مَسِيْرَةُ سَبْعِيْنَ خَـرِيْـفًا، تَجْرِيْ فِيْهَا اَوْدِيَةُ الْقَيْحِ وَالدَّمِ۔ قُـلْـتُ:اَنْهَارًا؟ قَالَ لَا، بَلْ اَوْدِيَةٌ، ثُمَّ قَالَ: اَتَدْرُوْنَ مَاسَعَةُ جَهَنَّمَ؟ قُلْتُ:لَا۔ قَالَ اَجَلْ وَاللّٰـهِ مَـاتَـدْرِيْ۔ حَـدَّثَتْنِيْ عَائِشَةُ اَنَّهَا سَـاَلَـتْ رَسُـوْلَ اللّٰـهِ ﷺ عَـنْ قَـوْلِـهٖ: ﴿وَالْاَرْضُ جَـمِـيْـعًـا قَبْـضَتُهٗ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَالسَّـمٰـوَاتُ مَـطْـوِيَّـاتٌ بِـيَـمِـيْـنِـهٖ﴾ (الـزمـر:٦٧)۔)) فَـاَيْـنَ الـنَّـاسُ يَوْمَئِذٍ يَا رَسُـوْلَ الـلّٰـهِ؟ قَـالَ: ((هُـمْ عَلٰى جَسْرِ جَهَنَّمَ)) (الصحيحة:٥٦١)

امام مجاہد بیان کرتے ہیں کہ حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے مجھے کہا: کیا تجھے جہنم کی وسعت کا علم ہے؟ میں نے کہا: نہیں۔ انھوں نے کہا: جی ہاں، اللہ کی قسم! آپ کو واقعی علم نہیں ہوگا۔ (سنو! ایک جہنمی کے) کان کی لو اور کندھے کے درمیان کا فاصلہ ستر سال کی مسافت کا ہوگا، وہاں پیپ اور خون کی وادیاں چل رہی ہوں گی۔ میں نے کہا: نہریں چلیں گی؟ انھوں نے کہا: نہریں نہیں، وادیاں۔ پھر فرمایا: کیا تجھے جہنم کی وسعت کا علم ہے؟ میں نے کہا: نہیں۔ انھوں نے کہا: جی ہاں، اللہ کی قسم! آپ کو واقعی علم نہیں ہو گا۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے مجھے بیان کیا کہ انھوں نے رسول اللہ ﷺ سے اس آیت کے بارے میں سوال کیا: ﴿اور ساری زمین قیامت کے دن اس کی مٹھی میں ہوگی اور تمام آسمان اس کے داہنے ہاتھ میں لپیٹے ہوں گے۔﴾ (سورۂ زمر: ٦٧) کہ اے اللہ کے رسول! (جب زمین و آسمان کی یہ کیفیت ہوگی تو) اس وقت لوگ کہاں ہوں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''وہ اس وقت جہنم کے پل (یعنی پل صراط) پر ہوں گے۔''

تخريج: أخرجه أحمد: ٦/ ١١٦۔١١٧

شرح:...... جس جہنم میں اتنی بڑی جسامت کے بے شمار جہنمی سما جائیں گے، جس میں کئی ندیاں بہتی ہوں گے اور جس کے پل صراط پر ساری کی ساری مخلوق کھڑی ہو جائے گی، اس کی وسعت کا آسانی کے ساتھ اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ اللہ کی پناہ۔

آپ ﷺ کی امت کے بارہ منافق اور ان کا انجامِ بد

(٤٠٠٣)۔ عَنْ قَيْسِ بْنِ عُبَّادٍ قَالَ قُلْنَا لِعَمَّارٍ: اَرَاَيْتَ قِتَالَكُمْ، اَرَاْيًا رَاَيْتُمُوْهُ، فَاِنَّ الرَّأْيَ يُخْطِئُ وَيُصِيْبُ، اَوْعَهْدًا عَهِدَهُ اِلَيْكُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ؟ فَقَالَ: مَا عَهِدَ اِلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ شَيْئًا لَمْ يَعْهَدْهُ لِلنَّاسِ كَافَّةً۔ وَقَالَ: اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: ((اِنَّ فِيْ اُمَّتِيَ اثْنَيْ عَشَرَ مُنَافِقًا، لَا يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ وَلَا يَجِدُوْنَ رِيْحَهَا، حَتّٰى يَلِجَ الْجَمَلُ فِيْ سَمِّ الْخِيَاطِ، ثَمَانِيَةٌ مِنْهُمْ تَكْفِيْكَهُمُ الدُّبَيْلَةُ: سِرَاجٌ مِنْ نَارٍ يَظْهَرُ فِيْ اَكْتَافِهِمْ حَتّٰى يَنْجَمَ مِنْ صُدُوْرِهِمْ)) (الصحيحة: ٣٥٣٧)

قیس بن عباد کہتے ہیں: ہم نے حضرت عمار رضی اللہ عنہ سے پوچھا: اس لڑائی کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے؟ کیا یہ تم لوگوں کی اپنی رائے کا نتیجہ ہے، جس میں غلط یا درست ہونے کا احتمال پایا جاتا ہے، یا پھر رسول اللہ ﷺ نے تمہیں اس قسم کی وصیت فرمائی ہے؟ انھوں نے کہا: رسول اللہ ﷺ نے ہمیں کوئی مخصوص نصیحت نہیں فرمائی، آپ نے اتنا ضرور فرمایا: ''میری امت میں بارہ منافق ہوں گے، وہ جنت میں اس وقت تک داخل نہیں ہوں گے اور نہ ہی اس کی خوشبو پائیں گے، جب تک اونٹ سوئی کے نکے میں سے داخل نہ ہو جائے۔ ان میں سے آٹھ کو تو بڑی آفت (پھوڑا یا ورم) ہی کافی ہے، یعنی آگ کا ایک شعلہ ان کے کندھوں میں ظاہر ہو کر (اندر گھس جائے گا اور) وہ سینے سے نمودار ہوگا۔''

تخريج: أخرجه مسلم: ٨/ ١٢٣، وأحمد: ٤/ ٣٢٠، والبيهقي في "الدلائل": ٥/ ٢٦٢، والبغوي في "التفسير": ٤/ ٦٩

شرح:...... یعنی جس طرح اونٹ کا سوئی کے نکے میں داخل ہونا ناممکن ہے، اسی طرح ان منافقوں کا جنت میں داخل ہونا محال ہے۔

جہنم کے سانپ اور بچھو اور ان کا زہر

(٤٠٠٤)۔ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ جُزْءٍ الزُّبَيْدِيِّ صَاحِبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ: ((اِنَّ فِي النَّارِ حَيَّاتٍ اَمْثَالَ اَعْنَاقِ الْبُخْتِ، يَلْسَعْنَ اللَّسْعَةَ، فَيَجِدُ حُمُوَّتَهَا اَرْبَعِيْنَ خَرِيْفًا

صحابی رسول سیدنا عبداللہ بن حارث بن جزء زبیدی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جہنم میں بختی اونٹوں کی گردنوں کی طرح سانپ ہیں، جب وہ ڈنگ مارتے ہیں تو چالیس سال تک ان کے زہر کے درد کی شدت محسوس ہوتی رہتی ہے اور اس میں پالان رکھے ہوئے خچروں

وَإِنَّ فِيْهَا لَعَقَارِبَ كَالْبِغَالِ الْمُوْكَفَةِ، يَلْسَعْنَ اللَّسْعَةَ، فَيَجِدُ حُمُوَّتَهَا أَرْبَعِيْنَ خَرِيْفًا۔)) (الصحيحة:٣٤٢٩)

کی طرح کے (بڑے بڑے) بچھو ہیں، جب وہ ڈستے ہیں تو چالیس سال تک زہر کا اثر محسوس ہوتا رہتا ہے۔"

تخريج: أخرجه البيهقي في"البعث والنشور": ٢٩٨/ ٦١٦، وأحمد: ٤/ ١٩١، والحاكم: ٤/ ٥٩٣، وابن حبان: ٢٦١٣ دون الشطر الثاني منه

جہنم کے عذاب کے مختلف درجات

(٤٠٠٥)۔ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ أَنَّهُ سَمِعَ نَبِيَّ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ: ((إِنَّ مِنْهُمْ مَنْ تَأْخُذُهُ النَّارُ إِلٰى كَعْبَيْهِ، وَمِنْهُم مَنْ تَأْخُذُهُ النَّارُ إِلٰى رُكْبَتَيْهِ، وَمِنْهُم مَنْ تَأْخُذُهُ إِلٰى حُجزَتِهِ، وَمِنْهُم مَنْ تَأْخُذُهُ إِلٰى عُنُقِهِ۔)) (الصحيحة: ٣٥٤٥)

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انھوں نے نبی کریم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا: "آگ بعض جہنمیوں کو ٹخنوں تک جلائے گی، بعض کو گھٹنوں تک جلائے گی، بعض کو کمر تک اور بعض کو گردن تک جلا دے گی۔"

تخريج: أخرجه مسلم: ٨/ ١٥٠، وابن أبي شيبة في"المصنف": ١٦٠٢٦، وأحمد: ٥/ ١٠، ١٨، و الطبراني في"المعجم الكبير": ٦٩٦٩، ٦٩٧٠

شرح:...... جہنم کی آگ نے اللہ تعالیٰ کا دیا ہوا شعور قبول کیا، جس کی روشنی میں وہ بندوں کو ان کے گناہوں کے مطابق جلا رہی ہے۔ کاش! اشرف المخلوقات بھی اپنے شعور و آگہی کو دنیا و آخرت دونوں کے لیے استعمال کر لیتے۔

بنو آدم کا انجام

(٤٠٠٦)۔ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ الْأَوْدِيِّ قَالَ: قَامَ فِيْنَا مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ، فَقَالَ: يَا بَنِيْ أَوْدٍ! إِنِّيْ رَسُوْلُ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ: ((تَعْلَمُوْنَ الْمَعَادَ إِلَى اللّٰهِ، ثُمَّ إِلَى الْجَنَّةِ أَوْ إِلَى النَّارِ، وَإِقَامَةٌ لَا ظَعْنَ فِيْهِ، وَخُلُوْدٌ لَا مَوْتَ، فِيْ أَجْسَادٍ لَا تَمُوْتُ۔)) (الصحيحة:١٦٦٨)

عمرو بن میمون اودی کہتے ہیں کہ ہم میں حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور کہا: اے بنو اود! میں رسول اللہ ﷺ کا قاصد ہوں، آپ ﷺ نے فرمایا: "تم جانتے ہو کہ ہم نے اللہ تعالیٰ کی طرف لوٹنا ہے، پھر جنت یا جہنم کی طرف۔ وہ ایسی (مستقل) اقامت گاہ ہے کہ وہاں سے روانگی نہیں ہو گی، وہ ایسی ہمیشگی ہے کہ جس میں موت نہیں آئے گی اور وہاں ایسے جسم ہوں گے جو مرنے والے نہیں ہوں گے۔"

تخريج: أخرجه الحاكم: ١/ ٨٣، وروى الطبراني فى "الكبير" و "الاوسط" نحوه

شرح:...... ایک قبیلے کا نام ''اوذ'' ہے، اس قبیلے والوں کو بنو اود کہہ کر پکارا۔ اور ان کو اس بات کی یاد دہانی کروائی کہ آخرت کی زندگی دنیا کی زندگی کی طرح نہیں ہوگی، وہاں تو انسانوں کے جسم اس طرز کے ہوں گے کہ ان کو موت ہی نہیں آئے گی، یعنی ان کو اس بات کی تلقین کی کہ اگر تم نے اس دنیا میں برے اعمال کیے تو تمہارا ٹھکانہ جہنم ہوگا جس میں کبھی بھی انسان کو موت نہیں آئے گی اسی طرح اگر تم یہ چاہتے ہو کہ تمہارا ٹھکانہ جنت ہو تو پھر تمہیں اچھے اعمال کرنے چاہئیں۔

جنت اور جہنم کے دروازوں کی تعداد

(٤٠٠٧)۔ عَنْ عُتْبَةَ بْنِ عَبْدِالسُّلَمِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ: ((اَلْجَنَّةُ لَهَا ثَمَانِيَةُ اَبْوَابٍ، وَالنَّارُ لَهَا سَبْعَةُ اَبْوَابٍ۔)) (الصحيحة:١٨١٢)

حضرت عتبہ بن عبد سلمی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا: ''جنت کے آٹھ دروازے ہیں، جبکہ دوزخ کے سات۔''

تخريج: أخرجه أحمد: ٤/ ١٨٥، وابن سعد: ٧/ ٤٣٠

سورج اور چاند جہنم میں ہوں گے

(٤٠٠٨)۔ عَنْ عَبْدِالْعَزِيْزِ بْنِ الْمُخْتَارِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ الدَّنَّاجِ: شَهِدْتُ اَبَاسَلِمَةَ بْنَ عَبْدِالرَّحْمٰنِ جَلَسَ فِيْ مَسْجِدٍ فِيْ زَمَنِ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَالِدِ بْنِ اُسَيْدٍ، قَالَ: فَجَاءَ الْحَسَنُ فَجَلَسَ اِلَيْهِ فَتَحَدَّثْنَا، فَقَالَ اَبُوْ سَلِمَةَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: ((اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ ثَوْرَانِ مُكَوَّرَانِ فِيْ النَّارِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔)) فَقَالَ الْحَسَنُ: مَاذَنْبُهُمَا؟ فَقَالَ: اِنَّمَا اُحَدِّثُكَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ، فَسَكَتَ الْحَسَنُ۔

(الصحيحة:١٢٤)

عبدالعزیز بن مختار بن عبداللہ دناج کہتے ہیں کہ میں خالد بن عبد اللہ بن خالد بن اسید کے عہد میں ایک مسجد میں ابو سلمہ بن عبدالرحمٰن کے ساتھ بیٹھا تھا۔ حسن بھی آکر بیٹھ گئے، ہم گفتگو کرتے رہے، دورانِ گفتگو ابو سلمہ نے کہا: ہمیں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''قیامت والے دن سورج اور چاند دونوں دوزخ میں لپٹے ہوئے ہوں گے اور ان کا رنگ سرخ ہوگا۔'' حسن نے کہا: ان کا کیا گناہ ہے؟ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا: میں تجھے رسول اللہ ﷺ کی حدیث بیان کر رہا ہوں۔ یہ سن کر حسن خاموش ہو گیا۔

تخريج: أخرجه الامام الطحاوى فى "مشكل الآثار": ١/ ٦٦۔٦٧

شرح:...... امام البانی رحمہ اللہ لکھتے ہیں: اس حدیث کا مفہوم یہ نہیں کہ سورج اور چاند کو کسی گناہ کے جرم میں جہنم میں ڈالا جائے گا، جیسا کہ حسن بصری کا خیال تھا، کیونکہ اللہ تعالیٰ اپنی اطاعت کرنے والوں کو عذاب نہیں دیتا اور سورج

اور چاند اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرنے والے ہیں، جیسا کہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے: ﴿اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَسْجُدُ لَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَنْ فِي الْاَرْضِ وَ الشَّمْسُ وَ الْقَمَرُ وَ النُّجُوْمُ وَ الْجِبَالُ وَ الشَّجَرُ وَالدَّوَآبُّ وَ كَثِيْرٌ مِّنَ النَّاسِ وَ كَثِيْرٌ حَقَّ عَلَيْهِ الْعَذَابُ﴾ (سورۂ حج: ١٨) ... ''کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ جو کچھ آسمانوں اور زمینوں میں وہ سب اللہ تعالیٰ کو سجدہ کرتا ہے اور سورج، چاند، ستارے، پہاڑ، درخت، چوپائے اور اکثر لوگ بھی (اللہ تعالیٰ کے حضور) سجدہ کرتے ہیں، لیکن کثیر لوگوں پر عذاب ثابت ہو چکا ہے۔''

اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں بتایا ہے کہ جو مخلوق اس کو سجدہ کرتی ہے وہ اس کے عذاب کی مستحق نہیں ہے۔ لیکن سوال یہ ہے کہ ان کو آگ میں کیوں ڈالا جائے گا۔ جواباً دو احتمالات کا اظہار کیا جا سکتا ہے:

(**اول**) یہ دونوں آگ کا ایندھن ہیں، اسماعیلی نے کہا: سورج اور چاند کو آگ میں پھینکنے سے ان کا عذاب دینا لازم نہیں آتا، کیونکہ بعض فرشتے، پتھر اور عذاب وعقاب کے دوسرے آلات بھی جہنم میں ہوں گے، یہ تمام چیزیں جہنمیوں کے عذاب وعقاب میں اضافے کا سبب ٹھہریں گی، نہ کہ ان کو خود عذاب دیا جائے گا۔

(**دوم**) سورج اور چاند کی پوجا کرنے والوں کی سرزنش کرنے کے لیے اور ان کو لاجواب کرنے کے لیے ان کو جہنم میں ڈال دیا جائے گا۔ خطابی نے کہا: ان کو آگ میں ڈالنے کا مقصود ان کو عذاب دینا نہیں ہے، بلکہ ان کو ملامت کرنا مقصود ہے جو سورج اور چاند کی عبادت کرتے تھے، تاکہ ان کو پتہ چل جائے کہ ان کی عبادت باطل تھی۔

میں (البانی) کہتا ہوں: یہی معنی زیادہ مناسب معلوم ہو رہا ہے اور (فتح الباری: ٦/ ٢١٤) میں ابو یعلی کے حوالے سے پیش کی گی سیدنا انس رضی اللہ عنہ کی روایت اس معنی کی تائید کرتی ہے، وہ ان الفاظ پر مشتمل ہے: ((لیراھما من عبدھما)) ... ''تاکہ ان کی عبادت کرنے والے ان کو دیکھ لیں۔'' مجھے یہ روایت مسند ابی یعلی میں نہیں ملی۔ واللہ اعلم۔

نیز معلوم ہوا کہ جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کوئی ارشاد فرما دیں، وہ کسی کی عقل کے موافق ہو یا نہ ہو، اس کو بہرصورت چاہیے کہ اس کے سامنے سرِ تسلیم خم کر دے، کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمودات کی بنیاد اللہ تعالیٰ کی رضامندی پر ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ جو چاہے، جیسے چاہے اور جب چاہے کر سکنے کا بھرپور اقتدار رکھتا ہے۔

لوگوں کی پٹائی کرنے والوں اور برہنہ اور نیم برہنہ عورتوں کا انجامِ بد

(٤٠٠٩)۔ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ مَرْفُوْعًا: ((صِنْفَانِ مِنْ اَهْلِ النَّارِ لَمْ اَرَهُمَا، قَوْمٌ مَعَهُمْ سِيَاطٌ كَاَذْنَابِ الْبَقَرِ يَضْرِبُوْنَ بِهَا النَّاسَ، وَنِسَاءٌ كَاسِيَاتٌ عَارِيَاتٌ، مُمِيْلَاتٌ مَائِلَاتٌ، رُؤُوْسُهُمْ كَاَسْنِمَةِ الْبُخْتِ الْمَائِلَةِ، لَا يَدْخُلْنَ الْجَنَّةَ وَلَا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''میں نے جہنم میں جانے والے دو قسم کے لوگ ابھی تک نہیں دیکھے۔ (۱) وہ لوگ جن کے پاس گائیوں کی دموں کی طرح کوڑے ہوتے ہیں اور وہ ان سے لوگوں کی پٹائی کرتے ہیں۔ اور (۲) وہ عورتیں جو لباس پہننے کے باوجود ننگی ہوں گی، لوگوں کو اپنی طرف مائل کریں گی اور خود ان کی

يَجِدْنَ رِيْحَهَا، وَاِنَّ رِيْحَهَا لَتُوْجَدُ مِنْ مَسِيْرَةِ كَذَا وَ كَذَا۔)) (الصحيحة:١٣٢٦)

طرف مائل ہوں گی، ان کے سر بختی اونٹوں کی کوہانوں کی طرح ہوں گے۔ ایسی عورتیں جنت میں داخل ہوں گی نہ اس کی خوشبو پائیں گی، حالانکہ اس کی خوشبو بہت دور سے ہی محسوس کی جاتی ہے۔‘‘

تخريج: أخرجه مسلم: ٨/ ١٥٥، والبيهقي: ٢/ ٢٣٤، وأحمد: ٢/ ٣٥٥، ٤٤٠

شرح:...... نبی کریم ﷺ کے عہدِ مبارک میں تو لوگوں کی یہ اقسام معدوم تھیں، لیکن آجکل ایسے معلوم ہوتا ہے کہ روئے زمین پر صرف یہی دو قسمیں بستی ہیں۔ ہر طرف بے پردگی اور نیم برہنہ جسموں کا بھوت رقص کناں ہے، بازاروں میں بے حیائی و بے شرمی و بدکاری کے اسباب دستیاب ہیں، عورتوں نے دو دو چار چار ہزاروں کی پوشاکیں زیب تن کر رکھی ہیں، لیکن اس کے باوجود وہ بے پردہ ہیں، چہروں کو یوں رنگ و روغن کیا ہوا ہوتا ہے کہ جنسی بے راہ روی میں مبتلا انسانی بھیڑیوں کی نگاہیں جم جاتی ہیں۔ والدین کی غیرت وحمیت کا جنازہ اٹھ گیا کہ ان کی بیٹیاں بازاریوں سے ناک کان چھدوا رہی ہیں، چوڑیاں فٹ کروا رہی ہیں اور اپنے بازوؤں پر مہندی کے ڈیزائن بنوا رہی ہیں۔ العیاذ باللہ۔ یہ وہ قسم ہے جو نبی کریم ﷺ کے عہد میں نظر نہیں آتی تھی۔

دوسری طرف انسانیت کی تذلیل کرنے والی ڈنڈا بردار اور اسلحہ سے لیس سرکاری، نیم سرکاری اور پرائیویٹ تنظیمیں پورے جوبن پر ہیں، قتل و غارت گری پورے عروج پر ہے، مرنے والے کو کوئی علم نہیں کہ اسے کیوں مارا جا رہا ہے اور مارنے والا تو اپنی کاروائی کی وجہ دریافت کرنے کی سوچ و بچار سے ہی غافل ہے۔ انسانیت کا بالعموم اور اسلامیوں کا بالخصوص احترام راکھ میں مل چکا ہے۔ ١٣، ١٤ مئی ٢٠٠٧ء کو چیف جسٹس افتخار کی کراچی آمد پر عوام الناس کے ساتھ کیا سلوک کیا گیا؟ یتیم اور بے سہارا ہونے والے بچوں سے استفسار کیا جائے۔

جہنمی لوگ جنت میں اپنا مقام اور جنتی لوگ جہنم میں اپنا مقام دیکھیں گے

(٤٠١٠)۔ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: ((كُلُّ اَهْلِ النَّارِ يَرٰى مَقْعَدَهٗ مِنَ الْجَنَّةِ فَيَقُوْلُ: لَوْاَنَّ اللّٰهَ هَدَانِيْ، فَيَكُوْنُ عَلَيْهِمْ حَسْرَةٌ وَكُلُّ اَهْلِ الْجَنَّةِ يَرٰى مَقْعَدَهٗ مِنَ النَّارِ، فَيَقُوْلُ: لَوْلَا اَنَّ اللّٰهَ هَدَانِيْ۔ فَيَكُوْنُ لَهٗ شُكْرًا، ثُمَّ تَلَا رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ﴿اَنْ تَقُوْلَ نَفْسٌ يّٰحَسْرَتٰا عَلٰى مَا فَرَّطْتُّ فِيْ جَنْبِ اللّٰهِ﴾ (الزمر:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ’’ہر جہنمی جنت میں اپنا ٹھکانہ دیکھ کر کہے گا: ہائے کاش! اگر اللہ تعالیٰ نے مجھے ہدایت دی ہوتی (تو وہ مقام میرا ٹھکانہ ہوتا)۔ یہ چیز اس کے لیے حسرت و ندامت کا باعث ٹھہرے گی اور ہر جنتی جہنم میں اپنا ٹھکانہ دیکھ کر کہے گا: اگر اللہ تعالیٰ نے مجھے ہدایت نہ دی ہوتی (تو وہ مقام میرا ٹھکانہ ہوتا)۔ یہ چیز اس کے لیے اللہ تعالیٰ کا شکریہ ادا کرنے کا باعث ہوگی۔‘‘ پھر رسول اللہ ﷺ نے یہ آیت تلاوت فرمائی: ﴿(ایسا نہ ہو

٥٦)......)) (الصحيحة:٢٠٣٤)

کہ) کوئی شخص کہے: ہائے افسوس! اس بات پر کہ میں نے اللہ تعالی کے حقوق میں کوتاہی کی بلکہ میں تو مذاق اڑانے والوں میں سے رہا۔﴾ (سورۂ زمر:٥٦)

تخريج: أخرجه الحاكم: ٢/ ٤٣٥ـ٤٣٦، وأحمد: ٢/ ٥١٢، والخطيب: ٥/ ٢٤

شرح:...... یہ دنیا میں بے فکری اور من مانی طرزِ حیات کا نتیجہ ہے کہ جہنم میں جانے کے بعد بھی حسرتوں میں اضافہ ہو رہا ہے۔ ہمیں چاہئے کہ سرسری اسلام کو ترک کر دیں اور سنجیدگی کے ساتھ اپنی زندگی کے معاملات اور اسلامی احکام و مسائل کا آپس میں موازنہ کریں۔

جنت سے محروم رہنے والوں کی علامات

(٤٠١١)۔ عَنْ عَلِيِّ بْنِ خَالِدٍ، قَالَ: مَرَّ أَبُوْ أُمَامَةَ الْبَاهِلِيُّ عَلٰى خَالِدِ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ مُعَاوِيَةَ، فَسَأَلَهُ عَنِ اَلْيَنِ كَلِمَةٍ سَمِعَهَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ: ((كُلُّكُمْ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ إِلَّا مَنْ شَرَدَ عَلَى اللّٰهِ شِرَادَ الْبَعِيْرِ عَلٰى أَهْلِهِ۔)) (الصحيحة:٢٠٤٣)

علی بن خالد کہتے ہیں کہ حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ خالد بن یزید بن معاویہ کے پاس سے گزرے، اس نے ان سے رسول اللہ ﷺ سے سنے ہوئے انتہائی نرم کلمے کے بارے میں سوال کیا۔ انھوں نے کہا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا: ''تم میں سے ہر کوئی جنت میں داخل ہو گا، ماسوائے اس کے جس نے اللہ تعالی پر اس طرح بغاوت کی، جس طرح اونٹ اپنے مالک پر بدک جاتا ہے۔''

تخريج: أخرجه الحاكم في "المستدرك": ٤/ ٣٤٧، وأحمد: ٥/ ٢٥٨

شرح:...... اللہ تعالی کے فرائض و واجبات کو ترک کرنا اور محرمات و ممنوعات کا ارتکاب کرنا بغاوت اور سرکشی کہلاتا ہے۔ جو اونٹ جس مالک کا کھاتا ہے اگر اسی کے سامنے بدکنا شروع کر دے تو اس کا کیا علاج کیا جاتا ہے، ہر کوئی جانتا ہے۔ جو بچہ اپنے غیرت مند اور خیر خواہ باپ کے منصوبوں پر کراس لگاتا ہے، اسے کون سا انجام بھگتنا پڑتا ہے، ہر ایک کے لیے واضح ہے۔ اللہ تعالی کا معاملہ بھی یہی ہے کہ جو بھی اس کے قوانین سے پہلوتہی اختیار کرے گا، اسے اس جرم کی سزا بھگتنا پڑے گی، لیکن جب سزا کا وقت آئے گا تو اس وقت کا پچھتاوا، اس وقت کا افسوس اور اس وقت کی حسرت کچھ کام نہ آئے گی۔

سیدنا عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ((...... فانما المؤمن كالجمل الانف، حيثما قيد انقاد۔)) (ابن ماجه) ...... ''مومن کی مثال تو نکیل شدہ اونٹ کی طرح ہے، کہ جب اس کی نکیل یا لگام کو پکڑ کر اس کے آگے آگے چلا جاتا ہے تو وہ مطیع ہو کر پیچھے پیچھے چل پڑتا ہے۔''

(٤٠١٢)۔ عَنْ أَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ، قَالَ:

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول

قَالَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ: ((وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ، لَتَدْخُلُنَّ الْجَنَّةَ كُلُّكُمْ اِلَّا مَنْ أَبٰى، وَشَرَدَ عَلَى اللهِ كَشُرُوْدِ الْبَعِيْرِ۔)) قَالُوْا: وَمَنْ يَأْبٰي اَنْ يَدْخُلَ الْجَنَّةَ؟ فَقَالَ: ((مَنْ اَطَاعَنِيْ دَخَلَ الْجَنَّةَ، وَمَنْ عَصَانِيْ فَقَدْ اَبٰى۔)) (الصحيحة: ٢٠٤٤)

اللہ ﷺ نے فرمایا: ”اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے! تم سارے لوگ جنت میں داخل ہو گے، ماسوائے ان کے جو انکار کر دیتے ہیں اور اونٹ کے بدکنے کی طرح (اللہ اور رسول کی) اطاعت سے بغاوت کر جاتے ہیں۔“ صحابہ نے عرض کی: بھلا جنت میں جانے سے کون انکار کرتا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جس نے میری اطاعت کی وہ جنت میں داخل ہوگا اور جس نے میری نافرمانی کی، اس نے (گویا جنت میں داخل ہونے سے) انکار کر دیا۔“

تخريج: رواه الطبراني في "الأوسط": ورجاله رجال الصحيح

ایک جہنمی کی نحوست

(٤٠١٣)۔ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: ((لَوْ كَانَ فِيْ هٰذَا الْمَسْجِدِ مِئَةُ اَلْفٍ اَوْ يَزِيْدُوْنَ، وَفِيْهِ رَجُلٌ مِنْ اَهْلِ النَّارِ فَتَنَفَّسَ فَاَصَابَهُمْ نَفْسُهُ لَاحْتَرَقَ الْمَسْجِدُ وَمَنْ فِيْهِ۔))

(الصحيحة: ٢٥٠٩)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”اگر اس مسجد میں ایک لاکھ یا زائد افراد بیٹھے ہوئے ہوں اور ان میں ایک جہنمی آدمی سانس لے لے، تو اس کے اثر سے مسجد تمام لوگوں سمیت جل جائے گی۔“

تخريج: أخرجه البزار: ٣٤٩٩، وأبو يعلى في "مسنده": ٤/ ١٥٧٣۔١٥٧٤، وابن أبي الدنيافي "صفة النار": ق٨/ ٢، وأبو نعيم في "الحلية": ٤/ ٣٠٧

شرح:...... لیکن دوزخ میں رہنے والے ہمیشہ زندہ رہیں گے، ان کو کیسی قوت و طاقت دی جائے گی کہ وہ ایسے ٹھکانے میں پہنچ کر پھر بھی زندہ رہیں گے۔ بس یہی کہا جا سکتا ہے کہ ” إِنَّ اللّٰهَ فَعَّالٌ لِمَا يُرِيْدُ “

جنت اور جہنم کا بندے کیلیے سفارش کرنا

(٤٠١٤)۔ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: ((مَا اسْتَجَارَ عَبْدٌ مِنَ النَّارِ سَبْعَ مَرَّاتٍ فِيْ يَوْمٍ، اِلَّا قَالَتِ النَّارُ: يَا رَبِّ اِنَّ عَبْدَكَ فُلَانًا قَدِ اسْتَجَارَكَ مِنِّيْ فَاَجِرْهُ۔ وَلَا يَسْاَلُ اللّٰهَ عَبْدٌ الْجَنَّةَ فِيْ يَوْمٍ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”جب آدمی ایک دن میں سات دفعہ آگ سے (اللہ کی) پناہ مانگتا ہے تو جہنم کہتی ہے: اے میرے رب! تیرا فلاں بندہ مجھ سے پناہ مانگ رہا ہے، پس تو اسے پناہ دے دے۔ اسی طرح جو آدمی ایک دن میں سات بار اللہ تعالی سے

سَبْعَ مَرَّاتٍ إِلَّا قَالَتِ الْجَنَّةُ: يَا رَبِّ! إِنَّ عَبْدَكَ فُلَانًا سَأَلَنِيْ، فَأَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ۔)) (الصحيحة: ٢٥٠٦)

جنت کا سوال کرتا ہے تو جنت کہتی ہے: اے میرے ربّ! تیرا فلاں بندہ تجھ سے میرا سوال کر رہا ہے، سو تو اسے جنت میں داخل کر دے۔''

تخريج: أخرجه أبو يعلى في "مسنده": ٤/ ١٤٧٣، والضياء أيضا في "صفة الجنة": ٣/ ٨٩/ ١

شرح: ...... امام البانی رحمہ اللہ لکھتے ہیں: دمشق وغیرہ میں بعض لوگ نمازِ فجر کے بعد بآواز بلند سات دفعہ جنت کا سوال کرتے ہیں اور سات بار جہنم سے پناہ مانگتے ہیں۔ اس انداز سے اس حدیث پر عمل کرنا نہ اس حدیث سے اور نہ کسی دوسری دلیل سے ثابت ہوتا ہے۔ یہ ذکر کسی نماز یا نماز با جماعت کے ساتھ خاص نہیں ہے، بلکہ مطلق ہے اور جس عمل کو شارع علیہ السلام نے مطلق رکھا ہو، اسے کسی زمان و مکاں کے ساتھ خاص نہیں کیا جا سکتا، جیسا کہ شریعت کے مقید کو مطلق نہیں کیا جا سکتا۔ پس جو آدمی اس حدیث پر عمل کرنا چاہے وہ دن یا رات کی کسی گھڑی میں یا قبل از نماز یا بعد از نماز یہ عمل کر سکتا ہے۔ یہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباعِ محض ہوگی اور ان شاء اللہ اخلاص بھی نصیب ہوگا۔

رہا مسئلہ اس حدیث کا: ((إِذَا صَلَّيْتَ الصُّبْحَ فَقُلْ قَبْلَ أَنْ تَتَكَلَّمَ: اَللّٰهُمَّ أَجِرْنِيْ مِنَ النَّارِ سَبْعَ مَرَّاتٍ ......)) ...... ''جب نماز فجر ادا کر لے تو (کسی سے) کلام کرنے سے پہلے یہ دعا سات دفعہ پڑھا کر: اے اللہ! مجھے جہنم سے پناہ دے......'' تو گزارش ہے کہ یہ روایت ضعیف ہے، سلسلہ ضعیفہ (١٦٢٤) میں اس کی تخریج و تحقیق پیش کی گئی ہے۔ اس کو ''حسن'' کہنے والوں کی بات مان کر دھوکے میں نہیں پڑنا چاہیے، کیونکہ ان سے خطا واقع ہوئی ہے۔ (صحیحہ: ٢٥٠٦) ہمیں چاہیے کہ ہم دن میں سات مرتبہ اللہ تعالی سے جنت کا سوال کریں اور سات مرتبہ جہنم سے اس کی پناہ طلب کریں۔

ہر فرد کے لیے دو منازل میں سے ایک منزل معین ہے

(٤٠١٥)۔ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: ((مَامِنْكُمْ مِنْ أَحَدٍ إِلَّا لَهُ مَنْزِلَانِ: مَنْزِلٌ فِي الْجَنَّةِ، وَمَنْزِلٌ فِي النَّارِ، فَإِذَا مَاتَ فَدَخَلَ النَّارَ، وَرِثَ أَهْلُ الْجَنَّةِ مَنْزِلَهُ، فَذٰلِكَ قَوْلُهُ تَعَالَى: ﴿أُولٰئِكَ هُمُ الْوَارِثُوْنَ﴾ (المومنون: ١٠))) (الصحيحة: ٢٢٧٩)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''تم میں سے ہر آدمی کے دو ٹھکانے ہیں: ایک ٹھکانہ جنت میں ہے اور دوسرا جہنم میں۔ اگر وہ مر کر جہنم میں چلا جاتا ہے تو جنتی لوگ اس کے ٹھکانے کے وارث بن جاتے ہیں، اللہ تعالی کے اس فرمان کا یہی مطلب ہے: ﴿یہی لوگ وارث ہیں﴾ (سورۂ مومنون: ١٠)۔''

تخريج: أخرجه ابن ماجه: ٢/ ٥٩٥، وابن أبي حاتم في "تفسيره" والبيهقي في "شعب الايمان": ١/ ٢٦٥۔هندية، ورواه البخاري: ٦٥٦٩ بلفظ: ((لا احد يدخل الجنة الا أرى مقعده من النار لو

أساء؛ ليزداد شكرا، ولا يدخل النار احد الا أرى مقعده من الجنة لو احسن، ليكون حسرة۔))

شرح:...... ہمیں چاہیے کہ اللہ تعالی نے جنت میں ہمارے لیے جس منزل کا تعین کیا ہے، اس کے حصول کے لیے تگ و دو کریں۔

ہمیشہ روزے رکھنے والے کا انجام بد

(٤٠١٦)۔ عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى عَنِ النَّبِيِّ ﷺ: ((مَنْ صَامَ الدَّهْرَ، ضُيِّقَتْ عَلَيْهِ جَهَنَّمُ هٰكَذَا)) وَعَقَدَ تِسْعِيْنَ۔ (الصحيحة:٣٢٠٢)

سیدنا ابو موسی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''جس نے پورا زمانہ روزے رکھے، اس پر جہنم اس طرح تنگ کر دی جائے گی۔'' پھر آپ نے نوے (٩٠) کی گرہ لگا کر اشارہ کیا۔

تخريج: أخرجه الطيالسي في "مسنده": ٥١٤، وعنه البزار في "مسنده": ١٠٤١، وكذا البيهقي: ٤/ ٣٠٠، والبيهقى، وابن ابى شيبة: ٣/ ٧٨، واحمد: ٤/ ٤١٤

شرح:...... شریعت نے عبادات و معاملات کے سلسلے میں مکمل رہنمائی کی ہے اور ہر شعبے میں اعتدال اور لوگوں کی استطاعت کو سامنے رکھا۔ اسی بنا پر پورے زمانے کے روزوں سے منع کر دیا گیا ہے، لہٰذا ایسا کرنا غلو فی الدین ہے۔

(٩٠) کی گرہ: انگشتِ شہادت کا سرا انگوٹھے کی جڑ پر رکھیں، پھر انگوٹھے کو انگلی کے ساتھ ملا دیں (کہ اندر گول دائرے کا سوراخ بن جائے)۔

روزِ قیامت تمام بنو آدم آپ ﷺ کے جھنڈے کے نیچے ہوں گے

(٤٠١٧)۔ عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ، قَالَ: قَالَ أَصْحَابُ النَّبِيِّ ﷺ: اِبْرَاهِيْمُ خَلِيْلُ اللّٰهِ، وَعِيْسٰى كَلِمَةُ اللّٰهِ وَرُوْحُهُ، وَ مُوْسٰى كَلَّمَهُ اللّٰهُ تَكْلِيْمًا، فَمَاذَا اُعْطِيْتَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: ((وَلَدُ آدَمَ كُلُّهُمْ تَحْتَ لِوَائِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَاَنَا اَوَّلُ مَنْ تُفْتَحُ لَهُ اَبْوَابُ الْجَنَّةِ۔)) (الصحيحة:٢٤١١)

حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ اصحابِ رسول نے کہا: حضرت ابراہیم (علیہ السلام) خلیل اللہ ہیں، حضرت عیسی (علیہ السلام) اللہ تعالی کا کلمہ اور روح ہیں اور حضرت موسی (علیہ السلام) سے اللہ تعالی نے کلام کی ہے۔ اے اللہ کے رسول! آپ کو کیا عنایت کیا گیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''روزِ قیامت حضرت آدم (علیہ السلام) کی ساری اولاد میرے جھنڈے تلے ہو گی، میں وہ شخصیت ہوں جس کے لیے سب سے پہلے جنت کے دروازے کھولے جائیں گے۔''

تخريج: رواه لوين فى "حديثه": ١/ ١۔ قطعة منه

شرح:...... روزِ قیامت آپ ﷺ بنو آدم کے سردار ہوں گے، سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ((اَنَا سَيِّدُ النَّاسِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ.)) (بخاری، مسلم) ...... ''میں روزِ قیامت لوگوں کا سردار

ہوں گا۔“

یہ آپ ﷺ کے دو امتیازات ہیں کہ آپ تمام لوگوں کے سیّد ہوں گے اور سب سے پہلے آپ کیلیے جنت کا دروازہ کھولا جائے گا۔

جنت بہترین اور جہنم بدترین ٹھکانہ ہے

(٤٠١٨)۔ عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: ((يُؤْتَي بِالرَّجُلِ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ، فَيَقُوْلُ اللّٰهُ لَهُ: يَا ابْنَ آدَمَ! كَيْفَ وَجَدْتَ مَنْزِلَكَ؟ فَيَقُوْلُ: اَيْ رَبِّ! خَيْرُ مَنْزِلٍ، فَيَقُوْلُ سَلْ وَتَمَنَّ، فَيَقُوْلُ: مَا اَسْئَلُ وَاَتَمَنّٰى؟ اِلَّا اَنْ تَرُدَّنِيْ اِلَى الدُّنْيَا فَاُقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِكَ عَشْرَ مَرَّاتٍ لِمَا يَرٰى مِنْ فَضْلِ الشَّهَادَةِ ۔وَفِيْ طريق بلفظ: مِنَ الْكَرَامَةِ۔ وَيُؤْتٰى بِالرَّجُلِ مِنْ اَهْلِ النَّارِ، فَيَقُوْلُ اللّٰهُ لَهُ: يَا ابْنَ آدَمَ! كَيْفَ وَجَدْتَّ مَنْزِلَكَ؟ فَيَقُوْلُ: اَيْ رَبِّ! شَرُّ مَنْزِلٍ، فَيَقُوْلُ الرَّبُّ عَزَّوَجَلَّ لَهُ: اَتَفْتَدِيْ مِنْهُ بِطِلَاعِ الْاَرْضِ ذَهَبًا؟ فَيَقُوْلُ: اَيْ رَبِّ! نَعَمْ، فَيَقُوْلُ: كَذَبْتَ، قَدْ سَاَلْتُكَ اَقَلَّ مِنْ ذٰلِكَ وَاَيْسَرَ فَلَمْ تَفْعَلْ۔ فَيُرَدُّ اِلَى النَّارِ۔)) (الصحيحة:٣٠٠٨)

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”جنتی آدمی کو لایا جائے گا، اللہ تعالی اسے فرمائے گا: آدم کے بیٹے! کیسی پائی اپنی منزل؟ وہ کہے گا: اے میرے ربّ! بہترین ٹھکانہ ہے۔ اللہ تعالی فرمائے گا: سوال کر اور مزید تمنا کر۔ وہ کہے گا: میں کس چیز کا سوال کروں اور کس چیز کی تمنا کروں؟ ہاں، اگر تو مجھے دنیا کی طرف واپس لوٹا دے (تو ٹھیک ہے) تاکہ تیرے راستے میں دس دفعہ شہید ہو سکوں۔ وہ شہادت کی فضیلت و کرامت کی وجہ سے اس (خواہش کا اظہار کرے گا)۔ پھر جہنمی آدمی کو لایا جائے گا۔ اللہ تعالی پوچھے گا: اپنے ٹھکانے کو کیسا پایا؟ وہ کہے گا: اے میرے ربّ! بدترین منزل ہے۔ ربّ تعالی فرمائے گا: کیا تو اس سے آزاد ہونے کے لیے زمین بھر سونا دے دے گا؟ وہ کہے گا: جی ہاں، اے میرے ربّ! اللہ تعالی کہے گا: تو جھوٹا ہے، میں نے تو تجھ سے اس سے بھی کم اور آسان چیز کا مطالبہ کیا تھا، لیکن تو نے (وہ بھی پوری) نہیں کی۔ پھر اسے آگ کی طرف لوٹا دیا جائے گا۔“

تخریج: أخرجه أحمد: ٣/ ٢٠٧۔٢٠٨، ٢٣٩، وابن حبان: ٩/ ٢٢٤/ ٧٣٠٦، و الحاكم: ٢/ ٧٥، و أخرجه البخاري: ٢٨١٧، ومسلم: ٦/ ٣٥ مختصرا

شرح:...... جنت اتنا بہترین ٹھکانہ ہے کہ اس کے اعلی درجے کے حصول کے لیے جنتی دس مرتبہ شہید ہونے کے لیے تیار ہو جائے گا اور جہنم اتنا برا ٹھکانہ ہے کہ جہنمی اس سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لیے زمین بھر سونا بھی دینے کے لیے تیار ہو جائے گا۔ لیکن لے گا کہاں سے۔

بدکردار واعظ وخطیب کا انجام بد

(٤٠١٩)۔ عَنْ اَبِي وَائِلٍ، قَالَ. قِيْلَ لِاُسَامَةَ: لَوْ رَاَيْتَ فُلاَنًا۔وَفِيْ الرِّوَايَةِ الْاُخْرٰى: عُثْمَانَ۔ فَكَلَّمْتَهُ۔ زَادَ فِي الْاُخْرٰى: فِيْمَا يَصْنَعُ۔ قَالَ: اِنَّكُمْ لَتَرَوْنَ اَنِّي (لَا) اُكَلِّمُهُ اِلَّا اُسْمِعُكُمْ؟! اِنِّيْ اُكَلِّمُهُ فِي السِّرِّ دُوْنَ اَنْ اَفْتَحَ بَابًا لَا اَكُوْنُ اَوَّلَ مَنْ فَتَحَهُ، وَلَا اَقُوْلُ لِرَجُلٍ اِنْ كَانَ عَلَيَّ اَمِيْرًا: اَنَّهُ خَيْرُ النَّاسِ بَعْدَ شَيْءٍ سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ۔ قَالُوْا: وَمَا سَمِعْتَهُ يَقُوْلُ؟ قَالَ: سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: ((يُجَاءُ بِالرَّجُلِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَيُلْقٰى فِيْ النَّارِ، فَتَنْدَلِقُ اَقْتَابُهُ۔ وَفِيْ رِوَايَةٍ: اَقْتَابُ بَطْنِهِ۔ فِيْ النَّارِ، فَيَدُوْرُ كَمَا يَدُوْرُ الْحِمَارُ بِرَحَاهُ، فَيَجْتَمِعُ اَهْلُ النَّارِ عَلَيْهِ، فَيَقُوْلُوْنَ: يَا فُلَانُ! مَاشَاْنُكَ؟ اَلَيْسَ كُنْتَ تَاْمُرُنَا بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَانَا عَنِ الْمُنْكَرِ؟ قَالَ: كُنْتُ آمُرُكُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَلَا آتِيْهِ، وَاَنْهَاكُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ وَآتِيْهِ۔)) (الصحيحة:٢٩٢)

حضرت ابووائل رضی اللہ عنہ نے کہا کہ کسی نے حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ سے کہا: اگر آپ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس جائیں اور ان سے ان کے کیئے کے بارے میں بات کریں؟ انھوں نے کہا: تمھارا یہ خیال ہو گا کہ میں ان سے جو گفتگو کروں گا وہ تم لوگوں کو بتا دوں گا؟ میں دروازہ کھولے بغیر ان سے رازدارانہ انداز میں بات کروں گا، کیونکہ ایک حدیث کی روشنی میں میں نہ یہ چاہتا ہوں کہ میں سب سے پہلے دروازہ کھولوں اور نہ میں اپنے امیر، اگر وہ واقعی امیر ہے، کے بارے میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ وہ خیر الناس ہے۔ کہا گیا: وہ کون سی حدیث ہے؟ انھوں نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''ایک آدمی کو روزِ قیامت لایا جائے گا، اسے دوزخ میں پھینک دیا جائے گا، اس کے پیٹ کی آنتیں باہر نکل آئیں گی اور وہ چکی کے گرد گھومنے والے گدھے کی طرح اس کے اردگرد چکر لگانا شروع کر دے گا۔ لوگ اسے دیکھ کر کہیں گے: او فلاں! تجھے یہاں کیوں پھینکا گیا؟ تو تو ہمیں نیکی کا حکم دیتا اور برائی سے منع نہیں کرتا تھا؟ وہ کہے گا: میں تم لوگوں کو تو نیکی کا حکم دیتا تھا، لیکن خود نہیں کرتا تھا اور تمھیں تو برائی سے منع کرتا تھا، لیکن خود باز نہیں آتا تھا۔''

تخريج: أخرجه البخاري: ٢/ ٣١٩، والسياق له، ومسلم: ٨/ ٢٢٤، والرواية الأخرى له، وأحمد: ٥/ ٢٠٥، ٢٠٧، ٢٠٩

شرح:...... علمائے حق کے لیے بہت بڑی وعید ہے، ہر عالم اور مبلّغ کو چاہئے کہ وہ جو کچھ بیان کرتا ہے، اس پر خود بھی عمل کرے، وگرنہ نہ اس کی زبان میں کوئی تاثیر ہوگی اور نہ وہ اللہ تعالیٰ کے ہاں معزز ہو گا۔

سرکشی، شرک اور قتل سنگین جرائم ہیں

(٤٠٢٠)۔ عَنْ اَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ مَرْفُوْعاً: ((يَخْرُجُ عُنُقٌ مِنَ النَّارِ يَتَكَلَّمُ يَقُوْلُ:

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''جہنم کی آگ سے ایک لپٹ نکل کر یہ کلام

وُكِّلْتُ الْيَوْمَ بِثَلَاثَةٍ: بِكُلِّ جَبَّارٍ عَنِيدٍ، وَبِمَنْ جَعَلَ مَعَ اللّٰهِ إِلٰهًا آخَرَ، وَبِمَنْ قَتَلَ نَفْسًا بِغَيْرِ نَفْسٍ، فَيَنْطَوِيْ عَلَيْهِمْ، فَيَقْذِفُهُمْ فِيْ غَمَرَاتِ جَهَنَّمَ۔)) (الصحيحة:٢٦٩٩)

کرے گی: تین افراد میرے سپرد کر دیے گئے ہیں: (۱) ہر جبار اور سرکش، (۲) اللہ تعالیٰ کے ساتھ کوئی دوسرا معبود بنانے والا فرد اور (۳) کسی کو ناحق قتل کرنے والا شخص۔ آگ کی وہ لپٹ ان کو لپیٹ لے گی اور انھیں جہنم کی شدتوں اور سختیوں میں پھینک دے گی۔''

تخريج: أخرجه أحمد:٣/ ٤٠، وعبد بن حميد في"المنتخب من المسند": ق١١٨/ ٢، وأبويعلى في "مسنده": ١/ ٣١٤ و٣١٥، والطبراني في"الأوسط": رقم-٤١٣٨، والبزار: ق ٣٢٩/ ١

ہر کوئی ایک دفعہ جہنم میں جائے گا

(٤٠٢١)۔ عَنِ السُّدِّيِّ، قَالَ: سَأَلْتُ مُرَّةَ الْهَمْدَانِيَّ عَنْ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَإِنْ مِّنْكُمْ إِلَّا وَارِدُهَا كَانَ عَلٰى رَبِّكَ حَتْمًا مَّقْضِيًّا﴾(مريم:٧١) فَحَدَّثَنِيْ أَنَّ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ حَدَّثَهُمْ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: ((يَرِدُ النَّاسُ كُلُّهُمُ النَّارَ، ثُمَّ يَصْدُرُوْنَ مِنْهَا بِأَعْمَالِهِمْ، فَأَوَّلُهُمْ كَلَمْعِ الْبَرْقِ، ثُمَّ كَمَرِّ الرِّيْحِ، ثُمَّ كَحُضْرِ الْفَرَسِ، ثُمَّ كَالرَّاكِبِ، ثُمَّ كَشَدِّ الرِّجَالِ، ثُمَّ كَمَشْيِهِمْ۔)) (الصحيحة:٣١١)

سدی کہتے ہیں کہ میں نے مرہ ہمدانی سے اللہ تعالیٰ کے اس فرمان ﴿تم میں سے ہر ایک وہاں ضرور وارد ہونے والا ہے، یہ تیرے پروردگار کے ذمے قطعی فیصل شدہ امر ہے﴾ (سورۂ مریم:۷۱) کے بارے میں پوچھا، انھوں نے مجھے بیان کیا کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ان کو رسول اللہ ﷺ کی یہ روایت بیان کی، آپ ﷺ نے فرمایا: ''سارے لوگ جہنم میں آئیں گے، پھر اپنے اعمال کے مطابق وہاں سے نکلتے جائیں گے، اول درجے والے لوگ بجلی کی چمک کی طرح، پھر ہوا کے چلنے کی طرح، پھر گھوڑے کے دوڑنے کی طرح، پھر عام سوار کی طرح، پھر مرد کے دوڑنے کی طرح اور پھر آدمی کے چلنے کی طرح وہاں سے نکل جائیں گے۔''

تخريج: أخرجه الترمذي: ٢/ ١٩٨، والدارمي: ٢/ ٣٩٨، والزيادة الأخيرة لهما، وكذا الحاكم: ٢/ ٣٧٥، ٤/ ٥٨٦، والسياق له۔ وأحمد: ١/ ٤٣٥، وأبويعلى: ٢٥٥/ ١

شرح:...... معلوم ہوا کہ جنت میں جانے والا ہر فرد پہلے جہنم میں گھسے گا، وہاں سے اپنے اعمال کی روشنی میں نکل کر جنت میں پہنچے گا۔ اس حدیث کو سامنے رکھ کر ہمیں کثرت سے اعمالِ صالحہ میں حصہ لینا چاہیے۔

کافر کی جہنم سے آزاد ہونے کی امید کرنا

(٤٠٢٢)۔ عَنْ أَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: ((يَقُوْلُ اللّٰهُ لِأَهْوَنِ أَهْلِ النَّارِ عَذَابًا يَوْمَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''قیامت والے دن اللہ تعالیٰ آگ کے سب سے ہلکے

الْـقِيَـامَةِ: يَـا ابْـنَ آدَمَ! كَيْفَ وَجَـدْتَّ مَضْجَعَكَ؟ فَيَقُوْلُ: شَرُّ مَضْجَعٍ۔ فَيُقَالُ لَهُ: لَـوْ كَانَتْ لَكَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا أَكُنْتَ مُفْتَدِيًا بِهَا؟ فَيَقُوْلُ: نَعَمْ۔ فَيُقُوْلُ: كَذَبْتَ قَدْ أَرَدْتُ مِـنْكَ أَهْـوَنَ مِـنْ هَـذَا وَأَنْتَ فِيْ صُلْبِ، وَفِـيْ رِوَايَةٍ: فِـيْ ظَهْـرِ، آدَمَ: أَنْ لَاتُشْرِكَ بِـيْ شَيْـئًا، وَلَا أُدْخِلُكَ النَّارَ، فَأَبَيْتَ إِلَّا الشِّرْكَ، فَيُؤْمَرُ بِهِ إِلَى النَّارِ۔)) (الصحیحۃ:١٧٢)

عذاب میں مبتلا آدمی سے پوچھے گا: ابن آدم! کیسی منزل ہے؟ وہ کہے گا: بدترین منزل ہے۔ اسے کہا جائے گا: اگر تیری ملکیت میں دنیا و ما فیہا ہوتا تو کیا تو (اس عذاب سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لیے) اسے فدیے میں دے دیتا؟ وہ کہے گا: جی ہاں۔ اللہ تعالیٰ کہے گا: تو جھوٹا ہے، جب تو اپنے باپ آدم (علیہ السلام) کی پیٹھ میں تھا تو میں نے تجھ سے اس سے آسان چیز کا مطالبہ کیا تھا کہ میرے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرانا، میں تجھے آگ میں داخل ہونے سے بچا لوں گا۔ لیکن تو نے اس بات کا انکار کر دیا تھا اور میرے ساتھ شرک کیا تھا۔ پھر اسے جہنم کی طرف لے جانے کا حکم دے دیا جائے گا۔''

تخریج: رواہ البخاری: ٢/ ٣٣٣، ٤/ ٢٣٩و٢٤٢، ومسلم: ٨/ ١٣٤و١٣٥، وأحمد: ٣/ ١٢٧و١٢٩، وكذا أبو عوانة، وابن حبان فی "صحيحيهما" كما فی "الجامع الكبير": ٣/ ٩٥/ ١

شرح:...... امام البانی رحمہ اللہ تعالیٰ رقمطراز ہیں: اللہ تعالیٰ کے جواب ((كَـذَبْـتَ)) (تو جھوٹا ہے) کا مطلب بیان کرتے ہوئے امام نووی لکھتے ہیں: اے کافر! اگر ہم تجھے دنیا کی طرف دوبارہ بھیج دیں اور وہاں تجھ سے اس فدیے کا مطالبہ کریں تو تو ہمیں یہ دے دے گا؟ حقیقت یہ ہے کہ تو یہ فدیہ دینے کے لیے تیار نہیں ہوگا، کیونکہ تجھ سے تو اس سے آسان مطالبہ کیا گیا تھا، لیکن تو نے اسے پورا کرنے سے انکار کر دیا۔ اسی مفہوم کو ادا کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ﴿وَلَوْ رُدُّوْا لَعَادُوْا لِمَا نُهُوْا عَنْهُ وَإِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ﴾ (سورۂ انعام: ٢٨) ......''اگر ان کو (دنیا میں) لوٹا دیا جائے تو وہ (ان ہی کاموں کے) درپے ہو جائیں گے، جن سے ان کو منع کیا جائے گا، (دراصل) یہ لوگ جھوٹے ہیں۔''

اللہ تعالیٰ کہے گا: ((قَـدْ أَرَدْتُ مِـنْكَ أَهْـوَنَ مِنْ هٰذَا ......)) ......''میں نے تجھ سے اس سے آسان چیز کا ارادہ کیا تھا کہ میرے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرانا، میں تجھے آگ میں داخل ہونے سے بچا لوں گا۔''

اس حدیث میں ''اللہ تعالیٰ کے ارادے'' کا مفہوم کیا ہے؟ اس حدیث میں "اردت منك" کا معنی "احببت منك" ہے، یعنی میں نے تیرے بارے میں یہ پسند کیا تھا کہ توحید کو اپنا لے۔

ذہن نشین رہے کہ شریعت میں ''ارادے'' کا اطلاق ''خیر و شرّ اور ہدایت و ضلالت'' پر بھی ہوتا ہے، جیسا کہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے: ﴿فَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ أَنْ يَّهْدِيَهٗ يَشْرَحْ صَدْرَهٗ لِلْإِسْلَامِ وَمَنْ يُّرِدْ أَنْ يُّضِلَّهٗ يَجْعَلْ صَدْرَهٗ ضَيِّقًا حَرَجًا كَأَنَّمَا يَصَّعَّدُ فِي السَّمَآءِ﴾ (سورۂ انعام: ١٢٥) ......''اللہ تعالیٰ جس کے بارے میں ہدایت کا ارادہ کرتا ہے تو اس کا سینہ اسلام کے لیے کھول دیتا ہے اور جس کے بارے میں ضلالت کا ارادہ کرتا ہے تو اس کا سینہ تنگ کر دیتا

ہے، جیسے کوئی آسمان میں چڑھتا ہے۔'' اور اس کا اطلاق ''محبت و رضامندی'' پر بھی ہوتا ہے، جیسا کہ ارشادِ باری تعالی ہے: ﴿يُرِيْدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا يُرِيْدُ بِكُمُ الْعُسْرَ﴾ (سورۂ بقرہ: ۱۸۵) ...... ''اللہ تعالی تمہارے ساتھ آسانی کا ارادہ کرتا ہے اور سختی کا نہیں۔'' یہی دوسرا معنی اس حدیث کا مرادی معنی ہے، یعنی حدیث کے الفاظ "اردت منك ......" کا معنی ''میں نے تیرے بارے میں پسند کیا تھا کہ تو میرے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراتا۔''

ضروری نہیں کہ اللہ تعالی کے اس ارادے کی تکمیل ہو کر ہی رہے، کیونکہ اللہ تعالی کسی کو اپنی اطاعت پر مجبور نہیں کرتا، اگرچہ ان کو اپنی فرمانبرداری کرنے کے لیے ہی پیدا کیا ہے، ارشادِ باری تعالی ہے: ﴿فَمَنْ شَاءَ فَلْيُؤْمِنْ وَّمَنْ شَاءَ فَلْيَكْفُرْ﴾ (سورۂ کہف: ۲۹) ...... ''جو چاہتا ہے ایمان لے آئے اور جو چاہتا ہے کفر کر لے۔''

بسا اوقات ایسے بھی ہوتا ہے کہ اللہ تعالی اپنے بندے کے بارے میں ایسا ارادہ کرتا ہے، جو وہ خود پسند نہیں کرتا اور اپنے بندے کی ایسی چیز پسند کرتا ہے، جس کا وہ ارادہ نہیں کرتا۔ امام ابن قیم نے اللہ تعالی کے اس ارادے کو ''ارادہ کونیہ'' کا نام دیا ہے، انھوں نے یہ نام اس آیت سے اخذ کیا: ﴿اِنَّمَا اَمْرُهٗ اِذَا اَرَادَ شَيْئًا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ﴾ (سورۂ یس: ۸۲) ...... ''وہ جب کبھی کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے اسے اتنا فرما دینا (کافی) ہے کہ ہو جا، وہ اسی وقت ہو جاتی ہے۔'' اور جب اللہ تعالی ایسا ارادہ کرتا ہے، جس کو وہ پسند کرتا ہے، تو اسے ''ارادہ شرعیہ'' کہتے ہیں۔

امام ابن قیم نے اپنی سمجھ کی روشنی میں اللہ تعالی کے ارادوں کی یہ دو اقسام پیش کی ہیں، اس تقسیم کی وجہ سے قضا و قدر کی کئی مشکلات حل ہو گئی ہیں اور جبر اور اعتزال کے فتنے سے نجات مل گئی۔ اس کی مکمل تفصیل کے لیے حافظ ابن قیم کی کتاب (شفاء العليل فی القضاء والقدر والحكمة والتعليل) کا مطالعہ کیا جائے، یہ ایک عظیم المرتبت کتاب ہے۔ ((وانت فی صلب آدم)) ...... ''تو اپنے باپ آدم کی پیٹھ میں تھا'' کا مفہوم بیان کرتے ہوئے قاضی عیاض کہتے ہیں: نبی کریم ﷺ نے یہ بات ذکر کر کے اس آیت کی طرف اشارہ کیا ہے: ﴿وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ مِنْ بَنِيْٓ اٰدَمَ مِنْ ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَاَشْهَدَهُمْ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ قَالُوْا بَلٰى شَهِدْنَا اَنْ تَقُوْلُوْا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّا كُنَّا عَنْ هٰذَا غٰفِلِيْنَ﴾ (سورۂ اعراف: ۱۷۲) ...... ''اور جب آپ کے رب نے اولاد آدم کی پشت سے ان کی اولاد کو نکالا اور ان سے ان ہی کے متعلق اقرار لیا کہ کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں؟ سب نے جواب دیا: کیوں نہیں؟ ہم سب گواہ بنتے ہیں۔ تاکہ تم قیامت کے دن یوں نہ کہو کہ ہم تو اس سے محض بے خبر تھے۔''

اس عہد و پیمان کا اقرار صلبِ آدم میں لیا گیا تھا، جس نے دنیا میں آنے کے بعد اس کو پورا کیا وہ مومن ہو گا اور جس نے اس عہد کو پورا نہ کیا وہ کافر ہو گا۔ پس اس حدیث کا مرادی معنی یہ ہوا: اے کافر! جب میں نے تجھ سے عہد و پیمان لیا تھا، تو تیرے بارے میں توحید کو پسند کیا تھا، لیکن جب میں نے تجھے دنیا میں پیدا کیا تو تو نے انکار کر دیا اور شرک کو اپنا لیا۔ (صحیحہ: ۱۷۲)

❀❀❀❀

السِّيْرَةُ النَّبَوِيَّةُ وَفِيْهَا الشَّمَائِلُ

سیرتِ نبوی اور آپ ﷺ کے عادات واطوار

السیرۃ :لغوی معنی: طریقہ، چال چلن، برتاؤ، سوانح عمری

اصطلاحی تعریف:...... السیرۃ النبویۃ: نبی کریم ﷺ کی حیات مبارکہ کی تفصیل و واقعات اورغزوات۔

الشمائل: لغوی معنی: "شِمال" کی جمع ہے،خلق، خصلت، عادت، مقابل

اصطلاحی تعریف:...... نبی کریم ﷺ کی عادات واطوار اور آداب واخلاق۔

آپ ﷺ کی ولادت کا سال

(٤٠٢٣)۔ وُلِدَ النَّبِيُّ ﷺ عَامَ الْفِيْلِ۔ رُوِيَ مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ ، وَقَيْسِ بْنِ مَخْرَمَةَ۔ (الصحيحة: ٣١٥٢)

نبی کریم ﷺ عام الفیل کو پیدا ہوئے۔ یہ حدیث عبداللہ بن عباس اور قیس بن مخرمہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی گئی ہے۔

تخريج: روى من حديث عبدالله بن عباس ، وقيس بن مخرمة

(١)۔ وأما حديث ابن عباس: فأخرجه ابن سعد في "الطبقات": ١/ ١٠١ ، وابن حبان في "الثقات": ١/ ١٤ ، والطبراني في "المعجم الكبير": ١٢/ ٤٧/ ١٢٤٣٢ ، والبيهقي في "دلائل النبوة": ١/ ٧٥

(٢)۔ وأما حديث قيس بن مخرمة: فأخرجه محمد بن اسحاق في "السيرة": ١/ ١٧١ ، ومن طريقه الترمذي: ٩/ ٢٤/ ٣٦٢٣ ، و الحاكم: ٢/ ٦٠٣ ، ٣/ ٤٥٦ ، ومن طريقه: البيهقي في "الدلائل": ١/ ٧٦ ، والطبراني في "المعجم الكبير": ١٨/ ٣٤٢/ ٤٣ ، وأبونعيم في "الدلائل": ١/ ١٠١

شرح:...... نبی کریم ﷺ مکہ میں شعبِ بنی ہاشم کے اندر موسم بہار میں پیدا ہوئے، یہ سوموار کی صبح تھی اور ربیع الاول کی (٩) تاریخ تھی، سال وہی تھا جس میں ابرہہ نے مکہ پر حملہ کیا تھا، چونکہ وہ اپنے ساتھ ہاتھی بھی لایا تھا اور عربی میں ہاتھی کو "فِیـــل" کہتے ہیں، اس لیے اس سال کا نام ہی ''عام الفیل'' پڑ گیا، اس روز اپریل ٥٧١ء کی بائیس تاریخ تھی۔

واقعہ اسراو معراج

(٤٠٢٤)۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: ((أُتِيْتُ بِالْبُرَاقِ ، وَهُوَ دَابَّةٌ أَبْيَضُ طَوِيْلٌ فَوْقَ الْحِمَارِ وَدُوْنَ الْبَغْلِ ، يَضَعُ حَافِرَهُ عِنْدَ مُنْتَهٰى طَرْفِهِ ، قَالَ: فَرَكِبْتُهُ حَتّٰى أَتَيْتُ بَيْتَ الْمَقْدِسِ ، قَالَ: فَرَبَطْتُهُ بِالْحَلْقَةِ الَّتِي يَرْبِطُ بِهَا الْأَنْبِيَاءُ ، قَالَ: ثُمَّ دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ فَصَلَّيْتُ فِيْهِ رَكْعَتَيْنِ ، ثُمَّ خَرَجْتُ فَجَاءَ نِي جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ بِإِنَاءٍ مِنْ خَمْرٍ وَإِنَاءٍ مِنْ لَبَنٍ ، فَاخْتَرْتُ اللَّبَنَ ، فَقَالَ جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ: اِخْتَرْتَ الْفِطْرَةَ ثُمَّ عُرِجَ بِنَا إِلَى السَّمَاءِ ، فَاسْتَفْتَحَ جِبْرِيْلُ۔ فَقِيْلَ: مَنْ أَنْتَ؟ قَالَ: جِبْرِيْلُ۔ قِيْلَ: وَمَنْ مَعَكَ؟ قَالَ: مُحَمَّدٌ۔ قِيْلَ: وَقَدْ بُعِثَ إِلَيْهِ؟ قَالَ: قَدْ بُعِثَ إِلَيْهِ ، فَفُتِحَ لَنَا ، فَإِذَا أَنَا بِآدَمَ ، فَرَحَّبَ بِي وَدَعَا لِي بِخَيْرٍ ، ثُمَّ عُرِجَ بِنَا إِلَى السَّمَاءِ الثَّانِيَةِ۔ فَاسْتَفْتَحَ جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ۔ فَقِيْلَ: مَنْ أَنْتَ؟ قَالَ: جِبْرِيْلُ۔ قِيْلَ: وَمَنْ مَعَكَ؟ قَالَ: مُحَمَّدٌ۔ قِيْلَ: وَقَدْ بُعِثَ إِلَيْهِ؟ قَالَ: قَدْ بُعِثَ إِلَيْهِ۔ فَفُتِحَ لَنَا ، فَإِذَا أَنَا بِابْنَيِ الْخَالَةِ: عِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ وَيَحْيَى بْنِ زَكَرِيَّا صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِمَا ، فَرَحَّبَا وَدَعَوَا لِي بِخَيْرٍ۔ ثُمَّ عُرِجَ بِيْ إِلَى السَّمَاءِ الثَّالِثَةِ ، فَاسْتَفْتَحَ جِبْرِيْلُ فَقِيْلَ: مَنْ أَنْتَ؟ قَالَ: جِبْرِيْلُ۔ قِيْلَ: وَمَنْ مَعَكَ؟ قَالَ: مُحَمَّدٌ ﷺ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”میرے پاس براق لایا گیا، وہ گدھے سے بڑا اور خچر سے چھوٹا سفید رنگ کا لمبا جانور تھا، وہ اپنا قدم وہاں رکھتا تھا جہاں تک اس کی نگاہ جاتی تھی۔ میں اُس پر سوار ہوا، (اور چل پڑا) حتیٰ کہ بیت المقدس میں پہنچ گیا، میں نے اُس کو اُس کڑے کے ساتھ باندھ دیا جس کے ساتھ دوسرے انبیا بھی باندھتے تھے، پھر میں مسجد میں داخل ہوا اور دو رکعت نماز پڑھی۔ جب میں وہاں سے نکلا تو حضرت جبریل علیہ السلام شراب کا اور دودھ کا ایک ایک برتن لائے، میں نے دودھ کا انتخاب کیا۔ جبریل نے کہا: آپ نے فطرت کو پسند کیا ہے۔ پھر ہمیں آسمان کی طرف اٹھایا گیا۔ (جب ہم وہاں پہنچے تو) جبریل نے دروازہ کھولنے کا مطالبہ کیا، کہا گیا: کون ہے؟ اس نے کہا: جبریل ہوں۔ پھر کہا گیا: تیرے ساتھ کون ہے؟ اس نے کہا: محمد ﷺ ہیں۔ کہا گیا: کیا انہیں بلایا گیا ہے؟ اُس نے کہا: (جی ہاں) انہیں بلایا گیا ہے۔ پھر ہمارے لیے دروازہ کھول دیا گیا۔ میں نے حضرت آدم علیہ السلام کو دیکھا، انہوں نے مجھے مرحبا کہا اور میرے لیے دعا کی۔ پھر ہمیں دوسرے آسمان کی طرف اٹھایا گیا۔ جبریل نے دروازہ کھولنے کا مطالبہ کیا، پوچھا گیا: کون ہے؟ اس نے کہا: جبریل ہوں۔ فرشتوں نے پوچھا: تیرے ساتھ کون ہے؟ اس نے کہا: محمد ﷺ ہیں۔ فرشتوں نے کہا: کیا انہیں بلایا گیا ہے؟ جبریل نے کہا: (جی ہاں! ان کو بلایا گیا ہے۔ پھر ہمارے لیے دروازہ کھول دیا گیا۔ میں نے خالہ زاد بھائیوں عیسیٰ بن مریم اور یحییٰ بن زکریا کو دیکھا، اُن دونوں نے مجھے مرحبا کہا اور میرے لیے خیر و بھلائی کی دعا کی۔ پھر ہمیں

قِيلَ: وَقَدْ بُعِثَ إِلَيْهِ؟ قَالَ: قَدْ بُعِثَ إِلَيْهِ۔ فَفُتِحَ لَنَا فَإِذَا أَنَا بِيُوْسُفَ ﷺ، إِذَا هُوَ قَدْ أُعْطِيَ شَطْرَ الْحُسْنِ، فَرَحَّبَ وَدَعَا لِي بِخَيْرٍ ثُمَّ عُرِجَ بِنَا إِلَى السَّمَاءِ الرَّابِعَةِ فَاسْتَفْتَحَ جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ۔ قِيْلَ: مَنْ هٰذَا؟ قَالَ: جِبْرِيْلُ۔ قِيْلَ: وَمَنْ مَعَكَ؟ قَالَ: مُحَمَّدٌ۔ قَالَ: وَقَدْ بُعِثَ إِلَيْهِ؟ قَالَ: قَدْ بُعِثَ إِلَيْهِ۔ فَفُتِحَ لَنَا، فَإِذَا أَنَا بِإِدْرِيْسَ، فَرَحَّبَ بِي وَدَعَا لِي بِخَيْرٍ، وَقَالَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَرَفَعْنَاهُ مَكَانًا عَلِيًّا﴾ ثُمَّ عُرِجَ بِنَا إِلَى السَّمَاءِ الْخَامِسَةِ۔ فَاسْتَفْتَحَ جِبْرِيْلُ۔ قِيْلَ: مَنْ هٰذَا؟ فَقَالَ: جِبْرِيْلُ۔ قِيْلَ: وَمَنْ مَعَكَ؟ قَالَ: مُحَمَّدٌ۔ قِيْلَ: وَقَدْ بُعِثَ إِلَيْهِ؟ قَالَ: قَدْ بُعِثَ إِلَيْهِ۔ فَفُتِحَ لَنَا، فَإِذَا أَنَا بِهَارُوْنَ ﷺ، فَرَحَّبَ وَدَعَا لِي بِخَيْرٍ ثُمَّ عُرِجَ بِنَا إِلَى السَّمَاءِ السَّادِسَةِ، فَاسْتَفْتَحَ جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ۔ قِيْلَ: مَنْ هٰذَا؟ قَالَ: جِبْرِيْلُ۔ قِيْلَ: وَمَنْ مَعَكَ؟ قَالَ: مُحَمَّدٌ قِيْلَ: وَقَدْ بُعِثَ إِلَيْهِ؟ قَالَ: قَدْ بُعِثَ إِلَيْهِ، فَفُتِحَ لَنَا فَإِذَا أَنَا بِمُوْسٰى ﷺ فَرَحَّبَ وَدَعَا لِي بِخَيْرٍ ثُمَّ عُرِجَ بِنَا إِلَى السَّمَاءِ السَّابِعَةِ، فَاسْتَفْتَحَ جِبْرِيْلُ۔ فَقِيْلَ: مَنْ هٰذَا؟ قَالَ: جِبْرِيْلُ۔ قِيْلَ: وَمَنْ مَعَكَ؟ قَالَ: مُحَمَّدٌ ﷺ ۔ قِيْلَ: وَقَدْ بُعِثَ إِلَيْهِ؟ قَالَ: قَدْ بُعِثَ إِلَيْهِ، فَفُتِحَ لَنَا، فَإِذَا أَنَا بِإِبْرَاهِيْمَ مُسْنِداً ظَهْرَهُ إِلَى الْبَيْتِ الْمَعْمُوْرِ، وَإِذَا

تیسرے آسمان کی طرف اٹھایا گیا، جبریل نے دروازہ کھولنے کا مطالبہ کیا۔فرشتوں نے پوچھا: کون؟اس نے کہا: جبریل۔ فرشتوں نے پوچھا: تیرے ساتھ کون ہے؟ اس نے کہا: محمد ﷺ ۔کہا گیا: کیا ان کو بلایا گیا ہے؟جبریل نے کہا: جی ہاں! انہیں بلایا گیا ہے۔سو ہمارے لیے دروازہ کھول دیا گیا، وہاں میں نے حضرت یوسف علیہ السلام کو دیکھا،(ان کی خوبصورتی سے معلوم ہوتا تھا کہ) نصف حسن ان کو عطا کیا گیا ہے۔اُنہوں نے مجھے خوش آمدید کہا اور میرے لیے دعائے خیر کی۔پھر ہمیں چوتھے آسمان کی طرف اٹھایا گیا، جبریل نے دروازہ کھولنے کا مطالبہ کیا۔ پوچھا گیا: کون؟ اس نے کہا: جبریل ہوں۔ پھر پوچھا گیا: تیرے ساتھ کون ہے؟ اس نے کہا: محمد ﷺ ہیں۔کہا گیا: کیا انہیں بلایا گیا ہے؟ اُس نے کہا: جی ہاں! اُن کو بلایا گیا ہے، پھر ہمارے لیے دروازہ کھول دیا گیا۔ وہاں حضرت ادریس علیہ السلام کو دیکھا، انہوں نے مجھے مرحبا کہا اور میرے لیے خیر و بھلائی کی دعا کی۔اللہ تعالی نے فرمایا: اور ہم نے حضرت ادریس کا مقام و مرتبہ بلند کیا۔پھر ہمیں پانچویں آسمان کی طرف اٹھایا گیا، اور دروازہ کھولنے کا مطالبہ کیا۔ کہا گیا: کون؟ اس نے کہا: میں جبریل ہوں۔ کہا گیا: تیرے ساتھ کون ہے؟ اس نے کہا: محمد ﷺ ہیں۔ پوچھا گیا: کیا انہیں بلایا گیا ہے؟ جبریل نے جواب دیا: جی ہاں! انہیں بلایا گیا ہے،پھر ہمارے لیے دروازہ کھول دیا گیا۔ وہاں حضرت ہارون ﷺ کو دیکھا، انہوں نے مجھے خوش آمدید کہا اور میرے لیے خیر کی دعا کی۔پھر ہمیں چھٹے آسمان کی طرف اٹھایا گیا اور چھٹے آسمان پر دروازہ کھولنے کا مطالبہ کیا۔ کہا گیا: کون؟اس نے کہا: جبریل ہوں۔کہا گیا: تیرے ساتھ کون ہے؟ اس نے کہا: محمد ﷺ

هُوَ يَدْخُلُهُ كُلَّ يَوْمٍ سَبْعُوْنَ أَلْفَ مَلَكٍ لاَ يَعُوْدُوْنَ إِلَيْهِ۔ ثُمَّ ذَهَبَ بِي إِلَى السِّدْرَةِ الْمُنْتَهٰى ، وَإِذَا وَرَقُهَا كَآذَانِ الْفِيَلَةِ ، وَإِذَا ثَمَرُهَا كَالْقِلاَلِ ، قَالَ: فَلَمَّا غَشِيَهَا مِنْ أَمْرِ اللّٰهِ مَاغَشِيَ ، تَغَيَّرَتْ ، فَمَا أَحَدٌ مِنْ خَلْقِ اللّٰهِ يَسْتَطِيْعُ أَن يَنْعَتَهَا مِنْ حُسْنِهَا ، فَأَوْحَى اللّٰهُ إِلَيَّ مَا أَوْحٰى ، فَفَرَضَ عَلَيَّ خَمْسِيْنَ صَلاَةً فِي كُلِّ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ ، فَنَزَلْتُ إِلَى مُوْسٰى فَقَالَ: مَافَرَضَ رَبُّكَ عَلٰى أُمَّتِكَ؟ قُلْتُ: خَمْسِيْنَ صَلاَةً۔ قَالَ: اِرْجِعْ إِلٰى رَبِّكَ فَاسْأَلْهُ التَّخْفِيْفَ فَإِنَّ أُمَّتَكَ لاَيُطِيْقُوْنَ ذٰلِكَ ، فَإِنِّي قَدْ بَلَوْتُ بَنِي إِسْرَائِيْلَ وَخَبَرْتُهُمْ۔ قَالَ: فَرَجَعْتُ إِلٰى رَبِّي۔ فَقُلْتُ: يَارَبِّ! خَفِّفْ عَلٰى أُمَّتِي ، فَحَطَّ عَنِّي خَمْساً فَرَجَعْتُ إِلٰى مُوْسٰى ، فَقُلْتُ: حَطَّ عَنِّي خَمْساً۔ قَالَ: إِنَّ أُمَّتَكَ لاَيُطِيْقُوْنَ ذٰلِكَ فَارْجِعْ إِلٰى رَبِّكَ فَاسْأَلْهُ التَّخْفِيْفَ۔ قَالَ: فَلَمْ أَزَلْ أَرْجِعُ بَيْنَ رَبِّي تَبَارَكَ وَتَعَالٰى وَبَيْنَ مُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلاَمُ حَتّٰى قَالَ: يَامُحَمَّدُ! إِنَّهُنَّ خَمْسُ صَلَوَاتٍ كُلَّ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ ، لِكُلِّ صَلاَةٍ عَشْرٌ ، فَذٰلِكَ خَمْسُوْنَ صَلاَةً ، وَمَنْ هَمَّ بِحَسَنَةٍ فَلَمْ يَعْمَلْهَا ، كُتِبَتْ لَهُ حَسَنَةٌ ، فَإِنْ عَمِلَهَا كُتِبَتْ لَهُ عَشْراً ، وَمَنْ هَمَّ بِسَيِّئَةٍ فَلَمْ يَعْمَلْهَا ، لَمْ يُكْتَبْ شَيْئاً ، فَإِنْ عَمِلَهَا كُتِبَتْ سَيِّئَةً وَاحِدَةً۔ قَالَ: فَنَزَلْتُ حَتّٰى

ہیں۔ پھر پوچھا گیا: کیا ان کو بلایا گیا ہے؟ اس نے کہا: ہاں! پس ہمارے لیے دروازہ کھول دیا گیا۔ میں نے وہاں حضرت موسیٰ علیہ السلام کو دیکھا۔ اُنہوں نے مجھے مرحبا کہا اور میرے لیے دعائے خیر کی۔ پھر ہمیں ساتویں آسمان کی طرف اٹھایا گیا اور دروازہ کھولنے کے لیے کہا گیا۔ پوچھا گیا: کون؟ اس نے کہا: جبریل ہوں۔ کہا گیا: تیرے ساتھ کون ہے؟ اس نے کہا: محمد ﷺ ہیں۔ کہا گیا: کیا انہیں بلایا گیا ہے؟ جبریل نے کہا: ہاں! ان کو بلایا گیا ہے۔ سو دروازہ کھول دیا گیا۔ میں نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو دیکھا۔ وہ بیت معمور کے ساتھ ٹیک لگائے ہوئے تھے۔ (بیتِ معمور کی کیفیت یہ ہے کہ) ہر روز اس میں ستر ہزار فرشتے داخل ہوتے ہیں اور پھر دوبارہ ان کی باری نہیں آتی۔ پھر حضرت جبریل مجھے سِدْرَةُ الْمُنْتَهٰى کے پاس لے گئے، اس کے پتے ہاتھی کے کانوں کی طرح تھے اور اُس کا پھل مٹکوں کی مانند۔ جب اللہ تعالیٰ کے حکم سے کسی چیز سے اسے ڈھانکا گیا تو (اس کی کیفیت یوں) بدل گئی کہ خلقِ خدا میں کوئی بھی اس کا حسن بیان نہیں کر سکتا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے میری طرف وحی کی اور ہر دن رات میں پچاس نمازیں فرض کیں۔ میں اُتر کر موسیٰ علیہ السلام کے پاس آیا، انہوں نے پوچھا: تیرے رب نے تیری امت پر کیا کچھ فرض کیا ہے؟ میں نے کہا: پچاس نمازیں۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا: اپنے رب کے پاس جاؤ اور تخفیف کا سوال کرو، تیری امت (کے افراد) میں اتنی استطاعت نہیں ہے، میں نے بنی اسرائیل کو آزما لیا ہے اور اُن کا تجربہ کر چکا ہوں، آپ ﷺ نے کہا: پس میں اپنے پروردگار کی طرف واپس چلا گیا اور کہا: اے میرے ربّ! میری امت کے لیے (نمازوں والے حکم میں) تخفیف کیجیے۔ پس اللہ تعالیٰ نے پانچ نمازیں کم کر دی۔

انْتَهَيْتُ إِلَى مُوسَى فَأَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ: ارْجِعْ إِلَى رَبِّكَ فَاسْأَلْهُ التَّخْفِيفَ۔ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: فَقُلْتُ: قَدْ رَجَعْتُ إِلَى رَبِّي حَتَّى اسْتَحْيَيْتُ مِنْهُ۔))

(الصحيحة: ٣٩٥٦)

پھر میں موسیٰ کی طرف لوٹا اور ان کو بتلایا کہ مجھ سے پانچ نمازیں کم کردی گئی ہیں، انہوں نے کہا: تیری امت کو اتنی طاقت بھی نہیں ہوگی، اس لیے اپنے رب کے پاس جاؤ اور اس سے (مزید) کمی کا سوال کرو۔ آپ نے فرمایا: میں اسی طرح اپنے پروردگار اور موسیٰ کے درمیان آتا جاتا رہا، حتی کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اے محمد! ہر دن رات میں پانچ نمازیں فرض ہیں، ہر نماز (کے عوض) دس نمازوں کا ثواب ہے، (اس طریقے سے یہ) پچاس نمازیں ہوں گئیں اور (مزید سنو کہ) جس نے نیکی کا قصد کیا اور (عملاً) نہیں کی تو اُس کے لیے ایک نیکی لکھ جائے گی اور اگر اُس نے وہ نیکی عملاً کر لی تو اُس کے لیے دس گنا ثواب لکھ دیا جائے گا اور جس نے برائی کا ارادہ کیا اور عملاً اُس کا ارتکاب نہیں کیا، تو اُس (کے حق میں کوئی گناہ) نہیں لکھا جائے گا، اور اگر اُس نے عملاً برائی کا ارتکاب کرلیا تو (پھر بھی) اُس کے لیے ایک برائی لکھ دی جائے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: میں نیچے اترا اور موسیٰ علیہ السلام تک پہنچا اور اُن کو (ساری صورتحال کی) خبر دی۔ انہوں نے پھر کہا: اپنے پروردگار کی طرف لوٹ جاؤ اور اُس سے مزید تخفیف کا سوال کرو۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں نے کہا: میں اپنے پروردگار کی طرف (بار بار) لوٹ چکا ہوں۔ اب تو میں اپنے ربّ سے شرماتا ہوں۔''

تخریج: أخرجه مسلم: ١/ ٩٩، وأبوعوانة: ١/ ١٢٦-١٢٨، وأحمد: ٣/ ١٤٨، وأخرجه البخاري: ٣٥٧٠، ٤٩٦٤، ٥٦١٠، ٦٥٨١، ٧٥١٧ ليكن قدم فيه شيئا و أخر وزاد ونقص

(٤٠٢٥)۔ عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: ((لَمَّا انْتَهَيْنَا إِلَى بَيْتِ الْمَقْدِسِ، قَالَ جِبْرِيْلُ بِإِصْبَعِهِ فَخَرَقَ بِهِ الْحَجَرَ وَشَدَّ بِهِ الْبُرَاقَ۔))

(الصحيحة: ٣٤٨٧)

ابن بریدا پنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جب ہم بیت المقدس پہنچے تو جبریل نے اپنی انگلی سے پتھر میں سوراخ کیا اور براق کو اُس کے ساتھ باندھ دیا۔''

تخريج: أخرجه الترمذي: ٣١٣٢، وابن حبان: ٣٤- موارد، والحاكم: ٢/ ٣٦٠

شـــرح:...... اسرا سے مرادراتوں رات نبی کریم ﷺ کا مکہ مکرمہ سے بیت المقدس میں اور معراج سے مراد بیت المقدس سے عالم بالا میں تشریف لے جانا ہے، مکہ مکرمہ سے بیت المقدس تک چالیس دنوں کا سفر ہے، یہ واقعہ آپ ﷺ کے جسد اطہر اور روح مقدس سمیت پیش آیا۔ یہ نبی کریم ﷺ کا عظیم معجزہ ہے، جو آپ کو پانچ سنہ نبوی یا ستائیس رجب دس سنہ نبوی یا سترہ رمضان بارہ سنہ نبوی یا محرم یا سترہ ربیع الاول تیرہ سنہ نبوی کو عطا کیا گیا۔

ہمارے ہاں واقعۂ اسرا و معراج کی مناسبت سے ہر سال ستائیس رجب کی رات کو مخصوص انداز میں گزارا جاتا ہے،

پہلی بات تو یہ ہے کہ یہ کوئی حتمی بات نہیں کہ یہ معجزہ ستائیس رجب کو ہی عطا کیا گیا تھا، جیسا کہ مذکورہ بالا تاریخوں سے پتہ چل رہا ہے، دوسری بات یہ ہے کہ اس مناسبت سے کوئی مخصوص عمل کرنا بدعت کے زمرے میں آتا ہے، کیونکہ جس پاک ہستی نے یہ معجزہ وصول کیا، اس نے اس دن کوئی مخصوص عمل پیش نہیں کیا۔

واقعہ اسراء ومعراج پر ابوجہل کا مذاق اور اس کا دندان شکن جواب

(٤٠٢٦)۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: ((لَمَّا كَانَ لَيْلَةُ أُسْرِيَ بِي، وَأَصْبَحْتُ بِمَكَّةَ فَظِعْتُ بِأَمْرِي، وَعَرَفْتُ أَنَّ النَّاسَ مُكَذِّبِيَّ۔)) فَقَعَدَ مُعْتَزِلاً حَزِيْناً۔ قَالَ: فَمَرَّ عَدُوُّ اللّٰهِ أَبُوْجَهْلٍ، فَجَاءَ حَتّٰى جَلَسَ إِلَيْهِ، فَقَالَ لَهُ كَالْمُسْتَهْزِئِ: هَلْ كَانَ مِنْ شَيْءٍ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ: ((نَعَمْ۔)) قَالَ: مَاهُوَ؟ قَالَ: ((إِنَّهُ أُسْرِيَ بِيَ اللَّيْلَةَ۔)) قَالَ: إِلٰى أَيْنَ؟ قَالَ: ((إِلٰى بَيْتِ الْمَقْدِسِ۔)) قَالَ: ثُمَّ أَصْبَحْتَ بَيْنَ ظَهْرَانَيْنَا؟ قَالَ: ((نَعَمْ۔)) فَلَمْ يَرَأَنَّهُ يُكَذِّبُهُ مُخَافَةَ أَنْ يَجْحَدَهُ الْحَدِيْثَ إِذَا دَعَا قَوْمَهُ إِلَيْهِ، قَالَ: أَرَأَيْتَ إِنْ دَعَوْتُ قَوْمَكَ تُحَدِّثُهُمْ مَا حَدَّثْتَنِي؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: ((نَعَمْ۔)) فَقَالَ: هَيَّا مَعْشَرَ بَنِي كَعْبِ بْنِ لُؤَيٍّ! فَانْتَفَضَتْ إِلَيْهِ الْمَجَالِسُ، وَجَاءُ وا حَتّٰى جَلَسُوْا إِلَيْهِمَا، قَالَ: حَدِّثْ قَوْمَكَ بِمَا حَدَّثْتَنِي فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: ((إِنِّي أُسْرِيَ بِي اللَّيْلَةَ۔)) قَالُوْا: إِلٰى أَيْنَ؟ قَالَ: ((إِلٰى بَيْتِ الْمَقْدِسِ۔)) قَالُوْا: ثُمَّ أَصْبَحْتَ بَيْنَ ظَهْرَانَيْنَا؟ قَالَ: ((نَعَمْ۔)) قَالَ: فَمِنْ بَيْنِ

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس رات مجھے معراج کا سفر کرایا گیا اور بوقتِ صبح مکہ میں تھا، میں گھبرایا ہوا تھا، کیونکہ میں جانتا تھا کہ لوگ مجھے جھٹلا دیں گے۔'' سو آپ پریشان ہو کر علیحدہ بیٹھ گئے۔ اتنے میں وہاں سے اللہ کے دشمن ابوجہل کا گذر ہوا، وہ آیا اور آپ ﷺ کے پاس بیٹھ گیا اور مذاق کرتے ہوئے کہنے لگا: کیا کچھ ہوا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''ہاں۔'' اس نے کہا: کیا ہوا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''آج رات مجھے سیر کروائی گئی ہے۔'' ابوجہل بولا: کہاں کی؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''بیت المقدس کی۔'' ابوجہل نے کہا: پھر آپ صبح کے وقت ہمارے پاس بھی پہنچ گئے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''ہاں۔'' ابوجہل نے اس وجہ سے آپ ﷺ کی اس وقت تکذیب نہیں کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ جب وہ لوگوں کو جمع کرے تو آپ ﷺ اس بات کا انکار کر دیں، اس لیے ابوجہل نے کہا: ''اگر میں آپ کی قوم کو بلاؤں تو کیا یہ بات ان کو بیان کرو گے؟ آپ نے فرمایا: ''ہاں۔'' ابوجہل نے آواز دی: او بنو کعب بن لوی! آجاؤ۔ (یہ آواز سنتے ہی) لوگ پہنچ گئے اور ان کے پاس آ کر بیٹھ گئے۔ ابوجہل نے آپ ﷺ سے کہا: جو بات مجھے بیان کی ان کو سناؤ۔ آپ نے فرمایا: ''مجھے آج رات سیر کرائی گئی ہے۔'' لوگوں نے پوچھا: کہاں کا سفر؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''بیت المقدس کا۔'' لوگوں نے کہا: پھر آپ صبح کے وقت یہاں (مکہ

مُصَفِّقٍ، وَمِنْ بَيْنِ وَاضِعٍ يَدَهُ عَلَى رَأْسِهِ مُتَعَجِّباً لِلْكَذِبِ، زَعَمَ! قَالُوْا: وَهَلْ تَسْتَطِيْعُ أَنْ تَنْعَتَ لَنَا الْمَسْجِدَ. وَفِي الْقَوْمِ مَنْ قَدْ سَافَرَ إِلَيذٰلِكَ الْبَلَدِ وَرَأَى الْمَسْجِدَ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: ((فَذَهَبْتُ أَنْعَتُ، فَمَا زِلْتُ أَنْعَتُ حَتّٰى الْتَبَسَ عَلَيَّ بَعْضُ النَّعْتِ.)) قَالَ: ((فَجِيءَ بِالْمَسْجِدِ وَأَنَا أَنْظُرُ حَتّٰى وُضِعَ دُوْنَ دَارِ عِقَالٍ، أَوْعَقِيْلٍ، فَنَعَتُّهُ وَأَنَا أَنْظُرُ إِلَيْهِ.)) قَالَ: وَكَانَ مَعَ هٰذَا نَعْتٌ لَمْ أَحْفَظْهُ. قَالَ: فَقَالَ الْقَوْمُ: أَمَا النَّعْتُ، فَوَاللّٰهِ! لَقَدْ أَصَابَ. (الصحيحة: ٣٠٢١)

میں) واپس بھی آ گئے؟ آپ نے فرمایا: ''ہاں'' یہ سن کر کوئی تالیاں بجانے لگا اور کسی نے اس جھوٹ پر تعجب کرتے ہوئے سر پر ہاتھ رکھ لیا۔ چونکہ بعض لوگوں نے اس شہر کا سفر کیا ہوا تھا اور مسجد (اقصی) دیکھی ہوئی تھی، اس لیے انھوں نے کہا: کیا آپ ہمارے لیے مسجد اقصیٰ کے اوصاف بیان کر سکتے ہیں؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: '' میں نے اوصاف بیان کرنا شروع کئے، میں وضاحت کرتا گیا، لیکن بعض علامتیں مجھ پر خلط ملط ہو گئیں، اس لیے مسجد اقصی کو لایا گیا اور عقال یا عقیل کے گھر کے سامنے رکھ دیا گیا، میں اسے دیکھ اوصاف بیان کرنے لگا، پھر بھی کچھ نشانیاں مجھے یاد نہیں رہی تھیں۔'' لوگوں نے کہا: جہاں تک علامتوں کا مسئلہ ہے، وہ تو اللہ کی قسم انھوں نے درست بیان کر دی ہیں۔

تخريج: أخرجه النسائي في "السنن الكبرى" ٦/ ٣٧٧/ ١١٢٨٥، وابن أبي شيبة في "المصنف" ١١/ ٤٦١/ ١١٧٤٦، وأحمد: ١/ ٣٠٩ ومن طريقه الضياء المقدسي في "المختارة" ١/ ٣٠٩، والحربي في "غريب الحديث" ٥/ ١١٥/ ٢، والبزار: ١/ ٤٥-٤٦، والطبراني في "المعجم الكبير" ١٢/ ١٦٧/ ١٢٧٨٢، و"الأوسط" ١/ ١٣٦/ ٢/ ٢٦٢٣، والبيهقي في "دلائل النبوة" ٢/ ٣٦٣

شرح: ...... اللہ تعالیٰ جسے عزت دینا چاہے، کوئی اسے ذلیل نہیں کر سکتا۔

رسول اللہ ﷺ کے معجزات

معجزہ: وہ مافوق العادت چیز، جو اللہ تعالیٰ کی جانب سے کسی نبی کی نبوت کے ثبوت کے لیے نبی سے ظاہر کرائی جاتی ہے اور غیر نبی اس پر قادر نہیں ہوتا۔

(٤٠٢٧)۔ عَنْ أَبِي قَتَادَةَ قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فِي سَفَرٍ، فَقَالَ: ((إِنَّكُمْ إِنْ لَا تُدْرِكُوْا الْمَاءَ غَداً تَعْطِشُوْا.)) وَانْطَلَقَ سَرْعَانُ النَّاسِ يُرِيْدُوْنَ الْمَاءَ، وَلَزِمْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ فَمَالَتْ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ رَاحِلَتُهُ، فَنَعَسَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سفر میں تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''اگر تمھیں کل پانی نہ ملا تو پیاس غالب آ جائے گی۔'' جلد باز لوگ پانی (کی تلاش) کے ارادے سے چل پڑے۔ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ چمٹا رہا۔ آپ ﷺ کی سواری ایک طرف جھکنے لگی اور آپ ﷺ کو اونگھ آ گئی، میں نے آپ ﷺ کو سہارا

فَدَعَمْتُهُ، فَادَّعَمَ، ثُمَّ مَالَ فَدَعَمْتُهُ، فَادَّعَمَ، ثُمَّ مَالَ حَتّٰى كَادَ أَنْ يَنْجَفِلَ عَنْ رَاحِلَتِهِ، فَدَعَمْتُهُ، فَانْتَبَهَ، فَقَالَ: مَنِ الرَّجُلُ؟ قُلْتُ: أَبُوْ قَتَادَةَ۔ قَالَ: ((مُذْكَمْ كَانَ مَسِيْرُكَ؟))

قُلْتُ: مُنْذُ اللَّيْلَةِ، قَالَ: ((حَفِظَكَ اللّٰهُ كَمَا حَفِظْتَ رَسُوْلَهُ۔)) ثُمَّ قَالَ: ((لَوْ عَرَّسْنَا۔)) فَمَالَ إِلٰى شَجَرَةٍ فَنَزَلَ، فَقَالَ: ((أُنْظُرْ هَلْ تَرٰى أَحَدًا؟)) قُلْتُ: هٰذَا رَاكِبٌ، هٰذَانِ رَاكِبَانِ، حَتّٰى بَلَغَ سَبْعَةً، فَقُلْنَا: إِحْفَظُوْا عَلَيْنَا صَلَاتَنَا، فَنِمْنَا، فَمَا أَيْقَظَنَا إِلَّا حَرُّ الشَّمْسِ فَانْتَبَهْنَا، فَرَكِبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ فَسَارَ وَسِرْنَا هُنَيْهَةً، ثُمَّ نَزَلَ فَقَالَ: ((أَمَعَكُمْ مَاءٌ؟)) قَالَ: قُلْتُ: نَعَمْ۔ مَعِيَ مِيْضَأَةٌ فِيْهَا شَيْءٌ مِنْ مَاءٍ۔ قَالَ: ((إِئْتِ بِهَا۔)) فَأَتَيْتُهُ بِهَا، فَقَالَ: ((مُسُّوْا مِنْهَا، مُسُّوْا مِنْهَا۔)) فَتَوَضَّأَ الْقَوْمُ، وَبَقِيَتْ جُرْعَةٌ، فَقَالَ: ((اِزْدَهِرْ بِهَا يَا أَبَا قَتَادَةَ! فَإِنَّهُ سَيَكُوْنُ لَهَا نَبَأٌ۔)) ثُمَّ أَذَّنَ بِلَالٌ، وَصَلُّوْا الرَّكْعَتَيْنِ قَبْلَ الْفَجْرِ، ثُمَّ صَلَّوْا الْفَجْرَ، ثُمَّ رَكِبَ وَرَكِبْنَا فَقَالَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ: فَرَّطْنَا فِي صَلَاتِنَا۔ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: ((مَاتَقُوْلُوْنَ؟ إِنْ كَانَ أَمْرُ دُنْيَاكُمْ فَشَأْنُكُمْ، وَإِنْ كَانَ أَمْرُ دِيْنِكُمْ فَإِلَيَّ۔)) قُلْنَا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَرَّطْنَا فِي صَلَاتِنَا، فَقَالَ: ((لَاتَفْرِيْطَ فِي النَّوْمِ،

دیا، آپ ﷺ سنبھل گئے۔ پھر آپ ﷺ (اونگھ کی وجہ سے) جھکنے لگے، میں نے آپ ﷺ کو سہارا دیا، آپ ﷺ سنبھل گئے۔ پھر آپ ﷺ اس قدر جھکے کہ قریب تھا کہ سواری سے گر پڑیں، میں نے آپ ﷺ کو سہارا دیا، اتنے میں آپ ﷺ بیدار ہو گئے اور پوچھا: ''یہ آدمی کون ہے؟'' میں نے کہا: ابو قتادہ ہوں۔ آپ ﷺ نے پوچھا: ''کب سے چل رہے ہو؟'' میں نے کہا: رات سے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تیری حفاظت کرے جس طرح کہ تو نے اس کے رسول کی حفاظت کی ہے۔'' پھر فرمایا: ''اگر ہم ستا لیں (تو بہتر ہوگا)۔'' پھر ایک درخت کی طرف مڑے اور وہیں اتر پڑے اور فرمایا: ''دیکھو، آیا کوئی آدمی نظر آرہا ہے؟'' میں نے کہا: یہ ایک سوار ہے، یہ دو سوار آ گئے ہیں، یہاں تک کہ کل سات افراد جمع ہو گئے۔ ہم نے کہا: ذرا نمازِ فجر کا خیال رکھنا، کہیں سو ہی نہ جائیں۔ (لیکن ہم سب سو گئے اور) سورج کی گرمی نے ہم کو جگایا، ہم بیدار ہوئے۔ آپ ﷺ سوار ہو کر چل پڑے، ہم بھی آپ ﷺ کے ساتھ تھے، تھوڑے ہی چلے تھے کہ اتر پڑے اور پوچھا: ''کیا تمھارے پاس پانی ہے؟'' میں نے کہا: جی ہاں، میرے پاس وضو کا برتن ہے، اس میں معمولی سا پانی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''لے آؤ۔'' میں لے آیا، پھر آپ ﷺ نے فرمایا: ''پانی لیجئے، پانی لیجئے۔'' سب لوگوں نے وضو کر لیا اور لوٹے میں ایک گھونٹ پانی کا باقی بچا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''ابو قتادہ! اس پانی کو محفوظ کر لو، عنقریب اس کی بنا پر عظیم (معجزہ) رونما ہوگا۔ پھر حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اذان دی، لوگوں نے فجر سے پہلے والی دو سنتیں پڑھیں اور پھر نمازِ فجر ادا کی۔ پھر آپ ﷺ سوار ہوئے اور ہم بھی۔ ہم آپس میں ایک

إِنَّمَا التَّفْرِيطُ فِي الْيَقْظَةِ، فَإِنْ كَانَ ذٰلِكَ فَصَلُّوْهَا وَمِنَ الْغَدِ وَقْتَهَا.)) ثُمَّ قَالَ: ((ظُنُّوْا بِالْقَوْمِ.)) قَالُوْا: إِنَّكَ قُلْتَ بِالْأَمْسِ: إِنْ لَّا تُدْرِكُوْا الْمَاءَ غَداً تَعْطِشُوْا، فَالنَّاسُ بِالْمَاءِ، فَقَالَ: أَصْبَحَ النَّاسُ وَقَدْ فَقَدُوْا نَبِيَّهُمْ فَقَالَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ بِالْمَاءِ، وَفِي الْقَوْمِ أَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ، فَقَالَا: أَيُّهَا النَّاسُ! إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ لَمْ يَكُنْ لِيَسْبِقَكُمْ إِلَى الْمَاءِ وَيُخَلِّفَكُمْ، وَإِنْ يُطِعِ النَّاسُ أَبَابَكْرٍ وَعُمَرَ يَرْشُدُوْا. قَالَهَا ثَلَاثاً، فَلَمَّا اشْتَدَّتِ الظَّهِيْرَةُ، رَفَعَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ فَقَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! هَلَكْنَا عَطْشاً تَقَطَّعَتِ الْأَعْنَاقُ. فَقَالَ: ((لَا هَلَكَ عَلَيْكُمْ.)) ثُمَّ قَالَ: ((يَا أَبَا قَتَادَةَ! ائْتِ الْمِيْضَأَةَ.)) فَأَتَيْتُهُ بِهَا، فَقَالَ أَحْلُلْ لِي غُمَرِي، يَعْنِي: قَدَحَهُ فَحَلَلْتُهُ، فَأَتَيْتُهُ بِهِ، فَجَعَلَ يَصُبُّ فِيْهِ وَيَسْقِي النَّاسَ، فَازْدَحَمَ النَّاسُ عَلَيْهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: ((يَاأَيُّهَا النَّاسُ! أَحْسِنُوْا الْمَلْءَ فَكُلُّكُمْ يَصْدُرُ عَنْ رِيٍّ.)) فَشَرِبَ الْقَوْمُ حَتّٰى لَمْ يَبْقَ غَيْرِي وَغَيْرُ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَصَبَّ لِي. فَقَالَ: ((اِشْرَبْ يَا أَبَا قَتَادَةَ.)) قَالَ: قُلْتُ: اِشْرَبْ أَنْتَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ: ((إِنَّ سَاقِيَ الْقَوْمِ آخِرُهُمْ.))
فَشَرِبْتُ وَشَرِبَ بَعْدِيْ، وَبَقِيَ فِي

دوسرے کو کہنے لگے کہ ہم سے نماز میں کمی واقع ہو گئی ہے۔ آپ ﷺ نے پوچھا: ''کیا کہہ رہے ہو؟ اگر کوئی دنیوی بات ہے تو خود حل کرلو اور اگر دینی معاملہ ہے تو میری طرف لاؤ۔'' ہم نے کہا: اے اللہ کے رسول! ہم نے نماز میں کمی کی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''نیند (کی وجہ سے تأخیر ہونے سے) کوئی کوتاہی نہیں ہوتی، کوتاہی تو یہ ہے کہ جیتے جاگتے (نماز کو لیٹ کر دیا جائے)، اگر اس طرح ہو جائے (جس طرح کہ آج ہوا ہے تو) اسی وقت نماز پڑھ لیا کرو، اور دوسرے دن نماز اپنے وقت میں ادا کیا کرو۔'' آپ ﷺ نے مزید فرمایا: ''قوم کے بارے میں اندازہ لگاؤ۔'' انھوں نے کہا: آپ نے تو کل کہا تھا کہ اگر کل پانی نہ ملا تو پیاس غالب آجائے گی اور ہمارے پاس تو پانی ہے۔ فرمایا: ''جب صبح ہوئی اور (بڑی جماعت کے) لوگوں نے اپنے نبی کو مفقود پایا تو کوئی کہنے لگا کہ رسول اللہ ﷺ کہیں پانی پر ہوں گے۔ ابوبکر اور عمر بھی موجود تھے، انھوں نے کہا: لوگو! یہ نہیں ہوسکتا کہ رسول اللہ ﷺ پانی کی طرف تم سے سبقت لے جائیں اور تمھیں پیچھے چھوڑ جائیں اور اگر لوگ ابوبکر وعمر کی پیروی کر لیں تو وہ ہدایت پا جائیں گے۔ یہ کلمات تین دفعہ کہے۔ جب دن کی سخت گرمی شروع ہوئی اور لوگوں کو نبی کریم ﷺ بھی نظر آگئے تو انھوں نے کہا: اے اللہ کے رسول! ہم پیاس کی وجہ سے ہلاک ہو رہے ہیں اور حلق پیاس کی وجہ سے سوکھ کر کانٹا بن گیا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''آج تم پر کوئی ہلاکت نازل نہیں ہوگی۔'' پھر آپ ﷺ نے فرمایا: ''ابوقتادہ! وضو کا برتن لاؤ (جس میں ایک گھونٹ پانی تھا)۔'' میں لے آیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''میرے پیالے کا ڈھکن اٹھاؤ۔'' میں نے ڈھکن کھولا اور پیالہ

الْمِيْضَأَةِ نَحْوٌ مِّمَّا كَانَ فِيْهَا، وَهُمْ يَوْمَئِذٍ ثَلَاثُ مِئَةٍ۔)) (الصحیحة: ۲۲۲۵)

آپ ﷺ کے پاس لے آیا۔ آپ ﷺ اس میں پانی بہاتے گئے اور لوگوں کو پلاتے گئے، لوگ بڑی تعداد میں اکٹھے ہو گئے۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''لوگو! اچھے انداز میں بھرو، ہر کوئی سیراب ہو کر لوٹے گا۔'' میرے اور رسول اللہ کے علاوہ تمام لوگوں نے پانی پی لیا۔ بالآخر آپ ﷺ نے میرے لیے پانی انڈیلا اور فرمایا: ''ابو قتادہ! پیو۔'' میں نے کہا: اے اللہ کے رسول! آپ پئیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''لوگوں کو پلانے والا آخر میں پیتا ہے۔'' اس لیے پہلے میں نے اور پھر آپ ﷺ نے پانی پیا اور وضو دان میں اتنا پانی موجود تھا، جتنا کہ پہلے تھا۔ اس دن لشکر کی تعداد تین سو (۳۰۰) تھی۔

تخریج: أخرجه الأمام أحمد: ٥/ ٢٩٨، وقد اخرجه مسلم في "صحيحه" دون موضع الشاهد منه

شرح:...... حدیث مبارکہ اپنے مفہوم میں واضح ہے، پہلے بھی یہ مسئلہ گزر چکا ہے کہ اگر بیداری کے اسباب استعمال کرنے کے باوجود نماز کے وقت پر آنکھ نہ کھلے تو جب بھی جاگ آئے، اگرچہ نماز کا مکمل وقت گزر چکا ہو، نماز پڑھ لی جائے، جیسا کہ رسول اللہ ﷺ نے سونے سے پہلے فرمایا کہ ہماری نماز کا خیال رکھنا، لیکن اللہ تعالیٰ کا کرنا کہ وہ سب سو گئے اور طلوع آفتاب کے بعد اٹھے اور اسی وقت نماز ادا کی۔ لیکن وہ لوگ اس حکم کا مصداق نہیں بن سکتے ہیں جو جان بوجھ کر سوئے رہتے ہیں یا خواہ مخواہ کی غفلت کی بنا پر سوئے رہ جاتے ہیں۔ اس حدیث میں نبی کریم ﷺ کے ایک عظیم الشان معجزے کا بیان ہے کہ ایک گھونٹ پانی میں اتنی برکت پڑی کہ وہ تین سو افراد کے لیے کافی ہو گیا۔ نیز یہ بھی ثابت ہوا کہ پانی پلانے والا سب سے آخر میں پانی پیتا ہے۔

(٤٠٢٨)۔ عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ يَعْلٰى بْنِ مُرَّةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: رَأَيْتُ مِنَ النَّبِيِّ ﷺ ثَلَاثَةَ اَشْيَاءَ مَارَآهَا أَحَدٌ قَبْلِي: (١) كُنْتُ مَعَهُ فِي طَرِيْقِ مَكَّةَ، فَمَرَّ عَلٰى ابْنَةٍ مَعَهَا ابْنٌ لَهَا بِهِ لَمَمٌ، مَارَأَيْتُ لَمَماً أَشَدَّ مِنْهُ، فَقَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! ابْنِي هٰذَا كَمَا تَرٰى؟ قَالَ: ((إِنْ شِئْتِ دَعَوْتُ لَهُ۔)) فَدَعَا لَهُ، ثُمَّ مَضٰى۔ (٢) فَمَرَّ عَلَيْهِ بَعِيْرٌ مَادٌّ جِرَانَهُ يَرْغُوْ، فَقَالَ: ((عَلَيَّ بِصَاحِبِ هٰذَا۔)) فَقَالَ: ((هٰذَا يَقُوْلُ: نُتِجْتُ عِنْدَهُمْ وَاسْتَعْمَلُوْنِي حَتّٰى

عمر بن عبداللہ بن یعلی بن مرہ اپنے باپ سے اور وہ اُن کے دادے سے روایت کرتے ہیں، وہ کہتے ہیں: میں نے نبی کریم ﷺ میں تین ایسی چیزیں دیکھی ہیں، جو مجھ سے پہلے کسی نے نہیں دیکھیں: (۱) میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ مکہ کے راستے میں تھا، آپ کا گزر ایک لڑکی کے پاس سے ہوا، اس کے پاس اس کا بیٹا تھا، اس پر جنونی کیفیت طاری تھی، میں نے اتنی سخت دیوانگی پہلے کبھی نہیں دیکھی تھی۔ اس لڑکی نے کہا: اے اللہ کے رسول! یہ میرے بیٹے کی حالت ہے، آپ دیکھ ہی رہے ہیں (اب کیا کیا جائے)؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''اگر تم چاہتی ہے تو میں اس کے لیے دعا کر دیتا ہوں۔'' پس آپ ﷺ نے اس کے لیے دعا فرمائی اور چل

إِذَا كَبِـرْتُ أَرَادُوْا أَنْ يَـنْـحَـرُوْنِـي۔)) ثُمَّ مَـضٰـى۔ (٣) فَـرَأَى شَجَرَتَيْنِ مُتَفَرِّقَتَيْنِ، فَقَالَ لِي: ((اِذْهَبْ فَمُرْهُمَا، فَلْتَجْتَمِعَا۔)) فَاجْتَمَعَتَا، فَقَضٰى حَاجَتَهُ، وَقَالَ: ((اِذْهَبْ فَـقُـلْ لَهُـمَـا يَـفْتَـرِقَـا۔)) ثُمَّ مَضٰى فَلَمَّا انْـصَـرَفَ مَرَّ عَلَى الصَّبِيِّ وَهُوَ يَلْعَبُ مَعَ الـصِّبْيَـانِ وَقَـدْ هَيَّأَتْ لَهُ أُمُّهُ سِتَّةَ أَكْبُشٍ، فَـأَهْـدَتْ لَهُ كَبْشَيْنِ، وَقَالَتْ: مَا عَادَ إِلَيْهِ شَـيْءٌ مِـنَ الـلَّمَمِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: ((مَامِنْ شَيْءٍ إِلَّا يَعْلَمُ أَنِّي رَسُوْلُ اللّٰهِ إِلَّا كَفَرَةُ أَوْ فَسَقَةُ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ۔))

(الصحيحة: ٣٣١١)

دیے۔ (۲) پھر آپ ﷺ کے قریب سے ایک اونٹ گزرا، اس کی گردن جھکی ہوئی تھی اور وہ بلبلا رہا تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''اس کے مالک کو میرے پاس لاؤ۔'' (جب وہ آیا) تو آپ ﷺ نے فرمایا: ''یہ اونٹ کہہ رہا ہے کہ میں اپنے مالک کے پاس پیدا ہوا تھا، انہوں نے مجھے خوب استعمال کیا، اب جب میں بوڑھا ہوگیا تو اس نے مجھے ذبح کرنے کا ارادہ کر لیا ہے۔ آپ ﷺ آگے تشریف لے گئے۔ (۳) پھر آپ ﷺ نے دو علیحدہ علیحدہ درخت دیکھے اور مجھے فرمایا: ''جاؤ اور ان دونوں درختوں سے کہو کہ (ایک مقام پر (جمع ہو جاؤ)۔'' سو وہ جمع ہو گئے اور آپ ﷺ نے (ان کی اوٹ میں بیٹھ کر) قضائے حاجت کر لی اور فرمایا: ''جاؤ اور ان سے کہو کہ علیحدہ علیحدہ ہو جاؤ۔ پھر آپ ﷺ وہاں سے تشریف لے گئے۔ جب آپ ﷺ واپس پلٹے تو اسی بچے سے آپ کا گزر ہوا، وہ دوسرے بچوں کے ساتھ کھیل رہا تھا اور اس کی ماں نے اس کے لیے چھ مینڈھے پال رکھے تھے۔ اس نے دو مینڈھے قربان کئے اور کہا کہ اسے دوبارہ جنون والی بیماری نہیں لگی۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''ہر چیز جانتی ہے کہ میں اللہ تعالی کا رسول ہوں، سوائے کافر اور فاسق جنوں اور انسانوں کے۔''

تخريج: أخرجه الطبراني في "المعجم الكبير": ٢٢/ ٢٦١/ ٦٧٢، ٢٥/ ٣٠٦/ ٥٤، و البيهقي في "دلائل النبوة": ٦/ ٢٢

شرح:...... معجزات کے ثبوت کے ساتھ ساتھ اس حدیث سے یہ بھی ثابت ہوا کہ جمادات، نباتات، چرند پرند غرضیکہ ہر چیز کو آپ ﷺ کی نبوت و رسالت کا احساس تھا، سوائے دو جنسوں سے تعلق رکھنے والے کافروں اور فاسقوں کے۔

مہر نبوت

(٤٠٢٩)۔ عَـنْ أَبِي نَضْرَةَ الْعَوْفِيِّ، قَالَ: سَـأَلْـتُ أَبَـا سَـعِيْـدِ الْـخُـدْرِيَّ عَنْ خَاتَمِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ ـ فَـقَالَ: كَانَ خَاتَمُ النُّبُوَّةِ فِي ظَهْرِهِ بَضْعَةٌ نَاشِرَةٌ۔

ابونضرہ عوفی کہتے ہیں: میں نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے رسول اللہ ﷺ کی مہر (نبوت) کے بارے میں سوال کیا۔ انہوں نے کہا: مہرِ نبوّت آپ کی پشت مبارک میں ابھرے ہوئے گوشت کا ایک ٹکڑا تھا۔

(الصحيحة: ٢٠٩٣)

تخريج: أخرجه الترمذي في"الشمائل":٤٠، واحمد في "مسنده": ٣/ ٦٩

شرح: ...... دو کندھوں کے درمیان، لیکن بائیں کندھے سے زیادہ قریب آپ ﷺ کی پشت مبارک میں مہر نبوت تھی، اس کا سائز اور رنگ بیان کرنے والی مختلف روایات درج ذیل ہیں:

(۱) مہر نبوت چھپر کھٹ کی گھنڈی (بٹن) کی طرح تھی۔ (بخاری، مسلم)

(۲) مہر نبوت سرخ رنگ کی گلٹی کی طرح تھی، جیسے کبوتری کا انڈہ ہوتا ہے۔ (مسلم)

(۳) مہر نبوت اس بند مٹھی کی طرح تھی، جس پر تل ہوں، جیسے تبوڑی ہوتی ہے۔ (مسلم)

(۴) مہر نبوت ابھرے ہوئے گوشت کے ٹکڑے کی مانند تھی۔ (مسند احمد)

(۵) مہر نبوت شتر مرغ کے انڈے کی طرح تھی۔ (ابن حبان)

(۶) مہر نبوت سیب کے دانے کی طرح تھی۔ (بیہقی)

(۷) مہر نبوت بندقہ کی طرح تھی، (جو بیر جتنا پھل ہوتا ہے)۔ (ابن عساکر)

درحقیقت ان روایات میں کوئی تضاد اور تناقض نہیں ہے، ویسے یہ بات بھی مسلم ہے کہ کسی دیکھی ہوئی چیز کو لفظوں میں کما حقہ بیان نہیں کیا جا سکتا، کسی نے مہر نبوت کا حجم بیان کیا، کسی نے کبوتری کے انڈے، شتر مرغ کے انڈے، گھنڈی اور سیب کے دانے کی مثال دے کر اس کی شکل بیان کرنا چاہی، کسی نے اس کے ابھرے ہوئے پن کو سامنے رکھ کر اس کو بند مٹھی یا بندقہ سے تشبیہ دے دی، اور یہ بھی ممکن ہے کہ عمر یا موسم یا محنت و مشقت کی وجہ سے اس کی رنگت وغیرہ میں فرق آ جاتا ہو۔

وحی کی کیفیت اور شدت

(٤٠٣٠)۔ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ يَقُوْلُ: ((كَانَ إِذَا نَزَلَ الْوَحْيُ عَلَيْهِ ﷺ ثَقُلَ لِذٰلِكَ، وَتَحَدَّرَ جَبِيْنُهُ عَرَقاً كَأَنَّهُ الْجُمَانُ، وَإِنْ كَانَ فِي الْبَرْدِ.)) (الصحيحة:٢٠٨٨)

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ، حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں، وہ کہتے ہیں کہ جب آپ ﷺ پر وحی نازل ہوتی تھی تو آپ مشقت میں پڑ جاتے تھے اور آپ ﷺ کی پیشانی سے موتیوں کی طرح پسینہ بہتا تھا، اگرچہ سردی کا موسم ہوتا۔

تخريج: أخرجه أبو نعيم في"دلائل النبوة":٧٣، والطبراني في "المعجم الكبير": ٥/ ١٢٣/ ٤٧٨٧

شرح: ...... وحی الٰہی کی تین صورتیں ہیں:

(۱) اللہ تعالیٰ کا دل میں کسی بات کا ڈال دینا یا خواب میں بتلا دینا اس یقین کے ساتھ کہ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔

(۲) پردے کے پیچھے سے کلام کرنا، جیسے حضرت موسی علیہ السلام سے کوہِ طور پر کیا گیا۔

(۳) فرشتے کے ذریعے سے اپنی وحی بھیجنا۔ ان تینوں صورتوں کا ذکر سورۂ شوری میں موجود ہے۔

تیسری صورت کی پھر دوصورتیں ہیں:

(۱) گھنٹی کی آواز میں اور......

(۲) فرشتے کا انسانی شکل اختیار کر کے وحی لے کر آنا۔ (ان دوصورتوں کا ذکر صحیح بخاری کی دوسری حدیث میں ہے)۔

مذکورہ بالا حدیث میں وحی کی اس کیفیت کا بیان ہے، جو گھنٹی کی آواز میں آتی تھی، یہ آپ ﷺ پر گراں گزرتی تھی اور آپ پر بہت زیادہ بوجھ پڑتا تھا۔ حقیقت اللہ تعالی ہی بہتر جانتے ہیں۔

آپ ﷺ کے مقابلے میں ابلیس کا مغلوب ہونا

(٤٠٣١)۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدِ الْخُدَّرِيِّ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَامَ فَصَلّٰى صَلاَةَ الصُّبْحِ وَهُوَ خَلْفَهُ، فَقَرَأَ، فَالْتَبَسَتْ عَلَيْهِ الْقِرَاءَةُ، فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ صَلاتِهِ قَالَ: ((لَوْ رَأَيْتُمُوْنِي وَإِبْلِيْسَ فَأَهْوَيْتُ بِيَدِيْ، فَمَا زِلْتُ أَخْنُقُهُ حَتّٰى وَجَدْتُ بَرْدَ لُعَابِهِ بَيْنَ إِصْبَعَيَّ هَاتَيْنِ: الإِبْهَامِ وَالَّتِي تَلِيْهَا، وَلَوْلاَ دَعْوَةُ أَخِي سُلَيْمَانَ، لَأَصْبَحَ مَرْبُوْطًا بِسَارِيَةٍ مِنْ سَوَارِي الْمَسْجِدِ يَتَلاَعَبُ بِهِ صِبْيَانُ الْمَدِيْنَةِ، فَمَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمْ أَنْ لاَيَحُوْلَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْقِبْلَةِ أَحَدٌ فَلْيَفْعَلْ۔)) (الصحيحة:٣٢٥١)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کھڑے ہوئے اور نماز فجر ادا کی اور وہ (ابوسعید) آپ کے پیچھے تھے، جب آپ نے قرأت کی تو وہ آپ پر خلط ملط ہونے لگی۔ جب آپ نماز سے فارغ ہوئے تو آپ نے فرمایا: ''کاش کہ تم مجھے اور ابلیس کو دیکھتے، میں نے اپنا ہاتھ بڑھایا اور اُس کا گلا گھونٹتا رہا، حتی کہ مجھے انگوٹھے اور اس کے ساتھ والی انگلی کے درمیان اس کے لعاب کی ٹھنڈک محسوس ہوئی۔ اگر میرے بھائی سلیمان (علیہ السلام) کی دعا نہ ہوتی تو وہ اس حال میں صبح کرتا کہ مسجد کے ستونوں میں سے کسی ستون کے ساتھ بندھا ہوا ہوتا اور مدینے کے بچے اُس کے ساتھ کھیل رہے ہوتے۔ تم میں سے جس میں یہ استطاعت ہو کہ (دورانِ نماز) اس کے اور اس کے قبلہ کے مابین کوئی چیز حائل نہ ہو تو وہ ایسا ہی کرے۔''

تخريج: أخرجه أحمد: ٣/ ٨٢، ومن هذ الوجه رواه ابوداود: ٦٩٩ مختصرا

شرح:...... اگرچہ نبی کریم ﷺ شیطانی حملوں سے مکمل محفوظ تھے۔ جیسا کہ سیدنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ((مَا مِنْكُمْ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا وَقَدْ وَكَّلَ اللّٰهُ بِهِ قَرِيْنَهُ مِنَ الْجِنِّ۔)) قَالُوْا: وَاِيَّاكَ؟ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ: ((وَاِيَّايَ، اِلَّا اَنَّ اللّٰهَ اَعَانَنِيْ عَلَيْهِ فَاَسْلَمَ، فَلَا يَأْمُرُنِيْ اِلَّا بِخَيْرٍ۔)) (مسلم) ......''اللہ تعالی نے تم میں سے ہر آدمی کے ساتھ ایک شیطان مقرر کر دیا ہے (جو اسے برائی پر آمادہ

کرتا ہے)۔'' صحابہ نے پوچھا: اے اللہ کے رسول ﷺ! کیا آپ ﷺ کے ساتھ بھی ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''میرے ساتھ بھی ہے، لیکن اللہ تعالیٰ نے اس کے خلاف میری مدد کی، جس کی وجہ سے وہ مطیع ہو گیا، پس وہ مجھے صرف خیر و بھلائی کا ہی حکم دیتا ہے۔''

لیکن ابلیس اپنے خبثِ باطن کا اظہار کرتا رہتا تھا اور نتیجتاً نا کام و نامراد ہو کر واپس لوٹتا تھا، جیسا کہ اس حدیثِ مبارکہ سے معلوم ہوتا ہے۔ حضرت سلیمان ں نے یہ دعا کی تھی: ﴿وَهَبْ لِيْ مُلْكًا لَّا يَنْۢبَغِيْ لِاَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِيْ﴾ (سورۂ ص: ۳۵) ..... ''اور (اے اللہ!) مجھے ایسی بادشاہت عطا فرما، جو میرے بعد کسی کے لیے لائق نہ ہو۔''

حافظ ابن حجرؒ نے کہا: اس حدیث سے اشارہ ملتا ہے کہ آپ ﷺ نے حضرت سلیمان کی رعایت کرتے ہوئے ابلیس کو چھوڑ دیا تھا، لیکن یہ بھی احتمال ہے کہ حضرت سلیمان کی خصوصیت یہ ہو کہ وہ جو کام چاہتے جنوں سے کروا لیتے تھے۔ (فتح الباری)

آپ ﷺ کو دو دفعہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے شادی کرنے کا خواب دکھایا گیا

(٤٠٣٢)۔ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ لِي رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: ((أُرِيْتُكِ فِي الْمَنَامِ مَرَّتَيْنِ، وَرَجُلٌ يَحْمِلُكِ فِي سَرَقَةٍ مِنْ حَرِيْرٍ فَيَقُوْلُ: هٰذِهِ امْرَأَتُكَ، فَأَقُوْلُ: إِنْ يَكُ هٰذَا مِنْ عِنْدِاللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ يُمْضِهِ۔)) (الصحيحة:٣٩٨٧)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے، وہ کہتی ہیں: رسول اللہ ﷺ نے مجھے فرمایا: ''تم مجھے خواب میں دو مرتبہ دکھائی گئی تھی، ایک آدمی تجھے ریشم کے ایک ٹکڑے میں اٹھا کر (میرے پاس) آیا اور کہا: یہ آپ کی بیوی ہے۔ میں نے کہا: اگر یہ معاملہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے تو وہ اس کو نافذ کر دے گا۔''

تخريج: أخرجه أحمد: ٦/ ٤١، ١٢٨، ١٦١۔ واللفظ له۔، والخاري: ٣٨٩٥ و ٥٠٧٨، ٥١٢٥، ٧٠١١، ومسلم: ٧/ ١٣٤، وابن حبان: ٧٠٥١۔ وابن سعد في "الطبقات" ٨/ ٦٤، ٦٧ والبيهقي في "دلائل النبوة": ٢/ ٤١٠، والبغوي في "شرح السنة": ١٢/ ٢٢٦، والخطيب في "التاريخ": ٥/ ٤٢٨/ ٢٩٤٠

فائدہ: ..... اس میں سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی منقبت کا بیان ہے۔ سوال یہ ہے کہ انبیا کے خواب، وحی الٰہی ہوتے ہیں، تو پھر آپ ﷺ نے شک کا اظہار کیوں کیا کہ اگر یہ معاملہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے تو پورا ہو جائے گا؟ اس کے تین جوابات دیے گئے ہیں:

(۱) تردد اس امر میں تھا کہ آیا یہ خاتون دنیا و آخرت دونوں جہاں میں آپ کی بیوی ہو گی یا صرف آخرت میں۔

(۲) یہ الفاظ اگرچہ شک پر دلالت کرتے ہیں، لیکن ان کا ظاہری معنی مراد نہیں ہے، یعنی آپ ﷺ کا مقصود یہ تھا کہ ایسے ہو کر رہے گا، کیونکہ وحی یقینی اور قطعی ہوتی ہے، اس ترکیب کو بلاغت میں ''مزج الشک بالیقین'' کہتے ہیں، یہ

عام مثبت جملے سے زیادہ تحقیق کا فائدہ دیتا ہے، جیسا کہ نماز استخارہ والی دعا میں بھی اس قسم کے الفاظ پائے جاتے ہیں۔

(۳) تردّد کی وجہ یہ تھی کہ آیا اس خواب کو اس کے ظاہر پر ہی محمول کیا جائے گا یا اس کی کوئی تعبیر کی جائے گی۔ حافظ ابن حجر نے آخری احتمال کو راجح قرار دیا ہے۔ (ملاحظہ ہو: فتح الباری: ۹/ ۲۲۷)

ملکِ روم کے نام آپ ﷺ کا دعوتی خط اور اس کا اثر
آپ ﷺ اور صحابہ کی صفات (ہرقل کے سوالات و جوابات کی روشنی میں)

(٤٠٣٣)۔ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُوْدٍ أَنَّ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ، أَخْبَرَهُ، أَنَّ أَبَا سُفْيَانَ بْنَ حَرْبٍ أَخْبَرَهُ أَنَّ هِرْقَلَ أَرْسَلَ إِلَيْهِ فِي رَكْبٍ مِنْ قُرَيْشٍ، وَكَانُوْا تُجَّاراً بِالشَّامِ فِي الْمُدَّةِ الَّتِي كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مَادَّ فِيْهَا أَبَا سُفْيَانَ وَكُفَّارَ قُرَيْشٍ، فَأَتَوْهُ وَهُمْ بِإِيْلِيَاءَ فَدَعَاهُمْ فِي مَجْلِسِهِ وَحَوْلَهُ عُظَمَاءُ الرُّوْمِ، ثُمَّ دَعَاهُمْ وَدَعَا بِتَرْجُمَانِهِ، فَقَالَ: أَيُّكُمْ أَقْرَبُ نَسَباً بِهٰذَا الرَّجُلِ الَّذِي يَزْعُمُ أَنَّهُ نَبِيٌّ؟ فَقَالَ أَبُوْ سُفْيَانُ: فَقُلْتُ: أَنَا أَقْرَبُهُمْ نَسَباً، فَقَالَ: أَدْنُوْهُ مِنِّي، وَقَرِّبُوْا أَصْحَابَهُ فَاجْعَلُوْهُمْ عِنْدَ ظَهْرِهِ، ثُمَّ قَالَ لِتَرْجُمَانِهِ: قُلْ لَّهُمْ: إِنِّي سَائِلٌ هٰذَا الرَّجُلَ فَإِنْ كَذَبَنِي فَكَذِّبُوْهُ، فَوَاللّٰهِ لَوْلاَ الْحَيَاءُ مِنْ أَن يَّأْثِرُوْا عَلَيَّ كِذْباً لَكَذَبْتُ عَنْهُ، ثُمَّ كَانَ أَوَّلُ مَاسَأَلَنِي عَنْهُ أَنْ قَالَ: كَيْفَ نَسَبُهُ فِيْكُمْ؟ قُلْتُ هُوَ فِيْنَا ذُوْنَسَبٍ، قَالَ: فَهَلْ قَالَ هٰذَا الْقَوْلَ مِنْكُمْ أَحَدٌ قَطُّ قَبْلَهُ؟ قُلْتُ: لاَ قَالَ: فَهَلْ كَانَ مِنْ آبَائِهِ مِنْ مَلِكٍ؟ قُلْتُ:

عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ بن مسعود سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عباس نے اس کو حضرت ابوسفیان بن حرب رضی اللہ عنہ سے بیان کیا، سیدنا ابوسفیان بن حرب رضی اللہ عنہ نے کہا: (شاہِ روم) ہرقل نے اس کو بلانے کے لیے اس کی طرف ایک آدمی بھیجا، جبکہ وہ قریش کے ایک قافلے میں تھا، اس وقت یہ لوگ تجارت کے لیے شام گئے ہوئے تھے اور یہ وہ زمانہ تھا، جب رسول اللہ ﷺ نے قریش اور ابوسفیان سے ایک وقتی عہد کیا ہوا تھا، ابوسفیان اور دوسرے لوگ ہرقل کے پاس ایلیا پہنچ گئے، ہرقل نے دربار طلب کیا تھا، اس کے اردگرد روم کے بڑے بڑے لوگ (علما، وزرا اور امرا) بیٹھے ہوئے تھے۔ ہرقل نے ان کو اور اپنے ترجمان کو بلوایا، پھر ان سے پوچھا کہ تم میں کون شخص مدعیٔ رسالت کا زیادہ قریبی عزیز ہے؟ ابوسفیان کہتے ہیں: میں بول اٹھا کہ میں اس کا سب سے زیادہ قریبی رشتہ دار ہوں (یہ سن کر) ہرقل نے حکم دیا کہ اس (ابوسفیان) کو میرے قریب لا کر بٹھاؤ اور اس کے ساتھیوں کو اس کی پیٹھ کے پیچھے بٹھا دو، پھر اپنے ترجمان سے کہا: ان لوگوں سے کہہ دو کہ میں ابوسفیان سے اس شخص (محمد ﷺ) کے حالات پوچھتا ہوں، اگر یہ مجھ سے کسی بات میں جھوٹ بول دے تو تم اس کا جھوٹ ظاہر کر دینا۔ (ابوسفیان کا قول ہے کہ) خدا کی قسم! اگر مجھے یہ غیرت نہ

لاَ۔ قَالَ: فَاَشْرَافُ النَّاسِ يَتَّبِعُوْنَهُ أَمْ ضُعَفَاؤُهُمْ؟ فَقُلْتُ: بَلْ ضُعَفَاؤُهُمْ، قَالَ: أَيَزِيْدُوْنَ أَمْ يَنْقُصُوْنَ؟ قُلْتُ: بَلْ يَزِيْدُوْنَ، قَالَ فَهَلْ: يَرْتَدُّ أَحَدٌ مِنْهُمْ سَخْطَةً لِدِيْنِهٖ بَعْدَ أَنْ يَدْخُلَ فِيْهِ؟ قُلْتُ: لاَ۔ قَالَ: فَهَلْ كُنْتُمْ تَتَّهِمُوْنَهُ بِالْكَذِبِ قَبْلَ أَنْ يَقُوْلَ مَاقَالَ؟ قُلْتُ: لاَ، قَالَ: فَهَلْ يَغْدِرُ؟ قُلْتُ: لاَ، وَنَحْنُ مِنْهُ فِي مُدَّةٍ لاَنَدْرِي مَاهُوَ فَاعِلٌ فِيْهَا؟ قَالَ: وَلَمْ تُمْكِنِّي كَلِمَةٌ أُدْخِلُ فِيْهَا شَيْئًا غَيْرُ هٰذِهِ الْكَلِمَةِ قَالَ: فَهَلْ قَاتَلْتُمُوْهُ؟ قُلْتُ: نَعَمْ قَالَ: فَكَيْفَ كَانَ قِتَالُكُمْ إِيَّاهُ؟ قُلْتُ: اَلْحَرْبُ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُ سِجَالٌ، يَنَالُ مِنَّا وَنَنَالُ مِنْهُ، قَالَ: مَاذَا يَأْمُرُكُمْ؟ قُلْتُ: يَقُوْلُ: اُعْبُدُوْا اللّٰهَ وَحْدَهُ وَلاَ تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْئًا، وَاتْرُكُوْا مَايَقُوْلُ آبَاؤُكُمْ وَيَأْمُرُنَا بِالصَّلاَةِ وَالصِّدْقِ وَالْعَفَافِ وَالصِّلَةِ۔ فَقَالَ لِتَرْجُمَانِ: قُلْ لَهُ: سَأَلْتُكَ عَنْ نَسَبِهٖ؟ فَذَكَرْتَ أَنَّهُ فِيْكُمْ ذُوْ نَسَبٍ، فَكَذٰلِكَ الرُّسُلُ تُبْعَثُ فِي نَسَبِ قَوْمِهَا وَسَأَلْتُكَ: هَلْ قَالَ أَحَدٌ مِّنْكُمْ هٰذَا الْقَوْلَ؟ فَذَكَرْتَ أَنْ لاَّ، فَقُلْتُ: لَوْ كَانَ أَحَدٌ قَالَ هٰذَا الْقَوْلَ قَبْلَهُ، لَقُلْتُ: رَجُلٌ يَتَأَسّٰى بِقَوْلٍ قِيْلَ قَبْلَهُ، وَسَأَلْتُكَ: هَلْ كَانَ مِنْ آبَائِهٖ مِنْ مَلِكٍ؟ فَذَكَرْتَ أَنْ لاَّ قُلْتُ: فَلَوْكَانَ مِنْ آبَائِهٖ مِنْ مَلِكٍ قُلْتُ: رَجُلٌ يَطْلُبُ مُلْكَ أَبِيْهِ وَسَأَلْتُكَ: هَلْ كُنْتُمْ

آتی کہ یہ لوگ مجھ کو جھٹلائیں گے تو میں آپ ﷺ کی نسبت ضرور غلط گوئی سے کام لیتا۔ خیر پہلی بات جو ہرقل نے مجھ سے پوچھی۔ (ہم آسانی کے لیے روایت کا ترجمہ مکالمے کی صورت میں پیش کرتے ہیں): ہرقل: تم لوگوں میں اس شخص کا خاندان کیسا ہے؟ ابوسفیان: وہ بڑے عالی نسب والا ہے۔ ہرقل: اس سے پہلے بھی کسی نے تم لوگوں میں ایسی بات کہی تھی؟ ابوسفیان: نہیں۔ ہرقل: اس کے بڑوں میں کوئی بادشاہ ہوا ہے؟ ابوسفیان: نہیں۔ ہرقل: بڑے لوگوں نے اس کی پیروی اختیار کی ہے یا کمزوروں نے؟ ابوسفیان: کمزوروں نے کی ہے۔ ہرقل: اس کے تابعدار روز بروز بڑھ رہے ہیں یا گھٹ رہے ہیں؟ ابوسفیان: بڑھ رہے ہیں۔ ہرقل: کیا کوئی اس کے دین میں داخل ہونے کے بعد اس دین کو ناپسند کرتے ہوئے مرتد بھی ہوا ہے؟ ابوسفیان: نہیں۔ ہرقل: کیا اس دعویٰ نبوت سے پہلے تم لوگ اس پر جھوٹ کی تہمت لگاتے تھے؟ ابوسفیان: نہیں۔ ہرقل: کیا وہ دھوکہ کرتا ہے؟ ابوسفیان: نہیں اوراب ہماری اس سے (صلح کی) ایک مقررہ مدت ٹھہری ہوئی ہے، معلوم نہیں کہ وہ اس میں کیا کرنے والا ہے۔ میں اس بات کے سوا اور کوئی (جھوٹ) اس گفتگو میں شامل نہ کر سکا۔ ہرقل: کیا تمھاری اس سے کبھی لڑائی ہوئی ہے؟ ابوسفیان: ہاں۔ ہرقل: تمھاری اور اس کی جنگ کا کیا حال ہوا؟ ابوسفیان: کبھی اس کے فریق کو کامیابی حاصل ہوئی اور کبھی ہمارے فریق کو، کبھی وہ جیت جاتے تھے اور کبھی ہم۔ ہرقل: وہ تمہیں کس چیز کا حکم دیتا ہے؟ ابوسفیان: وہ کہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو، جو یکتا و یگانہ ہے، اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ او راپنے باپ دادا کی (شرک والی) باتیں چھوڑ دو او رہمیں نماز پڑھنے، سچ بولنے،

تَتَّهِمُوْنَهُ بِالْكِذْبِ قَبْلَ أَنْ يَّقُوْلَ مَاقَالَ: فَذَكَرْتَ أَنْ لَّا فَقَدْ أَعْرِفُ أَنَّهُ لَمْ يَكُنْ لِيَذَرَ الْكَذِبَ عَلَى النَّاسِ، وَيَكْذِبُ عَلَى اللّٰهِ، وَسَأَلْتُكَ: أَشْرَافُ النَّاسِ اتَّبَعُوْهُ أَمْ ضُعَفَاؤُهُمْ؟ فَذَكَرْتَ أَنَّ ضُعَفَاءَ هُمُ اتَّبَعُوْهُ، وَهُمْ أَتْبَاعُ الرُّسُلِ، وَسَأَلْتُكَ: أَيَزِيْدُوْنَ أَمْ يَنْقُصُوْنَ؟ فَذَكَرْتَ أَنَّهُمْ يَزِيْدُوْنَ، وَكَذٰلِكَ أَمْرُ الْإِيْمَانِ حَتّٰى يَتِمَّ، وَسَأَلْتُكَ: أَيَرْتَدُّ أَحَدٌ سَخْطَةً لِدِيْنِهِ بَعْدَ أَنْ دَخَلَ فِيْهِ؟ فَذَكَرْتَ أَنْ لَّا، وَكَذٰلِكَ الْإِيْمَانُ حِيْنَ تُخَالِطُ بَشَاشَتُهُ الْقُلُوْبَ، وَسَأَلْتُكَ: هَلْ يَغْدِرُ؟ فَذَكَرْتَ أَنْ لَّا وَكَذٰلِكَ الرُّسُلُ لَاتَغْدِرُ، وَسَأَلْتُكَ بِمَا يَأْمُرُكُمْ؟ فَذَكَرْتَ أَنَّهُ يَأْمُرُكُمْ أَنْ تَعْبُدُوْا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوْا بِهِ شَيْئًا وَيَنْهَاكُمْ عَنْ عِبَادَةِ الْأَوْثَانِ، وَيَأْمُرُكُمْ بِالصَّلَاةِ وَالصِّدْقِ وَالْعَفَافِ، فَإِنْ كَانَ مَاتَقُوْلُ حَقًّا فَسَيَمْلِكُ مَوْضِعَ قَدَمَيَّ هَاتَيْنِ وَقَدْ كُنْتُ أَعْلَمُ أَنَّهُ خَارِجٌ، لَمْ أَكُنْ أَظُنُّ أَنَّهُ مِنْكُمْ، فَلَوْ أَنِّيْ أَعْلَمُ أَنِّيْ أَخْلُصُ إِلَيْهِ، لَتَجَشَّمْتُ لِقَاءَهُ، وَلَوْكُنْتُ عِنْدَهُ، لَغَسَلْتُ عَنْ قَدَمِهِ. ثُمَّ دَعَا بِكِتَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ الَّذِي بَعَثَ بِهِ دِحْيَةُ إِلٰى عَظِيْمِ بُصْرٰى، فَدَفَعَهُ إِلٰى هِرَقْلَ، فَقَرَأَهُ، فَإِذَا فِيْهِ:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

مِنْ مُحَمَّدٍ عَبْدِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ إِلٰى هِرَقْلَ

پرہیزگاری اور صلہ رحمی کا حکم دیتا ہے۔ (یہ سب سن کر) ہرقل نے اپنے ترجمان سے کہا: ابوسفیان سے کہہ دے کہ میں نے تم سے اس کا نسب پوچھا تو تم نے کہا کہ وہ ہم میں عالی نسب ہے اور پیغمبر اپنی قوم میں عالی نسب ہی ہوتے ہیں۔ میں نے تم سے پوچھا کہ (دعویٰ نبوت کی) یہ بات تمھارے اندر اس سے پہلے کسی اور نے بھی کہی تھی، تم نے جواب دیا کہ نہیں۔ تب میں نے (اپنے دل میں) کہا کہ اگر یہ بات اس سے پہلے کسی نے کہی ہوتی تو میں یہ سمجھتا کہ اس شخص نے بھی اسی بات کی تقلید کی ہے، جو پہلے کہی جا چکی ہے۔ میں نے تم سے پوچھا کہ اس کے بڑوں میں کوئی بادشاہ بھی گزرا ہے، تم نے کہا کہ نہیں، میں نے (دل میں) کہا کہ اگر ان کے بزرگوں میں سے کوئی بادشاہ گزرا ہوتا تو کہہ دیتا کہ وہ شخص (یہ بہانہ بنا کر) اپنے آباؤ اجداد کی بادشاہت اور ان کا ملک (دوبارہ) حاصل کرنا چاہتا ہے اور میں نے تم سے پوچھا کہ اس بات کے کہنے (یعنی پیغمبری کا دعویٰ کرنے) سے پہلے تم نے کبھی اس پر جھوٹ بولنے کا الزام لگایا ہے، تم نے کہ کہا کہ نہیں، میں نے سمجھ لیا کہ جو شخص آدمیوں کے ساتھ دروغ گوئی سے بچے وہ اللہ کے بارے میں کیسے جھوٹی بات کہہ سکتا ہے، اور میں نے تم سے پوچھا کہ بڑے اس کے پیرو ہیں یا کمزور آدمی، تم نے کہا کہ کمزوروں نے اس کی اتباع کی ہے، (دراصل) یہی لوگ پیغمبروں کے متبعین ہوتے ہیں اور میں نے تم سے پوچھا کہ اس کے ساتھی بڑھ رہے ہیں یا کم ہو رہے ہیں، تم نے کہا کہ وہ بڑھ رہے ہیں اور ایمان کی کیفیت یہی ہوتی ہے حتی کہ وہ کامل ہو جاتا ہے اور میں نے تم سے پوچھا کہ آیا کوئی شخص اس کے دین سے ناخوش ہو کر مرتد بھی ہو جاتا ہے، تم نے کہا کہ نہیں۔ درحقیقت ایمان کی خاصیت

عَظِيمِ الرُّوْمِ
سَلامٌ عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى
أَمَّا بَعْدُ فَإِنِّي أَدْعُوْكَ بِدِعَايَةِ الإِسْلامِ، أَسْلِمْ تَسْلَمْ، يُؤْتِكَ اللّٰهُ أَجْرَكَ مَرَّتَيْنِ، فَإِنْ تَوَلَّيْتَ فَإِنَّ عَلَيْكَ إِثْمَ الأَرِيْسِيِّيْنَ، وَ ﴿يَا أَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْا إِلٰى كَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ أَلَّا نَعْبُدَ إِلَّا اللّٰهَ وَلَا نُشْرِكَ بِهِ شَيْئًا وَلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا أَرْبَابًا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَإِنْ تَوَلَّوْا فَقُوْلُوْا اشْهَدُوْا بِأَنَّا مُسْلِمُوْنَ﴾)) قَالَ أَبُوْ سُفْيَانَ: فَلَمَّا قَالَ مَا قَالَ، وَفَرَغَ مِنْ قِرَاءَةِ الْكِتَابِ، كَثُرَ عِنْدَهُ الصَّخَبُ وَارْتَفَعَتِ الْأَصْوَاتُ، وَأُخْرِجْنَا، فَقُلْتُ لِأَصْحَابِي حِيْنَ أُخْرِجْنَا: لَقَدْ أَمِرَ أَمْرُ ابْنِ أَبِي كَبْشَةَ! إِنَّهُ يَخَافُهُ مَلِكُ بَنِي الْأَصْفَرِ، فَمَا زِلْتُ مُوْقِناً أَنَّهُ سَيَظْهَرُ، حَتّٰى أَدْخَلَ اللّٰهُ عَلَيَّ الْإِسْلامَ۔ وَكَانَ ابْنُ النَّاطُوْرِ ۔صَاحِبُ إِيْلِيَاءَ۔ وَهِرَقْلُ سُقُفاً عَلٰى نَصَارَى الشَّامِ، يُحَدِّثُ أَنَّ هِرَقْلَ حِيْنَ قَدِمَ إِيْلِيَاءَ أَصْبَحَ يَوْماً خَبِيْثَ النَّفْسِ، فَقَالَ بَعْضُ بَطَارِقَتِهِ: قَدِ اسْتَنْكَرْنَا هَيْئَتَكَ قَالَ ابْنُ النَّاطُوْرِ: وَكَانَ هِرَقْلُ حَزَّاءً يَنْظُرُ فِي النُّجُوْمِ، فَقَالَ لَهُمْ حِيْنَ سَأَلُوْهُ: إِنِّي رَأَيْتُ اللَّيْلَةَ۔ حِيْنَ نَظَرْتُ فِي النُّجُوْمِ۔ مَلِكَ الْخِتَانِ قَدْ ظَهَرَ، فَمَنْ يَخْتَتِنُ مِنْ هٰذِهِ الْأُمَّةِ؟ قَالُوْا: لَيْسَ يَخْتَتِنُ إِلَّا الْيَهُوْدُ، فَلَا يُهِمَّنَّكَ

بھی یہی ہے کہ جن کے دلوں میں اس کی مسرت رچ بس جائے وہ اس سے لوٹا نہیں کرتے اور میں نے تم سے پوچھا کہ آیا اس نے کبھی عہد شکنی بھی کی ہے، تم نے کہا کہ نہیں، پیغمبروں کا یہی حال ہوتا ہے وہ عہد کی خلاف ورزی نہیں کرتے اور میں نے تم سے کہا کہ وہ تمھیں کس چیز کا حکم دیتا ہے، تم نے کہا کہ وہ ہمیں حکم دیتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو، اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ اور تمھیں بتوں کی پرستش سے روکتا ہے، سچ بولنے اور پرہیز گاری کا حکم دیتا ہے۔ اگر یہ باتیں، جو تم کہہ رہے ہو، سچ ہیں تو عنقریب وہ اس جگہ کا مالک بن جائے گا، جہاں میرے دو پاؤں ہیں۔ مجھے معلوم تھا کہ وہ (پیغمبر) آنے والا ہے، لیکن یہ معلوم نہیں تھا کہ وہ تمھارے اندر ہوگا، اگر میں جانتا کہ اس تک پہنچ سکوں گا تو اس سے ملنے کے لیے ہر تکلیف گوارا کرتا۔ اگر میں اس کے پاس ہوتا تو اس کے پاؤں دھوتا۔ ہرقل نے رسول اللہ ﷺ کا وہ خط منگوایا، جو آپ ﷺ نے دحیہ کلبی رضی اللہ عنہ کے ذریعے حاکمِ بصریٰ کے پاس بھیجا تھا اور اس نے وہ ہرقل کے پاس بھیج دیا تھا، پھر اس کو پڑھا تو اس میں (لکھا تھا):

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یہ خط اللہ کے بندے اور پیغمبر محمد ﷺ کی طرف سے شاہِ روم کی طرف ہے

اس شخص پر سلام ہو جو ہدایت کی پیروی کرے

اس کے بعد میں تم پر دعوتِ اسلام پیش کرتا ہوں، اگر آپ اسلام لے آئیں گے تو (تمھیں دین و دنیا میں) سلامتی نصیب ہوگی، اللہ تعالیٰ آپ کو دوہرا ثواب دے گا اور اگر آپ (میری دعوت) سے روگردانی کریں گے تو آپ کی رعایا کا

شَأْنُهُمْ، وَاكْتُبْ إِلَى مَدَائِنِ مُلْكِكَ، فَيَقْتُلُوا مَنْ فِيهِمْ مِنَ الْيَهُودِ فَبَيْنَمَا هُمْ عَلَى أَمْرِهِمْ أُتِيَ هِرَقْلَ بِرَجُلٍ أَرْسَلَ بِهِ مَلِكُ غَسَّانَ يُخْبِرُ عَنْ خَبَرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَلَمَّا اسْتَخْبَرَهُ هِرَقْلُ قَالَ: اِذْهَبُوْا فَانْظُرُوْا أَمُخْتَتِنٌ هُوَ أَمْ لَا؟ فَنَظَرُوْا إِلَيْهِ فَحَدَّثُوْهُ أَنَّهُ مُخْتَتِنٌ وَسَأَلَهُ عَنِ الْعَرَبِ؟ فَقَالَ: هُمْ يَخْتَتِنُوْنَ، فَقَالَ هِرَقْلُ: هٰذَا مَلِكُ هٰذِهِ الْأُمَّةِ قَدْ ظَهَرَ، ثُمَّ كَتَبَ هِرَقْلُ إِلَى صَاحِبٍ لَهُ بِرُوْمِيَّةَ، وَكَانَ نَظِيْرَهُ فِي الْعِلْمِ وَسَارَ هِرَقْلُ إِلَى حِمْصَ، فَلَمْ يَرِمْ حِمْصَ حَتّٰى أَتَاهُ كِتَابٌ مِنْ صَاحِبِهِ يُوَافِقُ رَأْيَ هِرَقْلَ عَلَى خُرُوْجِ النَّبِيِّ ﷺ وَأَنَّهُ نَبِيٌّ، فَأَذِنَ هِرَقْلُ لِعُظَمَاءِ الرُّوْمِ فِي دَسْكَرَةٍ لَهُ بِحِمْصَ، ثُمَّ أَمَرَ بِأَبْوَابِهَا فَغُلِّقَتْ ثُمَّ اطَّلَعَ فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ الرُّوْمِ! هَلْ لَكُمْ فِي الْفَلَاحِ وَالرُّشْدِ، وَأَنْ يَثْبُتَ مُلْكُكُمْ فَتَبَايِعُوْا هٰذَا النَّبِيَّ؟ فَحَاصُوْا حَيْصَةَ حُمُرُ الْوَحْشِ إِلَى الْأَبْوَابِ، فَوَجَدُوْهَا قَدْ غُلِّقَتْ فَلَمَّا رَاٰى هِرَقْلُ نَفْرَتَهُمْ وَأَيِسَ مِنَ الْإِيْمَانِ قَالَ: رُدُّوْهُمْ عَلَيَّ وَقَالَ: إِنِّي قُلْتُ مَقَالَتِي آنِفًا: أَخْتَبِرُ بِهَا شِدَّتَكُمْ عَلَى دِيْنِكُمْ فَقَدْ رَأَيْتُ، فَسَجَدُوْا لَهُ وَرَضُوْا عَنْهُ فَكَانَ ذٰلِكَ آخِرُ شَأْنِ هِرَقْلَ۔ (الصحيحة: ٣٦٠٧)

گناہ بھی آپ ہی پر ہوگا اور اے اہل کتاب! ایک ایسی بات پر آ جاؤ جو ہمارے اور تمھارے درمیان یکساں ہے، وہ یہ کہ ہم اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کریں اور کسی کو اس کا شریک نہ ٹھہرائیں اور نہ ہم میں سے کوئی کسی کو خدا کے سوا اپنا رب بنائے، پھر اگر وہ اہل کتاب (اس بات سے) منہ پھیر لیں تو (مسلمانو!) تم ان سے کہہ دو کہ (تم مانو یا نہ مانو) ہم تو ایک خدا کے اطاعت گزار ہیں۔

ابوسفیان کہتے ہیں: جب ہرقل نے جو کچھ کہنا تھا کہہ دیا اور خط پڑھ کر فارغ ہوا تو اس کے اردگرد بہت شور وغوغا ہوا۔ بہت سی آوازیں اٹھیں اور ہمیں باہر نکال دیا گیا۔ تب میں نے اپنے ساتھیوں سے کہا کہ ابو کبشہ کے بیٹے (محمد ﷺ) کا معاملہ تو بہت بڑھ گیا۔ (دیکھو کہ) اس سے بنو اصفر (رومیوں) کا بادشاہ بھی ڈرتا ہے۔ مجھے اس وقت سے اس بات کا یقین ہوگیا کہ حضور ﷺ عنقریب غالب ہوکر رہیں گے، حتی کہ اللہ تعالی نے مجھے مسلمان کر دیا۔ (راوی کا بیان ہے کہ) ابن ناطور ایلیا کا حاکم ہرقل کا مصاحب اور شام کے نصاریٰ کا لاٹ پادری بیان کرتا تھا کہ ہرقل جب ایلیا آیا، تو ایک دن صبح کو پریشان اٹھا، اس کے درباریوں نے دریافت کیا کہ آج ہم آپ کی حالت بدلی ہوئی پاتے ہیں، (کیا وجہ ہے؟) ابن ناطور کا بیان ہے کہ ہرقل نجومی تھا، وہ علم نجوم میں پوری مہارت رکھتا تھا، اس نے اپنے ہم نشینوں کو بتایا کہ میں نے آج رات ستاروں پر نظر ڈالی تو دیکھا کہ ختنہ کرنے والوں کا بادشاہ ہمارے ملک پر غالب آ گیا ہے، (بھلا) اس زمانے میں کون لوگ ختنہ کرتے ہیں؟ انھوں نے کہا کہ یہود کے سوا کوئی ختنہ نہیں کرتا، سو ان کی وجہ سے پریشان نہ ہوں، سلطنت کے تمام شہروں میں یہ حکم لکھ بھیجیے کہ وہاں جتنے یہودی ہوں سب قتل کر دیے جائیں۔ وہ لوگ انہی باتوں میں

مشغول تھے کہ ہرقل کے پاس ایک آدمی لایا گیا، جسے شاہِ غسان نے بھیجا تھا، اس نے رسول اللہ ﷺ کے حالات بیان کئے۔ جب ہرقل نے سارے حالات سن لیے تو کہا کہ جا کر دیکھو وہ ختنہ کئے ہوئے ہے یا نہیں؟ انھوں نے اسے دیکھا تو بتلایا کہ وہ ختنہ کئے ہوئے ہے۔ ہرقل نے جب اس شخص سے عرب کے بارے میں پوچھا تو اس نے بتلایا کہ وہ ختنہ کرتے ہیں، تب ہرقل نے کہا کہ یہ وہی (محمد ﷺ) اس امت کے بادشاہ ہیں جو پیدا ہو چکے ہیں۔ پھر اس نے اپنے ایک دوست کو رومی زبان میں خط لکھا اور وہ بھی علم نجوم میں ہرقل کی طرح ماہر تھا۔ پھر وہاں سے ہرقل حمص چلا گیا۔ ابھی حمص سے نکلا نہیں تھا کہ اس کے دوست کا جوابی خط آ گیا۔ اس کی رائے بھی حضور ﷺ کے ظہور کے بارے میں ہرقل کی رائے کے موافق تھی کہ محمد ﷺ (واقعی) پیغمبر ہیں۔ اس کے بعد ہرقل نے روم کے بڑے آدمیوں کو حمص کے محل میں طلب کیا اور اس کے حکم سے محل کے دروازے بند کر دیے گئے۔ پھر وہ (اپنے خاص محل سے) باہر آیا اور کہا: اے روم والو! کیا ہدایت اور کامیابی میں کچھ حصہ تمھارے لیے بھی ہے؟ اگر تم اپنی سلطنت کی بقا چاہتے ہو تو پھر اس نبی ﷺ کی بیعت کر لو اور مسلمان ہو جاؤ (یہ سننا ہی تھا کہ) وہ سب وحشی گدھوں کی طرح دروازوں کی طرف دوڑے، مگر دروازوں کو بند پایا۔ آخر جب ہرقل نے (اس بات سے) ان کی یہ نفرت دیکھی اور ان کے ایمان لانے سے مایوس ہو گیا تو کہنے لگا کہ ان لوگوں کو میرے پاس لاؤ۔ (جب وہ دوبارہ آئے) تو اس نے کہا: میں نے جو بات کہی تھی اس سے تمھاری دینی پختگی کی آزمائش مقصود تھی، سو میں نے اس کو دیکھ لیا۔ تب (یہ بات سن کر) وہ سب کے سب اس کے سامنے سجدے میں گر پڑے اور اس سے خوش ہو گئے۔ بالآخر ہرقل کا آخری معاملہ تھا۔

تخريج: رواه البخاري: رقم ٧- واللفظ له- ٥١، ٢٦٨١، ٢٩٤١، ٢٩٧٩، ٣١٧٤، ٤٥٥٣، ٥٩٨٠، ٦٢٦٠، ٧١٩٦، ٢٩٣٦، ٢٩٤٠، ومسلم: ٥/ ١٦٣- ١٦٦، والترمذي: ٢٧١٧، والنسائي في "الكبرى": ١١٠٦٤، وعبدالرزاق: ٩٧٢٤، وابن حبان: ٦٥٥٥، وأحمد: ١/ ٢٦٣

شــــرح:...... یہ حدیث کئی احکام و مسائل اور آداب و اسباق پر مشتمل ہے، اگر اس کا بغور مطالعہ کیا جائے تو وضاحت کی ضرورت نہیں رہتی۔ بعض استدلالات یہ ہیں:

- اہل علم اہل کتاب کو آپ ﷺ کی آمد اور آپ اور آپ کے صحابہ کی صفات کا علم تھا۔
- یہ حدیث کم تر، بے وقعت اور کم اہمیت والے مسلمان کے لیے کسی خوشخبری سے کم نہیں ہے کہ زیادہ تر انبیائے کرام کے پیروکار کمزور لوگ رہے ہیں۔
- جھوٹ اتنی بری چیز ہے کہ حالتِ کفر میں ابو سفیان نے صرف اس بنا پر جھوٹ نہیں بولا کہ لوگ اسے جھوٹا کہنا شروع کر دیں گے اور مکہ میں اس کو جھوٹ مشہور ہو جائے گا۔
- خط لکھنے کے آداب یہ ہیں کہ پہلے بسم اللہ الرحمن الرحیم لکھی جائے، پھر مرسِل اور مرسَل الیہ کا نام اور پھر سلام لکھا جائے، اگر کافر اور مشرک کو خط لکھا جا رہا ہو تو "سَلَامٌ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰی" لکھا جائے۔

❀ کافروں کو دعوتِ اسلام پیش کرنے کے لیے ہر ممکنہ صورت اختیار کی جائے، اگر چہ وہ خط لکھنے کی صورت میں ہو۔

❀ روم کے بادشاہ کا نام ہرقل اور لقب قیصر تھا۔

اس ساری تفصیل سے معلوم ہوا کہ قیصر نے آپ ﷺ کو اور آپ کی نبوت کی صداقت کو پوری طرح جان اور پہچان لیا تھا، لیکن بادشاہت کی محبت غالب آگئی اور وہ اسلام نہ لا سکا، چنانچہ اپنا گناہ بھی اٹھایا اور اپنی رعایا کا بار بھی، جیسا کہ نبی کریم ﷺ نے اپنے نامۂ مبارک میں تحریر فرمایا تھا۔

تورات وانجیل میں آپ ﷺ کی بیان کردہ صفات

(٤٠٣٤)۔ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ مَكْتُوْبٌ فِي الْإِنْجِيلِ: لَا فَظٌّ وَلَا غَلِيْظٌ وَلَا سَخَّابٌ بِالْأَسْوَاقِ وَلَا يُجْزِئُ بِالسَّيِّئَةِ مِثْلَهَا، بَلْ يَعْفُوْ وَيَصْفَحُ۔ (الصحيحة: ٢٤٥٨)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: رسول اللہ ﷺ کے بارے میں انجیل میں یہ لکھا ہوا تھا: آپ بدخلق تھے نہ سخت دل، آپ بازاروں میں شور کرنے والے تھے نہ برائی کا بدلہ برائی سے دینے والے، بلکہ آپ معاف کرتے اور درگزر فرماتے تھے۔

تخريج: رواه الحاكم: ٢/ ٦١٤، وابن عساكر :١/ ٢٦٤/ ٢

شرح:...... انجیل کی پیشین گوئی سچ ثابت ہوئی اور آپ ﷺ ان صفات سے متصف پائے گئے۔

(٤٠٣٥)۔ عَنْ أَبِي صَخْرٍ الْعُقَيْلِيِّ: حَدَّثَنِي رَجُلٌ مِنَ الْأَعْرَابِ قَالَ: جَلَبْتُ جُلُوْبَةً إِلَى الْمَدِيْنَةِ فِي حَيَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ فَلَمَّا فَرَغْتُ مِنْ بَيْعَتِي، قُلْتُ: لَأَلْقِيَنَّ هٰذَا الرَّجُلَ، فَلَأَسْمَعَنَّ مِنْهُ قَالَ: فَتَلَقَّانِي بَيْنَ أَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ، يَمْشُوْنَ فَتَبِعْتُهُمْ فِي أَقْفَائِهِمْ حَتّٰى أَتَوْا عَلٰى رَجُلٍ مِنَ الْيَهُوْدِ نَاشِرًا التَّوْرَاةَ يَقْرَؤُهَا، يُعَزِّي بِهَا نَفْسَهُ عَلٰى ابْنٍ لَّهُ فِي الْمَوْتِ، كَأَحْسَنِ الْفِتْيَانِ وَأَجْمَلِهِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: ((أَنْشُدُكَ بِالَّذِي أَنْزَلَ التَّوْرَاةَ! هَلْ تَجِدُ فِي كِتَابِكَ صِفَتِي وَمَخْرَجِي؟)) فَقَالَ بِرَأْسِهِ هٰكَذَا، أَيْ: لَا، فَقَالَ ابْنُهُ: إِي وَالَّذِي أَنْزَلَ

ابو صخر عقیلی کہتے ہیں: مجھے ایک بدو نے بیان کرتے ہوئے کہا: میں رسول اللہ کی زندگی میں مدینہ میں کچھ سامانِ تجارت لایا، میں نے اپنی تجارت سے فارغ ہو کر کہا: میں ضرور اس آدمی (یعنی محمد ﷺ) کے پاس جاؤں گا اور اس کی باتیں سنوں گا۔ جب رسول اللہ ﷺ مجھے ملے تو حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما بھی آپ کے ہمراہ تھے، آپ نے ان کو پیچھے بھیج دیا، ہم ایک یہودی کے پاس گئے، وہ تورات کھول کر پڑھ رہا تھا، اس کے ذریعے اپنے آپ کو تسلی دے رہا تھا، کیونکہ اس کا انتہائی حسین وجمیل نوجوان بچہ موت وحیات کی کشمکش میں تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے اسے فرمایا: ''میں تجھے تورات نازل کرنے والی ذات کی قسم دیتا ہوں! کیا تو اپنی کتاب میں میری صفات اور جائے ظہور کا تذکرہ پاتا ہے؟'' اس نے سر سے ''نہیں'' کا اشارہ کیا۔ لیکن اس کے بیٹے نے

التَّوْرَاةَ! إِنَّا لَنَجِدُ فِي كِتَابِنَا صِفَتَكَ وَمَخْرَجَكَ، وَأَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ، فَقَالَ: ((أَقِيْمُوْا الْيَهُوْدِيَّ عَنْ أَخِيْكُمْ)) يَعْنِي: ابْنَ الْيَهُوْدِيِّ الَّذِيْ أَسْلَمَ، ثُمَّ وَلِيَ كَفَنَهُ وَحَنَّطَهُ، وَصَلّٰى عَلَيْهِ۔ (الصحيحة:٣٢٦٩)

کہا: جی ہاں، تورات کو نازل کرنے والی ذات کی قسم! ہم اپنی کتاب میں آپ کی صفات اور جائے ظہور کا تذکرہ پاتے ہیں اور میں اب گواہی دیتا ہوں کہ اللہ ہی معبودِ برحق ہے اور آپ اللہ کے رسول ہیں۔ (یہ سن کر) آپ ﷺ نے فرمایا: ''اس یہودی کو اپنے بھائی سے ہٹا دو۔'' آپ کی مراد یہودی کا بیٹا تھا، جس نے اسلام قبول کیا۔ پھر آپ ﷺ نے اس کے کفن کا انتظام وانصرام کیا، اسے حنوط خوشبو لگائی اور اس کی نمازِ جنازہ پڑھائی۔

تخريج: أخرجه أحمد: ٥/ ٤١١

شرح:...... اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اہل کتاب کے مذہبی ادب، جو اصل حالت پر برقرار تھا، میں رسول اللہ ﷺ کی نبوت و رسالت، اس کے وقت اور آپ کے شہروں کا بھی تعین کر دیا گیا تھا۔

سورۂ فتح کی آخری آیت میں اللہ تعالی نے واضح کیا کہ صحابہ کرام کی صفات بھی تورات وانجیل میں بیان کی گئی تھیں۔ ارشادِ باری تعالی ہے: ﴿وَاِذْ قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ يٰبَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ مُّصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَمُبَشِّرًۢا بِرَسُوْلٍ يَّاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِي اسْمُهٗۤ اَحْمَدُ فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝﴾ (سورۂ صف : ٥) ......''اور جب مریم کے بیٹے عیسی نے کہا اے بنی اسرائیل! میں تم سب کی طرف اللہ کا رسول ہوں، مجھ سے پہلے کی کتاب تورات کی میں تصدیق کرنے والا ہوں اور اپنے بعد آنے والے ایک رسول کی میں تمہیں خوشخبری سنانے والا ہوں، جنکا نام احمد ہے۔ پھر جب وہ انکے پاس کھلی دلیلیں لائے تو یہ کہنے لگے، یہ تو کھلا جادو ہے۔''

ارشادِ باری تعالی ہے: ﴿اَلَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ النَّبِيَّ الْاُمِّيَّ الَّذِيْ يَجِدُوْنَهٗ مَكْتُوْبًا عِنْدَهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ﴾ (سورۂ اعراف : ١٥٦) ......''جولوگ ایسے رسول نبی امی کی اتباع کرتے ہیں جن کو وہ لوگ اپنے پاس تورات وانجیل میں لکھا ہوا پاتے ہیں۔''

قرآن مجید کی اس شہادت سے معلوم ہوا کہ تورات وانجیل میں آپ ﷺ کا تذکرہ موجود تھا۔

حیران کن بات یہ ہے کہ عیسائی اور یہودی، اسلام اور اہل اسلام کے دشمن ہیں، انھوں نے جان بوجھ کر اپنی اپنی کتابوں میں تحریفیں کیں ہیں، لیکن اس کے باوجود ان کی کتب میں ایسی عبارات موجود ہیں، جن کا واضح طور پر مصداق حضرت محمد ﷺ ٹھہرتے ہیں۔ آپ ﷺ کی زندگی میں ورقہ بن نوفل، نجاشی اور ہرقل جیسے عظیم لوگوں نے ان حقائق کا اعتراف کر لیا تھا، اس سلسلے میں سب سے زیادہ سبق آموز واقعہ سیدنا سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کے ایمان لانے کا ہے۔

تورات تاریخ یہودیت کے کم از کم پہلے تین ادوار میں ہی ضیاع اور آتش زنی کا شکار ہو چکی تھی، .... بہر حال یہ ایک الہامی کتاب ہے، ہم اپنے موضوع سے متعلقہ چند ایک اقتباسات نقل کریں گے، تاکہ طبعی طور پر محسوس ہونے والی خوشی میں اضافہ ہو جائے۔

تورات سِفر التثنیہ میں آیا ہے کہ اللہ تعالی نے موسی علیہ السلام سے کہا: آپ بنی اسرائیل سے کہہ دیجئے کہ میں ان کے لیے آخری زمانہ میں آپ کی ہی طرح کا ایک نبی بھیجوں گا، جو ان کے بھائیوں کی اولاد میں سے ہو گا اور میں اپنے کلام کو اس کی زبان پر جاری کروں گا۔

ڈاکٹر محمد لقمان سلفی نے کہا: اور یہ بات معلوم ہے کہ موسی علیہ السلام کے بعد ہر نبی بنی اسرائیل میں سے ہوا اور ان میں آخری نبی عیسی علیہ السلام ہوئے اور ان کے بھائیوں کی اولاد میں سے حضرت محمد ﷺ نبی ہوئے، اس لیے کہ وہ اسماعیل کی اولاد میں سے تھے اور اسماعیل، اسحاق کے بھائی تھے۔ اگر یہ بشارت بنی اسرائیل کے نبیوں میں سے کسی نبی کے بارے میں ہوتی تو ان کے بھائیوں کا ذکر بے معنی ہوتا۔ (الصادق الامین: ص ۹۲)

سِفر التثنیہ میں ہے: اور رب سینا سے آیا، اور ان کے لیے ساعیر سے چمکا اور جبل فاران سے آتا ہوا جلوہ افروز ہوا اور اس کے ساتھ دس ہزار پاکباز لوگ آئے اور اس کے دائیں ہاتھ سے ان کے لیے شریعت کی آگ ظاہر ہوئی۔ (سفر التثنیہ: باب ۳۲، عربی ترجمہ)

انجیل میں درج ذیل مقامات میں حضرت محمد ﷺ کی آمد کے متعلق صاف اشارات موجود ہیں۔

متی: باب ۲۱، آیت ۳۳ تا ۴۶۔ یوحنا: باب ۱، آیت ۱۹ تا ۲۱۔ یوحنا: باب ۱۴، آیت ۱۵ تا ۱۷، و آیت ۲۵ تا ۳۰۔ یوحنا: باب ۱۵، آیت ۲۵، ۲۶۔ یوحنا: باب ۱۶، آیت ۷ تا ۱۵۔

وہ پیشن گوئیاں درج ذیل ہیں جو ''انجیل یوحنا'' میں مسلسل باب ۱۴ سے ۱۶ تک منقول ہوئی ہیں: (بعض اقتباسات) ''اور میں باپ سے درخواست کروں گا تو وہ تمہیں دوسرا مددگار بخشے گا کہ ابد تک تمہارے ساتھ رہے، یعنی روح حق جسے دنیا حاصل نہیں سکتی یونکہ نہ اسے دیکھتی ہے نہ جانتی ہے تم اسے جانتے ہو کیونکہ وہ تمہارے ساتھ رہتا ہے اور تمہارے اندر ہے۔'' (۱۴:۱۶، ۱۷)

''میں نے یہ باتیں تمہارے ساتھ رہ کر تم سے کہیں لیکن مددگار یعنی روح القدس جسے باپ میرے نام سے بھیجے گا، وہی تمہیں سب باتیں سکھائے گا اور جو کچھ میں نے تم سے کہا ہے وہ سب تمہیں یاد دلائے گا۔'' (۱۴: ۲۵، ۲۶)

''اس کے بعد میں تم سے بہت سی باتیں نہ کروں گا کیونکہ دنیا کا سردار آتا ہے اور مجھ میں اس کا کچھ حصہ نہیں۔'' (۱۴: ۳۰)

''لیکن جب وہ مددگار آئے جس کو میں تمہارے پاس باپ کی طرف سے بھیجوں گا، یعنی سچائی کا روح جو باپ سے صادر ہوتا ہے، تو وہ میری گواہی دے گا۔'' (۱۵: ۲۶)

''لیکن میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ میرا جانا تمہارے لیے فائدہ مند ہے، کیونکہ اگر میں نہ جاؤں تو وہ مددگار تمہارے پاس نہ آئے گا، لیکن اگر جاؤں گا تو اسے تمہارے پاس بھیجوں گا۔'' (۱۷:۷)

ابو الاعلی مولانا مودودی انجیل کے تغیرات اور تحریفات کی چند وجوہات بیان کرنے کے بعد کہتے ہیں: انجیل یوحنا کی مذکورہ بالا عبارات میں حضرت عیسی علیہ السلام اپنے بعد ایک آنے والے کی خبر دے رہے ہیں، جس کے متعلق وہ کہتے ہیں کہ وہ ''دنیا کا سردار'' (سرورِ عالم) ہوگا۔ ''ابد تک رہے گا''، ''سچائی کی تمام راہیں دکھائے گا'' اور خود ان کی یعنی حضرت عیسی علیہ السلام کی ''گواہی دے گا''۔ یوحنا کی ان عبارتوں میں ''روح القدس'' اور ''سچائی کی روح'' وغیرہ کے الفاظ شامل کر کے مدعا کو خبط کرنے کی پوری کوشش کی گئی ہے، مگر اس کے باوجود ان سب عبارتوں کو اگر غور سے پڑھا جائے تو صاف معلوم ہوتا ہے کہ جس آنے والے کی خبر دی گئی ہے، وہ کوئی روح نہیں، بلکہ کوئی انسان اور خاص شخص ہے، جس کی تعلیم عالمگیر، ہمہ گیر اور قیامت تک باقی رہنے والی ہوگی۔ اس شخص خاص کے لیے اردو ترجمے میں مددگار کا لفظ استعمال کیا گیا ہے۔ (تفہیم القرآن: ٥/ ٤٦٢ تا ٤٦٤)

سیدہ آمنہ بی بی کو (حضرت محمد ﷺ کا احمد) نام رکھنے کی بشارت فرشتے کی معرفت ایسے ہی ملی تھی، جیسے کہ فرشتے کی بشارت سے ہاجرہ بی بی نے اسماعیل کا نام (پیدائش: ۱۱/ ۱۶) اور مریم نے یسوع کا نام (لوقا: ۱ باب، ۳۰ درس) رکھا تھا۔

مقام محمود

(٤٠٣٦)۔ عَنْ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ مَرْفُوْعًا: ((يُبْعَثُ النَّاسُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَأَكُوْنُ أَنَا وَأُمَّتِي عَلَى تَلٍّ، وَيَكْسُوْنِيْ رَبِّيْ حُلَّةً خَضْرَاءَ ثُمَّ يُؤْذَنُ لِيْ، فَأَقُوْلُ مَاشَاءَ اللّٰهُ أَنْ أَقُوْلَ، فَذَاكَ الْمَقَامُ الْمَحْمُوْدُ۔))

سیدنا کعب بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''لوگوں کو قیامت کے دن اٹھایا جائے گا، میں اور میری امت ایک ٹیلے پر ہوں گے۔ اللہ تعالی مجھے سبز رنگ کی پوشاک پہنائیں گے۔ پھر مجھے اجازت دی جائے گی اور میں کہوں گا جو اللہ تعالی چاہیں گے، یہی مقامِ محمود ہے۔''

(الصحيحة: ٢٣٧٠)

تخريج: أخرجه ابن حبان: ٦٤٤٥-الأحسان، والحاكم: ٢/ ٣٦٣، وأحمد: ٣/ ٤٥٦

(٤٠٣٧)۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ مَرْفُوْعًا: ((الْمَقَامُ الْمَحْمُوْدُ: الشَّفَاعَةُ۔))

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''شفاعت، مقامِ محمود ہے۔''

(الصحيحة: ٢٣٦٩)

تخريج: أخرجه أحمد: ٢/ ٣٧٨، وأبو نعيم في "الحلية": ٨/ ٣٧٢، وأخرجه احمد: ٢/ ٤٤١، والترمذي: ٢/ ١٩٣، والطحاوي في "مشكل الآثار": ١/ ٤٤٩ بلفظ: ...... سمعت رسول الله ﷺ يقول في قول الله

عز و جل: ((عسی ان یبعثك ربك مقاما محمودا)) قال: ((هو المقام الذی اشفع فیه لامتی.))

شرح:...... مقام محمود سے مراد وہ مقام ہے، جہاں رسول اللہ ﷺ سجدہ ریز ہو کر اللہ تعالیٰ کے سکھائے ہوئے کلمات کے ذریعے اس کی حمد و ثنا بیان کریں گے اور پھر وہیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے اجازت کے بعد اپنی امت کے لیے شفاعت کریں گے۔

(٤٠٣٨)۔ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: ((اِنَّ الشَّمْسَ تَدْنُوْ، حَتّٰی یَبْلُغَ الْعَرَقُ نِصْفَ الْاُذُنِ، فَبَیْنَاهُمْ کَذٰلِكَ اسْتَغَاثُوْا بِآدَمَ۔ فَیَقُوْلُ: لَسْتُ صَاحِبَ ذٰلِكَ، ثُمَّ بِمُوْسٰی، فَیَقُوْلُ کَذٰلِكَ، ثُمَّ بِمُحَمَّدٍ، فَیَشْفَعُ بَیْنَ الْخَلْقِ، فَیَمْشِیْ حَتّٰی یَاْخُذَ بِحَلْقَةِ الْجَنَّةِ، فَیَوْمَئِذٍ یَبْعَثُهُ اللّٰهُ مَقَامًا مَحْمُوْدًا، یَحْمَدُهُ اَهْلُ الْجَمْعِ کُلُّهُمْ۔)) (الصحیحة: ۲٤٦۰)

سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”بیشک سورج قریب ہوگا (اور اتنا قریب ہو گا کہ اس کی حرارت کی وجہ سے) بہنے والا پسینہ آدمی کے کان کے نصف تک پہنچ جائے گا، وہ اسی حالت میں حضرت آدم (علیہ السلام) کو مدد کے لیے پکاریں گے۔ وہ کہیں گے: میں اس کا اہل نہیں ہوں۔ پھر حضرت موسیٰ (علیہ السلام) کو پکاریں گے، وہ بھی یہی جواب دیں گے۔ پھر جب وہ حضرت محمد ﷺ کو آواز دیں گے، تو آپ مخلوق کے لیے سفارش کریں گے، آپ چلیں گے اور جنت کے کڑے کو پکڑ لیں گے، اس دن اللہ تعالیٰ آپ کو مقامِ محمود پر اٹھائیں گے، تمام لوگ آپ کی تعریف کریں گے۔“

تخریج: أخرجه ابن خزیمة فی "التوحید": ص۱۹۹

شرح:...... امام البانی رحمہ اللہ لکھتے ہیں: "استغاثوا بآدم" کے معانی ہیں: لوگ حضرت آدم علیہ السلام سے یہ مطالبہ کریں گے کہ وہ ان کے لیے دعا کریں اور ان کے حق میں اللہ تعالیٰ سے سفارش کریں۔ اس معنی و مفہوم میں کافی ساری احادیث موجود ہیں۔

اس حدیثِ مبارکہ سے یہ استدلال نہیں کیا جا سکتا کہ مُردوں سے مدد مانگنا یا ان کو مدد کے لیے پکارنا درست ہے، جیسا کہ بدعتی لوگوں کو وہم ہوا ہے۔ یہ حدیث اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ زندہ لوگوں سے ان کی استطاعت کے مطابق مدد مانگنا جائز ہے، جیسا کہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے: ﴿فَاسْتَغَاثَهُ الَّذِیْ مِنْ شِیْعَتِهٖ عَلَی الَّذِیْ مِنْ عَدُوِّهٖ ....﴾ (سورۂ قصص: ۱۵) ...... ”پس (موسیٰ علیہ السلام) کی قوم والے نے اس کے خلاف، جو اس کے دشمنوں میں سے تھا، (موسیٰ) سے فریاد کی ......“

کسی صورت میں یہ ممکن نہیں ہے کہ کوئی طاقت و قدرت رکھنے والا زندہ انسان کسی ایسے آدمی سے مدد طلب کرے جو عاجز اور مجبور ہو۔ اب ذرا غور کیجیے کہ جس میت سے مدد طلب کی جا رہی ہو، وہ مدد طلب کرنے والے زندہ انسان سے

زیادہ عاجز اور پابند ہوتا۔ اس حقیقت کی مخالفت کرنے والا بے عقل، لاشعور اور احمق ہو سکتا ہے یا پھر مشرک۔ یہ لوگ میت کے بارے میں یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ وہ سننے والا، دیکھنے والا اور ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے اور یہی شرکِ اکبر ہے۔ اہلِ توحید کو مُردوں سے مدد طلب کرنے والوں کے بارے میں یہی خطرہ ہے۔ ارشادِ باری تعالی ہے: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ عِبَادٌ اَمْثَالُكُمْ فَادْعُوْهُمْ فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ اَلَهُمْ اَرْجُلٌ يَّمْشُوْنَ بِهَآ اَمْ لَهُمْ اَيْدٍ يَّبْطِشُوْنَ بِهَآ اَمْ لَهُمْ اَعْيُنٌ يُّبْصِرُوْنَ بِهَآ﴾ (سورۂ اعراف: ۱۹۴، ۱۹۵) ..... ''واقعی تم اللہ تعالی کو چھوڑ کر جن کو پکارتے ہو وہ بھی تم ہی جیسے بندے ہیں، سو تم ان کو پکارو، پس ان کو چاہیے کہ تمہارا کہنا کر دیں، اگر تم سچے ہو۔ کیا ان کے پاؤں ہیں، جن سے وہ چلتے ہوں، یا ان کے ہاتھ ہیں، جن سے وہ کسی چیز کو تھام سکیں، یا ان کی آنکھیں ہیں، جن سے وہ دیکھتے ہوں۔''

نیز اللہ تعالی نے فرمایا: ﴿وَ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ مَا يَمْلِكُوْنَ مِنْ قِطْمِيْرٍ اِنْ تَدْعُوْهُمْ لَا يَسْمَعُوْا دُعَآءَكُمْ وَ لَوْ سَمِعُوْا مَا اسْتَجَابُوْا لَكُمْ وَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُوْنَ بِشِرْكِكُمْ وَ لَا يُنَبِّئُكَ مِثْلُ خَبِيْرٍ۔﴾ (سورۂ فاطر: ۱۳، ۱۴) ..... ''اور تم اس کے سوا جنہیں پکار رہے ہو، وہ تو کھجور کی گٹھلی کے چھلکے کے بھی مالک نہیں، اگر تم انہیں پکارو تو وہ تمہاری پکار سنتے ہی نہیں اور اگر بالفرض سن بھی لیں تو فریاد رسی نہیں کریں گے، بلکہ قیامت کے دن تمہارے اس شرک کا صاف انکار کر جائیں گے، آپ کو کوئی بھی حق تعالی جیسا خبردار خبریں نہ دے گا۔'' (صحیحہ: ۲۴۶۰)

کھانے کے بعد کی دعا

(٤٠٣٩)۔ عَنْ أَبِی أَيُّوْبَ الْأَنْصَارِیِّ: كَانَ ﷺ إِذَا أَكَلَ أَوْ شَرِبَ قَالَ: ((اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِی أَطْعَمَ وَسَقٰی، وَسَوَّغَهُ وَجَعَلَ لَهُ مَخْرَجاً۔)) (الصحيحة:٧٠٥)

حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ ﷺ جب کھاتے یا (کوئی مشروب) پیتے تو فرماتے: ''تمام تعریفیں اُس ذات کیلیے جس نے کھلایا اور پلایا، کھانے کو خوشگوار بنایا اور اُسکے نکلنے کی جگہ بنائی۔''

تخريج: أخرجه أبو داود: ٣٨٥١، وابن حبان: ١٣٥١، وابن السنی فی"عمل اليوم و الليلة": ٤٦٤، والطبرانی فی"المعجم الكبير": ١/ ٢٠٤/ ٢

شرح:...... معلوم ہوا کہ کھانے پینے کے بعد یہ دعا پڑھنی چاہیے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِی أَطْعَمَ وَسَقٰی، وَسَوَّغَهُ وَجَعَلَ لَهُ مَخْرَجاً

آپ ﷺ کے بیٹھنے کا انداز

(٤٠٤٠)۔ عَنْ أَبِی أُمَامَةَ الْحَارِثِیِّ، قَالَ: كَانَ ﷺ يَجْلِسُ الْقُرْفُصَاءَ۔ (الصحيحة:٢١٢٤)

حضرت ابو امامہ حارثی سے مروی ہے، وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ اکڑوں بیٹھک بیٹھتے تھے۔

٢١٢٤ :تخریج: أخرجه الطبرانی فی "الکبیر":١/ ٤٠/ ١، وأبو الشیخ :ص٢٦٧

شرح:...... اکڑوں بیٹھک: پاؤں پر بیٹھنا اور رانوں کو پنڈلیوں سے ملا دینا، اس کو استیفاز بھی کہتے ہیں، یہ جلدی اور ضرورت کی حالت میں ہوتا ہے۔

(٤٠٤١)۔ عَنْ أَبِی سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ: ((کَانَ ﷺ إِذَا جَلَسَ احْتَبٰی۔))
(الصحیحة:٨٢٧)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ ﷺ گوٹھ مار کر بیٹھتے تھے۔

تخریج:أخرجه أبو داود: ٤٨٤٦، والترمذی فی "الشمائل": ١/ ٢٢١۔٢٢٢، وابن عدی فی "الکامل": ١٤٠/ ٢، وعنه البیهقی فی "السنن": ٣/ ٢٣٦

شرح:...... حبوہ (گوٹھ مارنا): وہ نشست جس میں آدمی سرین کے بل بیٹھ کر اپنی دونوں رانوں سے پنڈلیاں ملا کر گھٹنے کھڑے کر لیتا ہے اور ہاتھ پنڈلیوں پر باندھ لیتا ہے۔

جن احادیث میں گوٹھ مارنے سے منع کیا گیا ہے، ان کو اس حالت پر محمول کیا جائے جب آدمی گوٹھ مارنے کی وجہ سے ننگا ہو رہا ہو، صحیح بخاری کی روایت میں اس قید کی وضاحت موجود ہے۔

غصے میں آپ ﷺ کی رخسار سرخ ہو جاتے

(٤٠٤٢)۔ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ کَانَ ﷺ إِذَا غَضِبَ احْمَرَّتْ وَجْنَتَاهُ۔
(الصحیحة:٢٠٧٩)

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ جب آپ ﷺ غصے میں آتے تو آپ کے رخسار سرخ ہو جاتے۔

تخریج: أخرجه أبو الشیخ فی "أخلاق النبی ﷺ":٦٨، والطبرانی:٣/ ٤٩/ ٢

شرح:...... آپ ﷺ طبعی طور پر غصے سے دور رہنے والے تھے، ہاں شرعی مسئلہ کی مناسبت سے آپ ﷺ کو غصہ آ جاتا تھا، جس میں آپ ﷺ کا مقصود مخاطب کو سمجھانا ہوتا تھا، جیسے سیدنا زید بن خالد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے .... پھر آپ ﷺ سے گم شدہ اونٹ کے بارے میں سوال کیا گیا (کہ اس کو پکڑ لینا چاہیے یا نہیں) تو آپ ﷺ کو غصہ آ گیا اور آپ کے رخسار سرخ ہو گئے۔ (بخاری، مسلم) سیاق وسباق سے پتہ چلتا ہے کہ یہ سوال مناسب نہیں تھا۔
اسی طرح سیدنا جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ جب قیامت کا ذکر کرتے تو آپ کے رخسار سرخ ہو جاتے اور آپ کی آواز بلند ہو جاتی اور آپ کو سخت غصہ آ جاتا۔ (مسند احمد: ٣/ ٣١٠)

آپ ﷺ کی کراہت کا اندازہ چہرے سے ہو جاتا

(٤٠٤٣)۔ عَنْ أَبِی سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ قَالَ: کَانَ ﷺ إِذَا کَرِهَ شَیْئًا عَرَفْنَاهُ فِی وَجْهِهِ۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ آپ ﷺ جب کوئی چیز ناپسند کرتے تو ہم آپ ﷺ کے

(الصحيحة:٢٠٨٥) چہرے سے پہچان لیتے۔

تخريج: أخرجه الطيالسي:٢٤٢٩، وعبدالله بن المبارك:٦٧٦، ورواه الشيخان في "صحيحيهما"، والبخاري في "الأدب المفرد": أيضا: ٥٩٩، وابن سعد:١/ ٣٦٨

آپ ﷺ کے چلنے کا انداز

(٤٠٤٤)- عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ كَانَ ﷺ إِذَا مَشٰى كَأَنَّهُ يَتَوَكَّأُ۔ (الصحيحة:٢٠٨٣)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ جب چلتے تو ایسے محسوس ہوتا کہ آپ ٹیک لگا رہے ہیں۔

تخريج: رواه أبوداود:٢/ ٢٩٧، والحاكم:٤/ ٢٨١، وأبو الشيخ في "أخلاق النبي ﷺ": ص٩٨، وأخرجه مسلم في "صحيحه":٧/ ٨١ واحمد: ٣/ ٢٢٨، ٢٧٠ بلفظ: كان اذا مشى تكفأ

(٤٠٤٥)- عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: كَانَ ﷺ يَمْشِي مَشْياً يُعْرَفُ فِيْهِ أَنَّهُ لَيْسَ بِعَاجِزٍ وَلَا كَسْلَانَ۔ (الصحيحة:٢١٠٤)

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ جو چال چلتے تھے، اس سے پتہ چلتا تھا کہ آپ عاجز یا سست نہیں ہیں۔

تخريج: أخرجه أبوداود:٢/ ١٤٠، وأحمد:٢/ ١٦٥، ١٦٧، وابن سعد:١/ ٣٨٠، و أبو الشيخ في "أخلاق النبي ﷺ":٢١٣

شرح:...... اس سلسلے کی تمام روایات کا خلاصہ یہ ہے کہ آپ ﷺ بہت تیز رفتار تھے، بازار میں چلنے والے شخص کی رفتار سے چلتے تھے، درماندہ اور سست نہ تھے، کوئی آپ کا ساتھ نہ پکڑ سکتا تھا، جیسا کہ سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے کسی کو رسول اللہ ﷺ سے بڑھ کر تیز رفتار نہیں دیکھا، گویا کہ زمین آپ کے لیے لپیٹ لی دی جاتی تھی۔ ہم تو اپنے آپ کو تھکا مارتے اور آپ بے پروائی سے چلتے رہتے۔

آپ جب قدم رکھتے تو پورا قدم رکھتے، چلتے تو جھٹکے سے اٹھتے اور یوں چلتے گویا ڈھلوان سے اتر رہے ہوں، پھر جھٹکے سے پاؤں اٹھاتے اور نرمی سے چلتے۔

آپ ﷺ چلتے وقت ادھر ادھر متوجہ نہ ہوتے تھے

(٤٠٤٦)- عَنْ جَابِرٍ كَانَ ﷺ إِذَا مَشٰى لَمْ يَلْتَفِتْ۔ (الصحيحة:٢٠٨٦)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب آپ ﷺ چلتے تو ادھر اُدھر متوجہ نہیں ہوتے تھے۔

تخريج: أخرجه الحاكم:٤/ ٢٩٢، وابن سعد:١/ ٣٧٩، وابن أبي حاتم في "العلل": ٢/ ٢٤٨

شرح:...... سنجیدہ، مہذب اور باوقار لوگوں کے چلنے کا یہی انداز ہوتا ہے۔

آپ ﷺ کا گھر کا سارا کام کاج کرنا

(٤٠٤٧)- عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: سُئِلَتْ:

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ان سے یہ سوال گیا:

مَاكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ يَعْمَلُ فِي بَيْتِهِ؟ قَالَتْ: كَانَ بَشَراً مِنَ الْبَشَرِ، يُفَلِّي ثَوْبَهُ، وَيَحْلِبُ شَاتَهُ وَيَخْدُمُ نَفْسَهُ۔ (الصحيحة: ٦٧١)

رسول اللہ ﷺ گھر میں کیا کام کاج کیا کرتے تھے؟ انھوں نے کہا: آپ ﷺ انسانوں میں سے ایک انسان تھے، جوؤں کے خیال سے اپنے کپڑے خود ٹٹول لیتے تھے، بکری کا دودھ دوہ لیتے اور اپنی خدمت کے کام خود کر لیتے تھے۔

تخريج: أخرجه الامام أحمد: ٦/ ٢٥٦، والبخاري في "الأدب المفرد": ٥٤١، وعنه الترمذي: في "الشمائل": ٢/ ١٨٥

شرح: ...... معلوم نہیں کہ آج ہم گھر کے اس قسم کے کام سرانجام دینے میں کیوں عار محسوس کرتے ہیں؟

آپ ﷺ کا رنگ اور بالوں کی ہیئت

(٤٠٤٨)۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ أَبْيَضَ، كَأَنَّمَا صِيْغَ مِنْ فِضَّةٍ، رَجِلَ الشَّعْرِ۔ (الصحيحة: ٢٠٥٣)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ کا رنگ ایسا سفید تھا کہ گویا کہ آپ کو چاندی سے بنایا گیا ہو اور آپ کے بال معمولی گھنگریالے تھے۔

تخريج: أخرجه الترمذي في "الشمائل": ص٢٩، والبيهقي في "الدلائل": ١/ ١٧٩

شرح: ...... امام ابن حزم نے کہا: رنگ کے اعتبار سے آپ ﷺ نہ بالکل سفید تھے نہ گندم گوں، بلکہ رنگ کی سفیدی کے ساتھ سرخی لیے ہوئے تھے، چہرہ مبارک چودھویں رات کے چاند کی طرح روشن اور چمکدار تھا۔ سر کے بال نہ بالکل سیدھے اور نہ بالکل پیچدار، بلکہ ہلکی سی پیچیدگی کے ساتھ گھونگریالے تھے۔ (جوامع السيرة)

آپ ﷺ کے اخلاقی اور جسمانی خصائل

(٤٠٤٩)۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ: كَانَ ﷺ شَبْحَ الذِّرَاعَيْنِ، أَهْدَبَ أَشْفَارِ الْعَيْنَيْنِ، بَعِيْدَ مَا بَيْنَ الْمَنْكِبَيْنِ، يُقْبِلُ جَمِيْعاً، وَيُدْبِرُ جَمِيْعاً، لَمْ يَكُنْ فَاحِشاً وَلَا مُتَفَحِّشًا وَلَا صَخَّابًا فِي الْأَسْوَاقِ۔ (الصحيحة: ٢٠٩٥)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ بھرے ہوئے بازوؤں والے اور لمبی پلکوں والے اور آپ ﷺ کے دونوں کندھوں کے درمیان فاصلہ زیادہ تھا۔ پورے وجود کے ساتھ متوجہ ہوا کرتے تھے اور پورے وجود کے ساتھ پیٹھ پھیرتے تھے۔ آپ ﷺ بدخلق تھے نہ بدزبان تھے اور نہ آپ ﷺ بازاروں میں شور کرنے والے تھے۔

تخريج: أخرجه الطيالسي: ٢٤١٣، وأحمد: ٢/ ٣٢٨، ٤٤٨، وابن سعد: ١/ ٤١٤، والبيهقي: ١/ ١٨١

شرح: ...... سیدہ ام معبد رضی اللہ عنہا نے نبی کریم ﷺ کا حلیہ مبارک ان الفاظ میں بیان کیا: پاکیزہ رو، کشادہ چہرہ، پسندیدہ خو، نہ توند نکلی ہوئی نہ چندیہ کے بال گرے ہوئے۔ زیبا، صاحب جمال، آنکھیں سیاہ وفراخ، بال لمبے اور گھنے،

آواز میں بھاری پن، بلند گردن، روشن مردُمک، سرمگین چشم، باریک و پیوستہ ابرو، سیاہ گھنگریالے بال، خاموش، وقار کے ساتھ گویا دل بستگی لیے ہوئے۔ دور سے دیکھنے میں زیبندہ و دل فریب، قریب سے نہایت شیریں کلام، واضح الفاظ، کلام کمی و بیشی الفاظ سے معرا، تمام گفتگو موتیوں کی لڑی جیسی پروئی ہوئی، میانہ قد کہ کوتاہی سے حقیر نظر نہیں آتے۔ نہ طویل کہ آنکھ اس سے نفرت کرتی۔ زیبندہ منظر، والا قدر، رفیق ایسے کہ ہر وقت اس کے گرد و پیش رہتے ہیں۔ جب وہ کچھ کہتا ہے تو چپ چاپ سنتے ہیں۔ حکم دیتا ہے تو تعمیل کے لیے جھپٹتے ہیں۔ مخدوم، مطاع، نہ کوتاہ سخن، نہ ترش رو، نہ فضول گو۔

(ماخوذ از زاد المعاد لابن قیم الجوزی)

آپ ﷺ کے گدھے کا نام عفیر تھا

(٤٠٥٠)۔ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ كَانَ ﷺ لَهُ حِمَارٌ يُقَالُ لَهُ: عَفِيْرٌ۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کا ایک گدھا تھا، اُس کو "عَفِیر" کہا جاتا تھا۔

(الصحيحة:٢٠٩٨)

تخريج: أخرجه الطحاوى فى "مشكل الأثار":١/ ٤٧٨، وابن سعد فى "الطبقات": ١/ ٤٩٢، والطبرانى فى "الكبير":٣/ ٧١/ ١

شرح:...... معلوم ہوا کہ جانور کا بھی کوئی مخصوص نام رکھا جا سکتا ہے، جیسے آپ ﷺ کی اونٹنی کو "قصوا" کہا جاتا ہے۔

تین دفعہ بات کہہ دینے کے بعد آپ ﷺ سے مراجعہ نہیں کیا جاتا

(٤٠٥١)۔ عَنْ زِيَادِبْنِ سَعْدٍ قَالَ: كَانَ لاَ يُرَاجَعُ بَعْدَ ثَلاَثٍ۔ (الصحيحة:٢١٠٨)

حضرت زیاد بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ تین دفعہ بات کہہ دینے کے بعد آپ ﷺ سے بحث مباحثہ نہیں کیا جاتا تھا۔

تخريج: عزاه السيوطى لابن قانع عن زياد بن سعد، وله شاهد عن ابن ابى حدرد الاسلمى رواه احمد: ٣/ ٤٢٣

شرح:...... امام البانی رحمہ اللہ نے اس حدیث کا جو شاہد ذکر کیا ہے، اس میں ہے کہ آپ ﷺ نے ابن ابی حدرد اسلمی کو تین دفعہ فرمایا کہ فلاں یہودی کو اس کا حق دے دو (یعنی اس کا قرضہ واپس کر دو)۔ پھر ابن ابی حدرد خود کہتے ہیں کہ جب آپ ﷺ تین دفعہ بات کہہ دیتے تو اس کے بعد آپ ﷺ سے بات نہیں کی جاتی تھی۔

آپ ﷺ کا پہرہ دار نہیں تھا

(٤٠٥٢)۔ عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ ﷺ يُحْرَسُ حَتّٰى نَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ: ﴿وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ﴾ فَأَخْرَجَ رَسُوْلُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے، وہ کہتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کا پہرہ دیا جاتا تھا، حتی کہ یہ آیت نازل ہوئی: "اللہ تعالیٰ تم کو لوگوں سے بچائے گا" رسول اللہ ﷺ نے اپنا سر

اللّٰہِ ﷺ رَأْسَہُ مِنَ الْقُبَّةِ، فَقَالَ لَھُمْ: ((یَا أَیُّھَا النَّاسُ! انْصَرِفُوْا فَقَدْ عَصَمَنِیَ اللّٰہُ۔)) (الصحیحة: ٢٤٨٩)

خیمے سے نکالا اور صحابہ سے فرمایا: ''لوگو! چلے جاؤ اللہ تعالیٰ نے مجھے محفوظ کر دیا ہے۔''

تخریج: أخرجه الترمذی:٢/ ١٧٥، وابن جریر:٦/ ١٩٩، والحاکم:٢/ ٣١٣

شرح:...... اللہ تعالیٰ نے معجزانہ طور پر بھی آپ ﷺ کی حفاظت کی اور دنیوی اسباب کے تحت بھی۔ دنیاوی اسباب کے تحت اس آیت کے نزول سے بہت پہلے اللہ تعالیٰ نے آپ کے چچا ابو طالب کے دل میں آپ کی طبعی محبت ڈال دی، جس کی وجہ سے وہ آپ کی حفاظت کرتا رہا، حالانکہ وہ مسلمان نہیں تھا، اس کی وفات کے بعد بعض دوسرے سردارانِ قریش کے ذریعے کی، پھر انصارِ مدینہ کے ذریعے سے۔ لیکن جب یہ آیت نازل ہوئی تو آپ ﷺ نے تحفظ کے لیے پہرہ داروں سمیت ظاہری اسباب اٹھوا دیے۔ اس کے بعد بارہا سنگین خطرے پیش آئے لیکن اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کی حفاظت کی، کبھی وحی کے ذریعے یہودیوں کے مکر و کید سے مطلع فرما کر خطرے کے مواقع سے بچایا اور گھمسان کی جنگوں میں کفار کے انتہائی پر خطر حملوں سے بھی آپ ﷺ کو محفوظ رکھا۔

امام البانی رحمہ اللہ رقمطراز ہیں: شیعہ لوگوں کا خیال اس حدیث کے مخالف ہے، وہ یہ گمان کرتے ہیں کہ یہ آیت سیدنا علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں غدیر خم والے دن نازل ہوئی، اس سلسلے میں انھوں نے کئی مرسل اور معضل روایات بھی ذکر کی ہیں، بطورِ مثال ایک روایت سیدنا ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی ہے، میں نے (سلسلة الاحادیث الضعیفة: ٤٩٢٢) میں اس کا ضعف واضح کیا ہے اور عبد الحسین شیعی نے اپنی (مراجعات: صـ٣٨) میں اسانید کی تحقیق کے بغیر کچھ روایات ذکر کی ہیں، جیسا کہ اس کی عادت ہے، کیونکہ اس کا مقصد یہ ہے کہ وہ اپنے مخصوص قاعدے (الغایة تبرّر الوسیلة۔ ...... مقصد، وسیلہ کو جائز قرار دیتا ہے) کی روشنی میں وہ تمام روایات ذکر کر دے، جو اس کے مذہب کی صداقت پر دلالت کرتی ہوں، قطع نظر اس بات سے کہ وہ قابل حجت ہوں یا نہ ہوں۔

اس لیے آپ کو محتاط رہنا چاہیے۔ اس سلسلے میں یہ بات بھی ذہن نشین رہے کہ وہ اپنے قاریوں پر تدلیس بھی کرتا ہے، جیسا کہ اس نے سیدنا ابوسعید رضی اللہ عنہ کی منکر بلکہ باطل روایت کو قلمبند کرنے کے بعد کہا: ''اس کو کئی اصحاب سنن نے روایت کیا ہے، جیسے امام واحدی......۔''

اس کی تدلیس اور جھوٹ کی وجہ یہ ہے کہ علم حدیث کے ابتدائی طالب علم بھی جانتے ہیں کہ واحدی کا شمار چار اصحاب سنن میں نہیں ہوتا، وہ تو ایک مفسر ہے اور اپنی اسانید کے ساتھ ہر قسم کی روایات نقل کر دیتا ہے، وہ صحیح ہوں یا غیر صحیح۔ سیدنا ابو سعید رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث صحیح نہیں ہے، کیونکہ اس کی سند میں ایک راوی متروک اور شدید الضعف ہے، جیسا کہ میں نے ضعیفہ میں وضاحت کی ہے۔

اس میں کوئی تعجب والی بات نہیں ہے کیونکہ یہ ان کی مستقل عادت ہے کہ وہ اہل السنہ کی مخالفت میں جھوٹ بولنا

جائز سمجھتے ہیں، جیسا کہ ان کی کتابیں اور خطبے اس حقیقت پر گواہ ہیں، اور ''تقیہ'' کے حلال ہونے کے بارے میں تو انھوں نے خود وضاحت کی ہے، جیسا کہ خمینی نے اپنی کتاب (کشف الأسرار: صـ ١٤٧ ـ ١٤٨) میں اس کی صراحت کی ہے اور یہ بات ہر ایک کے لیے غیر مخفی ہے کہ ''تقیہ'' جھوٹ کی ہی ایک قسم ہے، اسی لیے ان کی خوب معرفت رکھنے والے شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ نے کہا: الشیعة اکذب الطوائف۔ ...... سب سے زیادہ جھوٹ بولنے والے شیعہ ہیں۔

جب میں نے خود ان کی بعض تالیفات کا مطالعہ کیا تو ان کے جھوٹوں کو محسوس کر لیا، بالخصوص عبد الحسین شیعی، جس کا تذکرہ اوپر گزرا ہے، اس سلسلے میں اس نے سیدنا ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث پر خاموشی اختیار کر کے قاری کو اس وہم میں مبتلا کر دیا ہے کہ یہ حدیث اہل السنہ کے نزدیک بھی مسلّم ہے، پھر اس نے اس کے طرق کی کثرت کا دعوی بھی کر دیا۔ اور خمینی کا جائزہ لیا جائے تو وہ دروغ گوئی میں عبد الحسین سے چار قدم آگے نظر آتا ہے، اس نے تو (کشف الأستار: ص ۱۴۹) میں یہ دعوی کر دیا ہے کہ یہ آیت سیدنا علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں غدیر خم والے دن نازل ہوئی، اس پر شیعوں کا اتفاق ہے اور اہل سنہ نے بھی اس کا اعتراف کیا ہے۔ اللہ تعالی اس کے ساتھ وہی سلوک کرے، جس کا یہ مستحق ہے۔ مزید وضاحت آپ کو سلسلہ ضعیفہ میں مل سکتی ہے۔ (صحیحہ: ٢٤٨٩)

آپ ﷺ کی قسم کے الفاظ

(٤٠٥٣)۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ: كَانَتْ أَكْثَرُ أَيْمَانِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ ((لَا وَمُصَرِّفِ الْقُلُوْبِ۔)) (الصحيحة: ٢٠٩٠)

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی زیادہ تر یہ قسم ہوتی تھی: لَا وَمُصَرِّفِ الْقُلُوْبِ۔ (نہیں، اور دلوں کو پھیرنے والے کی قسم)۔

تخريج: أخرجه ابن ماجه: ١/ ٦٤٤

شرح:...... اسی طرح آپ ﷺ ان الفاظ کے ساتھ بھی قسمیں اٹھاتے تھے: لا ومقلب القلوب، والذی نفس محمد بیده، والذی نفسُ ابی القاسم بیده، والذی نفسی بیده

سواری کے لیے آپ ﷺ کی باری بھی عام صحابی کی طرح ہوتی

(٤٠٥٤)۔ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: كُنَّا فِي غَزْوَةِ بَدْرٍ كُلُّ ثَلَاثَةٍ مِنَّا عَلَى بَعِيْرٍ، كَانَ عَلِيٌّ وَأَبُوْ لُبَابَةَ زَمِيْلَيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ: فَإِذَا كَانَ عِقْبَةُ النَّبِيِّ ﷺ قَالَا: اِرْكَبْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! حَتّٰى نَمْشِيَ عَنْكَ، فَيَقُوْلُ: ((مَا أَنْتُمَا بِأَقْوٰى عَلَى الْمَشْيِ

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں: ہم غزوہ بدر میں تھے، ہر تین آدمیوں کے لیے ایک اونٹ تھا۔ حضرت علی اور حضرت ابولبابہ آپ ﷺ کے (ہم سفر) ساتھی تھے۔ جب رسول اللہ ﷺ کی پیدل چلنے کی باری ہوتی تو وہ دونوں کہتے: اے اللہ کے رسول! آپ سوار ہو جائیں، ہم پیدل چلیں گے۔ آپ ﷺ فرماتے: ''پیدل

مِنِّی ، وَمَا أَنَا بِأَغْنٰی عَنِ الْأَجْرِ مِنْکُمَا۔)) (الصحیحة:٢٢٥٧)

چلنے میں تم مجھ سے زیادہ قوی نہیں ہو اور نہ میں اجر وثواب کے سلسلے میں تم سے غنی ہوں۔"

تخریج: أخرجه ابن حبان فی "صحیحه":٤٧١٣۔الأحسان، والحاكم:٣٠/٢٠، وأحمد: ١/ ٤١١، ٤١٨، ٤٢٢، ٤٢٤، وابن سعد فی "الطبقات":٢/ ٢١، والبزار فی "مسنده": ٢/ ٣١٠/ ١٧٥٩۔الکشف، والضیاء فی "المنتقی من مسموعاته بمرو":٢٩/ ١

شرح: ...... یہ آپ ﷺ کے عدل وانصاف، عجز وانکساری اور اجر وثواب کی حرص کی ایک مثال ہے۔

نبی کریم ﷺ کی عاجزی

(٤٠٥٥)۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَقَالَ: یَا خَیْرَ الْبَرِیَّةِ! فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: ((ذَاكَ إِبْرَاهِیْمُ عَلَیْهِ السَّلَامُ۔)) (الصحیحة: ٣٣٤٤)

سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ایک آدمی رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا اور کہا: اے خیر البریہ! (یعنی مخلوقات میں سے بہترین) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یہ (وصف تو) حضرت ابراہیم علیہ السلام کا تھا۔"

تخریج:أخرجه مسلم: ٧/ ٩٧، وأبوداود: ٤٦٧٢، والترمذي: ٣٣٤٩، والنسائي في "السنن الكبرى": ٦/ ٥٢٠/ ١١٦٩٢، وابن أبي شيبة في "المصنف": ١١/ ٥١٨/ ١١٨٦٥، و الطحاوي في "مشكل الآثار": ٣/ ٤٨۔ ٤٩۔ المؤسسة، وأحمد: ٣/ ١٧٨ و ١٨٤، وأبو يعلي: ٧/ ٣٩۔ ٤٠۔ ٣٩٤٨۔ ٣٩٥٠، وأبونعيم في "أخبار أصبهان": ١/ ١٢٨ و٢/ ١٦٥، والبيهقي في "دلائل النبوة": ٤/ ٤٩٧

شرح: ...... نبی کریم ﷺ خود افضل الخلق ہیں، اللہ تعالی کے خلیل ہیں، میدانِ حشر میں آپ ہی لوگوں کے سردار ہوں گے اور حضرت آدم علیہ السلام سمیت تمام لوگ آپ ﷺ کے جھنڈے کے نیچے ہوں گے۔ اس حدیث میں آپ ﷺ نے محض عاجزی وانکساری کا اظہار کرتے ہوئے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو "خیر البریه" کہا ہے۔

(٤٠٥٦)۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ مَرْفُوْعًا: ((عَجِبْتُ لِصَبْرِ أَخِيْ یُوْسُفَ وَکَرَمِهٖ وَاللّٰهُ یَغْفِرُ لَهٗ حَیْثُ أُرْسِلَ إِلَیْهِ لِیَسْتَفْتِیَ فِي الرُّؤْیَا، وَلَوْ کُنْتُ أَنَا لَمْ أَفْعَلْ حَتّٰی أَخْرُجَ، وَعَجِبْتُ لِصَبْرِهٖ وَکَرَمِهٖ وَاللّٰهُ یَغْفِرُ لَهٗ أُتِيَ لِیَخْرُجَ فَلَمْ یَخْرُجْ حَتّٰی أَخْبَرَهُمْ بِعُذْرِهٖ، وَلَوْ کُنْتُ أَنَا لَبَادَرْتُ

سیدنا عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "مجھے اپنے بھائی حضرت یوسف علیہ السلام، اللہ تعالی ان کو معاف فرمائے، کے صبر اور کشادہ دلی پر بڑا تعجب ہے، جب ان کی طرف خواب کی تعبیر بیان کرنے کا پیغام بھیجا گیا۔ اگر میں وہاں ہوتا تو تعبیر بیان کرنے سے پہلے (جیل سے) باہر نکل آتا۔ بس ان کے صبر اور فیاضی پر بڑا تعجب ہے اور اللہ تعالی ان کو معاف فرمائے، ان کے پاس آدمی آیا تاکہ

الْبَـابَ ، وَلَـوْلَا الْـكَـلِـمَةُ لَمَـا لَبِثَ فِي السِّـجْـنِ حَيْـثُ يَبْتَـغِـي الْـفَرْجَ مِنْ عِنْدِ غَيْـرِ الـلّٰـهِ ، قَـوْلُهُ: ﴿أُذْكُرْنِي عِنْدَ رَبِّكَ﴾ (يوسف: ٤٢)۔)) (الصحيحة:١٩٤٥)

وہ باہر نکل آئیں لیکن وہ اس وقت تک نہ نکلے، جب تک ان پر اپنے عذر کی وضاحت نہیں کر دی۔ اگر میں ہوتا تو دروازے کی طرف لپک پڑتا۔ اگر ﴿اپنے آقا کے پاس میرا تذکرہ کرنا﴾ (سورۂ یوسف: ۴۲) والی بات نہ ہوتی تو وہ جیل میں نہ ٹھہرتے، جب کہ وہ غیر اللہ سے پریشانی کا ازالہ چاہ رہے تھے۔''

تخريج: أخرجه الطبراني: رقم- ١١٦٤٠

شرح :...... نبی کریم ﷺ عاجزی وانکساری کا اظہار کرتے ہوئے حضرت یوسف علیہ السلام کے صبر اور کشادہ دلی کی تعریف کر رہے ہیں۔ ان لوگوں کو اپنے کردار پر غور کرنا چاہیے جو حقیقت تو حقیقت بے جا طور پر بھی اپنی تعریف سننا پسند کرتے ہیں۔

آخر کار حضرت یوسف علیہ السلام کو جیل بھیج دیا گیا، آپ کے ساتھ دو نوجوان بھی قید خانے میں داخل ہوئے تھے، انھوں نے ایک خواب دیکھا تھا اور اس کی بابت حضرت یوسف علیہ السلام سے دریافت کیا تھا، جب آپ نے ان کو تعبیر بتلائی کہ ایک بادشاہ کو شراب پلانے پر مقرر ہو گا اور دوسرے کو سولی چڑھا دیا جائے گا۔ حضرت یوسف علیہ السلام کو جس کے بارے میں بچ جانے کی امید تھی، اسے کہا تھا کہ ''اپنے بادشاہ سے میرا ذکر بھی کرنا''۔

مقام نبوت کا تقاضا یہ تھا کہ حضرت یوسف علیہ السلام اپنا معاملہ اللہ تعالی کے سپرد کر دیتے اور اسے یہ نہ کہتے کہ وہ بادشاہ کے سامنے آپ کا ذکر کرے، آپ ﷺ نے درج بالا حدیث کے آخری جملے میں اسی بات کی طرف اشارہ کیا ہے۔

آپ ﷺ کی تقسیم حکمِ ربانی کے مطابق ہوتی

(٤٠٥٧)۔ عَـنْ أَبِـي هُـرَيْـرَةَ قَـالَ: قَـالَ رَسُـوْلُ اللّٰهِ ﷺ: ((مَـا أُوْتِيْـكُـمْ مِنْ شَيْءٍ وَمَـا أَمْـنَعُكُمُوْهُ ، إِنْ أَنَا إِلَّا خَازِنٌ ، أَضَعُ حَيْثُ أُمِرْتُ۔)) (الصحيحة:٢٢٢١)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''میں تم لوگوں کو نہ کوئی چیز عطا کرتا ہوں اور نہ تم کو محروم رکھتا ہوں، میں تو ایک خزانچی ہوں، میں تو (ہر چیز) وہاں رکھتا ہوں جہاں کا مجھے حکم ہوتا ہے۔''

تخريج: أخرجه أبوداود:٢/ ٢٥، أحمد:٢/ ٣١٤، واخرجه البخاري: ٦/ ١٦٥ بلفظ: ((والله ما اعطيكم، ولا امنعكم، وانما انا قاسم حيث امرت۔))

شرح :...... آپ ﷺ اللہ تعالی کے حکم کے پابند تھے، اس کے مطابق کسی کو زیادہ دیتے تھے اور کسی کو کم، یہ حدیث بیان کرنے کا ایک فائدہ یہ بھی تھا کہ تقسیم میں تفاضل کی وجہ سے صحابہ کرام کے دل میں احساسِ محرومی پیدا نہ ہو۔

آپ ﷺ کو راہِ خدا میں بہت ستایا گیا

(٤٠٥٨)۔ عَـنِ ابْـنِ بُرَيْدَةَ عَنْ أَبِيْهِ رَفَعَهُ:

ابن بریدہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول

((مَـا أُوْذِيَ أَحَـدٌ مَـا أُوْذِيْـتُ فِـي اللّٰـهِ عَزَّوَجَلَّ ـ)) (الصحيحة: ٢٢٢٢)

اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ کے راستے میں جو مجھے ستایا گیا، اتنا کسی کونہیں ستایا گیا۔''

تخريج: أخرجه الديلمي: ٤/ ٥١

شرح:...... آپ ﷺ کی سیرتِ طیبہ کے بے شمار واقعات اس حدیث کی صداقت پر شاہد ہیں۔

بالآخر آپ ﷺ کو مزید شادیاں کرنے کی اجازت مل گئی تھی

(٤٠٥٩)۔ عَـنْ عَـائِشَةَ، قَـالَتْ: مَاتُوُفِّيَ حَتّٰـى أَحَلَّ اللّٰهُ لَهُ أَن يَتَزَوَّجَ مِنَ النِّسَاءِ مَا شَاءَ۔ (الصحيحة: ٣٢٢٤)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: رسول اللہ ﷺ ابھی تک فوت نہیں ہوئے تھے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے لیے ان کی چاہت کے مطابق عورتوں سے شادی کرنا حلال قرار دیا تھا۔

تخريج: أخرجه الدارمي: ٢/ ١٥٤، والنسائي: ٢/ ٦٨، وفي "الكبرى": ٦/ ٤٣٤/. وابن حبان: ٢١٢٦۔ الموارد، والحاكم: ٢/ ٤٣٧۔ ومن طريقه البيهقي: ٧/ ٥٤۔، وأحمد أيضا: ٦/ ١٨٠، وكذا ابن جرير في "التفسير": ٢٢/ ٢٤، وابن سعد في "الطبقات": ٨/ ١٩٥

شرح:...... فتوحات کے نتیجے میں جب مسلمانوں کی حالت پہلے سے بہتر ہوگئی تو انصار ومہاجرین کی عورتوں کو دیکھ کر ازواج مطہرات نے بھی نان نفقہ میں اضافے کا مطالبہ کر دیا۔ چونکہ نبی کریم ﷺ سادگی پسند تھے، اس لیے ان کے اس مطالبے پر سخت کبیدہ خاطر ہوئے اور بیویوں سے علیحدگی اختیار کی، جو ایک ماہ تک جاری رہی۔ بالآخر اللہ تعالیٰ نے یہ آیات نازل کیں، جس کو آیاتِ تخییر کہتے ہیں: ﴿یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ اِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَیٰوةَ الدُّنْیَا وَ زِیْنَتَهَا فَتَعَالَیْنَ اُمَتِّعْكُنَّ وَ اُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا جَمِیْلًا وَ اِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ وَ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ فَاِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلْمُحْسِنٰتِ مِنْكُنَّ اَجْرًا عَظِیْمًا۔﴾ (سورۂ احزاب: ٢٨، ٢٩) ......''اے نبی! اپنی بیویوں سے کہہ دو کہ اگر تم زندگانی دنیا (کی آسائشیں) اور اس کی زیب و زینت دنیا چاہتی ہو تو آؤ میں تمہیں کچھ دے دلا دوں اور تمہیں اچھائی کے ساتھ رخصت کر دوں۔ اور اگر تمہاری مراد اللہ اور اس کا رسول اور آخرت کا گھر ہے تو یقین مانو کہ تم میں سے نیک کام کرنے والیوں کے لیے اللہ تعالیٰ نے بہت زبردست اجر رکھ چھوڑا ہے۔''

جب یہ آیات نازل ہوئیں تو آپ ﷺ نے ان کو اپنی ازواج پر پیش کیا، کسی نے بھی رسول اللہ ﷺ کو چھوڑ کر دنیا کے عیش وآرام کو ترجیح نہ دی۔ اس وقت ازواج مطہرات کی تعداد نو تھی۔

اللہ تعالیٰ نے اس ایثار کے صلے میں امہات المؤمنین کو یہ شرف بخشا کہ نبی کریم ﷺ کو دیگر عورتوں سے نکاح کرنے سے یا ان میں سے کسی کو طلاق دے کر اس کی جگہ کسی اور خاتون سے نکاح کرنے سے منع کر دیا، جس کا ذکر اللہ تعالیٰ نے سورۂ احزاب کی آیت باون ﴿لَا یَحِلُّ لَكَ النِّسَاءُ مِنْ بَعْدُ وَلَا اَنْ تَبَدَّلَ بِهِنَّ مِنْ اَزْوَاجٍ ......﴾ میں کیا ہے۔

لیکن سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی مذکورہ بالا حدیث سے پتہ چلتا ہے کہ بالآخر اللہ تعالی نے رسول اللہ ﷺ سے یہ پابندی اٹھا لی تھی اور مزید عورتوں سے نکاح کرنے کی اجازت دے دی تھی۔

آپ ﷺ نے کبھی بھی کسی کو نہیں مارا
آپ ﷺ ذاتی انتقام نہ لیتے تھے

(٤٠٦٠)۔ عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: مَا ضَرَبَ ﷺ بِيَدِهِ خَادِماً قَطُّ وَلَا امْرَأَةً، وَلَا ضَرَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ بِيَدِهِ شَيْئاً قَطُّ، إِلَّا أَنْ يُجَاهِدَ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَلَا خُيِّرَ بَيْنَ أَمْرَيْنِ قَطُّ إِلَّا كَانَ أَحَبَّهُمَا إِلَيْهِ أَيْسَرُهُمَا، حَتّٰى يَكُوْنَ إِثْماً فَإِذَا كَانَ إِثْماً كَانَ أَبْعَدَ النَّاسِ مِنَ الْإِثْمِ، وَلَا انْتَقَمَ لِنَفْسِهِ مِنْ شَيْءٍ يُؤْتٰى إِلَيْهِ حَتّٰى تُنْتَهَكَ حُرُمَاتُ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ فَيَكُوْنَ هُوَ يَنْتَقِمُ لِلّٰهِ عَزَّوَجَلَّ۔ (الصحيحة:٥٠٧)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: رسول اللہ ﷺ نے کسی خادم یا عورت کو اپنے ہاتھ سے نہیں مارا، بلکہ کسی کو بھی اپنے ہاتھ سے نہیں مارا، الا یہ کہ آپ ﷺ جہاد کر رہے ہوتے۔ جب آپ کو دو باتوں (میں سے ایک کو) اختیار کرنے (کا موقع دیا جاتا تو) ان میں سے آسانی والی چیز آپ کو پسند ہوتی، بشرطیکہ وہ آسانی گناہ نہ ہوتی، اگر وہ گناہ ہوتی تو آپ ﷺ گناہ سے سب سے زیادہ دور رہنے والے تھے۔ آپ ﷺ نے کبھی بھی اپنی ذات کے لیے انتقام نہیں لیا، ہاں اگر اللہ تعالی کی حرمتیں پامال ہو رہی ہوتیں تو ایسی صورت میں آپ اللہ تعالی کے لیے انتقام لیتے تھے۔

تخريج: أخرجه أحمد: ٦/ ٢٣٢، وهو عند مسلم: ٧/ ٨٠ دون التخيير، وعند البخاري: ٢/ ٣٩٤ دون الضرب۔

شرح:...... آپ ﷺ طبعی طور پر غصے سے دور رہنے اور ذاتی معاملات میں لوگوں سے انتقام لینے والے نہیں تھے، البتہ جب آپ دیکھتے کہ شرعی حرمتوں کو پامال کیا جا رہا ہے تو اس مناسبت سے غصے کا اظہار کرتے، جس میں آپ ﷺ کا مقصود مخاطب کو سمجھانا ہوتا تھا، اگر متعلقہ بندے میں اس انداز سے سمجھنے کی صلاحیت نہ ہوتی تو آپ ﷺ حسن اخلاق کے پیکر بنے رہتے، جیسے مسجد نبوی میں پیشاب کرنے والے کو احسن انداز میں سمجھایا اور اس کو ڈانٹ ڈپٹ کرنے والے صحابہ کو روک دیا۔

واقعۂ فتح مکہ

(٤٠٦١)۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: مَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَاسْتَخْلَفَ عَلَى الْمَدِيْنَةِ أَبَا رُهْمٍ كُلْثُوْمَ بْنَ حُصَيْنِ الْغِفَارِيَّ، وَخَرَجَ لِعَشْرٍ مَضَيْنَ مِنْ رَمَضَانَ، فَصَامَ

سیدنا عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ رمضان کی دس تاریخ کو (مدینہ) سے نکلے اور مدینہ پر ابورہم کلثوم بن حصین غفاری کا اپنا نائب مقرر کیا، آپ ﷺ بھی روزے سے تھے اور لوگوں نے بھی روزہ رکھا ہوا تھا،

رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ، وَصَامَ النَّاسُ مَعَهُ، حَتّٰى إِذَا كَانَ بِـ(الْكَدِيْدِ) مَابَيْنَ (عُسْفَانَ) وَ(أَمَجَ) أَفْطَرَ ثُمَّ مَضٰى حَتّٰى نَزَلَ (مَرَّ الظَّهْرَانِ) فِي عَشَرَةِ آلَافٍ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ مِنْ مُزَيْنَةَ وَسُلَيْمٍ، وَفِي كُلِّ الْقَبَائِلِ عَدَدٌ وَإِسْلَامٌ، وَأَوْعَبَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ: الْمُهَاجِرُوْنَ وَالْأَنْصَارُ، فَلَمْ يَتَخَلَّفْ مِنْهُمْ أَحَدٌ فَلَمَّا نَزَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ بِـ(مَرِّ الظَّهْرَانِ) وَقَدْ عَمِيَتِ الْأَخْبَارُ عَنْ قُرَيْشٍ، فَلَمْ يَأْتِهِمْ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ خَبَرٌ وَلَا يَدْرُوْنَ مَاهُوَ فَاعِلٌ؟ خَرَجَ فِي تِلْكَ اللَّيْلَةِ أَبُوْ سُفْيَانَ بْنُ حَرْبٍ، وَحَكِيْمُ بْنُ حِزَامٍ، وَبُدَيْلُ بْنُ وَرْقَاءَ يَتَحَسَّسُوْنَ وَيَنْظُرُوْنَ، هَلْ يَجِدُوْنَ خَبَراً أَوْ يَسْمَعُوْنَ بِهِ؟ وَقَدْ كَانَ الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِالْمُطَّلِبِ أَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ بِبَعْضِ الطَّرِيْقِ وَقَدْ كَانَ أَبُوْ سُفْيَانَ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، وَعَبْدُاللّٰهِ بْنُ أَبِي أُمَيَّةَ بْنِ الْمُغِيْرَةِ قَدْ لَقِيَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَيْضًا فِيْمَا بَيْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِيْنَةِ فَالْتَمَسَا الدُّخُوْلَ عَلَيْهِ، فَكَلَّمَتْهُ أُمُّ سَلَمَةَ فِيْهِمَا، فَقَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! اِبْنُ عَمِّكَ وَابْنُ عَمَّتِكَ وَصِهْرُكَ قَالَ: ((لَاحَاجَةَ لِي بِهِمَا، أَمَّا ابْنُ عَمِّي فَهَتَكَ عِرْضِي وَأَمَّا ابْنُ عَمَّتِي وَصِهْرِي فَهُوَ الَّذِي قَالَ لِي بِمَكَّةَ مَا قَالَ.)) فَلَمَّا أَخْرَجَ إِلَيْهِمَا بِذٰلِكَ وَمَعَ أَبِي

آپ ﷺ چلتے رہے اور کدید کے مقام پر پہنچ گئے، جو عُسفان اور اَمَج کے درمیان واقع تھا، وہاں آپ ﷺ نے روزہ توڑ دیا۔ پھر چل پڑے اور (مکہ کے قریب ایک مقام) مرّ الظہران پر اترے، آپ ﷺ کے ساتھ دس ہزار مسلمانوں کا لشکر تھا۔ مزینہ اور سُلیم کے لوگ بھی تھے، کیونکہ ہر قبیلے سے کافی لوگ مسلمان ہو چکے تھے، رہا مسئلہ مہاجرین و انصار کا، تو وہ تو سارے کے سارے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نکل آئے، کوئی ایک بھی پیچھے نہ رہا۔ آپ ﷺ نے مرّ الظہران میں پڑاؤ ڈالا، اُدھر قریش بالکل غافل تھے، ان کو آپ ﷺ کے بارے میں کوئی اطلاع نہیں تھی اور وہ نہیں جانتے تھے کہ آپ کیا کرنے والے ہیں؟ اس رات ابوسفیان بن حرب، حکیم بن حزام اور بدیل بن ورقا جاسوسی کرنے اور جائزہ لینے کے لیے نکلے کہ کیا کوئی خبر موصول ہوتی ہے یا کوئی بات سنائی دیتی ہے۔ عباس بن عبدالمطلب کی رسول اللہ ﷺ سے ملاقات ہوگئی تھی، یہ بات بھی ذہن نشین رہے کہ مکہ اور مدینہ کے درمیان کسی مقام پر ابو سفیان بن حارث بن عبدالمطلب اور عبداللہ بن ابو امیہ بن مغیرہ کی رسول اللہ ﷺ سے ملاقات ہو چکی تھی، (اس لیے وہ جاسوسی کرنے کے لیے نکلے تھے)۔ جب ان کو آپ ﷺ کا پتہ چلا تو انھوں نے آپ ﷺ کے پاس آنا چاہا اور ان کے لیے ام المؤمنین سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے سفارش کی اور کہا: اے اللہ کے رسول! (عبداللہ بن امیہ) آپ کے چچے کا بیٹا ہے اور (ابوسفیان) آپ کی پھوپھی کا بیٹا اور آپ کا سسر ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ”مجھے ان کی کوئی ضرورت نہیں، اس چچا زاد نے میری توہین کی تھی اور اس پھوپھی زاد اور سسر نے تو مکہ میں مجھے بہت کچھ کہا تھا۔“ جب ان کو آپ ﷺ کی اس بات کا علم

سُفْيَانَ بَنِيٌّ لَهُ۔ فَقَالَ: وَاللّٰهِ لَيَأْذَنَنَّ لِي أَوْ لَاخُذَنَّ بِيَدِ اِبْنِي هٰذَا، ثُمَّ لَنَذْهَبَنَّ فِي الْأَرْضِ حَتّٰى نَمُوْتَ عَطَشًا وَجُوْعًا، فَلَمَّا بَلَغَ ذٰلِكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ رَقَّ لَهُمَا، ثُمَّ أَذِنَ لَهُمَا فَدَخَلَا وَأَسْلَمَا، فَلَمَّا نَزَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ بِـ(مَرِّ الظَّهْرَانِ) قَالَ الْعَبَّاسُ: وَا صَبَاحَ قُرَيْشٍ! وَاللّٰهِ لَئِنْ دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ عَنْوَةً قَبْلَ أَنْ يَسْتَأْمِنُوْهُ، إِنَّهُ لَهَلَاكُ قُرَيْشٍ إِلٰى آخِرِ الدَّهْرِ۔ قَالَ: فَجَلَسْتُ عَلٰى بَغْلَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ الْبَيْضَاءِ، فَخَرَجْتُ عَلَيْهَا حَتّٰى جِئْتُ الْأَرَاكَ فَقُلْتُ: لَعَلِّي أَلْقٰى بَعْضَ الْحَطَّابَةِ، أَوْ صَاحِبَ لَبَنٍ، أَوْ ذَا حَاجَةٍ يَأْتِيْ مَكَّةَ لِيُخْبِرَهُمْ بِمَكَانِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ لِيَخْرُجُوْا إِلَيْهِ، فَيَسْتَأْمِنُوْنَهُ قَبْلَ أَنْ يَّدْخُلَهَا عَلَيْهِمْ عَنْوَةً، قَالَ: فَوَاللّٰهِ إِنِّي لَأَسِيْرُ عَلَيْهَا وَأَلْتَمِسُ مَا خَرَجْتُ لَهُ، إِذْ سَمِعْتُ كَلَامَ أَبِيْ سُفْيَانَ وَبُدَيْلِ بْنِ وَرْقَاءَ وَهُمَا يَتَرَاجَعَانِ، وَأَبُوْ سُفْيَانَ يَقُوْلُ: مَا رَأَيْتُ كَالْيَوْمِ قَطُّ نِيْرَانًا وَلَا عَسْكَرًا، قَالَ: يَقُوْلُ بُدَيْلٌ: هٰذِهِ وَاللّٰهِ نِيْرَانُ خُزَاعَةَ حَمَشَتْهَا الْحَرْبُ، قَالَ: يَقُوْلُ أَبُوْ سُفْيَانَ: خُزَاعَةُ وَاللّٰهِ أَذَلُّ وَأَلْأَمُ مِنْ أَنْ تَكُوْنَ هٰذِهِ نِيْرَانَهَا وَعَسْكَرَهَا۔ قَالَ: فَعَرَفْتُ صَوْتَهُ فَقُلْتُ: يَا أَبَا حَنْظَلَةَ! فَعَرَفَ صَوْتِي فَقَالَ: أَبُو الْفَضْلِ؟ فَقُلْتُ: نَعَمْ۔ قَالَ: مَا لَكَ

ہوا تو ابوسفیان، جبکہ اس کے ساتھ اس کا بیٹا بھی تھا، نے کہا: اللہ کی قسم! یا تو آپ ہمیں اجازت دیں گے یا پھر اپنے اس بیٹے کا ہاتھ پکڑ کر ہم زمین (کی کسی جہت کی طرف) نکل جائیں گے اور پیاس اور بھوک کی وجہ سے مر جائیں گے۔ جب آپ ﷺ کو اس کی اس بات کا علم ہوا تو آپ نرم پڑ گئے اور ان کو آنے کی اجازت دے دی۔ سو وہ داخل ہوئے اور اسلام قبول کر لیا۔ جب رسول اللہ ﷺ مرّ الظہران میں اترے ہوئے تھے تو عباس نے کہا تھا: ہائے قریشیوں کی صبح! اگر وہ آپ ﷺ سے امان نہ لے سکے اور آپ زبردستی مکہ میں گھس گئے تو ہمیشہ کے لیے قریشی ہلاک ہو جائیں گے۔ وہ کہتے ہیں: میں رسول اللہ ﷺ کے سفید خچر پر بیٹھا اور نکل پڑا، یہاں تک کہ اراک پہنچ گیا، میرا خیال تھا کہ شاید کوئی لکڑیاں جمع کرنے والا یا کوئی دودھ والا یا مکہ کی طرف جانے والا کوئی ضرورت مندمل جائے گا، (تو میں اسے ساری صورتحال سے آگاہ کر دوں گا) اور وہ ان کو بتلا دے گا کہ رسول اللہ ﷺ فلاں مقام تک پہنچ چکے ہیں، تاکہ وہ آپ کے پاس پہنچ کر آپ سے امان طلب کر لیں، قبل اس کے کہ آپ بزور مکہ مکرمہ میں داخل ہوں۔ عباس کہتے ہیں: بخدا! میں خچر پر جا رہا تھا اور اپنے مقصود کی تلاش میں تھا، اچانک میں نے ابوسفیان اور بدیل بن ورقا کی آوازیں سنیں، وہ آپس میں گفتگو کر رہے تھے، ابوسفیان یہ کہہ رہا تھا: یہ جو آج بہت ساری آگ اور لشکر نظر آ رہا ہے، یہ تو میں پہلی دفعہ دیکھ رہا ہوں۔ جبکہ بدیل یہ کہہ رہا تھا: اللہ کی قسم! یہ خزاعہ کی آگ ہے، لڑائی نے ان کو آگ لگا رکھی ہے۔ لیکن ابوسفیان نے اس کا یوں جواب دیا: خزاعہ اس سے ذلیل، کمینے اور رذیل ہیں کہ یہ آگ اور لشکر ان کا ہو۔ عباس کہتے ہیں: میں نے

فِدَاكَ أَبِيْ وَأُمِّيْ؟ فَقُلْتُ: وَيْحَكَ يَا أَبَا سُفْيَانَ! هٰذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ فِي النَّاسِ، وَا صَبَاحَ قُرَيْشٍ وَاللّٰهِ! قَالَ: فَمَا الْحِيْلَةُ فِدَاكَ أَبِيْ وَأُمِّيْ؟ قَالَ: قُلْتُ: وَاللّٰهِ لَئِنْ ظَفِرَ بِكَ لَيَضْرِبَنَّ عُنُقَكَ فَارْكَبْ مَعِيَ هٰذِهِ الْبَغْلَةَ حَتّٰى آتِيَ بِكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ أَسْتَأْمِنُهُ لَكَ. قَالَ: فَرَكِبَ خَلْفِيْ وَرَجَعَ صَاحِبَاهُ، فَحَرَكْتُ بِهِ، كُلَّمَا مَرَرْتُ بِنَا مِنْ نِيْرَانِ الْمُسْلِمِيْنَ قَالُوْا: مَنْ هٰذَا؟ فَإِذَا رَأَوْا بَغْلَةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ قَالُوْا: عَمُّ رَسُوْلِ اللّٰهِ عَلٰى بَغْلَتِهِ حَتّٰى مَرَرْتُ بِنَارِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهِ عَنْهُ فَقَالَ: مَنْ هٰذَا؟ وَقَامَ إِلَيَّ فَلَمَّا رَأٰى أَبَا سُفْيَانَ عَلٰى عَجُزِ النَّاقَةِ قَالَ: أَبُوْ سُفْيَانَ عَدُوُّ اللّٰهِ! اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ أَمْكَنَ مِنْكَ بِغَيْرِ عَقْدٍ وَلَا عَهْدٍ، ثُمَّ خَرَجَ يَشْتَدُّ نَحْوَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَرَكَضْتُ الْبَغْلَةَ، فَسَبَقْتُهُ بِمَا تَسْبِقُ الدَّابَّةُ الْبَطِيْئَةُ الرَّجُلَ الْبَطِيْءَ، فَاقْتَحَمْتُ عَنِ الْبَغْلَةِ، فَدَخَلْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَدَخَلَ عُمَرُ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! هٰذَا أَبُوْ سُفْيَانَ قَدْ أَمْكَنَ اللّٰهُ مِنْهُ بِغَيْرِ عَقْدٍ وَلَا عَهْدٍ، فَدَعْنِيْ فَلِأَضْرِبَ عُنُقَهُ، قَالَ: قُلْتُ: لَا وَاللّٰهِ! لَأُنَاجِيْهِ اللَّيْلَةَ رَجُلٌ دُوْنِيْ فَلَمَّا أَكْثَرَ عُمَرُ فِيْ شَأْنِهِ، قُلْتُ: مَهْلاً يَا عُمَرُ! وَاللّٰهِ لَوْ كَانَ مِنْ رِجَالِ بَنِيْ عَدِيِّ بْنِ كَعْبٍ مَا قُلْتَ هٰذَا وَلٰكِنَّكَ عَرَفْتَ أَنَّهُ

اس کی آواز پہچان لی اور اسے آواز دی: ابو حنظلہ! اس نے میری آواز پہچان لی اور کہا: ابو الفضل ہو؟ میں نے کہا: جی ہاں۔ اس نے کہا: تجھے کیا ہوا ہے؟ میرے ماں باپ تجھ پر قربان ہوں۔ میں نے کہا: ابوسفیان! تو ہلاک ہو جائے، یہ رسول اللہ ﷺ لوگوں کے ساتھ آ گئے ہیں، ہائے قریش کی صبح! اس نے کہا: میرے ماں باپ تجھ پر قربان ہوں، اب کیا کیا جائے؟ میں نے کہا: اللہ کی قسم! اگر آپ ﷺ نے تجھ پر قابو پا لیا تو تیری گردن کاٹ دیں گے، تو اس طرح کر کہ میرے ساتھ اس خچر پر سوار ہو جا، میں تجھے رسول اللہ ﷺ کے پاس لے جاتا ہوں اور تیرے لیے امان طلب کرتا ہوں۔ وہ (ابوسفیان) میرے پیچھے سوار ہو گیا اور اس کے دونوں ساتھی واپس چلے گئے، میں اس کو لے کر آ گیا، میں جب بھی مسلمانوں کی آگ کے پاس سے گزرتا تو وہ ایک دوسرے سے پوچھتے: یہ کون ہے؟ جب وہ رسول اللہ ﷺ کا خچر دیکھتے تو کہتے: یہ آپ ﷺ کا خچر ہے اور رسول اللہ ﷺ کا چچا اس پر سوار ہے۔ جب میں سیدنا عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی آگ سے گزرا تو انھوں نے کہا: یہ کون ہے؟ پھر وہ کھڑے ہو کر میری طرف آئے اور جب سواری کے پچھلے حصے پر ابو سفیان کو دیکھا تو کہا: ابوسفیان ہے، اللہ کا دشمن، اللہ کی تعریف ہے، جس نے عقد و عہد کے بغیر ہمیں تجھ پر قادر بنا دیا، پھر وہ رسول اللہ ﷺ کی طرف دوڑے، میں نے بھی خچر کو ایڑ لگائی، میں ان سے اتنا آگے نکل گیا، جتنا سست رفتار جانور سست رفتار آدمی سے آگے نکل جاتا ہے۔ میں نے خچر سے چھلانگ لگائی اور رسول اللہ ﷺ کے پاس پہنچ گیا، اتنے میں سیدنا عمر رضی اللہ عنہ بھی پہنچ گئے اور کہا: اے اللہ کے رسول ﷺ! یہ ابوسفیان ہے، اللہ تعالیٰ نے بغیر عقد وعہد

رَجُلٌ مِنْ رِجَالِ بَنِي عَبْدِمَنَافٍ! فَقَالَ: مَهْلاً يَا عَبَّاسُ! فَوَاللّٰهِ لَإِسْلَامُكَ يَوْمَ أَسْلَمْتَ كَانَ أَحَبَّ إِلَيَّ مِنْ إِسْلَامِ الْخَطَّابِ لَوْ أَسْلَمَ، وَمَابِي إِلَّا أَنِّي قَدْ عَرَفْتُ أَنَّ إِسْلَامَكَ كَانَ أَحَبَّ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ مِنْ إِسْلَامِ الْخَطَّابِ لَوْ أَسْلَمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: ((اِذْهَبْ بِهِ إِلَى رَحْلِكَ يَا عَبَّاسُ! فَإِذَا أَصْبَحَ فَأْتِنِي بِهِ۔)) فَذَهَبْتُ بِهِ إِلَى رَحْلِي فَبَاتَ عِنْدِيْ، فَلَمَّا أَصْبَحَ غَدَوْتُ بِهِ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَلَمَّا رَآهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: ((وَيْحَكَ يَا أَبَا سُفْيَانَ! أَلَمْ يَأْنِ لَكَ أَنْ تَعْلَمَ أَنْ لَّاإِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ؟!)) قَالَ: بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي، مَاأَكْرَمَكَ وَأَحْلَمَكَ وَأَوْصَلَكَ! وَاللّٰهِ لَقَدْ ظَنَنْتُ أَنْ لَّوْكَانَ مَعَ اللّٰهِ غَيْرُهُ، لَقَدْ أَغْنٰى عَنِّي شَيْئاً بَعْدُ۔ قَالَ: ((وَيْحَكَ يَا أَبَا سُفْيَانُ! أَلَمْ يَأْنِ لَكَ أَنْ تَعْلَمَ أَنِّي رَسُوْلُ اللّٰهِ؟!)) قَالَ: بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي مَا أَحْلَمَكَ وَأَكْرَمَكَ وَأَوْصَلَكَ! هٰذِهِ وَاللّٰهِ۔ كَانَ فِي نَفْسِي مِنْهَا شَيْءٌ حَتَّى الْآنَ قَالَ الْعَبَّاسُ: وَيْحَكَ يَا أَبَا سُفْيَانَ! أَسْلِمْ وَاشْهَدْ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَّ مُحَمَّداً رَسُوْلُ اللّٰهِ قَبْلَ أَنْ يُضْرَبُ عُنُقُكَ۔ قَالَ: فَشَهِدَ بِشَهَادَةِ الْحَقِّ وَأَسْلَمَ قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ أَبَا سُفْيَانَ رَجُلٌ يُحِبُّ هٰذَا الْفَخْرَ، فَاجْعَلْ لَهُ شَيْئًا۔ قَالَ: ((نَعَمْ مَنْ دَخَلَ دَارَ أَبِي سُفْيَانَ،

کہ ہمیں اس پر قادر بنا دیا ہے، مجھے اجازت دو، میں اس کی گردن اتار دیتا ہوں۔ میں (عباس) نے کہا: اے اللہ کے رسول! میں نے اس کو پناہ دی ہے، پھر میں رسول اللہ ﷺ کے پاس بیٹھ گیا اور اس کے سر کو پکڑا اور کہا: اللہ کی قسم! میرے علاوہ آپ سے کوئی بھی سرگوشی نہیں کر سکتا۔ لیکن جب میں نے دیکھا کہ سیدنا عمر تو اس کے بارے میں بہت زیادہ باتیں کر رہے ہیں تو میں نے کہا: عمر! ٹھہر جاؤ، اللہ کی قسم! اگر یہ (سفیان) بنو عدی بن کعب سے ہوتا تو تم یہ باتیں نہ کرتے، وجہ یہ ہے کہ یہ بنو عبد مناف میں سے ہے۔ آگے سے انھوں نے کہا: عباس! رہنے دو اس بات کو، اللہ کی قسم! عباس! جس دن تم مسلمان ہوئے تو تمہارا اسلام مجھے اپنے باپ خطاب کے اسلام سے زیادہ محبوب تھا، کیونکہ میں جانتا تھا کہ رسول اللہ ﷺ کو خطاب کے اسلام کی بہ نسبت تمہارا اسلام زیادہ محبوب تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''عباس! اس کو اپنی رہائش گاہ پر لے جاؤ، صبح کے وقت دوبارہ لے آنا۔'' پس میں اس کو اپنی رہائش گاہ میں لے گیا، اس نے میرے پاس رات گزاری، جب صبح ہوئی تو اسے رسول اللہ ﷺ کے پاس لے آیا۔ رسول اللہ ﷺ نے اسے دیکھ کر فرمایا: ''ابوسفیان! تو ہلاک ہو جائے، کیا وہ وقت قریب آ گیا ہے کہ تجھے بھی اللہ تعالیٰ کے معبودِ برحق ہونے کا علم ہو جائے؟!'' اس نے کہا: میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں، آپ کتنے معزز ہیں، کتنے بردبار ہیں اور کتنے صلہ رحمی کرنے والے ہیں! اللہ کی قسم! میرا خیال ہے کہ اگر اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی اور معبود ہوتا تو وہ مجھے کفایت کر چکا ہوتا۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا: ''سفیان! تو ہلاک ہو جائے، کیا وہ وقت قریب آ چکا ہے کہ تجھے بھی میری رسالت کے برحق

فَهُوَ آمِنٌ وَمَنْ أَغْلَقَ بَابَهُ، فَهُوَ آمِنٌ، وَمَنْ دَخَلَ الْمَسْجِدَ، فَهُوَ آمِنٌ۔)) فَلَمَّا ذَهَبَ لِيَنْصَرِفَ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: ((يَا عَبَّاسُ! اِحْبِسْهُ بِمَضِيْقِ الْوَادِي عِنْدَ خَطْمِ الْجَبَلِ، حَتّٰى تَمُرَّ بِهِ جُنُوْدُ اللّٰهِ فَيَرَاهَا۔)) قَالَ فَخَرَجْتُ بِهِ حَتّٰى حَبَسْتُهُ حَيْثُ أَمَرَنِي رَسُوْلُ اللّٰهِ أَنْ أَحْبِسَهُ قَالَ: وَمَرَّتْ بِهِ الْقَبَائِلُ عَلٰى رَايَاتِهَا، كُلَّمَا مَرَّتْ قَبِيْلَةٌ قَالَ: مَنْ هٰؤُلَاءِ؟ فَأَقُوْلُ: (سُلَيْمٌ) فَيَقُوْلُ: مَالِي وَلِـ(سَلِيْمٍ؟) قَالَ: ثُمَّ تَمُرُّ الْقَبِيْلَةُ، قَالَ: هٰؤُلَاءِ؟ فَأَقُوْلُ: (مَزَيْنَةُ) فَيَقُوْلُ: مَالِي وَلِـ(مُزَيْنَةَ)؟ حَتّٰى نَفَذَتِ الْقَبَائِلُ لَا تَمُرُّ قَبِيْلَةٌ إِلَّا قَالَ مَنْ هٰؤُلَاءِ؟ فَأَقُوْلُ: بَنُوْ فُلَانَ فَيَقُوْلُ: مَالِي وَلِبَنِي فُلَانَ؟ حَتّٰى مَرَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ فِي كَتِيْبَتِهِ الْخُضْرَاءِ فِيْهَا الْمُهَاجِرُوْنَ وَالْأَنْصَارُ، لَا يُرٰى مِنْهُمْ إِلَّا الْحَدَقُ مِنَ الْحَدِيْدِ قَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ! مَنْ هٰؤُلَاءِ يَا عَبَّاسُ؟! قُلْتُ: هٰذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ فِي الْمُهَاجِرِيْنَ وَالْأَنْصَارِ، قَالَ: مَا لِأَحَدٍ بِهٰؤُلَاءِ قِبَلٌ وَلَا طَاقَةٌ وَاللّٰهِ يَا أَبَا الْفَضْلِ! لَقَدْ أَصْبَحَ مُلْكُ ابْنِ أَخِيْكَ الْغَدَاةَ عَظِيْمًا قُلْتُ: يَا أَبَا سُفْيَانَ! إِنَّهَا النُّبُوَّةُ، قَالَ: فَنَعَمْ إِذًا قُلْتُ: النَّجَاءَ إِلٰى قَوْمِكَ۔ قَالَ: فَخَرَجَ حَتّٰى إِذَا جَاءَهُمْ، صَرَخَ بِأَعْلٰى صَوْتِهِ يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ! هٰذَا مُحَمَّدٌ قَدْ جَاءَكُمْ بِمَا لَا قِبَلَ لَكُمْ بِهِ، فَمَنْ دَخَلَ دَارَ أَبِي

ہونے کا علم ہو جائے؟!'' اس نے کہا: میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں، آپ کتنے بردبار ہیں، کتنے معزز ہیں اور کتنے صلہ رحمی کرنے والے ہیں! اللہ کی قسم! اس وقت تک تو میرے دل میں کچھ نہ کچھ ہچکچاہٹ تھی۔ سیدنا عباس رضی اللہ عنہ نے کہا: ابو سفیان! تو ہلاک ہو جائے! اسلام قبول کر اور اللہ تعالیٰ کے معبودِ برحق ہونے اور حضرت محمد ﷺ کے رسول ہونے کی گواہی دے، قبل اس کے کہ تیری گردن اتار دی جائے۔ پس اس نے شہادتِ حقہ کا اقرار کیا اور اسلام قبول کر لیا۔ میں (عباس) نے کہا: اے اللہ کے رسول ﷺ! بیشک ابوسفیان اس فخر (یعنی عہدہ ومنصب) کو پسند کرتا ہے، اس لیے اس سلسلے میں اس کا اکرام کرو۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''جی ہاں، جو بندہ ابوسفیان کے گھر داخل ہو گیا اسے امن حاصل ہو جائے گا اور اپنا دروازہ بند کر دینے والے کو بھی امان دی جائے گی اور مسجد میں داخل ہونے والا بھی امن پائے گا۔'' جب وہ جانے لگا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''عباس! اس کو خطم الجبل کے پاس تنگ وادی میں روک لینا، تا کہ جب اللہ تعالیٰ کے لشکر گزریں تو یہ دیکھ سکے۔'' عباس کہتے ہیں: میں اس کے ساتھ نکلا اور رسول اللہ ﷺ کے حکم کے مطابق اسی مقام پر اس کو روک لیا۔ قبائل اپنے اپنے جھنڈے لے کر گزرنے لگے۔ جب ایک قبیلے کا گزر ہوا تو یہ پوچھتا: یہ کون ہیں؟ میں نے کہا: سلیم قبیلے والے۔ پھر اس نے کہا: میرا سلیم کے ساتھ کیا تعلق ہے؟ اتنے میں اگلا قبیلہ گزرا، اس نے پوچھا: یہ کون ہیں؟ میں نے کہا: مزینہ قبیلے والے ہیں۔ اس نے کہا: میرا مزینہ کے ساتھ کیا تعلق ہے؟ ایسے ہی ہوتا رہا یہاں تک کہ قبائل ختم ہو گئے، جب بھی کوئی قبیلہ گزرتا تو یہ پوچھتا کہ یہ کون ہیں، میں کہتا کہ یہ فلاں قبیلے والے ہیں، پھر

سُفْيَانَ فَهُوَ آمِنٌ ، فَقَامَتْ إِلَيْهِ امْرَأَتُهُ هِنْدٌ بِنْتُ عُتْبَةَ ، فَأَخَذَتْ بِشَارِبِهِ فَقَالَتْ: اقْتُلُوْا الدَّسِمَ الْأَحْمَشَ قُبِّحَ مِنْ طَلِيْعَةِ قَوْمٍ! قَالَ: وَيْحَكُمْ لَاتَغُرَّنَّكُمْ هٰذِهِ مِنْ أَنْفُسِكُمْ ، فَإِنَّهُ قَدْ جَاءَ مَالَا قِبَلَ لَكُمْ بِهِ ، مَنْ دَخَلَ دَارَ أَبِي سُفْيَانَ ، فَهُوَ آمِنٌ ، قَالُوْا: وَيْلَكَ وَمَا تُغْنِي دَارُكَ؟! قَالَ: وَمَنْ اَغْلَقَ بَابَهُ فَهُوَ آمِنٌ وَمَنْ دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَهُوَ آمِنٌ فَتَفَرَّقَ النَّاسُ اِلٰى دُوْرِهِمْ وَ إِلٰى الْمَسْجِدِ۔ (الصحيحة:٣٣٤١)

وہ کہتا کہ میرا ان کے ساتھ کیا تعلق ہے؟ یہاں تک کہ آپ ﷺ بڑے لشکر کے ساتھ گزرے، اس میں مہاجرین و انصار تھے، ہر طرف سے لوہے کی سیاہی نظر آ رہی تھی۔ اس نے کہا: سبحان اللہ! عباس! یہ کون ہیں؟ میں نے کہا: یہ مہاجرین و انصار کے جلو میں اللہ کے رسول ﷺ ہیں۔ اس نے کہا: ابو الفضل! اللہ کی قسم! ان کے مقابلے کی کسی کو کوئی طاقت اور قدرت حاصل نہیں ہے، تیرے بھتیجے کی بادشاہت عظیم ہوگئی ہے؟ میں نے کہا: ابوسفیان! بیشک یہ نبوت ہے۔ اس نے کہا: جی ہاں بالکل۔ میں نے کہا: اپنی قوم کے لیے نجات طلب کرو۔ پس وہ وہاں سے نکل پڑا اور اپنی قوم کے پاس پہنچ کر بلند آواز سے کہا: او قریشیو! یہ محمد ﷺ آ گئے ہیں، ایسے لشکر کے ساتھ کہ تم میں جس کا مقابلہ کرنے کی کوئی قدرت نہیں ہے، (سنو) جو ابوسفیان کے گھر داخل ہوگا، وہ امن پائے گا۔ یہ سن کر اس کی بیوی ہند بنت عتبہ کھڑی ہوئی، اس کی مونچھیں پکڑیں اور کہا: قتل کر دو اس کالے رنگ کے ذلیل آدمی کو، قوم کا سرکردہ بندہ ہی قبیح ہو گیا ہے، اس نے کہا: تمہارا ستیاناس ہو جائے! اپنے آپ کو دھوکے میں نہ ڈالو، محمد ﷺ جس لشکر کے ساتھ آیا ہے، تم میں اس کا مقابلہ کرنے کی سکت نہیں ہے، (سنو) جو بھی ابوسفیان کے گھر داخل ہوا، اسے امان مل جائے گی۔ انھوں نے کہا: تو ہلاک ہو جائے! تیرا گھر کتنوں کو کفایت کرے گا؟ اس نے کہا: اور جس نے اپنا دروازہ بند کر دیا، وہ بھی امن میں رہے گا اور جو مسجد میں داخل ہو گیا، وہ بھی امن پائے گا۔ (یہ سن کر) لوگ اپنے گھروں اور مسجد کی طرف چل پڑے۔

تخريج: أخرجه ابن أسحاق في"السيرة": ٤/ ١٧ ـ ٢٤ ـ ابن هشام، والطبراني في "المعجم الكبير" ٨/ ١٠ ـ ١٥ ـ والسياق له ـ ، والطبري في"التاريخ": ٣/ ١١٤ ـ ببعضه ـ ، و الحاكم: ٣/ ٤٣ ، والبيهقي في "دلائل النبوة": ٥/ ٣٢، وأبوداود: ٣٠٢١ فقرة منه

شرح:...... فتح مکہ آپ ﷺ کی حیاتِ طیبہ کا بہت بڑا کارنامہ تھا، بلکہ آپ ﷺ کا مقصدِ حیات تھا، فتح مکہ سے لوگوں پر یہ بات بالکل واضح ہوگئی کہ آپ ﷺ اللہ کے سچے پیغمبر ہیں۔ کئی قبائل نے قبولیتِ اسلام اور صداقتِ نبی کے لیے فتح مکہ کی شرط لگا رکھی تھی، سو اس فتح کے بعد لوگ فوج درفوج مسلمان ہونے لگے، جب کہ اس سے قبل ایک ایک دو دو فرد مسلمان ہوتے تھے، یہ عظیم فتح اس بات کی علامت تھی کہ آپ ﷺ کی ذمہ داری پوری ہوگئی اور آپ کا دنیا سے کوچ فرمانے کا مرحلہ قریب آ گیا ہے، اس لیے آپ ﷺ کو حکم دیا گیا کہ حمد و تسبیح الٰہی اور استغفار کا خوب اہتمام کریں۔

ایسے ہی ہوا اور آپ ﷺ فتح مکہ سے تقریباً اڑھائی سال بعد دنیائے فانی سے رحلت فرما گئے۔

آپ ﷺ سب سے بڑے عادل تھے

(٤٠٦٢)۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ: بَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ذَاتَ يَوْمٍ يُقْسِمُ مَالاً إِذْ أَتَاهُ ذُوالْخُوَيْصِرَةِ رَجُلٌ مِنْ بَنِي تَمِيْمٍ۔ فَقَالَ: يَامُحَمَّدُ! اِعْدِلْ، فَوَاللّٰهِ مَاعَدَلْتَ مُنْذُ الْيَوْمِ! فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: ((وَاللّٰهِ! لاَ تَجِدُوْنَ بَعْدِيْ اَعْدَلَ عَلَيْكُمْ مِنِّي۔)) ثَلاَثَ مَرَّاتٍ فَقَالَ عُمَرُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَتَأْذَنُ لِي فَأَضْرِبَ عُنُقَهُ؟ فَقَالَ: ((لاَ إِنَّ لَهُ أَصْحَابًا يَحْقِرُ أَحَدُكُمْ صَلاَتَهُ مَعَ صَلاَتِهِمْ......)) الحديث۔

(الصحيحة:٢٤٠٦)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، وہ کہتے ہیں کہ ایک دن رسول اللہ مال تقسیم فرما رہے تھے، بنوتمیم کا ایک ذوالخویصرہ نامی آدمی آیا اور کہا: اے محمد! انصاف کرو، اللہ کی قسم! آج تم نے انصاف نہیں کیا۔ نبی کریم ﷺ نے تین مرتبہ فرمایا: ''اللہ کی قسم! تم میرے بعد اپنے حق میں مجھ سے زیادہ عدل کرنے والا نہیں پاؤ گے۔'' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: اے اللہ کے رسول ﷺ! کیا آپ مجھے اجازت دیں گے کہ اس کی گردن اتار دوں؟ آپ نے فرمایا: ''نہیں۔'' اس کے ایسے ساتھی بھی ہیں کہ تم اپنی نماز کو ان کی نماز کے مقابلے میں حقیر سمجھو گے۔''

تخريج: أخرجه أحمد:٣/ ٦٥، وأخرجه مسلم: ٣/ ١٢٢، لكن ليس فيه لفظ: ((والله لا تجدون بعدى اعدل عليكم منى))

شرح:...... حدیث کے آخر میں خارجی لوگوں کی طرف اشارہ کیا گیا ہے، جنھوں نے سیدنا علی رضی اللہ عنہ کے خلاف بغاوت کی تھی۔

ہر مسلمان پناہ دے سکتا ہے

(٤٠٦٣)۔ عَنْ أُمِّ هَانِئٍ بِنْتِ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، قَالَتْ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ فَتْحِ مَكَّةَ أَجَرْتُ رَجُلَيْنِ مِنْ أَحْمَائِي فَأَدْخَلْتُهُمَا بَيْتًا وَأَغْلَقْتُ عَلَيْهِمَا بَابًا، فَجَاءَ ابْنُ أُمِّي عَلِيُّ ابْنُ أَبِي طَالِبٍ، فَتَفَلَّتَ عَلَيْهِمَا بِالسَّيْفِ، قَالَتْ: فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ ﷺ فَلَمْ أَجِدْهُ، وَوَجَدْتُ فَاطِمَةَ، فَكَانَتْ أَشَدَّ عَلَيَّ مِنْ زَوْجِهَا، قَالَتْ: فَجَاءَ

حضرت ام ہانی بنت ابی طالب رضی اللہ عنہا سے روایت ہے، وہ کہتی ہیں: میں نے فتح مکہ والے دن اپنے سسرال کے دو آدمیوں کو پناہ دی اور اُن کو گھر میں داخل کر کے دروازہ بند کر دیا۔ میری ماں کا بیٹا علی بن ابو طالب آیا اور اُن دونوں پر تلوار سونت لی۔ میں نبی کریم ﷺ کے پاس چلی گئی، لیکن آپ ﷺ موجود نہ تھے، البتہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا موجود تھیں، لیکن وہ مجھ پر اپنے خاوند سے بھی زیادہ سخت تھیں۔ اچانک نبی کریم ﷺ تشریف لائے، آپ پر غبار کے

النَّبِيُّ ﷺ وَعَلَيْهِ أَثَرُ الْغُبَارِ، فَأَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ: ((يَا أُمَّ هَانِي! قَدْ أَجَرْنَا مَنْ أَجَرْتِ، وَأَمَّنَّا مَنْ أَمَّنْتِ.)) (الصحيحة:٢٠٤٩)

اثرات تھے۔ جب میں نے آپ کو ساری بات بتلائی تو آپ ﷺ نے فرمایا: ''اے ام ہانی! جس کو تو نے پناہ دی اُس کو ہم نے پناہ دی اور جس کو تو نے امن دیا اُس کو ہم نے امن دیا۔''

تخريج: أخرجه أحمد:٦/ ٣٤١، ٣٤٣، وأخرجه الشيخان دون قوله: ((وامّنا من امنت))

شرح:...... اگرچہ اعمال کی وجہ سے مومنوں اور مسلمانوں کے ایمان میں تفاوت پایا جاتا ہے، لیکن بحیثیتِ اسلام تمام مسلمانوں میں یکسانیت پائی جاتی ہے۔ مرد و زن، ادنی و اعلی اور امیر و غریب میں کوئی فرق نہیں ہے، اس لیے جو مسلمان کسی کافر کو پناہ دے دے گا، دوسرے مسلمانوں پر فرض ہوگا کہ وہ اس پناہ کا لحاظ کرتے ہوئے کافر کے حقوق کا خیال رکھیں۔

فقرا صحابہ کا مقام و مرتبہ

(٤٠٦٤)۔ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ: مَرَّ الْمَلَأُ مِنْ قُرَيْشٍ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَعِنْدَهُ صُهَيْبٌ، وَبِلَالٌ، وَعَمَّارٌ، وَخَبَّابٌ، وَنَحْوُهُمْ مِنْ ضُعَفَاءِ الْمُسْلِمِيْنَ، فَقَالُوْا: يَامُحَمَّدُ! اطْرُدْهُمْ، أَرَضِيْتَ هٰؤُلَاءِ مِنْ قَوْمِكَ، أَفَنَحْنُ نَكُوْنُ تَبَعاً لِهٰؤُلَاءِ؟! أَهٰؤُلَاءِ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِنْ بَيْنِنَا؟ فَلَعَلَّكَ إِنْ طَرَدْتَهُمْ أَنْ نَأْتِيَكَ! قَالَ: فَنَزَلَتْ: ﴿وَلَا تَطْرُدِ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدَاةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهُ مَا عَلَيْكَ مِنْ حِسَابِهِمْ مِنْ شَيْءٍ وَمَا مِنْ حِسَابِكَ عَلَيْهِمْ مِنْ شَيْءٍ فَتَطْرُدَهُمْ فَتَكُوْنَ مِنَ الظَّالِمِيْنَ.﴾ (الصحيحة:٣٢٩٧)

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ قریش کے سردار، رسول اللہ ﷺ کے پاس سے گزرے اور آپ کے پاس صہیب، بلال، عمار، خباب رضی اللہ عنہم اور ان جیسے کمزور مسلمانوں میں سے کچھ افراد بیٹھے ہوئے تھے، قریش کے سرداروں نے کہا: اے محمد ﷺ! ان کو دھتکار دے، کیا تو اپنی قوم میں سے ان پر راضی ہو گیا ہے؟ کیا ہم ان لوگوں کے پیروکار ہوں گے؟ کیا ہم میں سے اللہ تعالیٰ نے ان پر احسان کیا ہے؟ اگر تو ان کو دھتکار دے تو شاید ہم تیرے پاس آیا کریں۔ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی: ''(اے محمد!) جو صبح شام اللہ کی خوشنودی کے لیے اُسے پکارتے ہیں اُن کو نہ دھتکارنا۔ اُن کے حساب میں سے نہ کچھ تیرے ذمہ ہے اور نہ تیرے حساب میں سے کچھ اُن کے ذمے ہے۔ اگر آپ نے اُن کو دھتکارا تو آپ ظالموں میں سے ہو جائیں گے۔''

تخريج: أخرجه أحمد: ١/ ٤٢٠ من طريق أسباط مختصرا نحوه، والبزار: ٣/ ٤٨/ ٢٢٠٩۔ والسياق له۔ من طريق ابن جرير في "التفسير": ٧/ ١٣٧، والطبراني في "المعجم الكبير": ١٠/ ٢٦٨/ ١٠٥٢٠

شرح:...... کسی کے ایمان واسلام کے مقابلے میں کسی کے مال ودولت اور منصب وامارت کو ترجیح نہیں دی جا سکتی۔ یہ فقیروں کا ایمان ہی تھا کہ جس کی بنا پر سید الاولین والآخرین محمد رسول اللہ ﷺ کو وعید سنا دی گئی۔

آپ ﷺ کے ہاں سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ کا مقام

(٤٠٦٥)۔ عَنْ رَبِيْعَةَ الأَسْلَمِيِّ، قَالَ: كُنْتُ أَخْدُمُ رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَأَعْطَانِيْ أَرْضًا وَأَعْطٰى أَبَا بَكْرٍ أَرْضًا، وَجَاءَتِ الدُّنْيَا فَاخْتَلَفْنَا فِيْ عَذْقِ نَخْلَةٍ، فَقَالَ أَبُوْبَكْرٍ: هِيَ فِيْ حَدِّ أَرْضِيْ! وَقُلْتُ أَنَا هِيَ فِيْ حَدِّيْ! وَكَانَ بَيْنِيْ وَبَيْنَ أَبِيْ بَكْرٍ كَلَامٌ، فَقَالَ لِيْ أَبُوْ بَكْرٍ كَلِمَةً كَرِهْتُهَا وَنَدِمَ فَقَالَ لِيْ: يَارَبِيْعَةُ! رُدَّ عَلَيَّ مِثْلَهَا حَتّٰى يَكُوْنَ قِصَاصًا، قُلْتُ: لَاأَفْعَلُ، فَقَالَ أَبُوْبَكْرٍ: لَتَقُوْلَنَّ أَوْ لَأَسْتَعْدِيَنَّ عَلَيْكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قُلْتُ: مَا أَنَا بِفَاعِلٍ۔ قَالَ: وَرَفَضَ الأَرْضَ فَانْطَلَقَ أَبُوْبَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ إِلَى النَّبِيِّ ﷺ، فَانْطَلَقْتُ أَتْلُوْهُ، فَجَاءَ أُنَاسٌ مِنْ أَسْلَمَ فَقَالُوْا: رَحِمَ اللّٰهُ أَبَا بَكْرٍ! فِيْ أَيِّ شَيْءٍ يَسْتَعْدِيْ عَلَيْكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ، وَهُوَ الَّذِيْ قَالَ لَكَ مَا قَالَ؟ فَقُلْتُ: أَتَدْرُوْنَ مَنْ هٰذَا؟ هٰذَا أَبُوْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقُ، وَهُوَ (ثَانِيَ اثْنَيْنِ) وَهُوَ ذُوْ شَيْبَةِ الْمُسْلِمِيْنَ، فَإِيَّاكُمْ يَلْتَفِتُ فَيَرَاكُمْ تَنْصُرُوْنِيْ عَلَيْهِ فَيَغْضَبُ، فَيَأْتِيْ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ فَيَغْضَبُ لِغَضَبِهِ، فَيَغْضَبُ اللّٰهُ لِغَضَبِهِمَا، فَيَهْلَكُ رَبِيْعَةُ: قَالُوْا: فَمَا تَأْمُرُنَا؟ قَالَ: ارْجِعُوْا۔ فَانْطَلَقَ أَبُوْبَكْرٍ

حضرت ربیعہ اسلمی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں: میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت کرتا تھا، آپ نے مجھے زمین دی اور ابوبکر رضی اللہ عنہ کو بھی زمین دی۔ ہم پر دنیا غالب آ گئی، کھجور کے ایک درخت کے بارے میں ہمارا جھگڑا ہو گیا۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: یہ میری زمین کی حد میں ہے۔ میں نے کہا: یہ میری حد میں ہے۔ میرے اور ابوبکر رضی اللہ عنہ کے درمیان سخت کلامی ہوئی، ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ایسا کلمہ کہا جس کو میں نے ناپسند کیا اور وہ خود بھی شرمندہ ہوئے۔ (بالآخر) انہوں نے مجھے کہا: اے ربیعہ! مجھے یہی کلمہ کہو تا کہ بدلہ ہو جائے۔ لیکن میں نے کہا کہ میں ایسا نہیں کروں گا۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: تجھے ضرور کہنا پڑے گا، ورنہ میں رسول اللہ ﷺ سے فریاد کروں گا۔ میں نے کہا میں ایسا (جملہ) نہیں کہوں گا۔ ربیعہ کہتے ہیں: ابوبکر زمین چھوڑ کر نبی کریم ﷺ کی طرف چل دیے، میں بھی ان کے پیچھے چل پڑا۔ بنو اسلم قبیلہ کے چند لوگ آئے اور انہوں نے کہا: اللہ، ابوبکر رضی اللہ عنہ پر رحم کرے، بھلا وہ رسول اللہ ﷺ کس چیز کے متعلق تیرے خلاف فریاد کریں گے۔ حالانکہ انھوں نے تجھے ایسے ایسے بھی کہا ہے۔ میں نے کہا: تم جانتے ہو کہ یہ کون ہے؟ یہ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں، (غارِ ثور) میں دو میں سے دوسرے وہ تھے اور وہ مسلمانوں کے بزرگ ہیں۔ پس تم بچو (کہیں ایسا نہ ہو) کہ وہ تم کو اپنے خلاف میری مدد کرتے ہوئے دیکھ کر غصے ہو جائیں، پھر وہ رسول اللہ ﷺ کے پاس جائے اور آپ اس کے غصے کی وجہ سے ناراض ہو جائیں اور پھر اللہ تعالیٰ ان دونوں کی

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَتَبِعْتُهُ وَحْدِيْ وَجَعَلْتُ أَتْلُوْهُ حَتّٰى أَتَى النَّبِيَّ فَحَدَّثَهُ الْحَدِيْثَ كَمَا كَانَ فَرَفَعَ إِلَيَّ رَأْسَهُ فَقَالَ: ((يَا رَبِيْعَةُ! مَالَكَ وَلِلصِّدِّيْقِ؟)) قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ! كَانَ كَذَا وَكَانَ كَذَا، فَقَالَ لِيْ كَلِمَةً كَرِهْتُهَا، فَقَالَ لِيْ: قُلْ كَمَا قُلْتُ لَكَ حَتّٰى يَكُوْنَ قِصَاصاً۔ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: ((أَجَلْ فَلَا تَرُدَّ عَلَيْهِ وَلٰكِنْ قُلْ: غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ يَا أَبَا بَكْرٍ! غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ يَا أَبَابَكْرٍ۔)) قَالَ: فَوَلّٰى أَبُوْبَكْرٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ وَهُوَ يَبْكِيْ۔ (الصحيحة: ٣١٤٥)

ناراضگی کی وجہ سے ناراض ہو جائیں اور ربیعہ ہلاک ہو جائے۔ انہوں نے کہا: تو (پھر ایسے میں) تم ہمیں کیا حکم دیتے ہو؟ اس نے کہا: تم چلے جاؤ۔ (اب ہوا یوں کہ) ابوبکر رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کی طرف چلے اور میں بھی اکیلا ان کے پیچھے چل پڑا۔ پس وہ نبی کریم ﷺ کے پاس آئے اور جیسی بات تھی ویسے ہی بیان کر دی۔ آپ ﷺ نے اپنا سر میری طرف اٹھایا اور فرمایا: ''اے ربیعہ تیرے اور صدیق کے مابین کیا معاملہ ہے؟'' میں نے کہا: اے اللہ کے رسول! معاملہ تو ایسے ایسے تھا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے مجھے ایسا کلمہ کہا جس کو میں نے ناپسند کیا، پھر انھوں نے انہوں نے مجھے یہ بھی کہا کہ میں بھی ان کو وہی بات کہ دوں تا کہ لے چلے ہو جائے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''ٹھیک ہے، اب تم نے (قصاصا) وہ بات نہیں دوہرانی، بلکہ یوں کہنا ہے: اے ابوبکر! اللہ تجھے معاف کرے۔ اے ابوبکر! اللہ تجھے معاف کرے۔'' جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ وہاں سے چلے تو وہ رو رہے تھے۔

تخريج: أخرجه أحمد: ٤/ ٥٨، والطبراني في"المعجم الكبير": ٥/ ٥٢ - ٥٣، وابن عساكر في"التاريخ": ٩/ ٥٨٣

شرح:...... سیدنا ابوبکر صدیق اور سیدنا ربیعہ رضی اللہ عنہما دونوں نے جھگڑا تو برابر کا کیا، ہاں یہ بات ہے کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے آخر میں ندامت کا اظہار کیا اور مقابل کو کہا کہ وہ یہی بات کر کے اس سے قصاص لے لے۔ لیکن سیدنا ربیعہ رضی اللہ عنہ کو ڈانٹنے کا مقصد یہ تھا کہ ابوبکر صدیق بزرگ ہیں، ان کا مقام و مرتبہ زیادہ ہے، اس لیے عام صحابہ کو ان کا لحاظ کرنا چاہیے اور ان سے کٹ حجتی کرنے سے باز رہنا چاہیے۔ جیسا کہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ((اَقِيْلُوْا ذَوِي الْهَيْئَاتِ عَثَرَاتِهِمْ اِلَّا الْحُدُوْدَ۔)) ......''صاحبِ حیثیت لوگوں کی غلطیاں معاف کر دیا کرو، الا یہ کہ وہ حدود ہوں۔'' (صحیحہ: ٦٣٨)

دنیا کا ہر وہ معاشرہ جس کو تہذیب و شائستگی سے ادنی تعلق بھی رہا ہو، اپنے اندر موجود باوقار، شریف النفس اور رذائل سے دور رہنے والے افراد کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور ان کی چھوٹی چھوٹی کوتاہیوں اور فروگذاشتوں کو نظر انداز کرتا نظر آتا ہے۔

غلط فہمی یا ناراضی ناممکن نہیں، بلکہ یہ انسان کی فطرت ہے، آدمی جذبات میں آ کر نامناسب باتیں بھی کہہ دیتا ہے،

لیکن نیک صفت لوگ جذبات میں ہونے والی تقصیروں کو ندامت کے آنسوؤں سے فوراً دھو لیتے ہیں، حضرات صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین میں بھی ناراضی ہو جاتی تھی، مگر وہ نفوس قدسیہ تقویٰ کی بلندیوں پر فائز ہونے کی وجہ سے فوراً اپنا معاملہ رفع دفع کرتے ہوئے دل صاف کر لیتے تھے۔ اس حدیثِ طیبہ سے جہاں سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی عزت و عظمت اور مقام و مرتبہ معلوم ہوتا ہے، وہاں یہ بھی واضح ہوتا ہے کہ آپ حد درجہ رقیق القلب اور خوفِ خدا، خشیت الٰہی اور احترام انسانیت رکھنے والے شخص تھے۔

آپ ﷺ نے ایک سال پہلے اپنی وفات کی پیشین گوئی کر دی تھی
آپ ﷺ کی قبر مبارک کی زیارت کی مشروعیت

(٤٠٦٦)۔ عَنْ عَاصِمِ بْنِ حُمَيْدٍ السُّكُوْنِيِّ: أَنَّ مُعَاذاً لَمَّا بَعَثَهُ النَّبِيُّ ﷺ خَرَجَ مَعَهُ النَّبِيُّ ﷺ يُوْصِيْهِ، وَمُعَاذٌ رَاكِبٌ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ يَمْشِي تَحْتَ رَاحِلَتِهِ، فَلَمَّا فَرَغَ قَالَ: ((يَا مُعَاذُ! إِنَّكَ عَسٰى أَنْ لَّاتَلْقَانِي بَعْدَ عَامِيْ هٰذَا أَوْ لَعَلَّكَ أَنْ تَمُرَّ بِمَسْجِدِي هٰذَا أَوْ قَبْرِي۔)) فَبَكٰى مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ جَشَعًا لِفِرَاقِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: ((لَاتَبْكِ يَا مُعَاذُ! لَلْبُكَاءُ أَوْ إِنَّ الْبُكَاءَ مِنَ الشَّيْطَانِ۔)) (الصحيحة:٢٤٩٧)

عاصم بن حمید سکونی سے روایت ہے، وہ بیان کرتے ہیں کہ جب نبی کریم ﷺ نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو (یمن کی طرف) بھیجا تو وصیت کرتے ہوئے اُس کے ساتھ نکلے، حضرت معاذ سوار تھے اور رسول اللہ ﷺ اُس کی سواری کے ساتھ چل رہے تھے۔ جب آپ فارغ ہوئے تو فرمایا: ''معاذ! شاید اس سال کے بعد تو مجھ سے ملاقات نہ کر سکے، لیکن ممکن ہے کہ تو میری مسجد یا میری قبر کے پاس سے گزرے۔'' حضرت معاذ رسول اللہ ﷺ کی جدائی کی وجہ سے گھبرا گئے اور رونا شروع کر دیا۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''معاذ! نہ روؤ، بیشک رونا شیطان کی طرف سے ہوتا ہے۔''

تخريج: أخرجه أحمد: ٥/ ٢٣٥

شرح:...... چونکہ آپ ﷺ صاحبِ وحی تھے، اس لیے مستقبل کی خبر دینا یا اپنی وفات کا اندیشہ ظاہر کرنا کوئی بعید بات نہیں ہے، اس سے آپ ﷺ کا عالم الغیب ہونا لازم نہیں آتا، کیونکہ یہ صفت صرف اللہ تعالیٰ کی ہے۔

امام البانی رحمہ اللہ لکھتے ہیں: ڈاکٹر بوطی نے اپنی کتاب (فقه السنة) میں اس حدیث سے نبی کریم ﷺ کی قبر مبارک کی زیارت کی مشروعیت کا استدلال کیا ہے، جس کے بارے میں اس کا گمان یہ تھا کہ ابن تیمیہ اس کا انکار کرتے ہیں۔

میں (البانی) کہتا ہوں: بوطی کے استدلال سے ہمارا کوئی اختلاف نہیں ہے، کیونکہ یہ تو واضح ہے۔ لیکن ہم قارئ حضرات کو متنبہ کرنا چاہتے ہیں کہ اس نے شیخ الاسلام ابن تیمیہ کے بارے میں جو وہم و گمان پیش کیا ہے، وہ باطل اور

جھوٹ ہے، کیونکہ ابن تیمیہ کی تصنیفات آپ ﷺ کی قبر مبارک کی زیارت کی مشروعیت سے بھری پڑی ہیں، بلکہ انھوں نے تو اس زیارت کے آداب بھی بیان کیے ہیں۔

ہاں یہ بات درست ہے کہ امام ابن تیمیہ نے درج ذیل حدیث سے استدلال کرتے ہوئے آپ ﷺ کی قبر مبارک کا قصد کر کے اس کی طرف سفر کرنے سے منع کیا ہے:

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ((إِنَّمَا تُضْرَبُ أَكْبَادُ الْمَطِيِّ إِلٰى ثَلَاثَةِ مَسَاجِدَ: الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ، وَمَسْجِدِيْ هٰذَا وَالْمَسْجِدِ الْأَقْصٰى۔)) (صحیحہ: ٩٩٧)...... ''سواریوں کو نہیں بھگایا جاتا (یعنی سفر کا اہتمام نہیں کیا جا سکتا) مگر تین مساجد کی طرف، یعنی مسجد حرام، میری مسجد یعنی مسجد نبوی اور مسجد اقصی۔''

یہ حدیث صحیح بخاری و صحیح مسلم میں سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ''لَا تُشَدُّ الرِّحَالُ......'' کے الفاظ کے ساتھ مروی ہے۔ جب میں نے اپنی کتاب (دفاع عن الحدیث النبوی) میں بوطی کا ردّ کیا تو تفصیل کے ساتھ امام ابن تیمیہ کے اقوال بیان کیے ہیں۔ لیکن پھر بھی کتاب کے آخری ایڈیشن کے شائع ہونے سے امام ابن تیمیہ کے بارے میں اس جھوٹ اور دروغ گوئی پر ڈاکٹر بوطی کے اصرار کا کیا مقصد ہے؟

اس کا جواب ہر عقلمند قاری دے سکتا ہے۔ (صحیحہ: ٢٤٩٧)

خلاصۂ کلام یہ ہے کہ آپ ﷺ کی قبر کی زیارت مشروع ہے، جیسے عام قبرستان کی زیارت کا مسئلہ ہے، لیکن مسجد نبوی، مسجد حرام اور مسجد اقصی کی طرح قصد کر کے آپ ﷺ کی قبر مبارک کی طرف سفر کرنا منع ہے۔

عید میلاد النبی ﷺ کی شرعی حیثیت

نبی کریم ﷺ کی ولادت باسعادت راجح قول کے مطابق (٩) ربیع الاول کو سوموار والے دن مکہ مکرمہ میں ہوئی، یہ عام الفیل تھا۔

انسانی ذہن جس اچھی خصلت اور حسین خوبی کا تصور کر سکتا ہے، محمد رسول اللہ ﷺ بدرجۂ اتم و اکمل اس سے متصف ہوتے ہیں۔ رسولِ معظم، خاتم النبیین، محبوب ربّ العالمین، رحمۃ للعالمین، سید ولد آدم، بشر بے مثال، امام الانبیا، نور ہدایت، مشفق و مہربان، محسن عظیم، صاحب قرآن، صاحب مقام محمود، صاحب شفاعت عظمی، مدعو ابراہیمی، مبشر عیسٰی، ہادی عالم، محمد و احمد ہمارے دلوں کی دھڑکن ہیں، ہمارے ایمان کی علامت ہیں، ہماری خوشیوں کو مرکز ہیں، ہماری روحانی تسکین کا سبب ہیں، ہماری اطاعت و فرمانبرداری کا معیار ہیں۔

لیکن ان تمام معاملات میں ہم آپ ﷺ کے حکم کے پابند ہیں، ہماری خوشی ہمیں غلو پر مجبور نہیں کرے گی اور ہماری غمی قلوب و اذہان میں پائے جانے والے مقامِ مصطفٰی میں کمی کا باعث نہیں بن سکے گی۔ (ان شاء اللہ الرحمٰن)۔

محمد رسول اللہ ﷺ ایک ایسی غیر متنازعہ شخصیت ہے، کہ اسلام کے نام پر وجود پکڑنے والی ہر جماعت اور ہر فرقے آپ ﷺ کو اور آپ کے فضائل ومناقب ومعجزات کو تسلیم کیا۔

بہر حال شریعت مطہر کا اصول یہ بھی ہے کہ اللہ تعالی نے آپ ﷺ کو جو شان وعظمت عطا کی ہے اور قرآن و حدیث میں آپ ﷺ کا جو مقام ومرتبہ بیان کیا گیا ہے، اسی پر اکتفا کیا جائے اور آپ ﷺ کی ذات میں غلو نہیں کرنا چاہئے۔ سیدنا انس بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ((اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ ، اَنَا عَبْدُاللّٰهِ وَرَسُوْلُهُ ، مَا اُحِبُّ اَنْ تَرْفَعُوْنِيْ فَوْقَ مَنْزِلَتِيَ الَّتِيْ اَنْزَلَنِيْهَا اللّٰهُ۔)) ...... ''میں عبداللہ کا بیٹا محمد ہوں، میں اللہ کا بندہ اور اس کا رسول ہوں، میں نہیں چاہتا کہ تم لوگ مجھے اس مقام ومرتبہ سے بڑھا چڑھا کر پیش کرو جو اللہ تعالی نے مجھے عطا کیا ہے۔ (مسند احمد: ٣/ ١٥٣، ٢٤١)

مزید غور فرمائیں کہ

آپ ﷺ سے محبت کا کرنا جزوِ ایمان ہے۔

آپ ﷺ کی حیاتِ مبارکہ میں اسلام کی تمام شقوں کی تکمیل ہو چکی ہے۔

آپ ﷺ کی زندگی میں ہر خیر و بھلائی کا تعین ہو چکا ہے۔

اسلام میں آپ ﷺ نے صرف دو عیدوں کا تصور دیا ہے۔

ان حقائق کے باوجود آپ ﷺ کے تئیس سالہ دور نبوت اور خیر القرون میں ربیع الاول کے مہینے میں آپ ﷺ کی ولادت با سعادت کا کوئی اہتمام نہیں کیا گیا۔

غور فرمائیں کہ نبی کریم ﷺ کو چالیس کی عمر میں نبوت ملی، آپ ﷺ کی نبوت والی زندگی میں (٢٣) دفعہ (٩) ربیع الاول کا دن آیا، آپ ﷺ کی وفات کے بعد محبّ رسول سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی خلافت میں (٢) دفعہ، فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی خلافت میں (١٠) دفعہ، سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ کی خلافت میں (١١) دفعہ اور سیدنا علی رضی اللہ عنہ کی خلافت میں (٥) مرتبہ یہ دن آیا۔

سیدنا ابو طفیل عامر بن واثلہ رضی اللہ عنہ آخری صحابی ہیں، جو ١١٠ ھ میں فوت ہوئے۔ یعنی صحابہ کرام کے سنہری دور میں (١٠٠) دفعہ ربیع الاول کے مہینے کا چاند طلوع ہوا، لیکن کسی کی محبت نے اسے عید میلاد النبی ﷺ منانے پر مجبور نہ کیا۔

مزید غور فرمائیں: تابعین کا دور (١٨٠ ھ) میں اور تبع تابعین کا زمانہ (٢٢٠ ھ) میں ختم ہوا۔ ائمہ اربعہ کی زندگیوں پر نگاہ ڈالیے، امام ابو حنیفہ نے (٧٠) سال، امام مالک نے (٨٦) سال، امام شافعی نے (٥٤) سال اور امام احمد نے (٧٧) سال عمر پائی۔ خلاصہ کلام یہ ہے کہ نبی کریم ﷺ کی وفات کے بعد چھ سو سال گزر جاتے ہیں۔ قارئین کو ربیع الاول کے مہینے کا اندازہ کر لینا چاہیے کہ وہ کتنی دفعہ آیا ہوگا؟ لیکن کسی صحابی، تابعی، تبع تابعی، امام، محدث، فقیہ اور ولی کو اس مروّجہ عید کو فروغ دینے کی جرأت نہ ہوئی۔ لیکن پھر بھی یہ دین ہے؟!

ابوسعید کوکبوری بن ابی الحسن علی بن محمد الملقب الملک المعظم مظفر الدین (۵۸۶ ھ) میں اربل کا گورنر مقرر ہوا، اس نے (۶۰۴ ھ) میں محفل میلاد کا آغاز کیا۔ تاریخ ابن خلکان میں ہے کہ شاہِ اربل مجلس میلاد کو ہر سال نہایت شان و شوکت سے مناتا تھا، جب اربل شہر کے ارد گرد والوں کو خبر ہوئی کہ شاہ اربل نے ایک محفل کا انعقاد کیا ہے، جس کو وہ بڑی عقیدت سے انجام دیتا ہے، تو بغداد، موصل، جزیرۂ سجاوند اور دیگر بلادِ عجم سے گویے، شعرا اور واعظین بادشاہ کو خوش کرنے کے لیے ناچ گانے کے آلات لے کر محرم ہی سے اربل شہر میں آنا شروع ہو جاتے۔ قلعہ کے نزدیک ہی ایک ناچ گھر تیار کیا گیا تھا، جس میں کثرت سے قبے اور خیمے تھے، شاہِ اربل ان خیموں میں آتا، گانا سنتا اور کبھی کبھی مست ہو کر ان گویوں کے ساتھ خود رقص کرنا شروع ہو جاتا تھا۔

جب محفل میلاد کا چرچا ہوا تو ضعیف الایمان خوشامدی لوگ اکٹھے ہو گئے۔ اس وقت ایک مشہور عالم دین ابو الخطاب عمر بن حسن المعروف ابن دحیہ کلبی موجود تھا، وہ خراسان جا رہا تھا، جب اربل شہر سے اس کا گزر ہوا تو اسے پتہ چلا کہ یہاں کے بادشاہ نے ایک مجلس میلاد ایجاد کی ہے۔ جس سے اُسے انتہائی رغبت ہے، ابن دحیہ نے مال و دولت کے لالچ میں میلاد کے ثبوت میں ایک رسالہ ''التنویر فی مولد السراج المنیر'' لکھا، پھر بادشاہ تک رسائی حاصل کی اور دربار میں پڑھ کر سنایا، شاہِ اربل نے خوش ہو کر ایک ہزار اشرفی بطورِ انعام دے دی۔ (حسن المقصد فی عمل المولد للامام السیوطی، وفیات الاعیان لابن خلکان: ۳/ ۴۴۹)

یہ ابن دحیہ کیسا شخص تھا؟ حافظ ابن حجر نے لکھا: ابن نجار کہتے ہیں: میں نے تمام لوگوں کو ابن دحیہ کے جھوٹے اور ضعیف ہونے پر متفق پایا۔'' (لسان المیزان: ۲/ ۲۹۵)

حافظ ابن حجر نے مزید لکھا: یہ شخص ائمہ دین اور سلف صالحین کی شان میں گستاخی کرنے والا اور خبیث زبان والا تھا۔ بڑا احمق اور متکبر تھا اور دین کے کاموں میں بڑا بے پرواہ تھا۔ (لسان المیزان: ٤/ ٢٩٦)

لاہور میں مروجہ عید کے جلوس کا آغاز (۵) جولائی (۱۹۳۳ء) میں ہوئی۔ (روزنامہ کوہستان لاہور، عید میلاد ایڈیشن، ۲۲ جولائی ۱۹۶۴)

پاک و ہند میں کچھ عرصہ پہلے (۱۲) ربیع الاول کو ''بارہ وفات'' کے نام سے یاد کیا جاتا تھا، چونکہ ''وفات'' کے نام کے ساتھ ہلڑ بازی اور تماش بینی کی محفلوں کا انعقاد ممکن نہ تھا، اس لیے آہستہ آہستہ اسے عید میلاد النبی کا نام دے دیا گیا، جیسا کہ عبد الحکیم شرف قادری نے نور بخش توکلی کی مشہور کتاب ''سیرتِ رسولِ عربی'' کے مقدمے میں لکھا: بارہ ربیع الاول کو عام طور پر بارہ وفات کہا جاتا تھا، یہ حضرت علامہ توکلی کی کوششوں کا نتیجہ ہے کہ گورنمنٹ کے گزٹ میں اسے عید میلاد النبی کے نام سے منظور کر دایا۔''

عید میلاد کس دن منائیں؟

اسلام نے اہل اسلام کے لیے دو عیدوں کا انتخاب کیا، بالاتفاق پہلی عید کا انعقاد رمضان کے بعد یکم شوال کو اور

دوسری عید کا انعقاد (١٠) ذوالحجہ کو ہوتا ہے۔ کبھی کسی نے اختلاف نہ کیا۔

لیکن جب عید میلاد النبی ﷺ کی باری آتی ہے تو اس کی کم از کم سات تاریخیں ہمارے سامنے آتی ہیں:

(٩) ربیع الاول — (٥) ربیع الاول

(٨) ربیع الاول — (١٠) ربیع الاول

(١٢) ربیع الاول — (١٧) ربیع الاول

(١٠) محرم

برصغیر کے اکثر سیرت نگاروں نے (٩) ربیع الاول کو یوم ولادت باسعادت قرار دیا ہے، جیسے قاضی سلیمان منصور پوری، اکبر شاہ نجیب آبادی، معین الدین احمد، چوہدری افضل حق۔

لیکن سوال یہ ہے کہ مروجہ عید میلاد کے قائلین نے اپنے لیے (١٢) ربیع الاول کا انتخاب کیسے کر لیا؟

لمحۂ فکریہ، دعوت فکر: ۔۔۔۔۔اے محبِ رسول! تیری محبتِ مصطفی کی بنیاد کیا ہے؟ تیرے دماغ کا فیصلہ یا رسول اللہ ﷺ کی اطاعت؟ کیا تو اس حقیقت کو تسلیم کرتا ہے کہ صحابہ کرام، آپ ﷺ کی تربیت یافتہ ہستیاں تھیں؟ کیا اس عالم رنگ و بو میں ان کی محبت سب سے بڑھ کر تھی؟ اگر ایسے ہی ہے تو ان کی محبت کا معیار کیا تھا؟ کیا ہماری خوشی اور غمی کا معیار رسول اللہ ﷺ کی مقدس ذات نہیں ہے؟

کیا نبی کریم ﷺ کی حیاتِ سعیدہ میں شرعی احکام کی تکمیل ہو گئی تھی؟ کیا اس مبارک دور میں ہماری عبادات اور معاملات کے بارے میں قوانین کا تقرر کر دیا گیا تھا؟ کیا اب ہماری ہدایت و نجات کے لیے آیات و احادیث کافی نہیں ہیں؟ جس چیز کا تصور آپ ﷺ کے خیر و بھلائی والے دور میں نہ تھا، اگر بعد میں اسے ثواب کی علامت سمجھ لیا جائے تو کیا اسے بدعت نہیں کہتے؟ اگر آپ ان سوالات کے جوابات میں ہمارے ساتھ متفق ہیں تو غور فرمائیں کہ آپ ﷺ کے عہد میں عید میلاد کا کوئی تصور نہیں تھا، صحابہ کرام نے اس کا اہتمام نہیں کیا، یہ ایک بدعت ہے، کیونکہ ساتویں صدی میں اس کو وجود ملا اور محبت مصطفیٰ کی علامت سمجھ کر اسے ثواب والا کام سمجھا گیا۔

تنبیہ: ۔۔۔۔ اس مروجہ عید کے قائلین مختلف دلائل پیش کرتے ہیں۔ اس موضوع پر لکھے گئے مختلف کتابچوں کا مطالعہ کیا جا سکتا ہے۔ فی الحال یہ بات کہنا کافی ہے کہ اس عید کے ثبوت میں جو دلائل پیش کیے جاتے ہیں، پہلی چھ صدیوں میں ان کا علم کسی کو نہ ہو سکا۔ عہد نبوی، صحابہ کرام کا زمانہ کیا، تابعین، تبع تابعین اور محدثین کے ادوار کیا، سارے خیر والے زمانے گزرتے رہے لیکن کسی کو یہ استدلال کرنے کی نہ سوجھی۔ کتنا تعجب کیا جائے۔

❁❁❁❁

الْمُنَوَّعَاتُ

متفرق احادیث

المنوعات :"مُنَوَّعَة" کی جمع ہے، یہ اسم مفعول کا صیغہ ہے، اس کا فعل "نَوَّعَ" ہے، جس کے معانی ہیں: نوع بہ نوع کرنا، اشیا کی قسمیں بنانا، تنوع پیدا کرنا۔

یہاں "المنوعات" سے مراد مختلف موضوعات پر مشتمل قسما قسم کی احادیث ہیں۔

نیک غلام کی فضیلت

(٤٠٦٧)۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ مَرْفُوْعًا: ((إِذَا نَصَحَ الْعَبْدُ سَيِّدَهُ، وَأَحْسَنَ عِبَادَةَ رَبِّهِ، كَانَ لَهُ أَجْرُهُ مَرَّتَيْنِ۔))

(الصحيحة:١٤١٦)

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جب غلام اپنے آقا کے لیے مخلص بن جاتا ہے اور اچھے انداز میں اپنے رب کی عبادت کرتا ہے تو اسے دو اجر ملتے ہیں۔''

تخريج: أخرجه البخاري"٥/ ١٣٤، ومسلم: ٥/ ٩٤ ولم يسق لفظه، وأحمد: ٢/ ١٨، ٢٠، ١٠٢، ١٤٢

(٤٠٦٨)۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ مَرْفُوْعًا: ((لِلْعَبْدِ الْمَمْلُوْكِ الصَّالِحِ أَجْرَانِ۔)) وَالَّذِي نَفْسُ أَبِي هُرَيْرَةَ بِيَدِهِ، لَوْلاَ الْجِهَادُ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالْحَجُّ وَبِرُّ أُمِّيْ، لَأَحْبَبْتُ أَنْ أَمُوْتَ وَأَنَا مَمْلُوْكٌ۔

(الصحيحة:٨٧٧)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''نیک غلام کے لیے دوہرا اجر ہے۔'' (پھر حضرت ابو ہریرہ نے کہا:) اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں ابو ہریرہ کی جان ہے! اگر راہِ خدا میں جہاد، حج اور ماں کے ساتھ نیکی کرنے (جیسے مسائل نہ ہوتے) تو میں پسند کرتا کہ میں غلام کی موت مرتا۔

تخريج: أخرجه البخاري:٥/ ١٣٢، وفي"الأدب المفرد": ٣٢، ومسلم: ٥/ ٩٤، وأحمد: ٢/ ٣٣٠

شرح :...... کیونکہ غلام اپنی مرضی سے حج، جہاد اور ماں سے حسن سلوک جیسے امور میں شرکت نہیں کر سکتا، بلکہ وہ اپنے آقا کا پابند ہوتا ہے۔

(٤٠٦٩)۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ مَرْفُوْعًا: ((اَلْعَبْدُ إِذَا نَصَحَ لِسَيِّدِهِ وَأَحْسَنَ عِبَادَةَ اللّٰهِ، فَلَهُ أَجْرُهُ مَرَّتَيْنِ۔)) (الصحيحة: ١٦١٦)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جب غلام اپنے آقا سے خیر خواہی کرے اور اللہ تعالی کی عبادت اچھے انداز میں انجام دے تو اس کے لیے دوہرا اجر ہے۔''

تخریج: أخرجه مالك: ٣/ ١٤٦، ومن طريقه البخاري: ٥/ ١٣٢، وفي "الأدب المفرد": ٣١، وأخرجه مسلم: ٥/ ٩٤، وابوداود: ٢/ ٣٣٨ بلفظ: ((ان العبد ......۔))

شرح: ...... اجر کا تعلق مشقت سے ہے، اللہ تعالی اور اپنے مالک کے حقوق ادا کرنے والا غلام دو اطاعتوں کی ذمہ داریاں پوری کرتا ہے اور اپنے مالک کی اطاعت بھی حقیقت میں اللہ تعالی کی ہی فرمانبرداری ہے، کیونکہ اللہ نے ہی ایسے کرنے کا حکم دیا ہے۔

فرزندانِ امت کی عمریں

(٤٠٧٠)۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ مَرْفُوْعًا: ((أَعْمَارُ أُمَّتِي مَابَيْنَ السِّتِّيْنَ إِلَى السَّبْعِيْنَ، وَأَقَلُّهُمْ مَنْ يَجُوْزُ ذٰلِكَ۔)) (الصحيحة:٧٥٧)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''میری امت کی عمریں ساٹھ سے ستر سال کے درمیان ہیں، کم ہی لوگ ایسے ہیں جو اس حد سے تجاوز کرتے ہیں۔''

تخریج: رواه الترمذی: ٢/ ٢٧٢، وابن ماجه: ٤٢٣٦، وأبويعلى فی "مسنده": ١٠/ ٣٩٠/ ٥٩٩٠، وابن حبان فی "صحيحه": ٢/ ٩٦، فی "النوع السبعون من قطعة منه محفوظة فی الظاهرية"، والثعلبی: ٣/ ١٥٨/ ٢، والقضاعی: ٥/ ٢، والحاكم: ٢/ ٤٢٧، والخطيب: ٦/ ٣٩٧، ٤٢

(٤٠٧١)۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ مَرْفُوْعًا: ((أَقَلُّ أُمَّتِي الَّذِيْنَ يَبْلُغُوْنَ السَّبْعِيْنَ۔)) (الصحيحة:١٥١٧)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''میری امت کے کم ہی لوگ ستر (برس کی عمر) تک پہنچیں گے۔''

تخریج: رواه ابن الضريس في "أحاديث مسلم بن أبراهيم الفراهيد" ٥/ ١، والعقيلي في "الضعفاء" ٥٦

شرح: ...... آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے زیادہ تر افراد کی عمریں یہی رہی ہیں۔

اس امت میں صحابہ کرام میں ان افراد کی عمریں سب سے زیادہ تھیں: سیدہ اسما بنت ابو بکر رضی اللہ عنہا نے (١٠٠) سال، سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے (١٠٣) سال، سیدنا حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ نے (١٢٠) سال اور سیدنا سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے (٢٥٠) سال عمر پائی۔ آج کل بھی لمبی عمر پانے والے افراد موجود ہیں، بہرحال ان کی تعداد کم ہے۔

افضل ہجرت اور ہجرت کی اقسام

(٤٠٧٢)۔ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ رَجُلٌ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَيُّ الْهِجْرَةِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: ((أَنْ تَهْجُرُوْا مَاكَرِهَ اللّٰهُ، وَالْهِجْرَةُ هِجْرَتَانِ: هِجْرَةُ الْحَاضِرِ، وَهِجْرَةُ الْبَادِيْ، أَمَّا الْبَادِيْ فَإِنَّهُ يُطِيْعُ إِذَا أُمِرَ، وَيُجِيْبُ إِذَا دُعِيَ، وَأَمَّا الْحَاضِرُ، فَهُوَ أَعْظَمُهُمَا بَلِيَّةً، وَأَفْضَلُهُمَا أَجْراً۔)) (الصحيحة:١٢٦٢)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک آدمی نے کہا: اے اللہ کے رسول! کون سی ہجرت افضل ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''یہ کہ تم اللہ تعالیٰ کی ناپسندیدہ چیزوں کو ترک کر دو اور ہجرت کی بھی دو قسمیں ہیں: شہری کی ہجرت اور دیہاتی کی ہجرت۔ رہا مسئلہ دیہاتی کا، تو جب اسے حکم دیا جاتا ہے تو وہ اطاعت کرتا ہے اور جب اسے بلایا جاتا ہے تو وہ قبول کرتا ہے۔ لیکن شہری کی مصیبت و آزمائش زیادہ ہے اور وہ اجر و ثواب میں بھی افضل ہے۔

تخريج: أخرجه ابن حبان: ١٥٨٠۔ ١٥٨١، والنسائي في"الكبير" ٢/ ٥٠۔ سير، والحاكم: ١/ ١١

شرح:...... سیدنا عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ................ ایک صحابی اٹھا اور یہ سوال کیا کہ کون سی ہجرت افضل ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ((اَنْ تَهْجُرَ مَا كَرِهَ رَبُّكَ، وَالْهِجْرَةُ هِجْرَتَانِ: هِجْرَةٌ لِّلْبَادِيْ وَهِجْرَةٌ لِّلْحَاضِرِ، فَاَمَّا هِجْرَةُ الْبَادِيْ: فَيُطِيْعُ اِذَا اُمِرَ، وَيُجِيْبُ اِذَا دُعِيَ، وَاَمَّا هِجْرَةُ الْحَاضِرِ: فَهِيَ اَشَدُّهُمَا بَلِيَّةً وَاَعْظَمُهَا اَجْرًا۔)) (مسند احمد: ٢/١٥٩، ١٩١) ...... ''پروردگار کی ناپسندیدہ چیزوں کو ترک کر دینا افضل ہجرت ہے، دراصل ہجرت کی دو قسمیں ہیں: (١) دیہاتی لوگوں کی ہجرت اور (٢) شہری لوگوں کی ہجرت۔ دیہاتی کی ہجرت یہ ہے کہ جب اسے امیر کی طرف سے حکم دیا جائے تو اسے تسلیم کرے اور جب اسے بلایا جائے تو بلاوے کا جواب دے، رہا مسئلہ شہری کی ہجرت کا تو اس کی مصیبت و آزمائش زیادہ سخت اور اجر عظیم ہے۔''

اصطلاح میں دار الکفر سے دار الاسلام کی طرف منتقل ہونا ''ہجرت'' کہلاتا ہے، یاد رہے کہ مسلمان اپنے اسلام کی حفاظت کے لیے اپنے وطن کو ترک کرتا ہے اور ہجرت کا اصل مقصود برائیوں سے محفوظ رہنا ہے۔ جو انسان ہجرت کرنے کے باوجود اللہ تعالیٰ کی معصیت سے باز نہیں رہتا، اس کے لیے ہجرت فائدہ مند نہیں رہتی، اس اعتبار سے اللہ تعالیٰ کے حرام کردہ امور سے اجتناب کرنا اصل ہجرت ہے یا ہجرت کا بنیادی مقصد ہے۔

حقیقی مجاہد اور مہاجر وہی ہے جو اپنے نفس کی مخالفت کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی نافرمانیوں کو ترک کر دے، اگر ایک انسان ہجرت (یعنی ترک وطن) اور جہاد کے باوجود اللہ تعالیٰ کی معصیتوں سے پرہیز نہیں کرتا تو ایسی ہجرت اور جہاد کا کیا فائدہ جو اس کے نفس میں نیکی کا رجحان ہی پیدا نہ کر سکے؟ ہجرت اور جہاد تو اس چیز کا نام ہے کہ اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کی خاطر اس کے اوامر و نواہی کی پابندی کی جائے، وہ پابندی اپنا وطن چھوڑنے کی صورت میں ہو یا اسلام کی سربلندی کے

لیے اللہ کے دشمنوں سے پنجہ آزمائی کرنے کی صورت میں یا شریعت کی منع کردہ امور سے باز رہنے کی صورت میں۔

لفظ ”زَعَمُوْا“ کا استعمال کیسا ہے؟

صرف وہی بات یا حدیث بیان کی جائے، جس کے سچا ہونے کا یقین ہو

(٤٠٧٣)۔ عَنْ أَبِي مَسْعُوْدٍ، قَالَ: قِيْلَ لَهُ: مَاسَمِعْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ فِي ”زَعَمُوْا“؟ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: ((بِئْسَ مَطِيَّةُ الرَّجُلِ زَعَمُوْا۔)) (الصحيحة: ٨٦٦)

ابو مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں: مجھے کہا گیا کہ آپ نے رسول اللہ ﷺ کو ”زَعَمُوا“ کے متعلق کیا فرماتے سنا؟ وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”زَعَمُوا“ آدمی کی بری سواری ہے، (یعنی برا تکیہ کلام ہے)۔“

تخريج: أخرجه ابن المبارك في "الزهد": ٣٧٧، والبخاري في "الادب المفرد": ٧٦٢، وابوداود: ٤٩٧٢، والطحاوي في "المشكل": ١/ ٦٨

شرح:...... ”زَعَمُوْا“ کے لفظی معانی یہ ہیں: انھوں نے گمان کیا، ان کا خیال ہے، انھوں نے جھوٹ بولا، انھوں نے کہا، انھوں نے بے حقیقت دعوی کیا، انھوں نے یقین رکھا۔

اس حدیثِ مبارکہ کا مفہوم یہ ہے کہ مسلمان کو وہی بات یا حدیث بیان کرنی چاہیے جس کے سچا ہونے کا یقین ہو، ہر سنی سنائی بات کو آگے بیان کرنے سے گریز کرنا چاہیے، جیسا کہ سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ((كَفٰى بِالْمَرْءِ كَذِبًا اَنْ يُّحَدِّثَ بِكُلِّ مَا سَمِعَ۔)) ......”آدمی کے جھوٹا ہونے کے لیے یہ بات کافی ہے کہ جو سنے، اسے (بغیر تحقیق کے) آگے بیان کردے۔“ (مسلم)

چونکہ عصر حاضر میں لوگوں میں گپ شپ لگانے، باتوں کے بتنگڑ بنانے اور دنیا کے مختلف خطوں اور ان کے باسیوں کے تذکرے کرنے کی جنون کی حد تک رغبت پائی جاتی ہے، اس لیے وہ اپنی بات کو سہارا دینے کے لیے یوں کہتے ہیں: آج بازار میں یہ بات ہو رہی تھی، لوگوں کو یہ بات کہتے ہوئے سنا گیا ہے، فلاں اخبار میں اس قسم کی بات شائع ہوئی ہے۔ یہ انداز ”زَعَمُوْا“ کا مصداق ہے۔

امام البانی رحمہ اللہ کہتے ہیں: اس حدیث میں ”زَعَمُوْا“ کے کلمے کے استعمال کی مذمت کی گئی ہے، اگرچہ یہ ”قَالَ“ کے معنی میں بھی مستعمل ہے۔ قرآن مجید میں جہاں مذموم اقوام کے مذمت والے امور کا تذکرہ کیا گیا، وہاں اس لفظ کا استعمال ہوا، جیسے اللہ تعالی نے فرمایا: ﴿زَعَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ لَّنْ يُّبْعَثُوْا﴾ (سورۂ تغابن: ٧) اس کے بعد کہا گیا: ﴿بَلٰى وَ رَبِّيْ لَتُبْعَثُنَّ ثُمَّ لَتُنَبَّؤُنَّ بِمَا عَمِلْتُمْ﴾ (سورۂ تغابن: ٧) اس قسم کی کئی آیات ہیں۔

امام طحاوی نے بعض آیات ذکر کرنے کے بعد کہا: ان تمام آیات میں اللہ تعالی نے مذموم قوموں کے مذموم حالات اور ان کی جھوٹی باتوں کا ذکر کیا۔ اس لیے مسلمانوں کے لیے اس چیز کو ناپسند کیا گیا ہے کہ وہ اخلاق و ادیان اور اقوال و

افعال میں قابل مذمت لوگوں کی عادات کو اپنائیں۔ اہل ایمان کو تو یہ زیب دیتا ہے کہ وہ ان لوگوں کے اخلاق، ان کے قابل تعریف منہج اور سچے اقوال کو اسوہ بنائیں جو ایمان کی حالت میں سبقت لے جا چکے ہیں۔ اللہ تعالی ان سب سے راضی ہو۔

امام بغوی نے "شرح السنة: ١٢ / ٣٦٢" میں کہا: آپ ﷺ نے لفظ "زَعَمُوا" کی مذمت اس لیے کی ہے، کہ زیادہ تر اس لفظ کا استعمال ایسی باتوں کے لیے ہوتا ہے، جو زبانوں پر مشہور ہوتی ہیں، لیکن ان کی کوئی سند یا ثبوت نہیں ہوتا۔ آپ ﷺ نے لفظ "زَعَمُوا" کو سواری سے تشبیہ دی ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ آدمی اس لفظ کے ذریعے اپنی مقصودہ بات تک رسائی حاصل کرتا ہے۔ ماحصل یہ ہے کہ نبی کریم ﷺ اس حدیث میں بیانات و روایات میں تحقیق کرنے کا حکم دے رہے ہیں، یعنی اگر کوئی شخص حدیث بیان کرنا چاہتا ہے تو صرف ثقہ راویوں کی بیان کردہ احادیث روایت کرنی چاہئیں، وگرنہ وہ اس ارشاد نبوی کا مصداق بن جائے گا: "آدمی کے جھوٹا ہونے کے لیے یہی کافی ہے کہ وہ ہر سنی سنائی بات بیان کر دے۔" نیز آپ ﷺ نے فرمایا: "جس آدمی نے کوئی حدیث بیان کی، جبکہ اس کا خیال ہو کہ وہ جھوٹ ہے، تو وہ جھوٹوں میں سے ایک ہوگا۔" (صحیحہ: ٨٦٦)

علم شریعت کو پھیلانا

(٤٠٧٤)۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ مَرْفُوْعًا: ((تَسْمَعُوْنَ وَيُسْمَعُ مِنْكُمْ، وَيُسْمَعُ مِمَّنْ سَمِعَ مِنْكُمْ۔)) (الصحيحة: ١٧٨٤)

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "تم سن رہے ہو اور تم سے سنا جائے گا اور اس سے بھی سنا جائے گا جس نے تم سے سنا ہوگا۔"

تخريج: رواه أبوداود في "العلم": ٣٦٥٩، وابن حبان: ٧٧، وأحمد: ١/ ١/ ٣٢١

شرح:...... امام البانی رحمہ اللہ نے اس حدیث پر یہ عنوان ثبت کیا ہے: "حضه ﷺ على سماع الحديث وروايته" (آپ ﷺ کا حدیث کو سننے اور اسے روایت کرنے پر ترغیب دلانا)

امام ابوداود نے یہ حدیث "باب فضل نشر العلم" میں ذکر کی ہے۔ آپ ﷺ کا مقصود یہ تھا کہ آپ سے سننے والے صحابہ، تابعین کو بیان کریں۔ پھر تابعین، تبع تابعین کو سنائیں۔ اس طرح یہ سلسلہ چلتا رہے تاکہ علم پھیل جائے اور تبلیغ کا فریضہ پورا ہو جائے۔

ہر جھگڑے کا کفارہ دو رکعتیں ہے

(٤٠٧٥)۔ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ مَرْفُوعًا: ((تَكْفِيْرُ كُلِّ لِحَاءٍ رَكْعَتَانِ۔)) (الصحيحة: ١٧٨٩)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: "ہر جھگڑے کا کفارہ دو رکعتیں ہیں۔"

تخريج: رواه تمام الرازي في "الفوائد": ١٤١/ ١، وابن الاعرابي في "معجمه": ١٧٨/ ٢

شــــرح:...... امام البانی کہتے ہیں: ایسے معلوم ہوتا ہے کہ ''لحاء'' کے معانی جھگڑا کرنے کے ہیں، جیسا کہ ''النھایۃ'' میں اس لفظ کے بیان کیے ہوئے معنی سے پتہ چلتا ہے۔

جھگڑا، شر وفساد کی جڑ ہے، جھگڑنے والے اول فول بکتے ہیں، ایک دوسرے کو لعن طعن کرتے ہیں اور گالی گلوچ نکالتے ہیں۔ جھگڑا قطع رحمی، نفرت و کدورت اور ناراضگی کا سبب بنتا ہے۔ شاید یہی وجہ ہے کہ آپ ﷺ نے ایسے لوگوں کو دو رکعت نماز پڑھنے کا حکم دیا، تاکہ ان کو اپنے کیے کا احساس ہو اور آئندہ ایسے جرم سے باز رہیں۔

صاحبِ اسلام کی اہمیت
اللہ تعالی کا ہم نوا اسی کا ہی رہے گا
پردہ پوشی کی فضیلت

(٤٠٧٦)۔ عَنْ عَائِشَةَ ، عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: ((ثَلَاثٌ أَحْلِفُ عَلَيْهِنَّ: لَايَجْعَلُ اللّٰهُ مَنْ لَهُ سَهْمٌ فِي الْإِسْلَامِ كَمَنْ لَا سَهْمَ لَهُ، وَسِهَامُ الْإِسْلَامِ ثَلَاثَةٌ: اَلصَّوْمُ وَالصَّلٰوةُ، وَالصَّدَقَةُ، لَايَتَوَلَّى اللّٰهُ عَبْدًا فَيُوَلِّيهِ غَيْرَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا يُحِبُّ رَجُلٌ قَوْمًا إِلَّا جَاءَ مَعَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَالرَّابِعَةُ لَوْحَلَفْتُ عَلَيْهَا لَمْ اَخَفْ أَنْ آثَمَ: لَايَسْتُرُ اللّٰهُ عَبْدَهُ فِي الدُّنْيَا إِلَّا سَتَرَ عَلَيْهِ فِي الْآخِرَةِ۔)) (الصحيحة:١٣٨٧)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''میں تین چیزوں پر قسم اٹھاتا ہوں: (۱) اللہ تعالی صاحبِ اسلام کو اسلام سے عاری شخص کے برابر نہیں کرے گا اور اسلام کے تین حصے ہیں: روزہ، نماز اور صدقہ۔ (۲) (یہ نہیں ہوسکتا کہ) اللہ کسی بندے سے ہم نوائی کرے اور پھر روزِ قیامت اسے کسی دوسرے کا ہم نوا بنا دے اور (۳) جو شخص جس کسی سے محبت کرے گا، وہ روزِ قیامت اسی کے ساتھ آئے گا اور اگر چوتھی چیز پر بھی میں قسم اٹھالوں تو مجھے گنہگار ہونے کا خدشہ نہیں ہوگا۔ (وہ یہ ہے کہ) اگر اللہ تعالی نے دنیا میں اپنے بندے (کے گناہوں) کی پردہ پوشی کی تو وہ آخرت میں بھی (اس کی خطاؤں پر) پردہ ڈالے گا۔''

تخريج: أخرجه أبويعلي في"مسنده" ٢١٦/ ٢ ، والطحاوی فی "المشكل": ٢/ ٥٠ ، والحاكم: ١/ ١٩ ، ٤/ ٣٨٤ ، ورواه ابو نعيم فى "اخبار اصبهان": ١/ ٢٦٨ نحوه

تین سعادتیں اور تین شقاوتیں

(٤٠٧٧)۔ عَنْ مُحَمَّدِبْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ مَرْفُوعًا: ((ثَلَاثٌ مِنَ السَّعَادَةِ، وَثَلَاثٌ مِنَ الشَّقَاوَةِ، فَمِنَ السَّعَادَةِ: الْمَرْأَةُ تَرَاهَا تُعْجِبُكَ، وَتَغِيبُ فَتَأْمَنُهَا عَلَى نَفْسِهَا

محمد بن سعد رضی اللہ عنہ اپنے باپ سے بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''تین امور کا تعلق خوش قسمتی سے ہے اور تین کا بدقسمتی سے۔ سعادت والی (تین چیزیں:) (۱) وہ بیوی کہ جب تو اسے دیکھے تو وہ تجھے اچھی لگے اور جب تو غیب ہو

وَمَـالِكَ ، وَالدَّابَّةُ تَكُوْنُ وَطِيْعَةً فَتُلْحِقُكَ بِـأَصْـحَابِكَ ، وَالدَّارُ تَكُوْنُ وَاسِعَةً كَثِيْرَةَ الْـمَـرَافِـقِ ، وَمِـنَ الشَّـقَاوَةِ الْمَرْأَةُ تَرَاهَا فَتَسُـوْؤُكَ ، وَتَـحْـمِـلُ لِسَانَهَاعَلَيْكَ وَإِنْ غِبْتَ عَنْهَا لَمْ تَأْمَنْهَا عَلٰى نَفْسِهَا وَمَالِكَ ، وَالـدَّابَّةُ تَـكُـوْنُ قَـطُوْفًـا ، فَـإِنْ ضَرَبْتَهَـا أَتْـعَبَتْكَ ، وَإِنْ تَـرَكْتَهَـا لَـمْ تُـلْـحِـقْكَ بِـأَصْـحَـابِكَ وَالـدَّارُ تَـكُوْنُ ضَيِّقَةً قَلِيْلَةَ الْمَرَافِقِ۔)) (الصحيحة:١٠٤٧)

تو اس کے نفس اور اپنے مال کے بارے میں مطمئن ہو، (۲) وہ نرم (اور سبک رفتار) سواری جو تجھے تیرے ساتھیوں کے ساتھ ملا دے اور (۳) وہ گھر جو فراخ ہو اور تمام (ضروری) سہولتوں پر مشتمل ہو اور بدقسمتی (والی تین چیزیں یہ ہیں:) (۱) وہ بیوی کہ جب تو اس پر نگاہ ڈالے تو تجھے بری لگے، (نیز) وہ تجھ پر زبان درازی بھی کرے اور جب تو غیب ہو جائے تو اس پر اس کے نفس اور اپنے مال کے بارے میں (اس کی خیانت سے) مطمئن نہ ہو، (۲) وہ سواری جو سست (اور بے ڈھنگی چال چلنے والی ہو)، (اگر تو اسے تیز چلانے کے لیے) مارے تو تھک جائے گا اور اگر نہ مارے تو اپنے ساتھیوں (کے قافلے) سے پیچھے رہ جائے گا اور (۳) وہ گھر جو تنگ اور مکمل (ضروری) سہولیات پر مشتمل نہ ہو۔''

تخريج: أخرجه الحاكم: ٢/ ١٦٢

ماموں وارث بن سکتا ہے

(٤٠٧٨)۔ عَـنْ أَبِـيْ هُـرَيْـرَةَ مَـرْفُوْعًـا: ((الْخَالُ وَارِثٌ۔)) (الصحيحة: ١٨٤٨)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''ماموں بھی وارث ہے۔''

تخريج: رواه القطيعي في "الفوائد المنتقاة": ٤/ ٢/ ٢

شرح:...... ماموں ذوی الارحام میں سے ہے، جو اصحاب الفروض ہوتے ہیں نہ عصبہ۔ جب اصحاب الفروض، عصبہ نسبی اور عصبہ سببی میں سے کوئی بھی نہ ہو تو ذوی الارحام وارث بنتے ہیں۔ ذہن نشین رہے کہ میاں اور بیوی بھی اصحاب الفروض میں سے ہیں، لیکن ان کے باوجود ذوی الارحام کو میراث سے حصہ ملتا ہے، بشرطیکہ خاوند بیوی کا عصبہ نسبی اور دونوں ایک دوسرے کے عصبہ سببی نہ ہوں۔ ان مسائل کی مکمل تفصیل کا تعلق علم میراث سے ہے۔ راقم الحروف کی کتاب "الاعوان الناجية فی شرح الفرائض السراجية" کا مطالعہ مفید رہے گا۔

خواب کی اقسام

(٤٠٧٩)۔ عَـنْ عَـوْفِ بْـنِ مَـالِكٍ ، عَنْ رَسُـوْلِ اللّٰـهِ ﷺ: قَـالَ: ((اَلـرُّؤْيَا ثَلَاثٌ ، مِـنْهَـا أَهَـاوِيْلُ مِنَ الشَّيْطَانِ ، لِيُحْزِنَ بِهَا ابْـنَ آدَمَ ، وَمِـنْهَـا مَـا يَهُـمُّ بِـهِ الرَّجُلُ فِي

حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''خواب تین طرح کے ہیں: (۱) شیطان کی طرف سے ڈراؤنے خواب، جن سے وہ بندے کو پریشان کرتا ہے، (۲) وہ امور کہ جن کے بارے میں بندہ اپنی بیداری

يَـقْـظَتِـهِ فَيَـرَاه فِيْ مَنَامِهِ، وَمِنْهَا جُزْءٌ مِنْ سِتَّةٍ وَأَرْبَعِيْنَ جُزْءاً مِنَ النَّبُوَّةِ۔)) (الصحيحة: ١٨٧٠)

میں سوچتا ہے پھر وہ ان کو نیند میں دیکھتا ہے اور (۳) بعض خواب تو نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہیں۔‘‘

تخريج: أخرجه البخاري في "التاريخ": ٤/ ٢/ ٣٤٨، وابن ماجه: ٢/ ٤٥٠، وابن أبي شيبة في "المصنف": ١٢/ ١٩٣/ ٢، والطحاوي في "مشكل الآثار": ٣/ ٤٦-٤٧، وابن حبان: ١٧٩٤، والمخلص في "الفوائد المنتقاة": - الثاني من السادس منها- ق ١٨٢/ ٢، وابن عبدالبر في "التمهيد": ١/ ٢٨٦، وابن عساكر في "التاريخ": ١٦/ ٢٤٣/ ١ و ١٨/ ١٧٣/ ٢، والضياء المقدسي في "موافقات هشام بن عمار": ٤٠/ ١-٢

شــرح: ...... ’’مسلمان کا خواب نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہے۔‘‘ چونکہ محمد رسول اللہ ﷺ کے بعد بالاتفاق رسالت ونبوت کا سلسلہ منقطع ہو چکا ہے، اس لیے اس حدیثِ مبارکہ سے بعض لوگوں کو اشکال سا ہوا، جس کو زائل کرنے کے لیے تین جوابات دیے گئے، آخری دو جوابات میں زیادہ معقولیت پائی جاتی ہے۔

(۱) نبی کریم ﷺ کا خواب حقیقی طور پر نبوت کا حصہ ہوتا ہے، جبکہ غیر نبی کا مجازی طور پر۔

(۲) اسلام میں بلا واسطہ مستقبل میں پیش آنے والے امور کی پیشین گوئی کرنے کا ذریعہ صرف نبوت ہے، چونکہ خواب میں بھی اللہ تعالی کی طرف سے مستقبل کے کسی امر کی نشاندہی ہو جاتی ہے، اس لیے اس مشابہت کی وجہ سے اس کو نبوت کا چھیالیسواں حصہ کہا گیا۔

(۳) حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو کئی مسائل میں اللہ تعالی کے فیصلوں سے موافقت حاصل ہوئی، لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ وہ منصبِ نبوت پر فائز ہو گئے۔ بعینہ اسی طرح بسا اوقات خواب کی نبوت سے موافقت ہو سکتی ہے، لیکن اس کا معنی یہ نہیں حقیقی نبوت کا حصہ ہے، جو ابھی تک باقی ہو۔

اس ضمن میں یہ حدیث ذہن نشین کر لینی چاہئے، سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ((لَمْ يَبْقَ مِنَ النُّبُوَّةِ إِلَّا الْمُبَشِّرَاتُ۔)) قَالُوْا: وَمَا الْمُبَشِّرَاتُ؟ قَالَ: ((اَلرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ يَرَاهَا الْمُسْلِمُ أَوْ تُرٰى لَهُ۔)) (بخاری، مسلم) ...... نبوت سے صرف مبشّرات باقی رہ گئی ہیں۔‘‘ صحابہ نے پوچھا: مبشرات کیا ہوتی ہیں؟ آپ ﷺ نے جواب دیا: ’’نیک خواب، جو مسلمان دیکھتا ہے، یا اسے دکھایا جاتا ہے۔‘‘

احادیث کا خلاصہ یہ ہے کہ خواب کی تین اقسام ہیں:

(۱) ایسا خواب، جسے دیکھنے والا اپنے حق میں یا کسی کے حق میں بشارت خیال کرتا ہے اور تعبیر کرنے والے بھی اس کی موافقت کرتے ہوں، مثلاً اذان سننا، نبی کریم ﷺ کو دیکھنا، تلاوت کرنا، وغیرہ۔

(۲) برا خواب، جس میں بندہ ڈر جاتا ہے یا کسی اعتبار سے اس پر گراں گزرتا ہے، مثلاً سر کٹ جانا، مختلف انداز میں

ڈرایا جانا، کسی گناہ کی وجہ سے بے عزتی ہونا، وغیرہ۔ جیسا کہ سیدنا جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی بارگاہِ نبوت میں آیا اور کہا: میں نے خواب میں دیکھا کہ میرا سر قلم کیا جا رہا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم مسکرائے اور فرمایا: ''جب شیطان تم سے نیند کی حالت میں کھیلنا شروع کر دے تو لوگوں کو بیان مت کیا کرو۔'' (مسلم)

(۳) ایسے خواب، جن کو برا کہا جا سکتا ہے نہ اچھا، مثلا بعض لوگ دن کو کام کاج کے دوران جو کچھ کہتے ہیں، اسے اپنے خواب میں دوہراتے رہتے ہیں۔ ایسے خواب بے حقیقت ہوتے ہیں۔

امام البانی رحمہ اللہ کہتے ہیں: ایک حدیث میں خواب کو نبوت کا پچیسواں، ایک میں چھیالیسواں اور ایک میں سترہواں حصہ قرار دیا گیا ہے۔ ان تینوں احادیث میں کوئی تضاد اور منافات نہیں ہے، اس اختلاف کا تعلق خواب دیکھنے والوں سے ہے، جو جتنا نیک ہوگا، اتنا ہی اس کا خواب سچا ہوگا۔ (صحیحہ: ۱۸۶۹)

برا خواب دیکھنے والے کو درج ذیل امور میں سے کوئی ایک سرانجام دینا چاہیے:

(۱) نماز پڑھنا (مسلم)

(۲) بائیں جانب تین دفعہ تھوکنا اور برے خواب سے اللہ تعالی کی پناہ طلب کرنا۔ (بخاری، مسلم)

(۳) بائیں طرف تین دفعہ تھوکنا، شیطان سے اللہ تعالی کی پناہ طلب کرنا اور اپنا پہلو بدل لینا۔ (مسلم)

یاد رہے کہ برا خواب کسی کو بیان نہیں کرنا چاہیے کیونکہ یہ آدمی کو کسی قسم کا نقصان نہیں دے سکتا۔ (بخاری، مسلم)

''سَرِیًّا'' کی تفسیر

(٤٠٨٠)۔ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ مَرْفُوْعًا: ((السَّرِیُّ: اَلنَّهْرُ۔)) (الصحیحة: ١١٩١)

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اَلسَّرِیّ'' سے مراد نہر ہے۔''

تخریج: أخرجه محمد بن العباس البزار في "حدیثه" ١١٦/١، والطبرانی فی "الصغیر": صـ ١٤٢

شرح:...... ارشادِ باری تعالی ہے: ﴿قَدْ جَعَلَ رَبُّكِ تَحْتَكِ سَرِیًّا﴾ (سورۂ مریم: ٢٤) ...... ''تحقیق تیرے رب نے تیرے پاؤں تلے ایک چشمہ جاری کر دیا ہے۔''

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وضاحت فرما دی کہ اس آیت میں ''سَرِیًّا'' سے مراد نہر ہے، جو اللہ تعالی نے سیدہ مریم علیہا السلام کے پاؤں تلے جاری کر دی تھی۔

سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اللہ تعالی کے فرمان ﴿قَدْ جَعَلَ رَبُّكِ تَحْتَكِ سَرِیًّا﴾ میں ''سَرِیًّا'' سے مراد نہر ہے، جو اللہ تعالی نے مریم کو پلانے کے لیے نکالی۔'' (طبرانی کبیر: ٣/ ١٦٧/ ١) لیکن یہ حدیث یحییٰ بن عبداللہ بابلتی اور ایوب بن نہیک کی وجہ سے ضعیف ہے۔

کیا امہات المؤمنین معصوم تھیں؟

(٤٠٨١)۔ عَنْ عَلِیٍّ، قَالَ: قُلْتُ یَارَسُوْلَ

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، وہ کہتے ہیں: میں نے کہا:

اللّٰهِ! إِذَا بَعَثْتَنِي أَكُوْنُ كَالسِّكَّةِ الْمُحْمَاةِ، أَمِ الشَّاهِدُ يَرٰى مَالَا يَرَى الْغَائِبُ؟ قَالَ: ((الشَّاهِدُ يَرٰى مَالَا يَرَى الْغَائِبُ.)) (الصحيحة:١٩٠٤)

اے اللہ کے رسول! جب آپ مجھے بھیج ہی رہے ہیں تو اب میں (آپ کے حکم پر عمل کرنے کے لیے) گرم سکّہ کی طرح بن جاؤں یا ایسا حاضر جو کہ وہ کچھ دیکھ رہا ہے جسے غائب نہیں دیکھ سکتا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''ایسا حاضر جو کہ وہ کچھ دیکھ رہا ہے جسے غائب نہیں دیکھ سکتا۔''

تخريج: أخرجه أحمد: ١/ ٨٣، وعنه الضياء في "المختارة": ١/ ٢٤٨، والبخاري في "التاريخ": ١/ ١/ ١٧٧

شرح:...... آپ ﷺ نے سیدنا علی رضی اللہ عنہ کو ایک فرد کو قتل کرنے کے لیے بھیجا تھا، آپ یہ پوچھنا چاہتے تھے کہ وہ بن دیکھے آپ ﷺ کے حکم کی فوراً تعمیل کریں یا حالات و واقعات اور قرائن و شواہد کو دیکھ کر فیصلہ کریں۔ آپ ﷺ نے جواباً دوسری چیز کو مناسب قرار دیا۔

جو اہل علم اس حدیث کی شرح پڑھنا چاہتے ہیں وہ صحیحہ: ۴/ ۵۲۷ حدیث نمبر ۱۹۰۴ میں مذکورہ طرق اور ان سے امام البانی رحمہ اللہ کے کیے ہوئے استنباط کا مطالعہ کریں۔

سقط کی دیت

دیت کون ادا کرے گا؟

(٤٠٨٢)۔ عَنْ حَمْلِ بْنِ النَّابِغَةِ: أَنَّه كَانَ لَـهُ امْرَأَتَانِ، لِحْيَانِيَّةٌ، وَمُعَاوِيَةٌ، مِنْ بَنِي مُعَاوِيَةَ بْنِ زَيْدٍ وَأَنَّهُمَا اجْتَمَعَتَا فَتَغَايَرَتَا، فَرَفَعَتِ الْمُعَاوِيَةُ حَجَراً فَرَمَتْ بِهِ اللِّحْيَانِيَّةَ، وَهِيَ حُبْلٰى، وَقَدْ بَلَغَتْ فَقَتَلَتْهَا، فَأَلْقَتْ غُلَاماً، فَقَالَ حَمْلُ بْنُ مَالِكٍ لِعِمْرَانَ بْنِ عُوَيْمِرٍ: أَدِّ إِلَيَّ عَقْلَ امْرَأَتِي، فَارْتَفَعَا إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ، فَقَالَ: ((اَلْعَقْلُ عَلَى الْعَصَبَةِ، وَفِي السِّقْطِ غُرَّةٌ عَبْدٌ أَوْ أَمَةٌ.)) (الصحيحة:١٩٨٣)

حضرت حمل بن نابغہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ان کی دو بیویاں تھیں، (ایک کا نام) لحیانیہ اور (دوسری کا نام) معاویہ تھا، جو قبیلہ معاویہ بن زید سے تھی۔ وہ دونوں کہیں اکٹھی ہوئیں اور ایک دوسرے سے غیرت کھا گئیں، پس معاویہ نے پتھر اٹھایا اور لحیانیہ کو دے مارا، وہ حاملہ تھی، اسے پتھر لگا تو وہ مر گئی اور اس کا ناتمام بچہ ساقط ہو گیا۔ حمل بن مالک نے عمران بن عویمر سے کہا: میری بیوی کی دیت ادا کرو۔ دونوں اپنا جھگڑا رسول اللہ ﷺ کے پاس لے گئے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''دیت (قاتل عورت کے) عصبہ پر ہے اور ناتمام بچے (کی دیت) ایک غلام یا لونڈی ہے۔''

تخريج: أخرجه الطبراني في "المعجم الكبير": برقم ٣٤٨٤، والنسائي: ٢/ ٢٤٩

شرح:...... سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ بنو لحیان کی ایک عورت کے جنین (ناتمام ساقط ہونے والے

بچے) کے بارے میں آپ ﷺ نے ایک غلام یا لونڈی کا فیصلہ کیا، پھر آپ ﷺ نے جس عورت پر غلام کا فیصلہ کیا تھا، وہ مرگئی۔ پھر آپ ﷺ نے یہ فیصلہ کیا کہ اس کی میراث اس کے بیٹوں اور خاوند کو ملے گا اور دیت اس کے عصبہ پر ہوگی۔ (بخاری، مسلم)

عصبہ سے مراد آدمی کی اولاد اور باپ کی طرف سے دوسرے رشتہ دار ہوتے ہیں۔

قصاص کب ہوگا؟

(٤٠٨٣)۔ عَنْ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ: ((اَلْعَمْدُ قَوَدٌ، وَالْخَطَأُ دِيَةٌ۔)) (الصحيحة:١٩٨٦)

حضرت عمرو بن حزم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ”جان بوجھ کر (کی گئی زیادتی میں) قصاص ہے اور نادانستہ طور پر (کی گئی زیادتی میں صرف) دیت ہے۔“

تخريج: أخرجه الطبراني في "الكبير": من حديث عمرو بن حزم مرفوعا، وقال الهيثمي في "المجمع" ٦/ ٢٨٦

انسان کے مختلف اعضا اور زخموں کی دیت

(٤٠٨٤)۔ عَنْ عُمَرَ مَرْفُوْعًا: ((فِي الْأَنْفِ الدِّيَةُ إِذَا اسْتُوْعِبَ جَدْعُهُ مِئَةٌ مِّنَ الْإِبِلِ، وَفِي الْيَدِ خَمْسُوْنَ، وَفِي الرِّجْلِ خَمْسُوْنَ، وَفِي الْآمَةِ ثُلُثُ النَّفْسِ، وَفِي الْجَائِفَةِ ثُلُثُ النَّفْسِ، وَفِي الْمُنَقِّلَةِ خَمْسَ عَشَرَةَ، وَفِي الْمُوْضِحَةِ خَمْسٌ، وَفِي السِّنِّ خَمْسٌ، وَفِيْ كُلِّ إِصْبَعٍ مِمَّا هُنَالِكَ عَشْرٌ۔)) (الصحيحة:١٩٩٧)

حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”مکمل کٹ جانے والے ناک کی دیت سو اونٹ ہے، ہاتھ کی پچاس، ٹانگ کی پچاس، دماغ کی جھلی تک یا اندر تک پہنچنے والے سر کے زخم کی دیت نفس کی ایک تہائی، اندر تک جانے والے پیٹ کے زخم کی دیت نفس کی ایک تہائی، ہڈی ٹوٹ جانے کی دیت پندرہ اونٹ، ہڈی ننگا کرنے والے زخم کی پانچ، دانت کی پانچ اور ہر انگلی کی دیت دس اونٹ ہے۔“

تخريج: أخرجه البزار: رقم۔ ١٥٣١، والبيهقي: ٨/ ٨٦

شرح:...... نفس کی ایک تہائی دیت سے مراد تینتیس اونٹ ہیں، کیونکہ نفس کی دیت سو اونٹ ہے۔ اس سے مسلمان کی اہمیت کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔

مسلمان کی مدد کرنے کی فضیلت

(٤٠٨٥)۔ عَنْ أَنَسٍ مَرْفُوْعًا: ((مَنْ نَّصَرَ أَخَاهُ بِالْغَيْبِ نَصَرَهُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ۔)) (الصحيحة:١٢١٧)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ”جس نے اپنے بھائی کی عدم موجودگی میں اس کی مدد کی، تو اللہ تعالی دنیا و آخرت میں اس کی مدد کرے گا۔“

تخريج: رواه الدينوري في "المجالسة" ١١٧/ ٢۔ المنتقى منها، والبيهقي في "الشعب" ٢/ ٤٤٧/ ١،

والضياء في "المختارة" ٧٤/ ١

استغفار کی برکتیں

(٤٠٨٦)۔ عَنْ أَخْشَمَ السَّدُوْسِيِّ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلٰى أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ يَقُوْلُ: ((وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ أَوْقَالَ: وَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ لَوْ أَخْطَأْتُمْ حَتّٰى تَمْلَأَ خَطَايَاكُمْ مَابَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ، ثُمَّ اسْتَغْفَرْتُمُ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ لَغَفَرَ لَكُمْ، وَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ أَوْ قَالَ: وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ لَوْ لَمْ تُخْطِئُوْا لَجَاءَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ بِقَوْمٍ يُخْطِئُوْنَ ثُمَّ يَسْتَغْفِرُوْنَ اللّٰهَ فَيَغْفِرُ لَهُمْ۔)) (الصحيحة:١٩٥١)

اخشم سدوسی کہتے ہیں: میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے پاس گیا، انہوں نے کہا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: ''اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے! یا یوں فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں محمد کی جان ہے! اگر تم گناہ کرتے رہو، حتی کہ تمہاری خطائیں زمین و آسمان کے درمیان خلا کو بھر دیں، پھر تم اللہ تعالی سے بخشش طلب کرو تو وہ تمہیں بخش دے گا۔ اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں محمد کی جان ہے! یا یوں فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے! اگر تم لوگوں نے گناہ نہ کئے تو اللہ تعالی (تم کو فنا کر کے) ایسے لوگوں کو لے آئے گا جو خطائیں کریں گے، پھر اللہ تعالی سے بخشش طلب کریں گے اور وہ ان کو بخش دے گا۔''

تخريج: أخرجه أحمد: ٣/ ٢٣٨، وابو يعلى

شرح:...... اس میں استغفار اور بخشش طلب کرنے کی ترغیب دلائی گئی ہے۔

سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کی کرامت

کیا خارق عادت کام برحق ہونے کی علامت ہے؟

(٤٠٨٧)۔ عَنْ نَافِعٍ أَنَّ عُمَرَ بَعَثَ سَرِيَّةً فَاسْتَعْمَلَ عَلَيْهِمْ رَجُلاً يُقَالُ لَهُ سَارِيَةُ، فَبَيْنَمَا عُمَرُ يَخْطُبُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَقَالَ: "يَاسَارِيَةُ الْجَبَلَ، يَاسَارِيَةُ الْجَبَلَ۔" فَوَجَدُوْا سَارِيَةَ قَدْ أَغَارَ إِلَى الْجَبَلِ فِيْ تِلْكَ السَّاعَةِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَبَيْنَهُمَا مَسِيْرَةُ شَهْرٍ۔ (الصحيحة:١١١٠)

نافع سے روایت ہے کہ عمر رضی اللہ عنہ نے ایک فوجی دستہ بھیجا، ان پر ایک آدمی کو مقرر کیا جسے ساریہ کہا جاتا تھا۔ (ہوا یوں کہ) سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے جمعہ کے دن خطبہ کے دوران کہا: اے ساریہ! پہاڑ کے ساتھ لگ جا، اے ساریہ! پہاڑ کے ساتھ لگ جا۔ پھر انہیں پتہ لگا کہ ساریہ جمعہ والے دن اسی گھڑی پہاڑ تک پہنچے تھے اور ان دونوں کے درمیان ایک ماہ کا فاصلہ تھا۔

تخريج: رواه أبو بكر بن خلاد في "الفوائد" ١/ ٢١٥/ ٢، وابو عبد الرحمن السلمي في "الأربعين

الصوفية": ٣/ ٢، والبیھقی فی "دلائل النبوة": ٢/ ١٨١/ ١، وابن عساکر: ٧/ ٦/ ١، ١٣/ ٦٣/ ٢، والضیاء فی "المنتقی من مسموعاته بمرو": ٢٨ ـ ٢٩

شرح:...... سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ((لَقَدْ كَانَ فِيْمَا قَبْلَكُمْ مِنَ الْأُمَمِ مُحَدَّثُوْنَ، فَإِنْ يَكُ فِيْ أُمَّتِيْ أَحَدٌ فَإِنَّهُ عُمَرُ.)) ...... ''تم سے پہلے والی امتوں میں ایسے لوگ پائے جاتے تھے، جن کو الہام ہوتا تھا (یا جو صادق الظن تھے)، اگر میری امت میں کوئی ایسا شخص ہوا تو وہ عمر ہو گا۔''

(بخاری، مسلم)

یہ موقوف روایت اس اعتبار سے انتہائی اہم ہے کہ اس کی وجہ سے کئی اہل بدعت کے عقائد میں خرابی پیدا ہو گئی ہے، امام البانی رحمہ اللہ ایک مفید اور محیط بحث کرتے ہوئے کہتے ہیں: کوئی شک نہیں کہ سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کی مذکورہ آواز اللہ تعالی کی طرف سے الہام تھی اور یہ کوئی عجیب وغریب واقعہ نہیں ہے، کیونکہ آپ ﷺ کی حدیث کے مطابق سیدنا عمر رضی اللہ عنہ ایسی شخصیت تھے، جن کو الہام ہوتا تھا (یا وہ صادق الظن تھے)۔ لیکن اس واقعہ سے یہ پتہ نہیں چلتا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو کشف ہوا اور انھوں نے اپنی آنکھوں سے لشکر دیکھ لیا، جیسا کہ صوفیوں نے اس واقعہ سے استدلال کیا ہے کہ اولیا کو کشف ہو سکتا ہے اور وہ دلوں کے بھیدوں پر اطلاع پا سکتے ہیں۔ لیکن یہ فاسد خیال ابطل الاباطیل ہے، بھلا کیوں نہ ہو، یہ صفت تو ربّ العالمین کی ہے، وہ علم الغیب میں اور سینوں میں مخفی باتوں پر اطلاع پانے میں یکتا و یگانہ ہے، کوئی اس کا شریک نہیں۔

کاش! مجھے بھی پتہ چل جاتا! ان لوگوں نے یہ باطل گمان کیسے قائم کر لیا، جب کہ ارشادِ باری تعالی ہے: ﴿عٰلِمُ الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖٓ اَحَدًا اِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ فَاِنَّهٗ يَسْلُكُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ رَصَدًا﴾ (سورۂ جن: ٢٦، ٢٧) ...... ''وہ (اللہ) غیب کا جاننے والا ہے اور اپنے غیب پر کسی کو مطلع نہیں کرتا، سوائے اس پیغمبر کے جسے وہ پسند کر لے لیکن اس کے آگے پیچھے بھی پہرے دار مقرر کر دیتا ہے۔''

اللہ تعالی نے اس آیت میں صرف رسولوں کو مستثنی کیا ہے، سوال یہ ہے کہ کیا یہ اولیا اللہ تعالی کے رسول ہیں کہ اللہ تعالی ان کو بھی غیب پر مطلع کر دیتا ہو؟ ایسے کہنا تو بہت بڑا بہتان ہو گا۔

اگر ہم فرض کر لیں کہ سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کا یہ واقعہ ''کشف'' تھا، تو یہ ایسے خارق عادت امور میں سے ہو گا، جو کافروں کے ہاتھوں پر بھی واقع ہوتے رہتے ہیں۔ اس لیے اس قسم کے کشف سے یہ لازم نہیں آتا کہ متعلقہ شخص کو ولایت مل گئی ہے۔ علمائے حق کہتے ہیں: اگر خارقِ عادت امور کا صدور مسلمان سے ہو تو وہ کرامت ہو گی، بصورت دیگر وہ استدراج ہو گا، استدراج سے مراد اللہ کا بندے کو ڈھیل دینا اور یکا یک گرفت میں نہ لینا ہے۔ انھوں نے اس دعوے کی دلیل یہ پیش کی ہے کہ آخری زمانے میں دجال کے ہاتھوں پر کئی خارقِ عادت امور واقع ہوں گے، مثلا وہ آسمان سے کہے گا: بارش برسا، پس وہ بارش برسائے گا، اور زمین سے کہے گا: اپنی انگوریاں اگا، پس وہ ایسے ہی کرے گی، کئی احادیث صحیحہ میں

اس کی دوسری صفات کا بھی ذکر ہے۔

میں (البانی) اس زمانے کی ایک مثال پیش کرتا ہوں، میں نے اگست میں شائع ہونے والے ایک مجلّے ''المختار'' کے صفحہ تیس پر اس عنوان "هـذا العالم المملوء بالألغاز وراء الحواس الخمس" میں یہ قصہ پڑھا: ایک نوجوان عورت اپنے منگیتر سے شادی کرنے کے لیے جنوبی افریقہ چلی گئی، کچھ وجوہات کی بنا پر اس نے تین ہفتوں کے بعد اپنی منگنی کو فسخ کر دیا اور کمرے میں افراتفری مچا دی اور تسلسل کے ساتھ چلاتے ہوئے کہنے لگی: اوہ میری ماں!...... میں کیا کروں؟ لیکن اس کے ساتھ ساتھ اس نے یہ عزم کر رکھا تھا کہ وہ یہ ماجرا اپنی ماں کو سنا کر پریشان نہیں کرے گی۔

لیکن ہوا یوں کہ اِس لڑکی کو چار ہفتوں کے بعد ایک خط موصول ہوا، جس میں اس کی ماں نے لکھا: (میری بیٹی!) کیا ہوا؟ میں سیڑھیاں اتر رہی تھی کہ تجھے چیختے ہوئے اور یہ کہتے ہوئے سنا: اوہ میری ماں!...... میں کیا کروں؟ جبکہ یہ خط اسی تاریخ کو لکھا گیا تھا، جس دن اس لڑکی کے چیخنے چلانے کا واقعہ پیش آیا تھا۔

اس قسم کی دیگر مثالیں بھی موجود ہیں، ان کو آج کل ''تخاطر'' (تصور یا دل میں آنے والا خیال) اور ''استشفاف'' (جی میں کوئی چیز ٹھہر جانا) کا نام دیا جاتا ہے اور یہ اصطلاحات ''بصیرتِ ثانیہ'' کے نام سے مشہور ہیں۔

ہم اسی قصے پر اکتفا کریں گے، کیونکہ یہ سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کے قصے کے بالکل مشابہ ہے۔

حیرانی کی بات یہ ہے کہ میں نے کئی مسلمانوں کو اس قصے کا اس بنا پر انکار کرتے ہوئے سنا کہ عقل اس کو قبول نہیں کر رہی یا اس میں غیب کی نسبت سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کی طرف ہو رہی ہے، جبکہ صوفیوں نے اس سے ناجائز استدلال کرتے ہوئے یہ کہہ دیا کہ اولیا کا غیب پر اطلاع پانا ممکن ہے۔ یہ سارے خطاکار ہیں، یہ قصہ بالکل صحیح اور ثابت ہے اور سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کی کرامت پر دلالت کرتا ہے کہ انھوں نے مسلمانوں کے لشکر کو قید ہونے یا ہلاکت اور غفلت میں قتل ہونے سے بچایا۔

اس قصے سے صوفیوں کے استدلال کو کوئی سہارا نہیں ملتا کہ غیب پر اطلاع پانا ممکن ہے، کیونکہ شریعت میں اس کو ''الہام'' اور موجودہ زمانے میں ''تخاطر'' کہتے ہیں، یہ الہام یا تخاطر کبھی تو درست ثابت ہوتا ہے، جیسا کہ اس واقعہ میں ہوا اور کبھی غلط واقع ہو جاتا ہے، جیسا کہ اکثر انسانوں کا حال ہے۔ اس لیے یہ جانچ پڑتال ضروری ہے کہ ولی سے صادر ہونے والے اقوال و افعال شرع کے موافق ہیں یا مخالف، مخالفت کی صورت میں وہ اللہ تعالی کے اس فرمان کا مصداق نہ بن سکے گا: ﴿اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَ لَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ كَانُوْا يَتَّقُوْنَ.﴾ (سورۂ یونس: ٦٢، ٦٣) ...... ''یاد رکھو کہ اللہ کے دوستوں پر نہ کوئی اندیشہ ہے اور نہ وہ غمگین ہوتے ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں جو ایمان لائے اور (برائیوں سے) پرہیز رکھتے تھے۔''

کسی نے بہت شاندار بات کہی ہے:

اِذَا رَأَيْتَ الشَّخْصَ قَدْ يَطِيْرُ وَفَوْقَ مَاءِ الْبَحْرِ قَدْ يَسِيْرُ

وَلَمْ يَقِفْ عَلٰى حُدُوْدِ الشَّرْعِ فَإِنَّهُ مُسْتَدْرَجٌ وَ بِدَعِيٌّ

جب تو کسی شخص کو دیکھے کہ وہ اڑ رہا ہے اور سمندر کے پانی پر چل رہا ہے

جبکہ وہ شریعت کی حدود کا پابند بھی نہیں تو وہ ایسا بدعتی شخص ہے جسے ڈھیل جا رہی ہے۔ (صحیحہ: ۱۱۱۰)

رحم الله الالبانی رحمة واسعة۔

❀❀❀❀

وَصَايَا رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ

وصایائے نبوی

"سلسلة الاحاديث الصحيحة" میں جو احادیث نبی کریم ﷺ کی وصیتوں پر مشتمل تھیں، قارئین کے استفادہ کے لیے ہم نے ان کو اس فائل میں جمع کر دیا ہے۔

اگر پاک و ہند کا پچیس تیس سالہ پہلے کا دور ذہن نشین کر لیا جائے تو محسوس ہو گا کہ اس وقت بزرگوں کا احترام بہت زیادہ تھا اور لوگوں کے باہمی تعلقات پر خلوص تھے۔ اگر ستر اسی سالہ بوڑھا آدمی کوئی نصیحت کرتا تھا تو سننے والے اس کی نصیحت کو اس کی ستر سالہ زندگی کا نچوڑ سمجھ کر اس کے ہو کر رہ جاتے تھے۔

لیکن جب نبوت و رسالت کے منصب پر فائز ہونے والے اور حکمت و دانائی سے بدرجۂ اتم متصف حضرت محمد ﷺ کسی کو کوئی وصیت فرمائیں گے تو اس فرمان کو اس شخص کے بارے میں تعلیماتِ رسالت کا نچوڑ اور انتہائی مناسب حکم سمجھا جائے گا۔

یا یوں کہیں کہ بزرگوں کی نصیحتیں اس وجہ سے اہم ہوتی ہیں کہ وہ اپنی طویل زندگی کے تجربے کی روشنی میں بات کر رہے ہوتے ہیں اور جب رسول اللہ ﷺ نصیحت فرمائیں گے تو آپ کے سامنے آپ کی بیش قیمت حیاتِ مبارکہ کا تجربہ ہو گا، خلاصۂ شریعت ہو گا، امت کی خیر خواہی ہو گی، تبلیغِ دین کی امانت ہو گی اور جنت میں لے جانے کی حرص ہو گی۔ ایسی وصیتیں کتنی اہم ہوں گی؟!

سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کو وصیت

(٤٠٨٨)۔ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لِفَاطِمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا: ((مَايَمْنَعُكِ اَنْ تَسْمَعِيْ مَا أُوْصِيكِ بِهِ؟ اَنْ تَقُوْلِي اِذَا اَصْبَحْتِ وَاِذَا اَمْسَيْتِ: يَا حَيُّ! يَاقَيُّوْمُ! بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ ، وَاَصْلِحْ لِي

سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کو فرمایا: "کون سا مانع تجھے میری وصیت نہیں سننے دیتا؟ تو صبح و شام یہ دعا پڑھا کر: "اے زندہ رہنے والے! اپنے بل پر قائم رہ کر اپنے ما سوا چیزوں کی حفاظت کرنے والے! میں تیری رحمت کے ذریعے

شَـأْنِـيْ كُلَّهُ، وَلَا تَكِلْنِيْ إِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ أَبَدًا.)) (الصحيحة: ٢٢٧)

تجھے مدد کے لیے پکارتی ہوں (پکارتا ہوں)، تو میرے تمام معاملات کو سنوار دے اور مجھے لمحہ بھر کے لیے بھی میرے سپرد نہ کر۔"

تخريج: رواه ابن السني في "عمل اليوم والليلة": ٤٦، والنسائي: ٣٨١/ ٥٧٠، والبزار في "مسنده": ٤/ ٢٥/ ٣١٠٧، والحاكم: ١/ ٥٤٥

شرح:...... اس حدیث میں صبح و شام یہ دعا پڑھنے کی وصیت کی گئی ہے:

يَا حَيُّ! يَا قَيُّوْمُ! بِرَحْمَتِكَ أَسْتَغِيْثُ، وَأَصْلِحْ لِيْ شَأْنِيْ كُلَّهُ، وَلَا تَكِلْنِيْ إِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ أَبَدًا. ...... "اے زندہ رہنے والے! اپنے بل پر قائم رہ کر اپنے ماسوا چیزوں کی حفاظت کرنے والے! میں تیری رحمت کے ذریعے تجھے مدد کے لیے پکارتی ہوں (پکارتا ہوں)، تو میرے تمام معاملات کو سنوار دے اور مجھے لمحہ بھر کے لیے بھی میرے سپرد نہ کر۔"

آپ ﷺ نے کس ہستی کو یہ وصیت فرمائی اور اس کا معنی و مفہوم کیا ہے؟ خود اندازہ کر لیں۔

امیر کی اطاعت کا حکم

رسول اللہ ﷺ اور خلفائے راشدین کی سنت کی روشنی میں اختلاف کو دور کیا جائے

(٤٠٨٩)۔ عَنِ الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ، قَالَ: وَعَظَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ بَعْدَ صَلَاةِ الْغَدَاةِ مَوْعِظَةً بَلِيْغَةً ذَرَفَتْ مِنْهَا الْعُيُوْنُ، وَوَجِلَتْ مِنْهَا الْقُلُوْبُ فَقَالَ رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِهِ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! كَأَنَّهَا مَوْعِظَةُ مُوَدِّعٍ، فَقَالَ: ((أُوْصِيْكُمْ بِتَقْوَى اللّٰهِ، وَالسَّمْعِ وَالطَّاعَةِ، وَإِنْ كَانَ عَبْدًا حَبْشِيًّا، فَإِنَّهُ مَنْ يَعِشْ مِنْكُمْ بَعْدِيْ يَرَى اخْتِلَافًا كَثِيْرًا، فَعَلَيْكُمْ بِسُنَّتِيْ وَسُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِيْنَ الْمَهْدِيِّيْنَ بَعْدِيْ، عَضُّوْا عَلَيْهَا بِالنَّوَاجِذِ وَإِيَّاكُمْ وَمُحْدَثَاتِ الْأُمُوْرِ، فَإِنَّ كُلَّ مُحْدَثَةٍ بِدْعَةٌ، وَكُلَّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ.)) (الصحيحة: ٢٧٣٥)

سیدنا عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ نے ہمیں بعد از نمازِ فجر نہایت مؤثر وعظ کیا، جس سے آنکھیں بہہ پڑیں اور دل ڈر گئے۔ ایک صحابی نے کہا: اے اللہ کے رسول! یہ تو گویا الوداع کہنے والے کا آخری وعظ ہے، (پس آپ ہمیں کوئی وصیت فرما دیجئے)۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "میں تمھیں اللہ سے ڈرنے کی اور امیر کی بات سننے اور اس پر عمل کرنے کی وصیت کرتا ہوں، اگرچہ تم پر کوئی حبشی غلام ہی امیر مقرر ہو جائے۔ (یاد رکھو!) تم میں سے جو میرے بعد زندہ رہے گا، وہ بہت اختلاف دیکھے گا، پس تم میری سنت کو اور ہدایت یافتہ خلفائے راشدین کے طریقے کو لازم پکڑنا، ان کو دانتوں سے مضبوط پکڑ لینا۔ دین میں نئے نئے کام ایجاد کرنے سے بچنا، کیونکہ (دین میں) ہر نیا کام بدعت ہے اور ہر بدعت گمراہی ہے۔"

تخريج: أخرجه الطبراني في "مسند الشاميين": ص١٣٦ من طريقين، وفي "المعجم الكبير": ١٨/ ٢٤٨/ ٦٢٣، وأخرجه اصحاب السنن وغيرهم من طرق كثيرة عن العرباض رضی اللہ عنہ

شرح:...... حدیث اپنے موضوع میں واضح ہے، لیکن خلیفۂ راشد کی سنت کی حیثیت کی وضاحت ضروری ہے، کیونکہ بعض اہل علم اور عوام الناس شرعی مسئلے میں خلفائے راشدین کے قول و کردار سے حجت پکڑتے ہیں، تعجب اس بات پر ہے کہ حجت پکڑنے کا یہ انداز مستقل طور پر نہیں، بلکہ بتقاضۂ ضرورت یا الزامی جواب دینے کے لیے یا پھر مخالف پر حجت قائم کرنے کے لیے ہوتا ہے، وگرنہ کوئی شخص عملی طور پر خلفائے راشدین کے فیصلوں کا قائل نہیں ہے۔

دراصل اسلام میں خلیفہ کا لفظ "خليفة الرسول" سے ماخوذ ہے، یعنی خلیفہ کی اصل ذمہ داری یہ ہے کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا منہج سنبھال کر آپ کے ارشادات و فرمودات اور اقوال و اعمال کی عملی ترویج کرے۔ یہی وجہ ہے کہ خلفائے اربعہ رضی اللہ عنہم کی زندگیوں میں بیسیوں مثالیں ایسی ملتی ہیں کہ ان کی رعایا صحابہ کرام نے قرآن و حدیث کے دلائل کا سہارا لے کر ان کے فیصلوں پر اعتراض کیا اور انھوں نے شریعت کے ساتھ مخلص ہونے کا ثبوت دیتے ہوئے اپنے فیصلوں سے رجوع کیا۔ دراصل "سنۃ الخلفاء" سے مراد سنت رسول ہی ہے، کیونکہ خلیفۂ راشد کا منہج آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت پر ہی قائم ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جہاں خلفا و حکام کی اطاعت کا حکم دیا، وہاں یہ شرط بھی لگائی کہ اگر اللہ تعالیٰ کی نافرمانی ہو رہی ہو تو خلفا کی کوئی اطاعت وفرمانبرداری نہیں۔ سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ((عَلَى الْمَرْءِ الْمُسْلِمِ اَلسَّمْعُ وَالطَّاعَةُ فِيْمَا اَحَبَّ اَوْ كَرِهَ اِلَّا اَنْ يُّؤْمَرَ بِمَعْصِيَةٍ فَاِنْ اُمِرَ بِمَعْصِيَةٍ فَلَا سَمْعَ وَلَا طَاعَةَ۔)) (بخاری) ...... "مسلمان آدمی پر سننا اور اطاعت کرنا لازم ہے، خواہ وہ اسے پسند کرتا ہو یا ناپسند کرتا ہو، الا یہ کہ اسے کسی نافرمانی کا حکم دیا جائے، پس اگر اسے نافرمانی کا حکم دیا جائے تو سننا اور اطاعت کرنا لازم نہیں۔"

سیدنا علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ((لَا طَاعَةَ فِي الْمَعْصِيَةِ اِنَّمَا الطَّاعَةُ فِي الْمَعْرُوْفِ۔)) (بخاری، مسلم) ...... "نافرمانی کے کام میں (امیر کی) کی کوئی اطاعت نہیں، اطاعت وفرمانبرداری تو صرف نیکی کے کاموں میں ہے۔"

ہاں جب امیر المؤمنین لوگوں کی کسی دنیوی مصلحت کے لیے کوئی قانون بنائے، جو دینی تعلیمات سے متصادم نہ ہو تو اس کو تسلیم کرنا ضروری ہے، مثلاً گاڑیوں کے لیے حد رفتار کا تعین، چوکوں پر اشاروں کا نظام، بازاروں کے لیے اوقات کا تعین، مخصوص خاندانوں کا آپس میں شادیاں کرنے پر پابندی۔ وغیرہ وغیرہ۔

سلام عام کرنا، کھانا کھلانا اور اللہ تعالیٰ سے شرمانا

(٤٠٩٠)۔ عَنْ مُعَاذِبْنِ جَبَلٍ: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ بَعَثَهُ إِلَى قَوْمٍ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے ایک قوم کی طرف بھیجا۔ میں نے کہا: اے اللہ کے

اللّٰہِ! أَوْصِنِیْ؟ قَالَ: ((أَفْشِ السَّلَامَ وَابْذُلِ الطَّعَامَ، وَاسْتَحْيِ مِنَ اللّٰهِ اسْتِحْيَاءَ كَ رَجُلاً مِنْ أَهْلِكَ وَإِذَا أَسَأْتَ فَأَحْسِنْ، وَلْتُحْسِنْ خُلُقَكَ مَااسْتَطَعْتَ.)) (الصحيحة:٣٥٥٩)

رسول! مجھے کوئی وصیت فرما دیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''سلام کو عام کرو، کھانا کھلاؤ، اللہ تعالی سے اتنا حیا کرو جتنا کہ تم اپنے گھر کے آدمی سے کرتے ہو، جب گناہ ہو جائے تو (اس کا اثر ختم کرنے کے لیے) فوراً نیکی کرو اور حسب استطاعت اپنے اخلاق کو اچھا بناؤ۔''

تخريج: أخرجه ابن نصر المروزي في "الأيمان": ق ٢٢٦/ ١، والبزار: ٢١٧٢۔ كشف الأستار، والطبرانى فى "المعجم الكبير": ٨/ ٢٧٢ الا انه قال: ((واذا اسأت فأحسن؛ فان الحسنات يذهبن السيئات))

شرح:...... سلام عام کرنا اور لوگوں کو کھانا کھلانا جنت کا سبب بننے والے عظیم اعمال ہیں۔ اللہ تعالی سے شرم وحیا کرنے کو ایک مثال کے ذریعے سمجھایا گیا ہے کہ جیسے ایک باحیا آدمی کسی دوسرے رشتہ دار کے سامنے کوئی نامناسب کام کرنے سے بچتا ہے، بالکل ایسے ہی اسے چاہئے کہ وہ اللہ تعالی کے بارے میں اپنا اعتقاد پختہ کرے کہ وہ اس کی حرکات وسکنات کو دیکھ رہا ہے اور ہر گناہ اس کے حق میں انتہائی نامناسب کام ہے، لہٰذا جب اسے اس کا نفسِ امّارہ کوئی گناہ کرنے پر آمادہ کرے تو وہ اللہ تعالی سے شرم کرتے ہوئے اس کا ارتکاب نہ کرے۔ یاد رہے کہ ''حیا'' وہ ملکہ ہے جو حقوق اللہ اور حقوق العباد میں کسی قسم کی کمی کرنے سے روکتا ہے۔

برائی کا اثر زائل کرنا

(٤٠٩١)۔ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو: أَنَّ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ أَرَادَ سَفَرًا فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ أَوْصِنِيْ، قَالَ: ((أُعْبُدُ اللّٰهَ وَلَاتُشْرِكْ بِهِ شَيْئًا۔)) قَالَ: يَانَبِيَّ اللّٰهِ! زِدْنِيْ۔ قَالَ: ((إِذَا أَسَأْتَ فَأَحْسِنْ۔)) قَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ! زِدْنِيْ، قَالَ: ((إِسْتَقِمْ، وَلْتُحْسِنْ خُلُقَكَ۔)) (الصحيحة:١٢٢٨)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت معاذ بن جبل نے سفر کا ارادہ کیا اور کہا: اے اللہ کے رسول! مجھے کوئی وصیت فرما دیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''تو اللہ کی عبادت کر اور اُس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرا۔'' انہوں نے کہا، اے اللہ کے نبی مزید وصیت فرمائیں۔ آپ نے فرمایا: ''جب تو برائی کرے تو فوراً نیکی کر۔'' انھوں نے کہا: اے اللہ کے نبی! اور کوئی وصیت فرما دیں۔ آپ نے فرمایا: ''ثابت قدم رہ اور اپنے اخلاق کو اچھا کر۔''

تخريج: أخرجه ابن حبان: ١٩٢٢، والحاكم: ٤/ ٢٤٤، وابن حبان: ١٩٢٢، والطبرانى فى "الاوسط"

شرح:...... اللہ تعالی کی عبادت کرنے کا حکم اور اس کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرانے سے منع کیا گیا ہے، یہ ساری عبادات کا مرکز ومحور ہے۔ پھر ہر برائی کے بعد اس قدر نیکی کرنے کا حکم دیا گیا ہے کہ اس گناہ کا اثر ختم ہو جائے اور

بندے کا نامۂ اعمال گناہ کے داغ سے صاف ہو جائے۔ انسان بتقاضۂ بشریت خطا کے دہانے پر کھڑا ہے، اس سے ہر زمان و مکان میں گناہ ہونا ممکن ہے، ہزار کوششوں کے باوجود بھی بچنا محال ہے۔ اللہ تعالی نے بھی اس فطرتِ انسانی کا لحاظ تو کیا، لیکن ایسے گناہ کے اثرات کو زائل کرنے کے لیے اس کے بعد فوراً نیکی کرنے کا حکم دیا، تاکہ بندۂ خدا جلد از جلد اپنے آپ کو پاک صاف کر لے۔

تیسرے نمبر پر استقامت کا حکم دیا، جس کا مطلب ہے کہ اسلام کے اوامر و نواہی پر نہایت ثابت قدمی سے عمل کرنا اور فرائض و سنن اور مستحبات و مندوبات کو بجا لاتے رہنا اور محرمات و منہیات سے اجتناب کرنا۔ محض زبان سے اظہار کر دینے کا نام ایمان نہیں ہے، بلکہ اصل ایمان وہی ہے جس کے ساتھ عمل بھی ہو، اس لیے کہ عمل ایمان کا ثمرہ اور نتیجہ ہے۔ جس طرح بے ثمر درخت کی کوئی اہمیت نہیں، اسی طرح عمل کے بغیر ایمان کی کوئی حیثیت نہیں اور استقامت کمالِ ایمان کی علامت ہے۔

آخر میں نبی کریم ﷺ نے اخلاقِ حسنہ اختیار کرنے کی تلقین کی۔ جن سے مراد وہ تہذیب و شائستگی، شفقت و الفت، نرمی و گدازی، امانت و دیانت، شرافت و صداقت، حلم و بردباری، صبر و تحمل، مسرت و مسکراہٹ اور دیگر اخلاقی خصلتیں ہیں، جن سے نبی کریم قبل از نبوت اور بعد از نبوت بدرجۂ اتم و اکمل متصف تھے۔

احادیثِ مبارکہ میں مختلف پیرایوں میں اخلاقِ حسنہ کی اہمیت بیان کی گئی ہے، حسنِ اخلاق انتہائی عظیم وصف ہے، جہاں نبی کریم ﷺ خود مکارمِ اخلاق سے متصف تھے، وہاں آپ ﷺ نے خوش خلقی کو اپنانے پر بھی بہت زور دیا۔ اس صفت کے حاملین کو اللہ تعالی اور اس کے رسول کا محبوب اور ایمان و ایقان کے لحاظ سے کامل و اکمل قرار دیا۔ اس عمل کو بعثتِ نبوی کا مقصد اور موجب جنت ٹھہرایا گیا، یہ حسن اخلاق ہی ہے جس کے ذریعے دن کو روزہ رکھنے والوں اور رات کو قیام کرنے والوں کے مراتب تک رسائی حاصل کی جا سکتی ہے۔

نیکی کرنے کی نبوی وصیت

ہاتھ کو صرف خیر و بھلائی کی طرف بڑھایا جائے

(٤٠٩٢)۔ عَنْ أَسْوَدَ بْنِ أَصْرَمَ الْمُحَارِبِيِّ، قَالَ: قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَوْصِنِيْ۔ قَالَ: ((اِمْلِكْ يَدَكَ)) وَفِي رِوَايَةٍ: ((لَاتَبْسُطْ يَدَكَ إِلَّا إِلٰى خَيْرٍ۔))

(الصحيحة: ١٥٦٠)

حضرت اسود بن اصرم محاربی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے کہا: اے اللہ کے رسول! مجھے کوئی وصیت فرمائیں۔ آپ محمد ﷺ نے فرمایا: ''اپنے ہاتھ کو قابو میں رکھ۔'' اور ایک روایت میں ہے: ''ہاتھ کو نہ پھیلا، مگر خیر و بھلائی کی طرف۔''

تخريج: أخرجه البخاري في "التاريخ": ١/ ١/ ٤٤٤، والطبراني في "الكبير" رقم ٨١٨،

شرح:...... جسم کے تمام اعضا بالخصوص ہاتھ اللہ تعالی کا بیش قیمت احسان و اکرام اور نعمت و امانت ہیں۔ انسان

زندہ رہنے کے لیے جتنے اسباب و وسائل استعمال کرتا ہے، ان میں اس کا سب سے زیادہ تعاون کرنے والے اس کے ہاتھ ہوتے ہیں۔ لہٰذا اللہ تعالی کے احسانات کا یہ تقاضا ہے کہ ہم اپنے ہاتھوں کو ان امور کے لیے استعمال کریں، جن سے ہمارے دینوی اور اخروی فوائد متعلق ہوں۔

اس حدیث میں نبی کریم ﷺ نے ہمیں یہ وصیت فرمائی ہے کہ بدی و برائی کے سلسلے میں اپنے آپ پر مکمل قابو پا لو اور نیکی و بھلائی کی طرف بڑھتے جاؤ۔ جب کوئی امتی اس عظیم نصیحت کو اپنے دل و دماغ پر سوار کر لے گا تو اس کے لیے نیکی کی طرف اقدام کرنا اور برائی سے اجتناب کرنا آسان ہو جائے گا۔

لعنت نہ کرنے کی نبوی وصیت

(٤٠٩٣)۔ عَنْ جُرْمُوْزِ الْجُهَيْمِيِّ، قَالَ: قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ أَوْصِنِيْ، قَالَ: ((أُوْصِيكَ أَنْ لَاتَكُوْنَ لَعَّانًا۔)) (الصحيحة:١٧٢٩)

حضرت جرموز ہجیمی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں: میں نے کہا: اے اللہ کے رسول! مجھے کوئی وصیت فرما دیجیے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''میں تجھے وصیت کرتا ہوں کہ لعن طعن کرنے والا نہ بن جانا۔''

تخريج: أخرجه أحمد: ٥/ ٧٠، والطبراني: ٢١٨١

شرح:...... کسی کے لیے خدا کی مار، پھٹکار، اللہ تعالی کی خیر و رحمت سے دوری اور اس کے عذاب و عتاب کی بد دعا کرنا لعنت کہلاتا ہے۔ بیشتر لوگ ہنسی مذاق یا سنجیدگی میں دوسرے مسلمان بھائیوں کو لعنت جیسے قبیح القاب سے پکارنے سے اجتناب نہیں کرتے، جبکہ سیدنا ثابت بن ضحاک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ((لَعْنُ الْمُؤْمِنِ كَقَتْلِهِ۔)) (بخاری، مسلم) ...... ''مومن پر لعنت کرنا اس کو قتل کرنے کے برابر ہے۔''

زبان کی حفاظت مومن کا عظیم وصف ہے، کسی انسان کی شخصیت کا پتہ دینے کے لیے اس کی زبان ہی کافی ہے۔ لعن طعن، سب و شتم اور گالی گلوچ، ایمان اور صدق کے منافی امور ہیں۔ ہمیں چاہئے کہ نبی کریم ﷺ کی اس وصیت پر عمل کریں اور باوقار زندگی گزارتے ہوئے اپنی زبان کو قابو میں رکھیں۔

ایسے امور، جن کی وجہ سے معذرت کرنا پڑے، سے اجتناب کرنے کی وصیت

دورانِ نماز، نمازی کی کیفیت

(٤٠٩٤)۔ عَنْ أَبِي أَيُّوْبَ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ ﷺ فَقَالَ: عِظْنِي وَأَوْجِزْ، فَقَالَ: ((إِذَا قُمْتَ فِي صَلَاتِكَ، فَصَلِّ صَلَاةَ مُوَدِّعٍ وَلَا تُكَلِّمْ بِكَلَامٍ تَعْتَذِرُ مِنْهُ غَدًا وَاجْمَعِ الْإِيَاسَ مِمَّا فِي أَيْدِي

حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ایک آدمی نبی کریم ﷺ کے پاس آیا اور کہنے لگا مجھے کوئی بلیغ و مختصر نصیحت کریں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''جب تو نماز ادا کرے تو (اپنی زندگی کی) آخری نماز سمجھ کر ادا کر اور ایسا کلام مت کر کہ جس سے کل تجھے معذرت کرنا پڑے، نیز جو کچھ لوگوں

النّاسِ۔)) (الصحيحة:٤٠١)

کے پاس ہے اس سے ناامید (اور غنی) ہو جا۔''

تخریج: أخرجه البخاري في "التاريخ": ٣/ ٢/ ٢١٦، وابن ماجه: ٢/ ٥٤٢، وأحمد: ٥/ ٤١٢، وأبو نعيم في "الحلية": ١/ ٣٦٢، والبيهقي في "الزهد الكبير": ١٣/ ٢

شرح:...... محمد رسول اللہ ﷺ نے تین نصیحتوں میں پوری زندگی کا سکون جمع کر دیا ہے۔ کوئی بشر اپنی موت سے آگاہ نہیں ہے، اس لیے اسے چاہیے کہ وہ ہر نماز کو اپنی زندگی کی آخری نماز سمجھ کر انتہائی خوبصورت انداز میں ادا کرے، تاکہ اگر اس نماز کے بعد اس کو موت آ جاتی ہے تو وہی نماز اس کی نجات کے لیے کافی ہو جائے۔ دوسری نصیحت میں شارع علیہ السلام نے زبان کی حفاظت کی تعلیم دی ہے، تاکہ بعد میں کسی قسم کی شرمندگی اور ندامت کا سامنا نہ کرنا پڑے، یہ زبان ہی ہے جس سے آدمی کی شخصیت عیاں ہوتی ہے، اگر زبان میں وقار ہے تو پورے وجود میں سنجیدگی ہوگی اور اگر زبان ہر چراگاہ میں چرنے کی عادی ہو تو جسم بھی بے حیا ہو جاتا ہے۔ تیسری نصیحت میں آپ ﷺ نے لالچ اور حرص جیسی مذموم صفات سے گریز کرنے کی تلقین کی ہے، کیونکہ ان قبیح صفات کی وجہ سے انسان میں کمینگی اور گھٹیاپن پیدا ہو جاتا ہے، جو اس کے مقام و مرتبہ کو جانوروں سے بھی گھٹا دیتا ہے۔ آدمی کو چاہیے کہ وہ اللہ تعالی پر توکل کرے اور اسے رازق سمجھے، لوگوں کے مال و دولت پر نگاہ نہ رکھے۔ سیدنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جو آدمی فاقہ میں مبتلا ہو جائے اور لوگوں کے سامنے اس کا اظہار کرے تو اس کا فاقہ ختم نہیں ہوگا اور جو آدمی اس کا اظہار اللہ تعالی کے سامنے کرے تو اللہ تعالی اسے رزق عطا فرمائے گا، وہ جلد ہو یا بہ دیر۔'' (ابوداود، ترمذی)

گالی نہ دینے، کسی نیکی کو حقیر نہ سمجھنے، کسی کو عار نہ دلانے اور چادر شلوار کو ٹخنوں سے اوپر رکھنے کی نبوی نصیحتیں

(٤٠٩٥)۔ عَنْ أَبِي جُرَيٍّ جَابِرِ بْنِ سُلَيْمٍ، قَالَ: رَأَيْتُ رَجُلاً يَصْدُرُ النَّاسَ عَنْ رَأْيِهِ لَايَقُوْلُ شَيْئًا، إِلَّا صَدَرُوْا عَنْهُ، قُلْتُ: مَنْ هٰذَا؟ قَالُوْا: رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ، قُلْتُ: عَلَيْكَ السَّلَامُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، مَرَّتَيْنِ، قَالَ: ((لَاتَقُلْ عَلَيْكَ السَّلَامُ، فَإِنَّ عَلَيْكَ السَّلَامُ تَحِيَّةُ الْمَيِّتِ، قُلْ: السَّلَامُ عَلَيْكَ۔)) قَالَ: قُلْتُ: أَنْتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ؟ قَالَ: ((أَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ الَّذِي إِذَا أَصَابَكَ ضُرٌّ وَدَعَوْتَهُ كَشَفَهُ عَنْكَ، وَإِنْ أَصَابَكَ

حضرت ابو جری جابر بن سلیم رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے ایک ایسے آدمی کو دیکھا کہ لوگ اس کی رائے کے سامنے سر تسلیم خم کر دیتے تھے، وہ جو کچھ بھی کہتا، وہ اسے تسلیم کر لیتے۔ میں نے پوچھا: یہ آدمی کون ہے؟ انھوں نے کہا: یہ اللہ کے رسول ہیں۔ میں نے دو دفعہ کہا: اے اللہ کے رسول! عَلَيْكَ السَّلَام۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''عَلَيْكَ السَّلَام مت کہہ، یہ تو مردوں کا سلام ہے، (زندوں کو سلام دینے کے لیے) اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ کہا کر۔'' میں نے کہا: کیا آپ اللہ کے رسول ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''میں اس اللہ کا رسول ہوں، کہ اگر تجھے کوئی تکلیف لاحق ہوتی ہے اور تو اسے پکارتا

عَامُ سَنَةٍ فَدَعَوْتَهُ أَنْبَتَهَا لَكَ ، وَإِذَا كُنْتَ بِأَرْضٍ قَفْرَاءَ أَوْ فَلَاةٍ فَضَلَّتْ رَاحِلَتُكَ فَدَعَوْتَهُ رَدَّهَا عَلَيْكَ۔)) قُلْتُ: إِعْهَدْ لِي ، قَالَ: ((لَاتَسُبَّنَّ أَحَداً ، وَلَاتَحْقِرَنَّ شَيْئاً مِنَ الْمَعْرُوْفِ ، وَأَنْ تُكَلِّمَ أَخَاكَ وَأَنْتَ مُنْبَسِطٌ إِلَيْهِ وَجْهَكَ إِنَّ ذٰلِكَ مِنَ الْمَعْرُوْفِ ، وَارْفَعْ إِزَارَكَ إِلَى نِصْفِ السَّاقِ ، فَإِنْ أَبَيْتَ فَإِلَى الْكَعْبَيْنِ ، وَإِيَّاكَ وَإِسْبَالَ الْإِزَارِ فَإِنَّهَا مِنَ الْمَخِيْلَةِ ، وَإِنَّ اللّٰهَ لَايُحِبُّ الْمَخِيْلَةَ ، وَإِنِ امْرُؤٌ شَتَمَكَ وَعَيَّرَكَ بِمَا يَعْلَمُ فِيْكَ فَلَاتُعَيِّرْهُ بِمَا تَعْلَمُ فِيْهِ ، فَإِنَّمَا وَبَالُ ذٰلِكَ عَلَيْهِ۔)) وَزَادَ بَعْدَ قَوْلِهِ: لَاتَسُبَّنَّ أَحَداً: قَالَ: فَمَا سَبَبْتُ بَعْدَهُ حُرًّا وَلَا عَبْداً وَلَابَعِيْراً وَلَاشَاةً۔

(الصحیحة: ۱۱۰۹)

ہے تو وہ تیری تکلیف دور کر دے گا، اگر تو قحط سالی میں مبتلا ہو جاتا ہے اور اسے پکارتا ہے تو وہ تیرے لیے زمین سے (انگوریاں) اگائے گا اور اگر تو کسی بے آب وگیاہ اور بیابان جنگل میں ہو اور تیری سواری گم ہو جائے اور پھر تو اس سے دعا کرے تو وہ تیری سواری لوٹا دے گا۔" میں نے کہا: مجھے کوئی وصیت ہی فرما دیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "کسی کو گالی نہ دینا، کسی نیکی کو حقیر ومعمولی مت سمجھنا، اگرچہ وہ اپنے بھائی کے ساتھ خندہ پیشانی کے ساتھ کلام کرنے کی صورت میں ہو، اپنی چادر کو پنڈلی کے نصف تک بلند رکھنا، اگر تو ایسا نہ کرے تو ٹخنوں تک رکھ لینا، ٹخنوں سے نیچے چادر (اور شلوار وغیرہ) لٹکانے سے بچنا، کیونکہ ایسا کرنا غرور (اور تکبّر) ہے اور اللہ تعالی غرور کو پسند نہیں کرتا۔ اگر کوئی آدمی تیرے کسی برے فعل، جسے وہ جانتا ہے، کی وجہ سے تجھے عار دلائے، تو تو اسے اس کے عیب، جسے تو جانتا ہے، کی بنا پر طعنہ نہ دینا، کیونکہ اس چیز کا وبال اس پر ہوگا۔" ایک روایت میں ان الفاظ کی زیادتی بھی ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: "کسی کو گالی نہ دینا" تو ابو جری نے کہا: میں نے اس وصیت کے بعد کسی آزاد یا غلام بلکہ اونٹ یا بکری تک کو بھی برا بھلا نہیں کہا۔

تخریج: أخرجه أبو داود: ۲/ ۱۷۹ ، والترمذي: ۲/ ۱۲۰ ، والدولابي في"الكنى و الأسماء": صـ ٦٦ ، وابن حبان في "صحيحه"، والنسائي، والحاكم: ٤/ ١٨٦

شرح:...... اس حدیث مبارکہ میں "عَلَيْكَ السَّلَام" کو مردوں کا سلام قرار دے کر اس سے منع کر دیا گیا ہے اور "السلام علیکم ......" کہنے کی تلقین کی گئی ہے، جبکہ آپ ﷺ نے ایک قبرستان میں جا کر خود "السلام علیکم......" ہی کہا؟

امام مبارکپوری نے تطبیق کی یہ صورت بیان کی: امام خطابی کہتے ہیں: اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ مردے کو "عَلَيْكَ السَّلَام" کہا جائے، جیسا کہ عام لوگوں کا معمول ہے، لیکن اشکال یہ ہے کہ نبی کریم ﷺ خود ایک قبرستان میں تشریف لے گئے اور "اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَهْلَ دَارِ قَوْمٍ مُؤْمِنِيْنَ......" کہا اور زندوں کو سلام کہنے کا انداز بھی یہی ہے۔

دراصل دورِ نبوی اور اس سے پہلے والے لوگ جب اپنے مردوں کا تذکرہ کرتے ہوئے ان کو سلام پیش کرتے تھے تو وہ "عَـلَيْكَ" سے شروع کرتے، نہ کہ "اَلسَّلَام" سے۔ یہ حقیقت ان کے اشعار میں بھی بیان کی گئی ہے، مثلا ایک شاعر نے ایک میت کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا:

عَلَيْكَ سَلَامُ اللّٰهِ قَيْسَ بْنَ عَاصِمٍ وَ رَحْمَتُهُ اِنْ شَاءَ اَنْ يَتَرَحَّمَا .

اور شماخ نے کہا:

عليكَ سَلَامٌ مِنْ اَمِيْرٍ وَ بَارَكَتْ يَدُ اللّٰهِ فِيْ ذَاكَ الْاَدِيْمِ الْمُمَزَّقِ .

ان دونوں اشعار میں مردوں کا تذکرہ کیا گیا اور ان کو سلام پیش کرتے ہوئے لفظ "عَلَيْكَ" کو مقدم کیا گیا ہے، نہ کہ "اَلسَّلَام" کو۔ نبی کریم ﷺ نے اس رواج کی مخالفت کی اور "السلام علیکم ....." کہنے کی تلقین کی۔ وگرنہ شریعت اسلامیہ میں زندوں اور مردوں کو سلام کہنے کا ایک ہی انداز ہے، یعنی دونوں کو سلام کہنے کے لیے لفظ "السلام ....." سے شروع کیا جائے۔ واللہ اعلم۔ (تحفة الاحوذی)

حدیث مبارکہ کے بقیہ حصے میں اللہ تعالی کا تعارف پیش کیا گیا ہے اور قیمتی پند ونصائح سے نوازا گیا ہے۔ ایک بات قابل وضاحت ہے کہ ہمارے ہاں مرد حضرات کو اپنی شلوار یا تہبند کو ٹخنوں سے نیچے لٹکانے کی عادت ہے۔ اب وہ اس کو اپنی زینت سمجھتے ہیں اور ٹخنے ننگے رکھنے میں عار سمجھتے ہیں یا پھر شرم محسوس کرتے ہیں اور اس کی بابت کئی عذر پیش کرتے ہیں، حالانکہ مردوں پر فرض ہے کہ وہ اپنے ٹخنے ننگے رکھا کریں، اس حدیث مبارکہ میں آپ ﷺ نے وصیت کرتے ہوئے فرمایا:

''اپنی چادر کو پنڈلی کے نصف تک بلند رکھنا، اگر تو ایسا نہ کرے تو ٹخنوں تک رکھ لینا، ٹخنوں سے نیچے چادر (اور شلوار وغیرہ) لٹکانے سے بچنا، کیونکہ ایسا کرنا غرور (اور تکبّر) ہے اور اللہ تعالی غرور کو پسند نہیں کرتا۔''

نبی مہربان ﷺ نے ٹخنے چھپانے کو غرور اور تکبر کی علامت قرار دے کر ہمارے فرسودہ خیالات اور حیلوں بہانوں کو ختم کر دیا ہے، اب ہمیں یہ حق حاصل نہیں کہ ہم اپنا تزکیۂ نفس کرتے ہوئے یہ کہیں کہ ہم تکبر تو نہیں کر رہے، جبکہ نبی کریم ﷺ نے اسے تکبر کی علامت قرار دیا ہے۔ دراصل یہ شیطانی وسوسے ہیں جو ہمیں سنتوں پر عمل پیرا ہونے سے محروم رکھتے ہیں۔

اگر شلوار یا چادر کو ٹخنوں سے نیچے لٹکانے والے افراد کو کہا جائے کہ نبی کریم ﷺ نے خود بھی ٹخنے ننگے رکھے، اپنے صحابہ کو ایسا کرنے سے سختی سے منع فرمایا اور اسے تکبر کی علامت قرار دیا، تو ہم یہ کیوں کہتے ہیں کہ ہمارا تکبر کا ارادہ نہیں ہے، ہمارے حیلوں بہانوں کی کیا گنجائش باقی رہ جاتی ہے، کیا ہم رسول اللہ ﷺ کی قولی اور فعلی سنت پر عمل کرنے کو ترجیح نہیں دیں گے؟

غور فرمائیں کہ سیدنا ابو ذر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالی قیامت کے روز تین قسم

کے افراد سے کلام نہیں کرے گا، نہ ان کی طرف نظر (رحمت) سے دیکھے گا، نہ ان کو پاک صاف کرے گا اور ان کے لیے دردناک عذاب ہوگا:

(۱) (چادر یا شلوار کو) لٹکانے والا

(۲) احسان جتلانے والا اور......

(۳) جھوٹی قسمیں اٹھا کر سامان فروخت کرنے والا۔" (مسلم:۱۰۶)

دورانِ عبادت عابد کی کیفیت
ہر برائی کے بعد نیکی کرنے کی تلقین
ہر زمان و مکاں میں اللہ کا ذکر کرنے کی تلقین

